آفتاب محمدی

بجواب
شمع محمدی

جمع و ترتیب

سید مشتاق علی

پیرجی کتب خانہ محلہ گوبند گڑھ، گلی نمبر ۸ مکان نمبر ۳۶/سی کالج روڈ
گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان

نام کتاب: .... آفتاب محمدی بجواب شمع محمدی (حصہ دوم)

مرتب : .... پیرجی سید مشتاق علی شاہ

صفحات : 544

قیمت : ....

تعداد : .... ایک سو100

پیرجی کتب خانہ محلہ گوبند گڑھ، گلی نمبر۸ مکان نمبر ۳۶/۳ سی کالج روڈ گوجرانوالہ، پنجاب، پاکستان

فون نمبر: 0333-8182910

مرکز اہل سنت والجماعت چک ۸۷ جنوبی لاہور روڈ سرگودھا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست

عرض مرتب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم امابعد!

محترم قارئین کرام! ہم نے اکتوبر دو ہزار ایک (۲۰۰۱ء) میں آفتاب محمدی کا حصہ اول شائع کیا تھا، جس میں شمع محمدی کے پہلے چھپن (۵۶) اعتراضوں کا جواب تھا۔ یہ حصہ بہت مقبول ہوا اور اس کے کئی ایڈیشن شائع ہوئے۔ دوسرے حصے کے لیے لوگوں کا مطالبہ برابر جاری رہا۔ احقر کی بھی کوشش تھی کہ دوسرا حصہ جلد لکھ دیا جائے۔ مگر ہوتا وہی ہے جو منظور خدا ہوتا ہے۔ احقر تھوڑا تھوڑا کر کے لکھتا رہا کبھی لکھنا بند کر دیتا اور دوسرے کاموں میں مشغول ہو جاتا پھر کچھ عرصہ کے بعد لکھنے لگ جاتا۔ آخر ۲۱ ستمبر ۲۰۱۳ء میں لکھ کر فارغ ہوا۔ پھر کمپوزنگ کرنے کو دیا، کمپوزنگ کرنے والا پہلے دبئی چلا گیا، پھر کچھ عرصہ کے بعد واپس آیا اور دوبارہ سعودی عرب چلا گیا اور کتاب کا مسودہ اپنے ساتھ لے گیا۔ ہم بہت پریشان تھے کہ اتنی محنت بھی کی مگر فائدہ نہ ہوا، نہ ان سے کوئی رابطہ ہو سکا جس سے معلوم ہوتا کہ انہوں نے لکھا کہ نہیں۔ اب جون ۲۰۱۷ء میں معلوم ہوا کہ وہ صاحب واپس آ گئے ہیں۔ جب ان سے رمضان میں رابطہ ہوا تو انہوں نے تسلی دی کہ آپ کا مسودہ میرے پاس محفوظ ہے اور میں نے کچھ لکھا بھی ہے۔ پھر انہوں نے آ کر ہمیں پوری کتاب کمپوز کر کے دی۔ اس طرح یہ دوسرا حصہ اب ہم شائع کر رہے ہیں۔

جیسا کہ پہلے حصہ کے مطالعہ سے آپ کے علم میں ہوگا کہ ''آفتاب محمدی'' شمع محمدی کا جواب ہے۔ شمع محمدی میں فقہ حنفی کے ایک سو چھپن (۱۵۶) مسائل کو حدیث کے خلاف ثابت

کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ہم نے پہلے حصہ میں چھپن (۵۶) مسائل کا جواب دیا تھا۔اس حصہ دوم میں ستاون (۵۷) سے لے کر ایک سو چھپن (۱۵۶) تک۔پورے ایک سو (۱۰۰) مسائل کا جواب دیا ہے۔شمع محمدی کے علاوہ ہم نے اس موضوع کی دیگر کتابوں کو بھی سامنے رکھا ہے۔ہم نے اعتراض کی عبارت کو مکمل نقل کیا ہے پھر جواب دیا ہے۔ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ ہر مسئلہ دلیل کے ساتھ لکھا جائے اور قرآن وسنت، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، تابعین، تبع تابعین، ائمہ اربعہ اور سلف صالحین کی تعلیمات کی روشنی میں مسائل کو حل کیا جائے۔اللہ تعالی ہم سب کو قرآن وسنت پر صحیح طریقہ سے عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

نوٹ:

اگر کتاب میں کوئی غلطی نظر آئے تو ہمیں اطلاع کریں ان شاء اللہ درست کر دی جائے گی۔ہم قرآن وسنت کے خلاف کسی کی بات کو تسلیم نہیں کرتے۔شمع محمدی کے متعلق کچھ معلومات پہلے حصہ میں عرض کر دی گئیں تھیں جو کافی ہیں وہاں پر دیکھ سکتے ہیں۔

والسلام

مشتاق علی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اعتراض نمبر ۵۷:

ولی نکاح

(نکاح میں ولی کی حیثیت قرآن وسنت کی روشنی میں)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ لَا نِکَاحَ اِلَّا بِوَلِیٍّ

(رواہ احمد و الترمذی و ابوداؤد وابن ماجہ والدارمی مشکوۃ ص۲۷۰ جلد دوم باب الولی)

یعنی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ بغیر ولی کے نکاح نہیں۔

آپ نے رسول اللہ ﷺ کا فیصلہ سن لیا؟

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اب حنفی مذہب کا فیصلہ سنیے! ہدایہ ص۲۹۳ باب فی الاولیاء جلد دوم میں ہے۔

وَیَنْعَقِدُ نِکَاحُ الْحُرَّۃِ الْعَاقِلَۃِ الْبَالِغَۃِ بِرَضَائِهَا وَاِنْ لَّمْ یَعْقِدْ عَلَیْهَا وَلِیٌّ بِکْرًا کَانَتْ اَوْ ثَیِّبًا.

یعنی آزاد عقل مند بالغہ عورت کی رضامندی سے بغیر ولی کے بھی نکاح ہو جاتا ہے۔

حنفی بھائیو! کہو اب تم کوفے کا فیصلہ مانو گے یا مدینے کا؟

(شمع محمدی ص۸۳، ظفر المبین حصہ اول ص۱۷۸، احناف کا رسول اللہ ﷺ سے اختلاف ص۳۷۰، راز بات ص۱۶۱ مسئلہ نمبر۹۵. 119)

جواب:

جوناگڑھی نے یہ مسئلہ ظفر المبین سے سرقہ کیا ہے۔اس مسئلہ میں علماء کا اختلاف ہے۔ احناف کا نظریہ قرآن وسنت سے ثابت ہے ملاحظہ فرمائیں۔

دلائل احناف:

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا طریقہ اجتہاد یہ ہے کہ وہ کسی مسئلہ میں وارد ہونے والی تمام روایات کو پیش نظر رکھ کر ایسا مسلک اختیار کرتے ہیں، جس سے حتی الامکان ساری روایات جمع ہو جائیں اور کوئی روایت عمل کرنے سے نہ رہ جائے۔ زیر بحث مسئلہ میں بھی یہی صورت ہے مملوکہ، صغیرہ، مجنونہ کو غلامی بچپن اور پاگل پن کے عوارض کی بنا پر اپنا نکاح خود کرنے کا حق بالاتفاق حاصل نہیں، ان کا نکاح ان کے ولی ہی کریں گے۔لیکن آزاد، عاقلہ اور بالغہ عورت کے بارے میں قرآن وسنت کے قطعی دلائل اس بات کے شاہد ہیں کہ وہ اپنا نکاح خود کر سکتی ہیں۔اور ولی کے بغیر اس کا نکاح منعقد ہو جاتا ہے۔

قرآن سے دلائل

پہلی آیت:

وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا فَعَلْنَ فِي أَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝ (البقرہ:۲۳۴)

''اور تم میں سے جو وفات پا جائیں اور وہ اپنے پیچھے چھوڑ جائیں بیویاں تو ان بیواؤں کو چاہیے کہ انتظار میں رکھیں اپنے آپ کو چار مہینے اور دس دن پھر جب وہ پورا کرلیں اپنی عدت کی مدت کو تو تم پر کوئی گناہ نہیں ان کے ان کاموں کی بنا پر جو وہ خود کریں اپنی جانوں کے حق میں دستور کے مطابق اور اللہ پوری طرح باخبر ہے تمہارے ان سب کاموں سے جو تم

اوگ کرتے ہو'

اس آیت سے اللہ تعالیٰ کا صاف اور واضح حکم ہم کو ملتا ہے کہ وہ عورت اگر بعد از عدت معروف واحسن طریقہ پر اپنا نکاح کسی مرد سے کر لیتی ہے تو وہ کر سکتی ہے اور کسی پر کوئی گناہ یا بار نہیں ہے۔

دوسری آیت:

فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا (البقرہ:۲۳۰)

''اگر خاوند (بیوی کو تیسری) طلاق دے دے تو اس کے لیے وہ عورت حلال نہ رہی جب تک دوسرے کسی شخص سے نکاح نہ کر لے۔''

اس آیت سے بھی یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ مطلقہ عورت کو اپنی مرضی سے نکاح کرنے کا حق ہے۔

تیسری آیت:

قرآن مجید میں سرپرستوں کو خطاب کر کے فرمایا گیا

فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ (البقرہ:۲۳۲)

''اور اس کے بعد ان کو مت روکو اگر وہ اپنے شوہروں سے نکاح کرلیں۔''

اس آیت میں اولیاء کو تنبیہ کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے لفظ ''عضل'' استعمال کیا ہے جس کے معنی ہیں ''ظلم وتنگی''، یعنی اولیاء کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ ایک مطلقہ عورت جو کہ معروف طریقہ سے اپنی شادی کرنا چاہتی ہے اسے روکیں یا اس کے لیے کوئی تنگی پیدا کریں یا اس پر کسی قسم کا ظلم روا رکھیں۔لہٰذا ایسی عورت کو اپنے کفو میں شادی سے روکنے کی سخت اور واضح ممانعت ہے۔

چوتھی آیت:

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ (البقرہ:۲۳۲)

''اور جب تم عورتوں کو طلاق دو اور وہ اپنی عدت کو پورا کر لیں تو تم انہیں جب کہ وہ نیک طریقہ پر باہم رضا مند ہو جائیں اپنے خاوندوں کے ساتھ نکاح کر لینے سے مت روکو۔''

اس آیت مبارکہ میں ﴿ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ ﴾ کہ ''وہ اپنے خاوندوں سے (اپنی مرضی سے) نکاح کر لیں۔''

یہ جملہ غور طلب ہے کہ اس جملہ میں ایک فعل یعنی نکاح کا ذکر ہو رہا ہے جس کی نسبت عورتوں کی طرف کی گئی ہے۔ لہذا فعل کی نسبت ہمیشہ فاعل کی طرف ہوتی ہے اور اس جملہ کی رو سے فاعل عورتیں ہیں لہذا معلوم ہوا کہ یہ فعل نکاح عورت کر سکتی ہے شارع نے خود اس فعل کی نسبت بطور فاعل عورت یا عورتوں کی طرف کی ہے۔ باقی آیت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اولیاء کو عورت کو اس فعل سے روکنے کا کوئی اختیار نہیں بشرطیکہ یہ فعل عورت معروف یعنی صحیح اور احسن طریقہ سے کر رہی ہو۔

ایک شبہ اور اس کا ازالہ:

اس میں شبہ نہیں کہ قرآن مجید میں بعض مقامات پر عورتوں کا نکاح کرنے کی نسبت ان کے سرپرستوں کی طرف بھی کی گئی ہے۔ (مثلاً سورۃ نور کی آیت نمبر ۳۲ و سورۃ بقرہ آیت نمبر ۲۲۱) اور ایک جگہ مردوں کو یہ بھی خطاب ہے کہ عورتوں کے ساتھ ان کے گھر والوں کی اجازت سے نکاح کر (سورۃ نساء آیت نمبر ۲۵) لیکن امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک ان آیات کے خلاف نہیں۔ کیوں کہ ان کے نزدیک جیسے عورت اپنا نکاح خود کر سکتی ہے۔ اس طرح اس کا سرپرست بھی اس کی رضامندی سے اس کا نکاح کر سکتا ہے۔ بلکہ سرپرست کا نکاح میں موجود ہونا امام صاحب کے نزدیک مستحب ہے۔ اسی طرح مردوں کے لیے پسندیدہ اور

باوقار طریقہ یہی ہے کہ وہ عورتوں کو نکاح کا پیغام خاندان کے واسطے سے ہی بھیجیں۔ تاہم اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ اگر عورت خاندان اور سرپرست کے واسطے کے بغیر اپنا نکاح خود کر لے تو اس کا نکاح منعقد ہی نہیں ہوگا۔

احادیث سے دلائل

پہلی حدیث:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْأَيِّمُ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ شامر فِي نَفْسِهَا وَإِذْنُهَا صُمَاتُهَا.

(موطا امام مالک، کتاب النکاح، ص ۴۱۶، مترجم مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ غیر شادی شدہ (ایّم) عورت کا اپنے اوپر ولی کی نسبت زیادہ حق ہے اور کنواری سے اس کے نکاح کے بارے میں اس کی اجازت لی جائے اور اس کی خاموشی اس کی اجازت ہے۔

اس حدیث میں لفظ أیّم نہایت اہمیت کا حامل ہے جس کے معنی ہیں بغیر ''شوہر والی عورت یا لڑکی'' اب چاہے اس کی شادی سرے سے ہوئی ہی نہ ہو یا وہ بیوہ یا مطلقہ ہو گئی ہو۔

دوسری حدیث:

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْكَحُ الْأَيِّمُ حَتَّى تُسْتَأْمَرَ وَلَا تُنْكَحُ الْبِكْرُ حَتَّى تُسْتَأْذَنَ قَالُوا كَيْفَ إِذْنُهَا قَالَ أَنْ تَسْكُتَ. (بخاری شریف، کتاب النکاح، ج ۲ ص ۷۷۴)

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایّم (غیر شوہر والی) عورت کا اس وقت تک نکاح نہ کیا جائے جب تک کہ اس سے صاف صاف زبان سے اجازت نہ لے لی جائے۔ اسی طرح باکرہ کا بھی نکاح نہ کیا جائے جب تک وہ اذن نہ دے۔ لوگوں نے کہا وہ اذن کس طرح دے گی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کا اذن یہی ہے کہ

وہ سن کر چپ ہو جائے۔"

تیسری حدیث:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الثَّيِّبُ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ يَسْتَأْذِنُهَا أَبُوْهَا فِيْ نَفْسِهَا وَإِذْنُهَا صُمَاتُهَا وَرُبَّمَا قَالَ وَصَمْتُهَا إِقْرَارُهَا. (مسلم، کتاب النکاح، ج ا ص ۴۵۵)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا ثیب (بیوہ یا مطلقہ) عورت اپنی ذات کی زیادہ حق دار ہے اپنے ولی سے اور کنواری سے اس کا باپ اس کی ذات کے لیے اجازت لے اور اجازت اس کا چپ رہنا ہے اور بعض وقت راوی نے کہا کہ اس کا چپ رہنا گویا اقرار ہے۔

چوتھی حدیث:

عن ابن عباس ان جارية بكرا اتت رسول الله فذكرت ان اباها زوجها وهي كارهة مخيرها النبي صلى الله عليه وسلم.

"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک کنواری لڑکی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آئی اور کہا کہ اس کے والد نے اس کا نکاح کرا دیا اور وہ اسے ناپسند ہے نبی کریم ﷺ نے اس کو احتیاط دے دیا۔"

(الفتح الربانی ج ١٦ ص ١٦٢، مصنف عبدالرزاق ج ٦ ص ١۴٦، ١۴٧)

مصنف عبدالرزاق کی روایت میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے اس کے والد سے کہا تمہارا کیا ہوا نکاح کالعدم ہے اور لڑکی سے کہا جاؤ اور جس سے چاہتی ہو نکاح کر لو۔

پانچویں حدیث:

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ جَاءَتْ فَتَاةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنَّ أَبِيْ زَوَّجَنِيْ ابْنَ أَخِيْهِ لِيَرْفَعَ بِيْ خَسِيْسَتَهُ قَالَ فَجَعَلَ الْأَمْرَ

إِلَيْهَا فَقَالَتْ قَدْ أَجَزْتُ مَا صَنَعَ أَبِيْ وَلٰكِنْ أَرَدْتُ أَنْ تَعْلَمَ النِّسَاءُ أَنْ لَيْسَ إِلَى الْآبَاءِ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ.

(سنن ابن ماجہ، کتاب النکاح، حدیث نمبر ۱۹۴، مترجم مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور)

حضرت بریدہ سے مروی ہے انہوں نے کہا ایک نوجوان عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اور عرض کی کہ میرے والد نے اپنے بھتیجے سے میرا نکاح کر دیا ہے تاکہ میری وجہ سے اس کی رذالت دور کر دیں۔ آپ ﷺ نے اسے اختیار دے دیا۔ اس پر اس نے کہا میرے والد نے جو کچھ کر دیا ہے وہ مجھے منظور ہے لیکن میری غرض آپ سے پوچھنے کی یہ ہے کہ عورتوں کو معلوم ہو جائے کہ نکاح کے بارے میں باپوں کو کوئی اختیار نہیں۔

چھٹی حدیث:

عَنْ خَنْسَاءَ بِنْتِ خِذَامٍ الْأَنْصَارِيَّةِ أَنَّ أَبَاهَا زَوَّجَهَا وَهِيَ ثَيِّبٌ فَكَرِهَتْ ذٰلِكَ فَأَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ نِكَاحَهُ.

(بخاری ج ا ص ۴۷۷، ۴۷۸)

حضرت خنساء انصاریہ کہتی ہیں میرا نکاح میرے والد نے ایسی جگہ کیا جہاں میں پسند نہ کرتی تھی اور میں ثیبہ تھی میں آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی آپ ﷺ نے نکاح فسخ کرا دیا۔

ساتویں حدیث:

عن علی انه اجاز نكاح امراة بغير ولى انكحتها امها برضاها.

(مصنف ابن ابی شیبہ ج ۲/۴ ص ۱۳۳ مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک ایسی عورت سے نکاح کو جائز قرار دیا جس کا نکاح بغیر ولی کے اس کی ماں نے اس کی مرضی سے کیا تھا۔

آٹھویں حدیث:

عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ حَدَّثَنَا مَرْحُومٌ قَالَ سَمِعْتُ ثَابِتًا الْبُنَانِیَّ قَالَ کُنْتُ عِنْدَ أَنَسٍ وَعِنْدَهُ ابْنَةٌ لَهُ قَالَ أَنَسٌ جَاءَتْ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعْرِضُ عَلَيْهِ نَفْسَهَا قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰہِ أَلَكَ بِي حَاجَةٌ فَقَالَتْ بِنْتُ أَنَسٍ مَا أَقَلَّ حَيَاءَهَا وَا سَوْأَتَاهُ وَا سَوْأَتَاهُ قَالَ هِيَ خَيْرٌ مِنْكِ رَغِبَتْ فِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَضَتْ عَلَيْهِ نَفْسَهَا.

(بخاری مع تیسیر الباری ج۵ ص ۹۷ حدیث نمبر ۷۰ النعمانی کتب خانہ)

علی بن عبداللہ مرحوم سے ثابت بنانی کہتے ہیں میں انس ؓ کے پاس تھا ان کے پاس ان کی ایک بیٹی بھی بیٹھی تھی۔ انس ؓ نے بیان کیا کہ ایک عورت آنحضرت ﷺ کے پاس آئی اس نے اپنا نفس آپ ﷺ کو پیش کیا۔ عرض کیا یا رسول اللہ! کیا آپ کو میری خواہش ہے؟ حضرت انس ؓ کی بیٹی کہنے لگی کیا بے شرم عورت تھی افسوس افسوس۔ انس ؓ نے کہا وہ عورت تجھ سے بہتر تھی اس نے تو آنحضرت ﷺ کی خدمت میں اپنا نفس آپ کو پیش کیا۔

یہ حدیث مبارکہ بخاری شریف کی کتاب النکاح میں وارد ہوئی ہے حافظ ابن حجر عسقلانی اس کی تشریح میں فرماتے ہیں کہ مجھ کو معلوم نہیں ہوا کہ یہ کون سی عورت تھی بہرحال ان عورتوں میں سے تھی جنہوں نے اپنے تئیں آنحضرت ﷺ کو بخش دیا۔

قسطلانی نے کہا کہ اس حدیث سے یہ نکلا کہ نیک بخت اور دین دار مرد کے سامنے اگر عورت اپنے تئیں پیش کرے تو اس میں کوئی عار کی بات نہیں البتہ دنیاوی غرض سے ایسا کرنا برا ہے۔

مندرجہ بالا دو جلیل القدر علماء کی آراء سے دو باتیں واضح ہوتی ہیں اولاً یہ کہ ایسے واقعات ایک سے زیادہ مرتبہ رونما ہوئے کہ کسی عورت نے اپنے آپ کو حضور ﷺ کی ذاتِ اقدس میں بغرض نکاح پیش کیا ہو اور ثانیاً یہ کہ اگر عورتوں کو اپنا نکاح خود کرنے یا نکاح

کے لیے اپنی رائے کے اظہار کی اجازت نہ ہوتی جیسا کہ جوناگڑھی کی رائے ہے تو کسی عورت کی مجال ہو سکتی تھی کہ دربارِ رسالت ﷺ میں حاضر ہو اور تمام صحابہ کرام ؓ کی موجودگی میں اپنی اس رائے کا اظہار کرے اور اگر کوئی اس کی جسارت کر بھی لے تو حضور ﷺ اس کو اپنے قول یا فعل سے نہ روکیں لہٰذا یہ حدیث سنت تقریری کے ضمن میں اس مسئلہ کے حوالہ سے آتی ہے کہ ایک فعل حضور ﷺ کے سامنے ہوا اور حضور ﷺ نے اس فعل کے کرنے والے کو نہ روکا نہ منع فرمایا اور نہ ہی ناپسندیدگی کا اظہار کیا۔

نویں حدیث:

عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ لَمَّا بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُهَا قَالَتْ لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَوْلِيَائِي شَاهِدٌ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَوْلِيَائِكِ شَاهِدٌ وَلَا غَائِبٌ يَكْرَهُ ذَلِكَ فَقَالَتْ لِابْنِهَا يَا عُمَرُ قُمْ فَزَوِّجْ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَوَّجَهُ.

حضرت ام سلمہ ؓ سے مروی ہے جب نبی کریم ﷺ نے حضرت ام سلمہ ؓ کے پاس نکاح کا پیغام بھیجا تو انہوں نے کہا میرا کوئی ولی موجود نہیں ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا تمہارا کوئی موجود و غیر موجود ولی ایسا نہیں جو یہ نکاح ناپسند کرے گا۔ چنانچہ حضرت ام سلمہ ؓ نے اپنے بیٹے سے کہا عمر اٹھو اور میرا اللہ کے رسول سے نکاح کرا دو اور عمر نے اپنی ماں کا نکاح کرا دیا۔ (سنن نسائی کتاب النکاح ج ۲ مترجم (خلاصہ حدیث)

دسویں حدیث:

عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّهُ سُئِلَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبَّاسٍ وَأَبُو هُرَيْرَةَ عَنِ الْمَرْأَةِ الْحَامِلِ يُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ آخِرُ الْأَجَلَيْنِ وَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ إِذَا وَلَدَتْ فَقَدْ حَلَّتْ فَدَخَلَ أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهَا عَنْ ذَلِكَ فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ

وَلَدَتْ سُبَيْعَةُ الْأَسْلَمِيَّةُ بَعْدَ وَفَاتِ زَوْجِهَا بِنِصْفِ شَهْرٍ فَخَطَبَهَا رَجُلَانِ أَحَدُهُمَا شَابٌّ وَالْآخَرُ كَهْلٌ فَحَطَّتْ إِلَى الشَّابِّ فَقَالَ الْكَهْلُ لَمْ تَحِلِّي بَعْدُ وَكَانَ أَهْلُهَا غُيَّبًا وَرَجَا إِذَا جَاءَ أَهْلُهَا أَنْ يُؤْثِرُوهُ بِهَا فَجَاءَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ لَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ قَدْ حَلَلْتِ فَانْكِحِي مَنْ شِئْتِ.

ابی سلمہ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ عبداللہ بن عباس اور ابو ہریرہ سے سوال ہوا کہ حاملہ عورت کا خاوند اگر مر جائے تو وہ کس حساب سے عدت کرے۔ ابن عباس نے کہا کہ دونوں عدتوں میں سے جو عدت دور ہو اس کو اختیار کرے۔ اور ابو ہریرہ نے کہا وضع حمل تک انتظار کرے پھر ابو سلمہ حضرت ام سلمہ کے پاس گئے اور ان سے جا کر پوچھا انہوں نے کہا سبیعہ اسلمیہ اپنے خاوند کے مرنے کے بعد پندرہ دن میں جنی پھر دو شخصوں نے اس کو پیام بھیجا ایک جوان تھا اور دوسرا اَدھیڑ وہ جوان کی طرف مائل ہوئی اَدھیڑ نے کہا تیری عدت ہی ابھی نہیں گزری اس خیال سے کہ اس کے عزیز وہاں نہ تھے جب وہ آئیں گے تو شاید اس عورت کو میری طرف مائل کر دیں۔ پھر سبیعہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اور یہ حال بیان کیا آپ نے فرمایا تیری عدت گزر گئی تو جس سے چاہے نکاح کر لے۔

حاصل:

یہ وہ دلائل ہیں جن کی بنا پر یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ عورت اپنا نکاح خود کر سکتی ہے اور اس کو اختیار حاصل ہے اور کسی کو اس پر جبر کا حق حاصل نہیں۔

لیکن امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ عورت کے اس حق کو دو شرطوں سے مشروط کرتے ہیں۔

اولاً: یہ کہ عورت جو نکاح کرے وہ کفو میں کرے۔

ثانیاً: یہ کہ وہ کم از کم نکاح میں مہر مثل مقرر کرے۔

عورت کا ایسا کیا ہوا نکاح جائز اور نافذ سمجھا جائے گا اور عورت کسی گناہ کی مرتکب نہ ہو گی اور نہ ہی یہ سمجھا جائے گا کہ اس نے حد سے تجاوز کیا ہے۔

ناظرین کرام ہم نے یہاں پر صرف چار آیات قرآنی اور دس احادیث نقل کی ہیں ویسے اس مسئلہ میں دلائل کافی ہیں ایک انصاف پسند آدمی کو اتنی بات کافی ہے۔

رہی وہ روایت جو جوناگڑھی نے نقل کی ہے اس کے کئی جواب ہیں۔

نمبر ۱:

یہ روایت نہ بخاری میں ہے اور نہ مسلم میں اور ہم نے اوپر جو دس احادیث پیش کی ہیں ان میں بخاری مسلم کی روایات بھی موجود ہیں۔

نمبر ۲:

ویسے یہ روایت ہمارے خلاف بھی نہیں ہے۔ حنفیہ کے نزدیک اس حدیث کا تعلق نابالغہ اور غیر عاقلہ سے ہے یعنی کمسن لڑکی اور دیوانی لڑکی کا نکاح اس کے ولی کی اجازت کے بغیر نہیں ہوتا۔

نمبر ۳:

نواب نور الحسن خاں بن نواب صدیق حسن خاں غیر مقلد اس حدیث کے متعلق لکھتے ہیں۔

وَحَدِيْثُ لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ مرسل است.

اور لا نکاح الا بولی والی حدیث مرسل ہے۔ (عرف الجادی ص ۱۰۶)

اور موجود غیر مقلدین کی اکثریت مرسل حدیث کو نہیں مانتی۔

اعتراض نمبر ۵۸:

قوم مومن کی دل آزاری
(یعنی نکاح میں کفو کا مسئلہ)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُوْنَ تَتَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ

وَاَمْوَالُهُمْ. (رواہ ابوداؤد والنسائی مشکوٰۃ ص ۳۰۱ جلد دوم، کتاب القصاص)

یعنی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ سب مسلمان جان و مال کے اعتبار سے برابر ہم کفو ہیں اور حدیث میں ہے کہ کسی عرب کو کسی غیر عرب پر کوئی فضیلت نہیں۔ دنیا جانتی ہے کہ قرآن کریم نے سب مسلمانوں کو ادنیٰ اور اعلیٰ کو ایک ہی کر دیا ہے اور فرمادیا ہے کہ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے یہی وہ مساوات ہے جسے صرف اسلام ہی نے قائم کی اور جس پر مسلمانوں کو فخر ہے اور بجا فخر ہے اور ہمیشہ تک رہے گا۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن آہ حنفی مذہب نے اس کے جوڑ جوڑ الگ کر دیئے اس نے نکاح کے لیے کفو کی شرط لگادی۔ اور پھر مسلمانوں میں وہ تفرقہ اندازی کی کہ اگر آج سب مسلمان حنفی ہوجائیں تو وہ تیر میر ہو کہ پناہ بخدا۔ ہم اس وقت اس کفو کے اور مسائل کو چھوڑ کر صرف ایک بڑے مسئلے کو ہی لیتے ہیں جس سے ہزارہا مسلمانوں کی دل آزاری ہوتی ہے اور جس نے مسلمانوں کی ایک قابل قدر جماعت کو محض اس وجہ سے مسلمانوں کی اعلیٰ برادری سے خارج کر دیا ہے کہ ان کا پیشہ کپڑا بننے کا ہے وہ صاف لکھتا ہے کَالْحَجَّامِ وَالْحَائِكِ وَالدَّبَّاغِ یعنی جیسے پچھنا لگانے والے اور جلاہے اور کھال رنگنے والے۔

(ہدایہ ص ۳۰۱ ج ۲ فصل فی الکفارۃ)

نکاح کے بارے میں تو کھلے لفظوں میں رسول اکرم ﷺ نے حکم دیا کہ صرف دینداری اور اخلاق دیکھ لو۔ دینداری اور اچھی عادتوں والا مانگا ڈالے تو کبھی انکار نہ کرو۔ یہاں حنفی مذہب کا یہ حکم ہے کہ جلاہا سید کا بلکہ اور اعلیٰ پیشہ کے لوگوں کا بھی ہمسر اور کفو نہیں بلکہ اسی ہدایہ کے ص ۳۰۰ میں ہے کہ اگر عورت اپنا نکاح غیر کفو میں کرلے تو اس کے والی اسے اس کے خاوند سے الگ کرا سکتے ہیں۔ اب آپ کو عموماً ہمارے مومن بھائیوں کو خصوصاً اختیار

ہے کہ حدیث پر عامل بن کر مسلمانوں کی اعلیٰ برادری میں رہیں؟ یا فقہ پر عمل کر کے مسلمانوں کی اعلیٰ برادری سے خارج ہوجائیں۔

(شمع محمدی ص ۸۳ ظفر المبین حصہ دوم ص ۱۳۴)

جواب:

اس مسئلہ کا تعلق نکاح میں کفو کے مسئلہ سے ہے جب کفو کا مسئلہ احادیث سے ثابت ہے تو پھر اعتراض فضول ہے۔ ہم پہلے کفو کا مسئلہ سمجھاتے ہیں پھر اعتراض کا جواب دیتے ہیں۔

نکاح میں کفو کی اہمیت:

نکاح کا مقصد انسانی خواہش کی تکمیل کے ساتھ خداوندی ارادوں کا ظہور بھی ہے، یہ مطلوب اسی وقت حاصل ہوسکتا ہے جب دونوں کی طبیعتوں میں توافق اور مزاجوں میں مناسبت ہو ورنہ دونوں کی زندگی (خاص طور پر عورت کی زندگی، کیوں کہ اس کے احساسات زیادہ نازک ہوتے ہیں، قوتِ برداشت و مقابلہ اس میں کم ہوتی ہے اور علیحدگی کا اسے اختیار نہیں ہوتا) نہایت تلخ بلکہ جہنم کا نمونہ بن جاتی ہے چنانچہ دین فطرت کے اندر جس طرح تمام فطری تقاضوں کی رعایت دی گئی ہے اس پہلو کو بھی نظر انداز نہیں کیا گیا، اسی رعایت کا شرعی عنوان کفو کا اعتبار ہے۔

اس حقیقت کو تسلیم کرنے سے کوئی بھی ہوش مند انکار نہیں کر سکتا کہ ماحول اور طرز معاشرت کے اختلاف سے مزاجوں اور عادتوں میں عموماً اختلاف پیدا ہوجاتا ہے، ایک خاص ماحول میں پلی ہوئی اور مخصوص طرز پر زندگی گزارنے والی لڑکی، جب اس سے قطعاً مختلف ماحول میں بیاہ دی جائے گی تو اس کے نازک احساسات اور قلب وجگر پر جو کچھ بھی گزر جائے کم ہے۔ اس کا اندازہ کرنا کسی بھی سمجھ دار کے لیے مشکل نہیں، مثلاً علمی خانوادہ،

شستہ مزاج اور مہذب خاندان کی لڑکی کا نکاح اگر ایسے شخص سے کرایا جائے جس کا خاندانی پیشہ (دباغت) یعنی کھالوں کو رنگنے والے، آنتوں کی چربی نکالنا اور اسے صاف کرنا یا اس طرح کا کوئی اور کام ہو، جس سے پورا مکان اور اس شخص کے کپڑے حتی کہ بدن بھی بدبودار اور متعفن رہتا ہو، تو سوچئے اس لڑکی کے دل و دماغ پر اس ماحول کا کیسا اثر ہوگا کیا اس کی زندگی خوش گوار رہ سکے گی؟ اس کی صحت برباد نہ ہوگی اور نکاح کے مقاصد کا حاصل ہونا بخوشی ممکن ہوگا؟ جس شریعت میں لہسن کھا کر جماعت کے لیے مسجد میں جانا بھی اس لیے پسندیدہ نہ ہو کہ اس کے جانے سے تھوڑی دیر دوسرے لوگوں کو تکلیف پہنچے گی تو کیا وہی شریعت مستقل طور پر کسی عورت کی اذیت برداشت کرسکتی ہے؟ بس دراصل یہی حکمت ہے، ''کفو'' کی رعایت اور اس کا لحاظ کرنے اور غیر کفو میں شادی کی حوصلہ افزائی نہ کرنے میں، بلکہ ایسی نامناسب جگہ شادی ہو جانے کے بعد چند مخصوص شرطوں کے ساتھ، فسخ نکاح تک کا اختیار دے دینے کی اسی مصلحت سے شریعت نے مسلم اور بت پرست کے درمیان بھی نکاح کو ممنوع قرار دیا کیوں کہ بت پرست اور موحد کے انداز فکر اور اس کے نتیجہ میں مزاجوں کے درمیان زمین و آسمان کا سا اختلاف ہوتا ہے یا ہونا چاہیے۔

حدیث نمبر۱:

حضرت جابر بن عبداللہ سے مروی ہے انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔عورتوں کی شادیاں کرو مگر ان لوگوں کے ساتھ جو کفو ہوں اور ان کے اولیاء کے سوا دوسرا کوئی ان کا نکاح نہ کرے اور دس درہم سے کم مہر بھی نہ ہونی چاہیے۔

(دار قطنی ج ۳ کتاب النکاح باب المہر والسنن الکبریٰ بیہقی ج ۷ باب اعتبار الکفاۃ)

حدیث نمبر۲:

رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

اے علی تین کام ہیں جن کو ٹالنا نہ چاہیے۔ایک نماز، جب کہ اس کا وقت آ جائے،

دوسرے جنازہ، جب کہ تیار ہو جائے، تیسرے بن بیاہی عورت کا نکاح جب کہ اس کے لیے کفو مل جائے۔

(ترمذی ابواب الجنائز باب ماجاء تعجیل الجنازۃ وسنن الکبریٰ ج ۷ کتاب النکاح باب الکفاء)

حدیث نمبر۳:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنی نسل پیدا کرنے کے لیے اچھی عورتیں تلاش کرو اور اپنے نطفے ایسی جگہ ڈالو جو ان کے کفو ہوں۔ اشج نے کہا، اپنی نسل پیدا کرنے کے لیے اچھی عورتیں تلاش کرو اور ان کے نکاح ایسے مردوں سے کرو جو ان کے کفو ہوں۔

(دار قطنی ج ۳ کتاب النکاح باب مہر والمستدرک للحاکم ج ۲ کتاب النکاح وابن ماجہ باب الاکفاء ص ۲۸۱ حدیث ۱۹۶۸)

حدیث نمبر۴:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

میں ضرور حسب والی عورتوں کو نکاح سے روکوں گا الا یہ کہ وہ اپنے ہمسروں سے نکاح کرلیں۔

(مصنف عبدالرزاق جلد ۶ کتاب النکاح باب الکفاء و کنز العمال ج ۱۶ الاکفاء ۴۵۷۸۵)

حدیث نمبر۵:

عَنْ عمر بن الخطاب رضی الله عنه انه قال لَامْنَعَنَّ فُرُوْجَ ذَوَاتِ الْاَحْسَابِ اِلَّا مِنَ الْاَكْفَاءِ (کتاب الآثار مترجم ص ۳۲۵ مکتبۃ الحبیب کراچی)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں خاندانی عورتوں کی شرم گاہوں کو محفوظ رکھوں گا سوائے ان سے جو ان کی ہم پلہ ہوں۔

حدیث نمبر ۶:

میں عالی نسب خواتین کو کفو کے سوا کسی اور سے نکاح کرنے سے روک دوں گا میں نے پوچھا کفو سے کیا مراد ہے؟ فرمایا حسب (نسب) میں برابری۔

(دار قطنی ج ۳ کتاب النکاح والمغنی ابن قدامہ ج ۲ ص ۴۸۳)

حدیث نمبر ۷:

ابراہیم بن ابی بکر کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نکاح کے معاملہ میں کفو ہونے پر سختی سے عمل کراتے تھے۔ رواہ عبدالرزاق (کنز العمال جلد ۱۶، حدیث نمبر ۴۵۷۸۶)

عقلی دلیل:

محترم ناظرین نفس مسئلہ کفاءت عقل اور نقل دونوں سے ثابت ہے۔ تفصیلات سے قطع نظر، بجائے خود نکاح میں اس کے معتبر ہونے پر ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے اس مسئلے کا ماخذ متعدد احادیث ہیں (جو اوپر درج ہو چکی ہیں) یہ تو ہے اس مسئلے کی نقلی دلیل۔ رہی عقلی دلیل تو عقل کا صریح تقاضا یہ ہے کہ کسی لڑکی کو کسی شخص کے نکاح میں دیتے وقت یہ دیکھا جائے کہ وہ شخص اس کے جوڑ کا ہے یا نہیں، اگر جوڑ کا نہ ہو تو یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ ان دونوں کا نباہ ہو سکے گا۔ نکاح سے مقصود تو عقلاً بھی اور نقلاً بھی یہی ہے کہ زوجین کے درمیان مودت و رحمت ہو اور وہ ایک دوسرے کے پاس سکون حاصل کر سکیں۔ آپ خود سوچ لیں کہ بے جوڑ نکاحوں سے اس مقصود کے حاصل ہونے کی کہاں تک توقع کی جا سکتی ہے۔ اور کون سا معقول انسان ایسا ہے جو اپنے لڑکے یا لڑکی کا بیاہ کرنے میں جوڑ کا لحاظ نہ کرتا ہو؟ کیا آپ اسلامی مساوات کا مطلب یہ سمجھتے ہیں کہ ہر مرد کا ہر عورت سے اور ہر عورت کا ہر مرد سے صرف اس

بنا پر نکاح کر دیا جائے کہ دونوں مسلمان ہیں، بلا اس لحاظ کے کہ ان میں کوئی مناسبت پائی جاتی ہے یا نہیں؟

فقہاء نے اس جوڑ کا مفہوم مشخص کرنے کی کوشش کی ہے اور ہر ایک نے اپنے اپنے طریقے پر یہ بتایا ہے کہ لڑکی اور لڑکے کے درمیان کن کن امور میں مماثلت ہونی چاہیے۔ ہم ان تفصیلات میں بعض فقہاء سے اختلاف اور بعض سے اتفاق تو کر سکتے ہیں، مگر فی الجملہ عقل عام یہ تقاضا کرتی ہے کہ زندگی بھر کی شرکت و رفاقت کے لیے جن دو ہستیوں کا ایک دوسرے سے جوڑ ملایا جائے ان کے درمیان اخلاق، دین، خاندان، معاشرتی طور طریق، معاشرتی عزت و حیثیت، مالی حالات، ساری ہی چیزوں کی مماثلت دیکھی جانی چاہیے۔ ان امور میں اگر پوری یکسانی نہ ہو تو کم از کم اتنا تفاوت بھی نہ ہو کہ زوجین اس کی وجہ سے ایک دوسرے کے ساتھ محبت اور رفاقت نہ کر سکیں۔ یہ انسانی معاشرت کا ایک عملی مسئلہ ہے جس میں حکمتِ عملی کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔

ہر شخص کو اپنے لڑکے لڑکیوں کی شادیاں ان لوگوں میں کرنی چاہیے، جو مالی حیثیت سے اسی جیسے ہوں اور جو اس کے لیے تیار ہوں کہ اپنی چادر سے نہ وہ خود زیادہ پاؤں پھیلائیں اور نہ دوسروں کو زیادہ پاؤں پھیلانے پر مجبور کریں اپنے سے بہتر مالی حالات رکھنے والوں میں شادی بیاہ کرنے کی کوشش کرنا اپنے آپ کو خواہ مخواہ مشکلات میں مبتلا کرنا ہے۔

احادیث و آثار میں جو کفوء کا حکم موجود ہے اس کا مطلب ہے برابری یہ کفاءت و مساوات کن کن چیزوں میں ہونی چاہیے؟ مختلف احادیث کی وجہ سے علماء میں اختلاف ہے بعض نو چیزوں میں بعض چھ چیزوں میں اور بعض پانچ میں بعض دو میں بعض ایک میں کفو کے قائل ہیں۔

ائمہ اربعہ میں سے (تین امام) امام ابوحنیفہ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ نکاح

میں کفاءت (برابری) مندرجہ ذیل پانچ چیزوں میں ضروری سمجھتے ہیں۔

(۱) اسلام (۲) دیانت وتقویٰ (۳) نسب (۴) مال (۵) پیشہ (۶) مرض اور عیوب سے خالی ہونا۔ (بعض فقہاء نے مرض کی جگہ آزادگی کا ذکر کیا ہے۔

امام مالک ؒ صرف دو چیزوں میں برابری کا لحاظ کرتے ہیں۔ (۱) دین یعنی ان کا دین وایمان درست ہو۔ (۲) صلاح وتقویٰ یعنی بداخلاق و بدکردار نہ ہوں۔

ائمہ ثلاثہ ان دونوں چیزوں کو تسلیم کرتے ہوئے تین چیزوں کا اور بھی لحاظ کرتے ہیں۔ ائمہ کرام نے جن چیزوں میں برابری کا کہا ہے۔ یہ تمام کی تمام ادلہ اربعہ سے ثابت ہیں۔ اپنی طرف سے بنائی ہوئی نہیں ہیں۔

بعض دلائل ملاحظہ فرمائیں۔

حدیث نمبر ۱:

ابوہریرہ ؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عورت سے نکاح چار وجوہات کی بنا پر کیا جاتا ہے۔ (۱) اس کا مال (۲) اس کا حسب ونسب (۳) اس کا حسن (۴) اور اس کے دین کی بنا پر تو دین دار تلاش کیا کر تیرے ہاتھ غبار آلود ہوں۔

(ابن ماجہ کتاب النکاح)

اس حدیث میں چار چیزوں کا ذکر ہے۔ ان میں اصل دین ہے اگر دین کے علاوہ دوسری تین ہوں تو بے کار ہے۔ دین پہلے ہے اگر دین کے ساتھ یہ دوسری اضافی چیزیں بھی ہوں تو نورٌ علی نور ہے۔

اس حدیث سے بھی فقہاء کی ایک شرط ثابت ہوتی ہے دین والی۔

حدیث نمبر ۲:

جابر بن عبداللہ نے فرمایا کہ میں نے حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں ایک عورت سے نکاح کیا پھر رسول اللہ ﷺ سے ملا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے جابر کیا تم نے شادی کر لی

ہے۔ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کنواری سے یا بیوہ سے، میں نے عرض کیا بیوہ سے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کنواری سے کیوں نہ کی تاکہ تم اس سے کھیل سکتے میں نے عرض کیا میری بہنیں تھی مجھے یہ خطرہ ہوا کہ وہ کہیں میرے اور میری بہنوں کے معاملہ میں مداخلت نہ کرے تو آپ ﷺ نے فرمایا پھر تو اچھی بات ہے۔

(ابن ماجہ کتاب النکاح باب تزویج الابکار)

اس حدیث میں آپ ﷺ نے کنواری کو بیوہ پر ترجیح دی ہے۔ جب کہ جائز دونوں ہی تھیں۔ اس سے بھی فقہاء کی ایک شرط ثابت ہوئی ہے عیوب والی۔

حدیث نمبر ۳:

انس ؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو اللہ تعالیٰ سے پاک اور پاکیزہ ہو کر ملاقات کی تمنا رکھتا ہو تو وہ آزاد عورتوں سے شادی کیا کرے۔

(ابن ماجہ ابواب النکاح باب تزویج الحرائر والولود)

جب کہ دوسری عورتوں سے بھی شادی کرنا جائز ہے مگر آپ نے آزاد کو پسند کیا۔ اس حدیث سے آزادگی والی شرط ثابت ہوئی۔ اور غلام اور آزاد کا فرق بھی جب کہ مسلمان تو دونوں ہی ہیں۔

حدیث نمبر ۴:

عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دنیا ایک سامان ہے اور دنیا کے سامان میں نیک عورت سے زیادہ کوئی چیز اچھی نہیں۔

(ابن ماجہ ابواب النکاح باب افضل النساء)

اس حدیث میں عورت کا صالحہ یعنی نیک ہونے کا ذکر موجود ہے۔ اس سے بھی فقہاء کی شرط تقویٰ ثابت ہوئی اور متقی اور غیر متقی نیک اور بد کا فرق ثابت ہوا جب کہ مسلمان دونوں ہی ہیں۔

حدیث نمبر ۵:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا نکاح میری سنت ہے جس نے میری سنت پر عمل نہ کیا اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں پس نکاح کیا کرو۔ کیوں کہ تمہاری کثرت کی بنا پر دیگر امتوں پر فخر کروں گا۔ جو طاقت رکھتا ہو (یعنی مالی طاقت، نکاح کے بعد کے اخراجات وغیرہ اگر کرسکتا ہو) وہ نکاح کرے اور جس میں طاقت نہ ہو (یعنی جس کے پاس مال نہ ہو) تو وہ روزے رکھا کرے کیوں کہ روزہ شہوت کو توڑتا ہے۔

(ابن ماجہ ابواب النکاح باب ماجاء فی فضل النکاح)

اس حدیث میں مال کا ذکر موجود ہے۔ جس سے مال والی شرط ثابت ہوتی ہے۔

حدیث نمبر ۶:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تمہیں کوئی نکاح کا پیغام دے جس کے دین اور اخلاق سے تم خوش ہو تو اس سے نکاح کرلو اگر تم ایسا نہیں کروگے تو زمین میں فتنہ برپا ہوگا اور بہت لمبا چوڑا فساد ہوگا۔

(ترمذی ابواب النکاح باب ماجاء فی من ترضون دینہ فزوجوہ)

اس حدیث میں دین اور اچھے اخلاق کا ذکر ہے۔

حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں۔

اس حدیث سے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے استدلال کیا ہے کہ ''کفاءت'' صرف دین میں معتبر ہے حرفت ونسب میں نہیں جب کہ جمہور کے نزدیک حرفت اور نسب میں بھی معتبر ہے ان کے نزدیک اسی حدیث میں ''وخلقہ'' کے الفاظ حرفت اور نسب کی کفاءت پر دال ہیں۔

اس لیے کہ نسب اور حرفت کا انسان کے اخلاق پر بہت اثر پڑتا ہے۔

پھر کفاءت اسلام کے اصول مساوات کے منافی نہیں، کیوں کہ اس کا مقصد کسی کو کسی پر فضیلت دینا نہیں ۔۔۔ فضیلت کا معیار تو محض تقویٰ ہے بلکہ کفاءت کا مقصد رشتہ نکاح

میں پائیداری اور خوش گواری پیدا کرنا ہے جو عادۃً اس کے بغیر نہیں ہوتی۔

(درس ترمذی جلد نمبر ۳ ص ۳۴۹)

حدیث نمبر ۷:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بہترین عورتیں اونٹوں پر سوار ہونے والی قریش کی عورتیں ہیں جو اپنی اولاد پر ان کے بچپن میں شفیق اور خاوند کا جو مال ان کی تحویل میں ہو اس کی محافظ ہوتی ہیں۔ (مشکوٰۃ کتاب النکاح پہلی فصل)

اس حدیث سے قریش کی عورتوں کی فضیلت ثابت ہوئی اور نسب کا مسئلہ بھی ثابت ہوا۔ اور قریشی اور غیر قریشی کا فرق بھی ثابت ہوا۔

حدیث نمبر ۸:

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک صاحب بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ مجھے ایک حسب ومنصب والی عورت ملی ہے مگر صرف یہ کہ وہ اولاد پیدا نہیں کرسکتی آپ ﷺ نے اسے نکاح کرنے سے منع فرمادیا اس نے پھر دوبارہ عرض کیا آپ ﷺ نے پھر منع فرمادیا ان صاحب نے تیسری بار پھر سوال دہرایا تو آپ ﷺ نے منع فرماتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا کہ ایسی عورتوں سے نکاح کرو جو زیادہ بچے پیدا کرنے والیاں اور محبت کرنے والیاں ہوں اور بے شک قیامت کے روز میں دوسرے نبیوں کے امتیوں کے مقابلے میں تمہاری کثرت تعداد پر فخر کروں گا۔

(سنن نسائی کتاب النکاح باب کراھیۃ تزویج العقیم)

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اگر ایک آدمی اس قابل ہے کہ اس سے اولاد پیدا ہوسکتی ہے تو محض نسب اور منصب کی خاطر ایسی عورت سے نکاح کرے جس سے اولاد نہیں ہوسکتی۔ آپ ﷺ نے پسند نہیں فرمایا۔

یعنی میاں بیوی میں اس مسئلہ میں برابری نہیں ہے۔ حالانکہ اس سے نکاح تو شرعاً جائز

تھا۔مگر وہ اس کے ہم پلہ اور جوڑ کی نہیں تھی۔اسی کو کفو کہتے ہیں۔بلکہ بچے پیدا کرنے والی اور دوسری کا فرق ثابت ہوا جب کہ مسلمان دونوں ہی ہیں۔

حدیث نمبر۹:

حضرت ثابت بن قیس بن شماس کی بیوی بارگاہِ نبوی ﷺ میں حاضر ہوئی اور عرض کی یا رسول اللہ! ثابت بن قیس کا معاملہ یہ ہے کہ مجھے اس کے اخلاق یا دین کے بارے میں کوئی اعتراض نہیں بلکہ بات یہ ہے کہ میں اسلام کے بعد کفر اختیار نہیں کرنا چاہتی آپ ﷺ نے فرمایا اس نے تمہیں ایک باغ دیا تھا۔وہ واپس کر سکتی ہو عرض کی جی ہاں۔آپ ﷺ نے حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ سے فرمایا اپنا باغ واپس لو اور اس کو طلاق دے دو۔

(بخاری کتاب الطلاق باب الخلع و کیف الطلاق فیه)

اس حدیث میں تو دین اور اخلاق ہونے کے باوجود عورت علیحدگی کا مطالبہ کر رہی ہے اور کتنی پریشان ہے اور آپ ﷺ نے اس کی بات تسلیم بھی کر لی۔وجہ یہ ہے کہ ثابت بن قیس اس کی برابری کے نہیں تھے۔اور وہ ان کی برابری کی نہیں تھیں۔

حدیث نمبر۱۰:

حضرت جابر بن عبداللہ کی روایت ہے کہ جابیہ کے مقام پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک عورت حاضر ہوئی اور اس نے اپنے غلام سے نکاح کر رکھا تھا آپ نے اسے ڈانٹا اور اسے رجم کی سزا دینا چاہی۔(مگر صحابہ رضی اللہ عنہم کے مشورہ سے باز رہے) جب کہ تعذیراً فرمایا، اب تم کسی آزاد مسلم سے نکاح کے لائق نہیں۔

(مصنف عبدالرزاق کتاب الطلاق باب العبد ینکح سیدته)

حدیث نمبر۱۱:

ابن جریج نے حضرت عطاء بن ابی رباح کا فتویٰ نقل کیا ہے۔کہ ایک غلام اپنی مالکہ سے نکاح نہیں کر سکتا۔(مصنف عبدالرزاق کتاب الطلاق باب العبد ینکح سیدته)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عطاء بن ابی رباح سے ثابت ہوا کہ غلام آقا کا جوڑ اور ہم پلہ نہیں ہے صرف اس وجہ سے آپ نے منع فرمایا۔

حدیث نمبر۱۲:

حضرت سعید بن مسیب نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ فیصلہ روایت کیا ہے کہ ایک آدمی کو نکاح کے بعد معلوم ہوا کہ عورت جنون، برص یا قرن (قرن عورت کا اگلا اور پچھلا حصہ درمیان سے ایک ہو جانا) کا عارضہ ہے تو اب اگر اس نے دخول کیا ہے تو عورت مہر کی حق دار ہے جو اس کے اولیاء کے ذمہ مرض نہ بتانے کی سزا کے طور پر بطور تاوان ہوگا جب کہ مرد کو اختیار ہے اسے رکھے یا فارغ کر دے۔

(سنن الکبریٰ بیہقی کتاب الطلاق جماع ابواب العیب فی المنکوحة باب ما یرد به النکاح من العیوب)

اس حدیث سے مریض والی شرط ثابت ہوتی ہے۔

نسب کا بھی کفو میں اعتبار ہے

حدیث نمبر۱:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں۔عرب بعض عرب کے کفو ہیں ایک قبیلہ دوسرے قبیلے کا اور آدمی دوسرے آدمی کا اور عجمی بعض عجمی کے کفو ہیں ایک قبیلہ دوسرے قبیلے کا اور آدمی دوسرے آدمی کا سوائے جولا ہے اور نائی کے۔

بیہقی نے اس کو کئی سندوں سے نقل کیا ہے۔

(سنن الکبری للبیهقی باب اعتبار الصنعة فی الکفاءة ج۷ ص۲۱۷ حدیث نمبر۱۳۷٦۹، مستدرك حاکم تمهید ابن عبدالبر، علل دار قطنی، المبسوط سرخی ج۲۵/۵، المغنی ابن قدامه جلد۲۹/۷)

اس حدیث میں ہے کہ عرب بعض بعض کا کفو ہے۔البتہ حجام اور جولاہے نہیں ہیں۔
جس سے معلوم ہوا کہ حسب اور نسب کا اعتبار ہے۔

حدیث نمبر۲:

سلمان فارسیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں منع فرمایا کہ ہم آگے بڑھیں تمہارے اماموں سے یا ہم نکاح کریں تمہاری عورتوں سے۔

(سنن الکبری بیهقی باب اعتبار النسب فی الکفاءة ج۷ ص ۲۱۷ حدیث ۱۳۷۶۷)

اس حدیث میں عربی نسب نہ ہونے کی وجہ سے حضرت سلمانؓ نے فرمایا کہ مجھے تمہاری عورتوں سے نکاح کرنے سے منع فرمایا ہے۔

حدیث نمبر۳:

ابواسحاق ہمدانی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں سلیمان و جریر ایک سفر میں ساتھ تھے نماز کا وقت آ گیا تو جریر نے سلیمان سے کہا کہ آپ امامت فرمائیں۔سلیمان نے کہا نہیں آپ فرمائیں۔اس لیے کہ آپ عرب ہیں۔نہ ہم نماز میں آپ سے آگے بڑھ سکتے ہیں یعنی امامت کر سکتے ہیں اور نہ آپ کی عورتوں سے نکاح کر سکتے ہیں اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کے ذریعہ آپ کو ہم پر فضیلت عطا فرمائی ہے کہ عربوں ہی میں ان کو پیدا فرمایا۔

(المغنی ابن قدامه ج٦ ص٤٨)

حدیث نمبر۴:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قریش باہم ایک دوسرے کے کفو ہیں۔قبیلہ کا ایک بطن دوسرے بطن کا اور عرب ایک دوسرے کے کفو ہیں۔ایک قبیلہ دوسرے قبیلہ کا۔

(مستدرك حاكم، مسند ابو یعلی، دار قطنی، ابن عدی، مسند بزار، فتح القدیر ج۲ ص۴۲۰، بدائع الصنائع ج۲/۱۵،۱٦، المبسوط سرخسی ۵/۲۳)

حدیث نمبر۵:

غزوہ بدر کے موقع پر مشرکین میں سے سب سے پہلے عتبہ بن ربیعہ اپنے بھائی شیبہ بن ربیعہ اور اپنے بیٹے ولید کو لے کر میدان میں آیا اور پکار کر اپنا مبارز اور مقابل طلب کیا۔
لشکر اسلام میں سے تین شخص مقابلہ کے لیے نکلے ایک عوف دوسرے معوذ یہ دونوں حارث کے بیٹے تھے اور ان کی ماں کا نام عفراء تھا۔تیرے عبداللہ بن رواحہ، عتبہ نے پوچھا تم کون ہو۔ان لوگوں نے کہا (رہط بن الانصار) یعنی ہم گروہ انصار سے ہیں۔عتبہ نے کہا (مالنا بکم من حاجۃ) یعنی ہم کو تم سے طلب نہیں ہم تو اپنی قوم سے لڑنا چاہتے ہیں اور ایک شخص نے للکار کر یہ آواز دی۔

یا محمد اخرج الینا اکفاء نا من قومنا

اے محمد ہماری قوم میں سے ہمارے جوڑ کا ہم سے لڑنے کے لیے بھیجئے۔

(اس کے جواب میں)

رسول اللہ ﷺ نے انصار کو حکم دیا کہ صف قتال کی طرف واپس آ جائیں اور حضرت علی اور حضرت حمزہ اور حضرت عبیدہ بن الحارث کا نام بنام مقابلہ کے لیے نکلنے کا ارشاد فرمایا حسب الارشاد یہ تینوں مقابلہ کے لیے نکلے۔چہروں پر چونکہ نقاب تھے اس لیے عتبہ نے دریافت کیا تم کون ہو۔

عبیدہ نے کہا میں عبیدہ ہوں حمزہ نے کہا میں حمزہ ہوں۔علی نے کہا میں علی ہوں۔

عتبہ نے کہا نعم اکفاءٌ کرامٌ

ہاں تم ہمارے جوڑ اور برابر کے ہو اور محترم ہو۔

(زرقانی ج ا ص ۴۱٦ سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۱۷)

ابن سعد کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا

قرموا یا بنی هاشم بحققکم الذی بعث الله به نبیکم ا جاؤا بباطلهم

لیطفؤا نور اللہ

اے بنی ہاشم اٹھو اس حق کے ساتھ جس کو اللہ نے تمہارے نبی کو دے کر بھیجا ہے یہ باطل کو لے کر اللہ کا نور بجھانے آئے ہیں۔

(طبقات ابن سعد ص ۱۰ ج ۲ بحوالہ سیرت مصطفیٰ ج ۲ ص ۴۳۴، ۴۳۵)

اس واقعہ سے استدلال اس طرح ہے کہ جب جنگ کے میدان میں بھی کفاءت کا اعتبار کیا گیا ہے تو نکاح جیسے رشتہ میں بھی ہونا چاہیے۔

حدیث نمبر ۶:

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا

اللہ تعالیٰ نے بنو اسماعیل سے کنانہ کو، کنانہ سے قریش کو، قریش سے بنو ہاشم کو اور بنو ہاشم سے مجھ کو منتخب کر لیا ہے۔

(المغنی ابن قدامہ ج۲ ص٤٨٢، بیهقی باب النسب فی کفاءة ج۷ ص١٣٤، مسلم کتاب الفضائل باب فضل نسب النبی صلی الله علیه وسلم وتسلیم الحجر علیه قبل النبوة)

اس حدیث سے قریش، بنو ہاشم اور سادات کی فضیلت دوسری قوموں پر ثابت ہوتی ہے جن آیات یا احادیث میں مساوات کا ذکر ہے یہ ان کی تخصیص کرتی ہے۔

رہی وہ روایت جو جوناگڑھی نے نقل کی ہے۔ اس کا اس مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر مسلمان کے قتل کا ایک حکم ہے کہ قتل عمد میں قصاص اور قتل خطا، یا شبہ عمد میں دیت خواہ امیر ہو یا غریب بوڑھا ہو یا جوان مرد ہو یا عورت، عالم ہو یا جاہل، چودھری نمبردار ہو یا معمولی حیثیت کا مسلمان امیر قاتل سے غریب مسلمان کا قصاص لیا جائے گا۔

اس حدیث کا کفو کے مسئلہ سے کسی طرح بھی تعلق نہیں ہے۔ حنفی اس حدیث کو بھی

مانتے ہیں اور مسئلہ کفو جن احادیث سے ثابت ہے ان کو بھی مانتے ہیں۔ مگر احناف کا نقطہ نظر اس مسئلہ میں یہ ہے کہ اگر کسی نے غیر کفو میں نکاح کر لیا تو نکاح ہو جاتا ہے۔

اور اگر عورت اپنا نکاح غیر کفو میں کر لے تو اس کے والی اسے اس کے خاوند سے الگ کرا سکتے ہیں۔ جیسا کہ جوناگڑھی نے ہدایہ پر اعتراض کرتے ہوئے لکھا ہے۔

اعتراض نمبر ۵۹:

باجہ گاجہ اور راگ راگنی

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغِنَاءُ يُنْبِتُ النِّفَاقَ فِي الْقَلْبِ كَمَا يُنْبِتُ الْمَاءُ الزَّرْعَ. (رواه البيهقى فى شعب الايمان مشكوة جلد دوم ص٤١١ باب البيان والشعر) یعنی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ گانا دل میں نفاق کو اس طرح اگاتا ہے جیسے پانی کھیتی کو۔

یہ حدیث صاف دلیل ہے اس بات پر کہ گانا، گانا سننا سب ممنوع ہے۔ ممنوع کام جس مجلس میں جن لوگوں میں ہوتا ہو وہاں بیٹھنا بھی ممنوع ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب کی اعلیٰ کتاب ہدایہ ص ۴۳۹ جلد ۴ کتاب الکراہیہ میں ہے مَنْ دُعِيَ اِلَى وَلِيْمَةٍ اَوْ طَعَامٍ فَوَجَدَ ثَمَّةَ لَعِبًا اَوْ غِنَاءً فَلاَ بَاْسَ بِاَنْ يَّقْعُدَ وَيَاْكُلَ قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ اُبْتُلِيْتُ بِهٰذَا مَرَّةً فَصَبَرْتُ.

یعنی جو شخص ولیمے کی یا کھانے کی دعوت دیا گیا۔ پھر وہاں اس نے کھیل یا گانا پایا تو بھی اس کے وہاں بیٹھنے اور کھانے میں کوئی ڈر خوف نہیں۔ امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں ایک مرتبہ میں بھی اس میں مبتلا کیا گیا تو میں نے صبر کیا۔

حنفی بھائیو! حدیث کا مسئلہ اور آپ کی فقہ کا مسئلہ آپ کے سامنے ہے جو چاہو قبول کرو؟ اور جسے چاہو رد کردو۔ (شمع محمدی ص ۸۴)

جواب:

جونا گڑھی نے ہدایہ کی پوری عبارت نقل نہیں کی ہم ہدایہ کی پوری عبارت نقل کرتے ہیں۔ جس سے اعتراض کی گنجائش نہیں رہتی۔

ہدایہ کی مکمل عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

جس شخص کو ولیمہ یا کسی کھانے کی دعوت دی گئی ہو پھر وہ وہاں کھیل کود یا گانا پائے تو (مجبوراً) وہاں بیٹھنے اور کھانے میں کوئی حرج نہیں۔ امام ابوحنیفہ نے فرمایا کہ میں ایک مرتبہ ایسی مجلس میں پھنس گیا تو میں نے صبر کیا۔ ایسی مجلس میں صبر کر کے بیٹھنا اور کھانا کھانے کی علت یہ ہے کہ دعوت کو قبول کرنا سنت ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے دعوت کو قبول نہیں کیا تو اس نے ابوالقاسم ﷺ کی نافرمانی کی۔ چنانچہ اس دعوت کے ساتھ بدعت ملنے کی وجہ سے اسے نہ چھوڑے جیسا کہ اگر نماز جنازہ پر نوحہ کرنے والیاں جمع ہو جائیں پھر بھی پڑھنی واجب ہے۔ پھر اگر مدعو لوگوں کو اس فعل سے روکنے پر قادر ہو تو روک دے اور اگر قدرت نہ رکھتا ہو تو صبر کرے۔

صبر کرنے کی اجازت اس شخص کو ہے جو مقتدا اور رہنما نہ ہو۔ اگر کوئی مقتدا روکنے پر قادر نہ ہو تو ایسی مجلس سے نکل جائے اور وہاں نہ بیٹھے کیوں کہ مقتدا کے وہاں بیٹھنے میں دین کی حقارت اور مسلمانوں پر معصیت کا دروازہ کھولنا ہے۔

اور یہ قصہ جو امام صاحب کا منقول ہے آپ کے مقتدا بننے سے پہلے کا ہے اور اگر یہ گانا وغیرہ دسترخوان پر ہی شروع ہو جائے تو پھر وہاں بیٹھنا نہیں چاہیے چاہے مقتدا نہ ہو بوجہ اللہ تعالیٰ کے اس قول کے **فلا تقعد بعد الذکریٰ مع القوم الظالمین.**

یہ تمام مذکورہ صورتیں تب ہیں جب یہ گانا وغیرہ مجلس میں حاضر ہونے کے بعد شروع

ہوا ہو اور اگر مدعو کو حاضر ہونے سے قبل ہی معلوم ہو جائے تو ایسی مجلس میں حاضر نہ ہو کیوں کہ اس کو حق دعوت لازم نہیں ہوا بخلاف اس صورت کے کہ جب حاضر ہونے کے بعد اچانک یہ کام شروع ہو جائے کیوں کہ اس کو حق دعوت لازم ہو چکا ہے۔ اور یہ مسئلہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ گانے بجانے کے تمام آلات حرام ہیں یہاں تک کہ بانسری کے ساتھ بھی اور اسی پر امام صاحب کا قول ابتـلیـت دلالت کر رہا ہے کیوں کہ ابتلاء حرام ہی میں ہوتی ہے۔ **(هدایه کتاب الکراهیة)**

محترم ناظرین آپ نے ہدایہ کی پوری عبارت کا ترجمہ ملاحظہ فرما لیا۔ اب آپ ہی انصاف فرمائیں کہ صاحب ہدایہ تو گانے بجانے کے تمام آلات حتی کہ بانسری کو بھی حرام فرماتے ہیں اور امام صاحب بھی یہی فرماتے ہیں لیکن جناب جونا گڑھی کو نامعلوم فقہ دشمنی اور احناف کے حسد اور بغض سے کیا ہو گیا کہ اتنی واضح عبارت بھی حضرت کو دکھائی نہ دی۔ یہ تو بالکل ایسے ہی ہے کہ کوئی شخص لاتقربوا الصلاۃ پڑھتا چلا جائے۔ اور اس سے آگے ایک حرف بھی نہ پڑھے ساتھ ساتھ یہ دعویٰ بھی کرے کہ میں نماز نہ پڑھ کر قرآن پر عمل کر رہا ہوں۔ ہمارے علماء نے تو گانے کے حرام ہونے پر مستقل کتابیں لکھی ہیں۔

(۱) اسلام اور موسیقی۔ مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ

(۲) گانا بجانا قرآن وسنت کی روشنی میں۔ مولانا زاہد الحسینی اٹک

(۳) حق السماع۔ مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ

(۴) اسلام اور قوالی۔ مفتی مفیض الرحمن وغیرہ

ان کے علاوہ اور کتب بھی اس مسئلہ پر موجود ہیں۔

اعتراض نمبر ۶۰:

حیلوں سے رد حدیث

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ مَالِكٍ قَالَ بَلَغَنِیْ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَاْمُرُ بِاسْتِبْرَآءِ الْاِمَاءِ مَحِیْضَتَانِ کَانَتْ مِمَّنْ تَحِیْضُ وَثَلَاثَةِ اَشْهُرٍ اَنْ کَانَتْ مِمَّنْ لَّا تَحِیْضُ وَیَنْهٰی عَنْ سَقْیِ مَاءِ الْغَیْرِ.

(رواه رزین مشکوٰة ص ۲۹۰ جلد دوم باب الاستبراء)

یعنی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کرتے تھے کہ لونڈی کو ایک حیض تک روکے رکھنا چاہیے۔ تا کہ اس کے پیٹ میں بچہ ہونے نہ ہونے کا علم ہو جائے۔ اگر اسے حیض نہ آتا ہو تو تین مہینے تک اسے ہاتھ نہ لگائے۔ یہ حرام ہے کہ اپنا پانی دوسرے کی کھیتی کو پلائے یعنی دوسرے سے حمل ہو اور پھر بھی یہ صحبت کرے۔ مسلمان بھائیو کیا یہ حدیث صاف نہیں کہ لونڈی خریدی جائے اس کو جب تک ایک حیض نہ آ جائے اس سے اس کے خریدار کو ملنا حرام ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

حنفی مذہب کا فیصلہ سنئے۔ ہدایہ ص ۴۵۰ جلد ۴ کتاب الکراہیة میں ہے لَا بَاْسَ بِالْاِخْتِیَالِ لِاسْقَاطِ الْاِسْتِبْرَاءِ عِنْدَ اَبِیْ یُوْسُفَ یعنی امام ابو یوسف کے نزدیک کوئی نہ کوئی حیلہ کر کے اس ایک حیض تک ٹھہرنے کی مدت کو ہٹا دینے میں کوئی حرج نہیں۔ سنا آپ نے حدیث کے صاف حکم کو حیلے حوالے سے ٹال دینا کوئی حرج نہیں رکھتا؟

اس کے بعد اسی کتاب میں حیلے لکھے ہیں کہ کس طرح اللہ کے رسول ﷺ کے اس تاکیدی فرمان کو ٹال دیا جائے اور کس طرح اس حرام کو حلال کر لیا جائے۔ فَنَعُوْذُ بِاللهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا ہاں ہمارا روئے سخن تو آپ سے ہے اب اس صورت میں آپ کیا مانیں گے؟ حنفی مذہب یا محمدی فرمان؟ (شمع محمدی ص ۸۵)

جواب:

جونا گڑھی نے جو حدیث نقل کی ہے وہ غیر مقلدین کے نزدیک قابل عمل نہیں۔

کیوں کہ امام مالک تبع تابعین سے ہیں لہٰذا اس حدیث میں تابعی یا صحابی کا ذکر نہیں ہے۔ اس وجہ سے اس کی سند متصل نہیں ہے۔

اس پر تمام علماء کا اتفاق ہے کہ استبراء میں حیض تو ایک ہی کافی ہے۔ اختلاف اس میں ہے کہ جس لونڈی کو حیض نہیں آتا اس کا استبراء ایک ماہ ہے یا تین ماہ ضروری ہیں۔ بعض علماء تین ماہ مانتے ہیں ان کی دلیل یہ حدیث ہے مگر جمہور علماء ایک مہینہ کافی مانتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ ایک مہینہ ایک حیض کے قائم مقام ہے۔

احناف استبراء کے قائل ہیں

مولانا نواب قطب الدین محدث دہلوی حنفی لکھتے ہیں۔

شریعت میں ''استبراء'' کا مطلب ہے ''لونڈی کے رحم کی حمل سے پاکی (صفائی) طلب کرنا'' اس کی فقہی تفصیل یہ ہے کہ جب کسی شخص کی ملکیت میں کوئی لونڈی آئے خواہ اس نے اس کو خریدا ہو یا کسی وصیت میں ملی ہو۔ یا کسی نے ہبہ کی ہو اور یا میراث میں ملی ہو تو اس شخص کو اس لونڈی سے اس وقت تک جماع کرنا یا مساس کرنا اور یا بوسہ لینا وغیرہ حرام ہے جب تک کہ استبراء نہ کرے یعنی اس کے قبضہ میں آنے کے بعد ایک حیض نہ آ جائے اگر اس کو حیض آتا ہو یا نہ آنے کی صورت میں اس پر ایک مہینہ کی مدت نہ گزر جائے اور یا حاملہ ہونے کی صورت میں ولادت نہ ہو جائے اور یہ استبراء ہر حال میں کرنا ضروری ہے خواہ وہ باکرہ ہی کیوں نہ ہو یا اس کو کسی عورت سے کیوں نہ خریدا ہو یا وہ کسی محرم یا اپنے نابالغ بچہ کے مال سے بذریعہ وراثت وغیرہ کیوں نہ حاصل ہوئی اگرچہ ان صورتوں میں قیاس کا تقاضا تو یہ ہے کہ استبراء واجب نہ ہونا چاہیے۔ کیوں کہ ''استبراء'' میں حکمت یہ ہے کہ اس طریقہ سے اس کے رحم کا کسی غیر کے نطفہ سے پاک ہونا معلوم ہو جائے تا کہ اس کے نطفہ کا کسی غیر کے نطفہ کے ساتھ اختلاط نہ ہو اور ظاہر ہے کہ ان صورتوں میں کسی غیر کے نطفہ کا کوئی احتمال ہی نہیں ہے لیکن چونکہ یہ صریح نص ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اوطاس کے غیروہ کے موقع پر

حاصل ہونے والی لونڈیوں کی بارہ میں فرمایا کہ خبردار! حاملہ لونڈی سے اس وقت تک صحبت نہ کی جائے جب تک کہ اس کے ولادت نہ ہو جائے اور غیر حاملہ سے اس وقت تک صحبت نہ کی جائے جب تک کہ اس کو ایک حیض نہ آ جائے، اور ظاہر ہے کہ ان لونڈیوں میں باکرہ بھی ہوں گی اور ایسی لونڈیاں بھی ہوں گی جو باکرہ کی طرح نطفہ کے اختلاط کا احتمال نہیں رکھتی ہوں گی، اس لیے قیاس کو نظر انداز کر کے ان صورتوں میں بھی استبراء کو واجب قرار دیا گیا۔
(مظاہر حق شرح مشکوۃ)

مولانا نذیر احمد حنفی لکھتے ہیں:

جب کوئی شخص کسی باندی کا مالک بنے تو اس پر ''استبراء'' واجب ہے۔ استبراء کا مطلب یہ ہے کہ یہ یقین کر لیا جائے کہ غیر کا نطفہ مستقر نہیں ہے۔ اگر باندی حاملہ ہو تو اس کا استبراء وضع حمل ہے۔ وضع حمل سے پہلے وطی جائز نہیں۔ اگر حاملہ نہ ہو تو دو صورتیں ہیں حائضہ ہوگی یا غیر حائضہ۔ حائضہ کا استبراء ایک حیض ہے اور غیر حائضہ کا ایک ماہ۔
(اشرف التوضیح تقریر اردو مشکوۃ المصابیح جلد۲ ص ۴۹۸، ۴۹۹)

ہدایہ کی عبارت کی وضاحت:

(۱) اس عبارت کے آگے لکھا تھا خلافًا لِمُحَمَّدٍ اور امام محمد اس میں مخالف ہیں۔ یعنی حیلہ کرنے میں۔ یہ عبارت جوناگڑھی نے نقل نہیں کی۔ یہ خیانت ہے۔

(۲) امام ابو یوسف سے صاحب ہدایہ نے جو حیلہ کا جواز نقل کیا ہے اس کی وضاحت نہیں کی اور نہ حیلہ کی اقسام پر کوئی بحث کی۔ صاحب ہدایہ نے امام صاحب کے حوالہ سے دو حیلے ذکر کیے ہیں۔

حیلہ نمبر ۱:

مصنف نے یہاں دو حیلے بیان کیے ہیں۔ یہ پہلا حیلہ ہے کہ اگر مشتری کے نکاح میں

کوئی حرہ نہ ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ پہلے اس باندی سے نکاح کر لے، پھر اس کو خریدے۔ خریدتے ہی نکاح ختم ہو گیا اور استبراء واجب نہ ہوگا کیوں کہ اپنی منکوحہ کو خریدنے سے استبراء واجب نہیں ہوا کرتا اور نکاح میں حرہ ہونے کی قید اس لیے لگائی کہ اگر نکاح میں حرہ ہو تو پھر باندی سے نکاح جائز نہیں۔ اسی طرح اگر اس کے نکاح میں چار باندیاں ہوں تب بھی یہ حیلہ کارگر نہ ہوگا کیوں کہ اس باندی سے نکاح جائز نہ ہوگا۔

حیلہ نمبر ۲:

یہ دوسرا حیلہ ہے کہ جس شخص پر اعتماد ہو کہ یہ اس کو طلاق دے دے گا اور اس سے وطی نہیں کرے گا تو بائع شراء سے پہلے اس سے اس کا نکاح کر دے یا مشتری قبضہ سے پہلے اس سے اس کا نکاح کر دے تو ان دونوں صورتوں میں استحداث ملک و ید کے وقت مشتری کے لیے اس کی شرمگاہ حلال نہیں ہے تو مشتری پر استبراء واجب نہ ہوگا پھر اس کا شوہر اس کو طلاق دے دے۔ چونکہ طلاق قبل الدخول ہے اس لیے عدت بھی واجب نہ ہوگی اور مولیٰ پر استبراء واجب ہوگا اس لیے کہ استحداث ملک و ید کے وقت شرمگاہ کے حلال نہ ہونے کی وجہ سے استبراء واجب نہیں ہوا تھا اور اب اس لیے واجب نہ ہوگا کہ اس وقت ملک اور ید کا استحداث نہیں ہے اور اس کی مثال بالکل ایسی ہے کہ کسی نے ایک باندی خریدی جو کسی کی منکوحہ تھی اور اس کے شوہر نے اس کو طلاق دے دی جس کی وہ عدت گزار رہی تھی کہ مولیٰ نے اس کو فروخت کر دیا تو مشتری اس سے وطی نہیں کرے گا جب کہ اس کی عدت نہ گزر جائے۔ پھر عدت کے گزرنے کے بعد کیا مشتری پر استبراء واجب ہے؟ فرمایا کہ نہیں، کیوں کہ باندی جب خریدی تھی، اس وقت باندی کی شرمگاہ اس کے لیے حلال نہیں تھی اور جب حلال ہوئی ہے، اس وقت استحداث ملک و ید نہیں ہوا۔

ناظرین آپ کو اس بات کا تو علم ہو گیا کہ احناف استبراء کے قائل ہیں۔ اس لیے جوناگڑھی نے نہ امام ابوحنیفہ کا نام لیا اور نہ امام محمدؒ کا صرف امام ابو یوسف کا ذکر کیا ہے۔ اب

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب احناف استبراء کے قائل ہیں تو امام ابو یوسف نے یہ حیلے کیوں ذکر کیے۔ لازمی بات ہے کہ یہ مجبور آدمی کے لیے ہی ہو سکتے ہیں اور حیلہ کیا ہی اس لیے جاتا ہے کہ وہ مجبور ہے عام حالات میں کون حیلہ کرتا ہے۔ ایک آدمی کو زنا کا خوف ہو کہ وہ زنا میں مبتلا ہو جائے گا۔ وہ حلال طریقہ سے اپنی شہوت پوری کرنا چاہتا ہے۔ اور باندی خریدتا ہے مگر استبراء کی وجہ سے ایک ماہ یا تین ماہ اس کے قریب نہیں جا سکتا تو اس کی خواہش تو پوری نہیں ہوئی۔ اب زنا کا خوف بھی لگا ہوا ہے۔ ایسی کیفیت میں اگر کوئی کسی کو جائز حیلہ بتا دے کہ اس کی خواہش بھی پوری ہو جائے اور زنا سے بھی بچ جائے تو کیا وہ مجرم ہے جب کہ اسلام میں جائز حیلہ کی گنجائش موجود ہے۔

اسلام میں جائز حیلے کی گنجائش

مناظر اسلام حضرت مولانا محمد امین اوکاڑوی رحمہ اللہ غیر مقلدین کے فتاویٰ عالمگیری پر ایک اعتراض کے جواب میں اس مسئلہ پر کافی اچھی بحث فرمائی ہے وہ اعتراض اور حضرت کا جواب ہم یہاں پر نقل کرتے ہیں۔

مسئلہ نمبر ۳۶:

فتاویٰ عالمگیری کی کتاب الحیل میں اللہ کے فرائض سے جان چھڑانے کے بے شمار حیلے بتائے گئے ہیں۔ ان سب کا قرآن وحدیث سے ثبوت دیں۔

جواب:

کتاب الحیل عالمگیری ص ۳۸۹ ج ۶ سے لے کر ص ۴۳۶ ج ۶ تک ہے اس کی پہلی فصل میں ہے:

ہمارے علماء کے مذہب میں ہر حیلہ جس سے آدمی دوسرے کا حق مٹائے یا اس میں شبہ ڈالے یا امر باطل کو مشتبہ بصدق وصواب کرنے کا وسیلہ کرے تو وہ مکروہ تحریمی ہے اور ہر

وہ حیلہ جس سے آدمی اپنے آپ کو حرام سے چھوڑا وے یا اس وسیلہ سے حلال تک پہنچ جاوے تو وہ امر نیک ہے۔ (عالمگیری ص ۳۹۰ ج ۶)

بتائیے اس میں کون سی بات قرآن وحدیث کے خلاف ہے؟

(۲) مفتی صاحب کو شاید حیلہ کی تعریف ہی یاد نہیں ہے۔

الحیلة اسم من الاحتیال وھی التی تحول المرء عما یکرھه الی ما یحبه. (کتاب التعریفات ص ۴۲)

یہ خفیہ تدبیر کبھی جائز ہوتی ہے کبھی ناجائز۔ جائز حیلہ کا ثبوت قرآن پاک میں موجود ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ایوب علیہ السلام کو فرمایا کہ اپنی بیوی کو سو لکڑیاں مارنے کی بجائے سو تنکوں کا جھاڑو مارو۔ اور حدیث پاک میں ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے دو صاع ردی کھجوروں کے بدلے ایک صاع اچھی کھجوریں لے لیں، آپ نے فرمایا یہ ناجائز ہے اور اس کے جواز کا حیلہ بتایا کہ جو کھجوریں تمہارے پاس ہیں ان کو درہموں کے عوض بیچ دو، اور ان درہموں کی اچھی کھجوریں لے لو۔ ہمارے ہاں بھی ایسے ہی حیلے ہیں۔

حرام حیلے وہ ہیں جو اصحاب سبت مچھلیاں پکڑنے کے لیے حیلے کرتے تھے وغیرہ۔

جائز اور ناجائز حیلے میں فرق نہ کرنا ایسا ہی جیسے کوئی کتیا کے دودھ اور بکری کے دودھ میں فرق نہ کرے۔

غیر مقلدین اس مسئلہ کو بہت اچھالتے ہیں ہم چاہتے ہیں کہ اس پر تفصیلی بحث ہونی چاہیے۔

مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی رحمہ اللہ کا ایک اور مضمون جو اس مسئلہ پر ہے وہ اب نقل کیا جاتا ہے۔

کتاب الحیل:

غیر مقلدین کے اصاغر سے اکابر تک عوام کو فریب دینے کے لیے یہ بھی شور مچا۔

ہیں کہ فقہ میں بہت حیلے ہیں۔افسوس یہ ہے کہ پروپیگنڈہ وہ لوگ کرتے ہیں جو خدا تعالیٰ کی صفات میں حیات علم اور قدرت کی صفات مانتے ہیں وہ خدا تعالیٰ کو الاستھزاء السخریۃ والمکرو والخداع والکید جیسی صفات سے بھی متصف مانتے ہیں،یعنی اللہ معاذ ٹھٹھے باز،مسخرہ،مکار،فریب کار،دھوکے باز ہے۔حیلہ عربی لفظ ہے اس کی تعریف یہ ہے:

"الحیلة اسم من الاحتیال وھی التی تحول المرء عما یکرھه الی ما یحبه" (کتاب التعریفات ص ٤٢)

یہ خفیہ تدبیر اگر ابطال حق یا اثبات باطل کے لیے ہو تو حرام ہے۔اگر مقصود احقاق حق اور ابطال باطل ہو تو واجب ہے۔اگر مکروہ سے بچنے کے لیے حیلہ کرے تو مستحب ہے۔اگر ترک ممدوح کے لیے حیلہ کرے تو مکروہ ہے۔الغرض حیلہ کا لفظ جائز ناجائز دونوں پر استعمال ہوتا ہے مگر حرام و حلال کا فرق واضح ہے جیسے سجدہ کا لفظ خدا اور بت دونوں کے سجدہ پر استعمال ہوتا ہے مگر ایمان اور کفر کا فرق واضح ہے۔

ایک اور وضاحت:

احناف کے ہاں جواز اور نفاذ میں تلازم نہیں اس لیے بعض اوقات ایک چیز کا جواز نہ بھی ہو تو نفاذ ہو جاتا ہے جیسے حالت حیض میں طلاق کا جواز نہیں مگر طلاق دے دی تو نفاذ ہو جائے گا،ایک ہی دفعہ تین طلاق کا جواز نہیں،گناہ ہے مگر دینے سے واقع ہو جائیں گی۔حلالہ کی شرط سے نکاح کرنا گناہ ہے مگر عورت پہلے خاوند کے لیے حلال ہو جائے گی،اس لیے یہ فرق کرنا بھی ضروری ہے کہ فقہ حنفی بعض جگہ صرف نفاذ حکم کی قائل ہے مگر اس کے جواز کا بہتان بھی فقہ پر لگا دیا جاتا ہے۔

قرآن پاک میں دونوں قسم کے حیلوں کا ذکر ہے "خذ بیدك ضغثا فاضرب به ولا تحنث"

حضرت ایوب علیہ السلام نے حالت ابتلا میں اپنی پاک دامن بیوی کو غصہ سے سو چھڑیاں

مارنے کی قسم کھائی تھی۔اللہ تعالیٰ عالم الغیب والشہادۃ نے حکم دیا کہ اے ایوب قسم میں ...نے نہ ہونا، سو شاخیں ایک جگہ باندھ کر اس طرح مارو کہ سب اس کے بدن سے لگ جائیں۔ظاہر ہے کہ یہ ایک تدبیر تھی اور ایک ضعیف الخلقہ شخص کو زنا کے سو کوڑے مارنے کے لیے آنحضرت ﷺ نے بھی ایسا حکم فرمایا تھا۔(لغات الحدیث 'ز')

کیا اب قرآن کو بھی حیلے بتانے والا کہو گے؟اور حرام حیلے کا ذکر بھی قرآن میں ہے کہ اصحاب سبت مچھلیاں پکڑنے کے لیے گڑھے کھودتے تھے۔جب مچھلیاں ان میں آ جاتیں تو پکڑ لیتے، یہ حیلہ حرام ہے۔حدیث پاک میں بھی دونوں قسم کے حیلوں کا ذکر ہے۔حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے دو صاع ردی کھجوروں کے بدلے ایک صاع اچھی کھجور لی، یہ سود بنتا ہے۔حضرت ﷺ نے اس سود سے بچنے کا حیلہ تعلیم فرمایا کہ اپنی کھجوریں پیسوں سے بیچو پھر اس رقم کی اچھی کھجوریں لے لو اور حرام حیلے کا بھی ذکر ہے کہ بنی اسرائیل پر اونٹ کی چربی کو حرام کیا تھا، انہوں نے چربی پگھلا کر بیچنی شروع کر دی اور قیمت کھا لیتے، یہ حرام ہے اس لیے غیر مقلدین کا فرض ہے وہ ہر حیلہ فقہ کے الفاظ میں لکھ کر اس کے خلاف ایک ایک صریح آیت یا ایک ایک صحیح صریح غیر معارض حدیث پیش کریں ورنہ ان کو بلاوجہ قرآن و حدیث کے خلاف کہنا، قرآن و حدیث پر جھوٹ ہے اور فقہ ثقہ پر بھی۔خدا تعالیٰ تمہیں اس جھوٹ سے توبہ کی توفیق دیں۔

معاریض کا بیان:

غیر مقلد امام ابراہیم نخعی کی بعض معاریض پر بھی حیلہ کا لفظ استعمال کر کے عوام کو دھوکا دیتے ہیں،حالانکہ عالمگیری میں صراحت ہے کہ "یجب ان یعلم ان استعمال المعاریض للتحرز عن الکذب" (٤٣٦ ج٦)

یعنی یہ جاننا واجب ہے کہ معاریض (توریہ) کا استعمال جھوٹ سے بچنے کے لیے ہوتا ہے۔

علامہ سید شریف فرماتے ہیں کہ توریہ کا مطلب یہ ہے کہ آدمی ایسی بات کرے کہ مخاطب اس کا مطلب اور سمجھے اور متکلم کی مراد اور ہو جیسے لڑائی میں دشمن کے فوجی کو کہے افسوس تمہارا امام مر گیا۔ وہ سمجھے کہ ہمارا کمانڈر مر گیا لیکن اس کی مراد یہ تھی کہ اگلا سپاہی مر گیا۔ (كتاب التعريفات ص ٣٢)

تعریض کا یہ لفظ قرآن پاک سے لیا گیا ہے۔ "لا جناح عليكم فيما عرضتم به من خطبة النساء" (الاية)

اور ابن عدی نے مرفوعاً حدیث روایت کی ہے کہ ان في المعاريض مندوحة عن الكذب (اتحاف سادة المتقين ص ٥٢٨ ج ٢)

"بے شک معاریض (دو معنی بات) میں جھوٹ سے بچنے کی گنجائش ہے۔"

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ کوئی بڑھیا جنت میں نہیں جائے گی۔ ایک بڑھیا سن کر رونے لگی، حضرت نے فرمایا بڑھیا جوان ہو کر جنت میں جائے گی۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تین دفعہ ایسی دو معنی بات فرمائی کہ آپ کا مطلب اور تھا اور مخاطبین اس کا مطلب اور سمجھے، اسی طرح حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے ھادیھدینی ہجرت کی رات فرمایا جس سے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ جنت کا راستہ مراد لے رہے تھے اور مخاطبین جنگل کا راستہ۔ (اتحاف سادة المتقين ص ٥٢٨ ج ٢)

تو اسی طرح کسی شدید ضرورت کے موقعہ پر اگر امام ابراہیم نخعی نے ایسی دو معنی بات فرما دی تو کسی آیت یا کسی حدیث کے خلاف نہیں کیا۔ خدا تعصب کا برا کرے، یہ حق سننے، سمجھنے اور ماننے کی توفیق سلب کر لیتا ہے۔

(ماخوذ مجموعہ رسائل جلد نمبر ۴ مرتب سید مشتاق علی)

شیخ الحدیث حضرت مولانا سرفراز خان صفدر رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

حضرت ابو سعید الخدری اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے:

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم استعمل رجلا (قيل هو سوادة رضى الله عنه بن غزية وقيل مالك رضى الله عنه بن صعصعة) فجاءة بتمر جنيب فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اكلّ تمر خيبر هكذا؟ قال لا والله يا رسول الله انا لنأخذ الصاع من هذا بالصاعين والصاعين بالثلاثة فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لا تفعل بع الجمع بالدراهم ثم ابتع بالدراهم جَنِيبًا.

(بخاری ج١ ص٢٩٣، ج١ ص٣٠٨، ومسلم ج٢ ص٢٦)

اور حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

قال جاء بلال رضى الله عنه الى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بتمر بَرْنِيٍّ فقال له النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من اين هذا قال بلال رضى الله عنه كان عندنا تمر رديٌّ فبعتُ منه صاعين بصاعٍ ليطعم النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال عند ذٰلك اَوّه اَوّه عين الربا عين الربا لا تفعل ذٰلك ولكن ان اردت ان تشترى فبع التمر ببيع آخر ثم اشتر به.

(بخاری ج١ ص٣١١، ومسلم ج٢ ص٢٦)

اس حدیث میں حرام سے بچنے کے لیے جو حیلہ اور تدبیر بتلائی گئی ہے وہ ایک ضابطہ کی حیثیت رکھتی ہے۔

حافظ ابن القیم رحمہ اللہ نے حیلوں کی تین قسمیں بیان کی ہیں۔

① ...... جو قربت اور طاعت ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں افضل الاعمال میں سے ہے۔

② ...... جائز اور مباح ہے۔

③ ...... جو حرام ہے اور وہ ایسا حیلہ ہے جس سے اللہ تعالیٰ کے کسی حق کو ساقط کیا جائے۔ (محصله اغاثته اللهفان ج١ ص٣٨٤)

پھران تمام اقسام کوقرآن کریم اور حدیث شریف سے مثالیں دے کر واضح کیا ہے

عام فقہاء کرام حیلہ کی دو قسمیں بیان کرتے ہیں۔ مباح حیلہ اور مذموم حیلہ اور مباح کی یہ تعریف کرتے ہیں۔ما یتوصل به الی مقصود بطریق خفی مباح.

(فتح الباری ج۱۲ ص۲۶۹)

اور امام سرخسی نے اس کے جواز پر قرآن کریم سے استدلال کرتے ہوئے یہ حوالے نقل کیے ہیں۔(۱) کذالک کدنا لیوسف (۲) وخذ بیدك ضغثًا فاضرب به ولا تحنث (محصله مبسوط ج۳۰ ص۲۰۹)

اور اوپر بخاری اور مسلم کی جو حدیثیں نقل کی گئی ہیں وہ بھی اس حیلہ کے جواز کا واضح ثبوت ہے اور مذموم حیلہ وہ ہے جس سے حق کو ٹالا جائے اور باطل کو حاصل کیا جائے۔

چنانچہ حضرت ملا علی قاری ذیل الجواہر ج۲ ص۴۷۴ میں لکھتے ہیں۔

قلت الحق فیه التفصیل قال تعالٰی کذلك کدنا لیوسف الایة وقال عز وجل لایوب وخذ بیدك ضغثا فاضرب به ولا تحنث وکان حلف ان یجلد زوجته رحمة (بنت فراثیم) مائة جلدة فعلمه الله تعالٰی المخرج وقد صح انه علیه السلام قال خذوا عثکالا فیه مائة شمراخ فاضربوه به حین اتی بناقص الخلق وقد زنی.

(رواہ فی شرح السنة وفی روایة ابن ماجة ص۱۸۸ نحوه مشکوٰة ج۲ ص۳۱۲)

وصح انه علیه السلام قال لعامل خیبر وکل تمر خیبر هٰکذا قال لابعت منه صاعین بصاع فقال النبی صلی الله علیه وسلم عین الربا هلا بعت صاعیك بدرهم ثم ابتعت به تمرًا فدل ان الحیلة للتوصل الی الحق او للتخلص عن المضرة جائزة وانما الحرام ما یتوصل به الی الباطل او

ابطال الحق بعد الثبوت اھ

حافظ ابن حجر امام ابوحفص الکبیر کی کتاب الحیل کے حوالے سے امام محمد بن الحسن الشیبانی سے نقل کرتے ہیں۔

ان محمدا رحمه الله تعالٰی قال ما احتال به المسلم حتی یتخلص به من الحرام او یتوصل به الی الحلال فلا بأس به.وما احتال به حتی یبطل حقًا او یحق باطلا او لیدخل به شبهة فی حق فهو مکروه والمکروه عنده الی الحرام اقرب. (فتح الباری ج۱۲ ص۲۶۹)

اور علامہ عینی امام محمد کے حوالہ سے لکھتے ہیں

قال لیس من اخلاق المؤمنین الفرار من احکام الله تعالٰی بالحیل الموصلة الی ابطال الحق. (عمدة القاری ج۲۴ ص۱۰۹)

اور امام ابو یوسف کتاب الخراج ص۸۰ (طبع بولاق) میں لکھتے ہیں۔

قال ابو یوسف رحمه الله تعالٰی لا یحل لرجل یؤمن بالله تعالٰی والیوم الأخر منع الصدقة ولا اخراجها من ملکه الی ملك جماعة غیره لیفرقها بذالك فتبطل الصدقة بان یصیر لکل واحد منهم من الابل والبقر والغنم مالا یجب فیه الصدقة ولا یحتال فی ابطال الصدقة بوجه ولا سبب.

اس عبارت کا حوالہ فتح الباری ج۱۲ ص۲۷۰ اور فیض الباری ج۴ ص۴۸۰ میں بھی دیا گیا ہے۔

ان صریح حوالوں سے ثابت ہوا کہ علماء احناف مذموم اور باطل حیلوں کے سختی کے ساتھ منکر ہیں اور جن حیلوں کو جائز قرار دیتے ہیں وہ قرآن کریم اور حدیث شریف سے ثابت ہیں۔

اعتراض نمبر ۶۱:

کعبۃ اللہ کی بے حرمتی

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَلَا لَا یَحُجُّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَّ یَطُوْفَنَّ بِالْبَیْتِ عُرْیَانٌ۔

(متفق علیہ، مشکوۃ ص ۲۲۷ جلد اول باب دخول مکہ)

یعنی رسول اللہ ﷺ نے منادی کرائی کہ کوئی مشرک حج کو نہ آئے۔ اور نہ کوئی ننگا شخص طوافِ بیت اللہ نہ کرے۔ برادران یہ حدیث بخاری مسلم جیسی اعلیٰ درجے کی صحیح کتابوں کی آپ کے سامنے ہے جس سے صاف طور پر ظاہر ہے کہ کسی مشرک کو مسجد حرام میں آنا جائز نہیں۔ یہ حدیث ہی نہیں خود قرآن نے کھلے لفظوں میں فرمایا ہے انما المشرکون نجس فلا یقربوا المسجد الحرام مشرک نجس ہیں یہ مسجد حرام کے قریب بھی نہ آنے پائیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن آہ! حنفی مذہب اسے نہیں مانتا۔ یہ ہے حنفی مذہب کی بہترین کتاب ہدایہ جس کے ص ۴۵۸ جلد چہارم کتاب الکراہیہ میں لکھا ہے لا باس بان یدخل اھل الذمۃ المسجد الحرام یعنی ذمی کافر کے مسجد حرام میں آنے میں کوئی ڈر خوف نہیں۔ کہو حنفی بھائیو! اب کس پر ایمان لاؤ گے؟ قرآن حدیث پر یا حنفی مذہب پر؟

(شمع محمدی ص ۸۶، ظفر المبین حصہ دوم ص ۱۰۲، احناف کا رسول اللہ ﷺ سے اختلاف ص ۴۱۱)

جواب:

یہاں پر مسئلہ خاص ذمی کافر کا ہے عام کذر یا مشرکوں کا نہیں۔ قرآن پاک میں دو

آیات ہیں۔

① ...... اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ یَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِیْنَ لَهُمْ فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ وَّلَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ○ (البقرہ: ۱۱۴)

ان کو نہیں چاہیے تھا کہ ان مساجد میں داخل ہوتے مگر ڈرتے ہوئے ان کے لیے دنیا میں رسوائی (جزیہ دینے کی) اور آخرت میں عذاب ہے بڑا۔

علامہ آلوسی روح المعانی میں فرماتے ہیں کہ امام صاحب نے اسی آیت سے ثابت کیا ہے کہ اہل ذمہ کا مساجد میں داخل ہونے میں کوئی مضائقہ نہیں جب کہ وہ مغلوب ومقہور ہوں۔

② ...... آنحضرت ﷺ نے ۹ ہجری میں حضرت ابوبکر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما سے اعلان کروایا جو خدا کی طرف سے تھا۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا یَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا وَاِنْ خِفْتُمْ عَیْلَةً فَسَوْفَ یُغْنِیْكُمُ اللّٰهُ (التوبہ: ۲۸)

اے ایمان والو! مشرک (اعتقاداً) نرے مشرک ہیں (اور چونکہ اعتقادی ناپاکوں کی کوئی عبادت قبول نہیں اس لیے وہ حج کے لیے) مسجد حرام کے قریب بھی نہ پھٹکیں اس سال بعد (سال کا لفظ اس لیے فرمایا کہ حج کے لیے آنا سال کے بعد ہی ہوتا ہے) اور اگر تمہیں اے مسلمانو! مفلسی کا اندیشہ ہو (کیوں کہ حج کے موقع پر کافر تاجر بھی سامان لاتے اور اسی تجارت سے روزی کا سامان بنتا) تو اس کی پرواہ نہ کرو کہ اگر وہ حج کے لیے نہ آئیں گے تو تجارت ختم ہو جائے گی جو اقتصادیات کی جان ہے، اللہ تعالیٰ تمہیں غنی فرما دیں گے۔ چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جب یہ آیت سنائی تو حج کے اتنے بڑے مجمع میں یہی اعلان فرمایا "الا لا یحج بعد عامنا هذا مشرك" (روح المعانی ج ۱۰ ص ۷۷) کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج کے لیے نہ آئے۔

معلوم ہوا کہ اس آیت کا مقصد حج عمرہ سے مشرکین کو روکنا ہے۔ آیت کا یہی مطلب صراحۃً ہدایہ میں مذکور ہے۔ امام مرغینانی فرماتے ہیں "والآیة محمولة علی الحضور استیلاء واستعلاء او طائفین عراة کما کانت عادتھم فی الجاھلیة"

(ھدایه ج٤ ص٤٧٢)

یعنی اس آیت سورۃ التوبہ کا مطلب یہ ہے کہ وہ غلبہ و بلندی کے ساتھ اتراتے ہوئے حرم میں داخل نہ ہوں یا حج کے لیے ننگے طواف کرتے ہوئے داخل نہ ہوں۔ جیسا کہ جاہلیت میں ان کی عادت تھی۔ دیکھیے احناف نے اس آیت کا انکار نہیں کیا بلکہ اس کا وہی مطلب بیان کیا جو آیت کے سیاق وسباق سے ظاہر ہے اور جس کا اعلان حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نزول آیت کے وقت مجمع حج میں فرمایا تھا۔

رسول اقدس ﷺ کا طرز عمل

حدیث نمبر ۱:

اس آیت سورہ توبہ کے نازل ہونے کے بعد وفد ثقیف حاضر ہوا اور آنحضرت ﷺ نے انہیں مسجد میں ٹھہرایا۔ (ابوداؤد، کتاب الخراج، باب: خبر الطائف ج ۲ ص ۷۲)

حدیث نمبر ۲:

طبرانی میں ہے کہ "فضرب لھم قبة فی المسجد"

ان کے لیے مسجد میں قبہ لگایا گیا۔ (نصب الرایہ ج ۴ ص ۲۷۰)

حدیث نمبر ۳:

اور مراسیل ابی داؤد میں حضرت امام حسن بصری سے روایت ہے کہ جب اس وفد کو حضور ﷺ نے مسجد میں ٹھہرایا تو آپ ﷺ سے کہا گیا آپ ان کو مسجد میں اتار رہے ہیں حالانکہ وہ مشرک ہیں تو آپ نے فرمایا زمین نجس نہیں ہوتی ہے بے شک ابن آدم نجس ہوتا

ہے۔ (نصب الرایہ ج ۴ ص ۲۷۰)

اس حدیث سے بھی پتہ چلا کہ مشرک کی نجاست دخول مسجد سے مانع نہیں ہے۔

آیت کی تفسیر نبی اقدس ﷺ سے:

حضرت جابر بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اس سال کے بعد کوئی مشرک مسجد حرام کے قریب نہ جائے ہاں مگر کوئی غلام یا لونڈی جو کسی حاجت کے لیے جائیں۔ (احکام القرآن ج ۳ ص ۸۹)

صحابی سے تفسیر:

حضرت جابر بن عبداللہ صحابی فرماتے ہیں بے شک مشرک نجس ہیں وہ اس سال کے بعد مسجد حرام کے قریب نہ جائیں مگر کوئی غلام یا اہل ذمہ میں سے۔

(تفسیر ابن جریر ج ۱۰ ص ۷٦)

تابعی سے تفسیر:

حضرت قتادہ تابعی اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں اس سال کے بعد کوئی مشرک مسجد حرام کے پاس نہ جائے مگر کوئی مشرک جو کسی مسلمان کا غلام ہو یا جزیہ دینے والا ذمی ہو۔ (تفسیر ابن جریر ج ۱۰ ص ۷٦)

دورِ فاروقی میں نصرانی کا حرم میں داخلہ:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں ایک عیسائی بغرض تجارت آیا تو اس سے عشر لیا گیا وہ دوبارہ آیا تو پھر اس سے عشر کا مطالبہ کیا گیا اس نے عشر دینے سے انکار کیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا جو اس وقت مکہ مکرمہ حرم پاک میں تھے اور خطبہ میں فرمار ہے تھے۔ "ان اللہ جعل البیت مثابة للناس" اس عیسائی نے کہا امیر المومنین! زیاد بن حدیر مجھ سے

بار بار عشر مانگتے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ عشر سال میں تیرے مال پر صرف ایک دفعہ ہے۔ (کتاب الخراج امام ابو یوسف ص ۱۶۲)

اب اگر امام صاحب نے فرمادیا کہ "لاباس بان یدخل اهل الذمة المسجد الحرام" (هدایه ج٤ ص ٤٧٢)

تو یہ قرآن کی آیت "یدخلوها الا خائفین" کے موافق ہے۔ اللہ کے نبی ﷺ کے فعل کے موافق ہے، اللہ کے نبی ﷺ کے صحابی، تابعی کے نزدیک یہ داخلہ آیت توبہ کے خلاف نہیں۔ حضرت عمرؓ کے زمانہ میں مجمع عام میں نصرانی حرم پاک میں داخل ہوا کسی ایک شخص نے بھی اٹھ کر آیت "انما المشرکون نجس فلا یقربوا المسجد الحرام" پڑھ کر نہ سنائی۔ معلوم ہو گیا کہ ان سب صحابہ و تابعین کے نزدیک بھی کسی ذمی کا وقتی طور پر مسجد حرام میں داخلہ کسی آیت یا حدیث کے خلاف نہ تھا۔

غیر مقلدین سے تائید

مولانا صلاح الدین یوسف غیر مقلد سورہ توبہ کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

حاشیہ نمبر (۲) یہ وہی حکم ہے جو سن ۹ ہجری میں اعلان برأت کے ساتھ کیا گیا تھا۔ جس کی تفصیل پہلے گزر چکی ہے۔ یہ ممانعت بعض کے نزدیک صرف مسجد حرام کے لیے ہے ورنہ حسب ضرورت مشرکین دیگر مساجد میں داخل ہو سکتے ہیں۔ جس طرح نبی کریم ﷺ نے ثمامہ بن اثالؓ کو مسجد نبوی کے ستون سے باندھے رکھا تھا۔ حتی کہ اللہ نے ان کے دل میں اسلام کی اور نبی ﷺ کی محبت ڈال دی اور وہ مسلمان ہو گئے۔ علاوہ ازیں اکثر علماء کے نزدیک یہاں مسجد حرام سے مراد پورا حرم ہے۔ یعنی حدود حرم کے اندر مشرک کا داخلہ بھی ممنوع ہے۔ بعض آثار کی بنیاد پر اس حکم سے ذمی اور خدام کو مستثنیٰ کیا گیا ہے۔

(تفسیر احسن البیان ص ۵۱۵، مطبوعہ سعودی عرب)

اعتراض نمبر ۶۲:

ناجائز کو جائز کر دیا

(بیت اللہ کی چھت پر نماز پڑھنے کا مسئلہ)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث پیش کی ہے۔

عن ابن عمر رضی الله عنهما قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم ان یصلی فوق ظهر بیت الله.

یعنی رسول اللہ ﷺ نے سات جگہ نماز پڑھنی حرام قرار دی ان میں ایک جگہ بیت اللہ شریف کی چھت ہے۔

(رواه الترمذی و ابن ماجه مشکوة ص ۷۱ باب المساجد جلد اول)

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس حدیث کو نہیں مانتا وہ کہتا ہے کہ بیت اللہ شریف کی چھت پر نماز پڑھنے سے نماز ہو جائے گی۔ چنانچہ ہدایہ ص ۱۶۵ جلد اول باب الصلوٰۃ فی الکعبہ میں لکھا ہے "من صلی علی ظهر الکعبة جازت الصلوٰته" جو شخص بیت اللہ کی چھت پر نماز پڑھے اس کی نماز جائز ہے۔ کہو حنفی بھائیو! اب حدیث مانو گے یا فقہ؟

(شمع محمدی ص ۸۷، ظفر المبین ص ۲۴۳، اختلاف امت کا المیہ حصہ اول ص ۵۸، سبیل الرسول ص ۲۳۰، سبیل الرسول طبع جدید ص ۲۷۴، نجات مسئلہ نمبر ۴۷)

جواب:

جونا گڑھی نے پہلے تو حدیث نامکمل نقل کی ہے ہم یہاں پر مکمل حدیث نقل کرتے ہیں:

عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ یُّصَلّٰی فِی سَبْعَةِ

مَوَاطِنِ فِي الْمِزْبَلَةِ وَالْمُجْزَرَةِ وَالْمَقْبرةِ وَقَارِعَةِ الطَّرِيْقِ وَفِي الْحَمَّامِ وَمعاطِنَ الْإِبِلِ وَفَوْقَ ظَهْرِ بَيْتِ اللهِ.

(ترمذی ص۷۷ باب ما جاء فی کراهیة ما یصلی الیه وفیه وابن ماجه ص٥٤ باب المواضع التی تکره فیها الصلوٰة)

ترجمہ حدیث:

روایت ہے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا نماز پڑھنے سے سات مقاموں میں پیخانے میں اور جہاں اونٹ ذبح ہوتے ہوں اور قبرستان میں اور راستے کے بیچ میں اور غسل خانے میں اور اونٹ باندھنے کی جگہ میں اور چھت پر بیت اللہ کی۔

(ترمذی مترجم علامہ بدیع الزماں غیر مقلد ج۱ ص۱۶۴)

اور پھر ہدایہ کی عبارت بھی مکمل نقل نہیں کی۔

ہدایہ کی مکمل عبارت اس طرح ہے۔

ومن صلی علی ظهر الکعبة جازت صلوٰته خلافًا للشافعی لان الکعبة هی العرصة والهواء الی غسان السماء عندنا دون البناء لانه ینقل الا تری انه لو صلی علی جبل ابی قبیس جاز ولا بناء بین یدیه الا انه یکره لما فیه من ترک التعظم وقد ورد النهی عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم.

(هدایه ج۱ ص۱۸۵)

ترجمہ:

اور جس شخص نے کعبہ کی پشت پر نماز پڑھی اس کی نماز جائز ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کا اختلاف ہے۔ اس لیے کہ ہمارے یہاں میدان اور آسمان کی فضاء تک کا نام کعبہ ہے۔ نہ کہ عمارت کا نام کیوں کہ وہ منتقل ہو سکتی ہے۔ کیا دیکھتے نہیں کہ اگر کوئی شخص جبل ابوقبیس پر نماز پڑھے تو نماز جائز ہے۔ حالاں کہ اس کے سامنے عمارت نہیں ہے۔

البتہ یہ مکروہ ہے کیوں کہ اس میں ترک تعظیم ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ترک تعظیم کے متعلق ممانعت وارد ہوئی ہے۔

(احسن الهدایه ترجمه اردو هدایه ج۲ ص۴۴۷)

جوناگڑھی نے پہلے تو حدیث نہایت ہی نامکمل نقل کی اور بہت سے جملے چھوڑ دیے پھر اس پر امام ترمذی نے جو اس حدیث پر جرح کی وہ بھی نقل نہ کی اور جو باب ترمذی اور ابن ماجہ نے اس حدیث کے اوپر کراہت کے لفظ سے باندھا تھا اس کو بھی نقل نہ کیا اور پھر ہدایہ کی عبارت بھی نامکمل نقل کی۔ آگے کی عبارت چھوڑ دی۔ صاحب ہدایہ نے اس حدیث کا انکار نہیں کیا بلکہ اس سے بیت اللہ شریف کی چھت پر نماز پڑھنے کو مکروہ ثابت کیا لیکن جوناگڑھی نے المعترض کالاعمیٰ کا پورا کردار ادا کیا۔

جوناگڑھی نے ایک قاعدہ از خود گھڑا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جس کام سے منع فرمادیں اس میں جواز بالکراہت کیسے ہوسکتا ہے۔ تو جوناگڑھی کا فرض ہے کہ اپنے اس قاعدہ کو پہلے حدیث صحیح صریح غیر معارض ثابت کریں۔ جب کہ بہت سی احادیث میں اس طرح کے واقعات موجود ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کام سے منع فرمایا ہے اور علمائے امت نے اس سے صرف کراہت ہی مراد لی ہے۔

مثلاً حدیث میں آتا ہے حضرت ام عطیہ فرماتی ہیں نهینا عن اتباع الجنائز ولم یغرم علینا. (بخاری ج۱ ص۱۷۰) اور فرماتی ہیں کنا منتهٰی عن اتباع الجنائز لم یغرم عن علینا. (مسلم ج۱ ص۳۰٤)

اس حدیث کی شرح میں امام نووی شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں معناه نهانا رسول الله صلی الله علیه وسلم عن ذلك نهی کراهة تنزیله نهی عزیمة وتحریم

(نووی شرح مسلم ج۱ ص۳۰٤)

جوناگڑھی صاحب بیع میں دھوکا منع ہے مگر ایک شخص جو دھوکا کھا جاتا تھا اسے

آنحضرت ﷺ نے فرمایا تم لا خلابة کہہ دیا کرو۔ امام بخاری ؒ اس حدیث پر ان الفاظ میں باب باندھتے ہیں ما یکرہ من الخداع فی البیع.

(صحیح بخاری ج۱ ص۲۸۴)

حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی فتح الباری شرح بخاری میں اس باب کا مطلب بیان فرماتے ہیں کانہ اشار بھذا الی ان الخداع فی البیع مکروہ ولکنہ لا یفسخ البیع. (بحوالہ حاشیہ بخاری ج۱ ص۲۸۴ حاشیہ نمبر۱۰)

اور خود اسی زیر بحث حدیث پر جو جونا گڑھی نے نقل کی ہے امام ترمذی اور ابن ماجہ نے کراہت کا باب باندھا ہے ان پر تو جونا گڑھی نے اعتراض نہیں کیا مگر صاحب ہدایہ پر اعتراض کر دیا۔ جب کہ صاحب ہدایہ نے بھی مکروہ ہی کا قول نقل کیا ہے۔

کسی چیز کو مطلق حرام قرار دینے کے لیے دلیل قطعی یا کم از کم حدیث صحیح چاہیے۔ حضرت عبداللہ بن عمر ؓ کی خانہ کعبہ کی چھت پر نماز پڑھنے سے ممانعت والی حدیث نہ قطعی ہے نہ صحیح ہے۔ امام ترمذی اس حدیث کو ذکر کر کے فرماتے ہیں۔ حدیث ابن عمر اسنادہ لیس بذالک القوی۔ یعنی حضرت عبداللہ بن عمر ؓ کی روایت کی سند قوی نہیں ہے۔ جب یہ حدیث قوی نہیں ضعیف ہے تو ضعیف حدیث سے کسی چیز کو قطعی حرام قرار دینا یہ حد سے تجاوز کرنا ہے۔ اس لیے کہ ضعیف حدیث اس مقام و مرتبہ کی نہیں ہوتی کہ اس سے کسی چیز کی قطعی حرمت ثابت کی جائے۔ اس کے لیے قطعی دلیل یا کم از کم صحیح حدیث کا ہونا ضروری ہے۔

اس لیے اس حدیث کی وجہ سے جو لوگ کعبہ کی چھت پر نماز پڑھنے کو حرام کہتے ہیں۔ ان کی رائے میرے نزدیک وزنی معلوم نہیں ہوتی ہاں اس سے کراہت ثابت ہو سکتی ہے۔ جو فقہ حنفی کا مسلک ہے اور ہدایہ میں لکھا ہوا موجود ہے احناف کے ہاں اگرچہ یہ حدیث ضعیف ہے مگر پھر بھی امام ابوحنیفہ ؒ نے اس حدیث کے پیش نظر یہ فرمایا کہ عام حالات میں کعبہ کی چھت پر نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ لیکن اگر کسی نے پڑھ لی تو نماز ہو جائے گی۔

غیر مقلدین حدیث کے بارے میں امام ابوحنیفہ ؒ کے اس تورع احتیاط وقت نظر اور پھر عمل بالحدیث کے جذبہ کو دیکھیں اور انصاف سے کام لے کر بتلائیں کہ کیا ان امور میں امام ابوحنیفہ ؒ کے مقام و مرتبہ تک کسی اور کو رسائی ہے۔ اعتراض کرنا بڑا آسان ہے اور فقہ حنفی کو سمجھنا بہت مشکل ہے۔ اس کے لیے علم و معرفت وسیع المطالعہ کے ساتھ ساتھ نورِ باطن اور فراست ایمانی کی بھی ضرورت ہے۔

امام ترمذی ؒ نے بھی کراہت ہی کے قول کو اختیار کیا ہے آپ نے اس حدیث پر اس طرح باب باندھا ہے۔

بَاب مَا جَاءَ وَفِيْ كِرَاهِيَةِ مَا يُصَلِّيْ اِلَيْهِ وَفِيْهِ

باب بیان میں اس چیز کے کہ جس کی طرف یا جس میں نماز پڑھنا مکروہ ہے۔

(ترمذی مترجم علامہ بدیع الزماں غیر مقلد ج اول ص۱۶۴ ابواب الصلوٰۃ)

امام ابن ماجہ ؒ نے سنن ابن ماجہ ص۶۴ میں اس طرح باب باندھا

باب المواضع التی تکرہ فیھا الصلوۃ

ان دونوں محدثوں نے بھی اس حدیث سے کعبہ کی چھت پر نماز پڑھنے کو مکروہ ہی سمجھا ہے اور امام ابوحنیفہ نے بھی اس حدیث کا انکار نہیں کیا صرف اس حدیث سے مکروہ سمجھا ہے۔ فقہ حنفی کا یہ مسئلہ حدیث کے مطابق ہے نہ کہ مخالف۔

اعتراض نمبر۶۳:

عورتوں کو عورتوں کی امامت

صاحب شمع محمدی نے دو احادیث نقل کی ہیں۔

عَنْ اُمِّ وَرَقَةَ اَمَرَهَا اَنْ تَؤُمَّ اَهْلَ دَارِهَا

(ابو داؤد مع عون المعبود جلد اول ص۲۳۰ باب امام النساء)

یعنی رسول اللہ ﷺ نے ام ورقہ رضی اللہ عنہا کو حکم دیا کہ وہ اپنے گھر والوں کی امامت کرائیں۔

مستدرک حاکم ص ۲۰۲ جلد اول کتاب الصلوٰۃ باب امامۃ المراۃ میں ہے عَنْ عَائِشَۃَ اَنَّھَا تَؤُمُّ النِّسَاءَ وَتَقُوْمُ وَسْطَھُنَّ

یعنی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا عورتوں کی امامت کراتی تھیں اور بیچ صف میں کھڑی ہوتی تھیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب ان حدیثوں کو نہیں مانتا وہ کہتا ہے یُکْرَہُ لِلنِّسَاءِ اَنْ یُّصَلِّیْنَ وَحْدَھُنَّ الْجَمَاعَۃَ (ھدایہ ص ۱۰۳ باب الامۃ جلد اول)

یعنی صرف عورتوں کو جماعت سے نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ کہو حنفی بھائیو! اب رسول اللہ ﷺ کی مانو گے یا فقہ کی؟

(شمع محمدی ص ۸۷، ظفر المبین حصہ اول ص ۱۰۲، فتح المبین علی رد مذاہب المقلدین ص ۵۶، اختلاف امت کا المیہ حصہ اول ص ۵۸، سبیل الرسول ص ۲۳۱، احناف کا رسول سے اختلاف ص ۳۱۸)

پہلی حدیث کا جواب:

جوناگڑھی نے ابوداؤد امامۃ النساء سے حضرت ام ورقہ کی حدیث نقل کی ہے جعل لھا مؤذنا یؤذن لھا وامرھا ان تؤم اھل دارھا (ج ۱ ص ۶۱)

جوناگڑھی نے یہ نہیں بتایا کہ یہ حدیث صحیح نہیں اس کی سند میں میں ایک راوی محمد بن فضیل ہے جو سچا تو ہے مگر مذہباً شیعہ ہے دوسرا راوی ولید بن عبداللہ بن جمیع ہے۔ جو سچا تو

ہے مگر وہم کا مریض اور مذہباً شیعہ ہے۔ تیسرا راوی عبدالرحمن بن خلاد ہے جو مجہول ہے۔

(۲) پھر جوناگڑھی نے حدیث کا یہ جملہ چھوڑ دیا کہ حضرت نے حکم دیا کہ وہ اپنے گھر کے لیے ایک مؤذن رکھے۔ دوسری روایت میں ہے۔ حضرت نے خود مؤذن مقرر فرما دیا۔ اس طرح ہر غیر مقلد گھر کو ایک ایک مستقل مؤذن رکھنا پڑے گا جس پر ان کا عمل نہیں ہے پھر اس حدیث میں حضور ﷺ کا امر موجود ہے تو غیر مقلدین کا فرض ہے کہ ہر گھر میں عورت کی امامت کو واجب قرار دیں۔ پھر اس حدیث میں حضرت نے امام عورت کو مقتدیوں سے آگے کھڑے ہونے سے منع نہیں فرمایا تو غیر مقلد گھر کے مرد اپنی بیوی کے پیچھے کھڑے ہو کر نماز با جماعت ادا کیا کریں۔ الغرض یہ حدیث نہ تو صحیح ہے اور نہ ہی اس حدیث کے ظاہر الفاظ پر امت میں کسی کا عمل ہے کہ ہر گھر میں مستقل مؤذن ہو اور مستقل جماعت عورت کرائے۔

جوناگڑھی کو مندرجہ ذیل احادیث جو کلیہ قاعدہ کی حیثیت رکھی ہیں۔ نظر کیوں نہیں آئیں۔

عن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا خیر فی جماعۃ النساء الا فی المسجد وفی جنازۃ قتیل رواہ احمد والطبرانی۔

(مجمع الزوائد ج ۱ ص ۱۵۵)

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں لا تؤم المراۃ (المدونۃ الکبریٰ ج ۱ ص ۸۶)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا خیر صفوف الرجال اولھا وشرھا آخرھا و خیر صفوف النساء آخرھا وشرھا اولھا۔

(مسلم ج ۱ ص ۱۸۲)

عورت کے لیے تو مقتدی بن کر بھی اگلی صف میں کھڑے ہونا منع ہے۔ پھر اس کی امامت کیسے جائز ہوگی۔

جونا گڑھی صاحب جب گھر کے مرد عورت کے مقتدی بن بنیں گے تو ان پر امام صاحبہ کی اطاعت واجب ہوگی یا نہیں اگر وہ اطاعت کریں گے تو حضرت کا فرمان ہے **ھلکت الرجال حسین اطاعت النساء رواہ احمد والحاکم وقال صحیح الاسناد**

جونا گڑھی صاحب اگر یہ کہیں کہ ہم تو صرف اس کے قائل ہیں کہ صرف عورت عورتوں کی جماعت کرائے تو ان کی پیش کردہ حدیث میں یہ ذکر نہیں بلکہ سب گھر والوں کی امامت کا حکم ہے اور گھر میں مرد بھی ہوتے ہیں اور ہماری پیش کردہ حدیث سے پتہ چلا کہ عورت کی جماعت میں کوئی خیر نہیں اور خیر سے خالی ہونا ہی دلیل کراہت ہے۔

دوسری حدیث کا جواب:

جونا گڑھی نے حضرت ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے جو روایت نقل کی ہے اولاً تو وہ صحیح نہیں کیوں کہ اس کی سند میں ایک راوی لیث بن ابی سلیم ہے جو ضعیف ہے۔ (میزان الاعتدال)

جماعت کی نماز میں امام مقتدیوں کے آگے کھڑا ہوتا ہے دو یا دو سے زیادہ مقتدیوں کے ہوتے ہوئے امام کا آگے کھڑا ہونا اسلام میں سنت متواترہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ آنحضرت ﷺ خلفائے راشدین اور تمام امت کا عمل یہی ہے۔ اس لیے دو یا دو سے زائد مقتدیوں کے ہوتے ہوئے امام کا مقتدیوں کے درمیان کھڑے ہو کر جماعت کرانا اس سنت متواترہ کی مخالفت کی وجہ سے مکروہ تحریمی ہے۔

اس حدیث میں ہے کہ امام صف کے درمیان کھڑا ہو۔ اس طریقہ کی تائید آنحضرت ﷺ سے ہرگز ثابت نہیں اور جماعت کے وقت مقتدیوں کے درمیان کھڑا ہونا بالاتفاق مکروہ ہے ہاں ایسے مکروہ کا ارتکاب کسی ضرورت کے تحت کیا جا سکتا ہے مثلاً کسی کو نماز کا طریقہ سکھانے کے لیے جیسے ظہر وعصر میں امام کا بلند آواز سے قرآن پڑھنا خلاف سنت اور

مکروہ ہے مگر صحیح بخاری میں ہے کہ آنحضرت ﷺ بغرض تعلیم کبھی کبھار کوئی آیت اونچی آواز سے پڑھ دیتے تھے۔ ایسی ضرورت کے وقت کراہیت نہیں رہتی۔ لیکن اس کو جواز کا قاعدہ بنالینا یقیناً مکروہ ہے۔ جونا گڑھی نے دو ضعیف حدیثیں لکھیں اور باقی صحیح حدیثوں کو چھپایا اور بالکل یہی دھوکا ہدایہ کے ساتھ کیا اس کی عبارت بھی مکمل نہیں لکھی۔

ہدایہ کی مکمل عبارت اس طرح ہے:

ویکرہ للنساء ان یصلین وحدھن الجماعة لانھا لاتخلو عن ارتکاب محرم و ھو قیام الامام وسط الصف فیکرہ کالعراة ان فعلن قامت الامام وسطھن لان عائشة فعلت کذالك وحمل فعلھا الجماعة علی ابتداء الاسلام ولان فی التقدیم زیادة الکشف. (ھدایہ ص ۱۲۳)

جونا گڑھی نے ہدایہ کی عبارت نامکمل پیش کی صاحب ہدایہ نے خود حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت سے ہی ثابت کر دیا کہ اس سے ہی کراہت نکلتی ہے کیوں کہ امام کا مقتدیوں کے درمیان کھڑا ہونا خلاف سنت اور مکروہ ہے۔

ایک سوال جونا گڑھی صاحب آپ تو حدیث وفقہ میں بد دیانتی کر کے بھی تضاد ثابت نہ کر سکے لیکن ذرا دیانت داری سے اس کا جواب دیں کہ آنحضرت ﷺ نے تاکید کے ساتھ دو مرتبہ فرمایا **لا صام من صام الابد** جس نے ہمیشہ کا روزہ رکھا اس کا روزہ ہی نہیں ہوگا۔ (بخاری ج ۱ ص ۲۶۵) مگر امام شعبہ بن الحجاج صائم الدہر تھے۔
(میزان الکبریٰ ج ۱ ص ۵۰)

امام بخاری صائم الدہر تھے۔ (میزان الکبریٰ ج ۱ ص ۵۰) حافظ عبداللہ روپڑی صائم الدہر تھے۔ (نتائج التقلید ص ۳۰) ان حضرات کو آپ بخاری مسلم کی متفق علیہ حدیث کا مخالف سمجھتے ہیں یا نہیں سمجھتے ہیں تو ان کے خلاف آپ نے کون سی کتاب لکھی ہے۔

اعتراض نمبر ۶۴:

بچوں کی امامت

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ قَالَ فَقَدَّمُوْنِیْ بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَاَنَا ابْنُ سِتٍّ اَوْ سَبْعِ سِنِیْنَ الخ.

یعنی حضرت عمرو بن سلمہ اپنی قوم کے امام تھے اس وقت ان کی عمر چھ سات سال کی تھی یہ حدیث صاف ہے کہ چھوٹا بچہ جب کہ قرآن کا زیادہ قاری ہو وہ امامت کرا سکتا ہے۔

(مشکوٰۃ ص ۱۰۰ جلد اول باب الامامۃ رواہ البخاری)

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا اس مذہب کی سب سے بڑی معتبر کتاب ہدایہ ص ۱۰۳ باب الامامۃ جلد اول میں لکھا ہے وَلَا یَجُوْزُ لِلرِّجَالِ اَنْ یَّقْتَدُوْا بِامْرَأَةٍ اَوْ صَبِیٍّ یعنی مردوں کو جائز نہیں کہ عورتوں کی یا بچوں کی اقتدا میں نماز پڑھیں۔ کہو حنفی بھائیو اب آپ کا کیا فیصلہ ہے جائز مان کر حدیث کو سر آنکھوں پر رکھ کر محمدی بنو گے؟ یا ناجائز مان کر فقہ کو سر آنکھوں پر رکھ کر حنفی بنو گے؟

(شمع محمدی ص ۸۷، ظفر المبین حصہ دوم ص ۵۰، اختلاف امت کا المیہ ص ۵۹، احادیث نبویہ اور فقہ حنفیہ ص ۱۴، سبیل الرسول ص ۲۳۲، احناف کا رسول اللہ سے اختلاف ص ۳۱۴)

جواب:

جوناگڑھی بچے کی امامت کے جواز میں نہ تو آنحضرت ﷺ کا حکم پیش کر سکے کہ بالغ

مرد نابالغ بچے کو اپنا امام بنا لیا کریں۔ نہ حضرت کا فعل ثابت کر سکے کہ خود آنحضرت ﷺ نے کسی نابالغ بچے کو اپنا امام بنایا ہو اور نہ یہ ثابت کر سکے ہیں کہ عمرو بن سلمہ سات سالہ بچے کی امامت کا حضور ﷺ کو علم ہوا اور آپ خاموش رہے۔ عمرو بن سلمہ کے خاندان کے لوگ جب مسلمان ہوئے تو انہوں نے حضرت کا حکم سنا کہ جو زیادہ قرآن پڑھا ہو اس کو امام بناؤ انہوں نے اپنی رائے سے عمرو بن سلمہ کو امام بنا لیا اس حال میں کہ عمرو بن سلمہ کی چادر پھٹی ہوئی تھی۔ جس کی وجہ سے چوتڑ ننگے ہوتے تھے پیچھے نماز پڑھنے والی عورتوں نے کہا امام صاحب کے چوتڑ تو چھپا دو۔ (ابوداؤد)

جوناگڑھی نے پورا واقعہ اس لیے نقل نہیں کیا کہ اس حدیث سے استدلال کی صحت سے ستر عورت کا وجوب بھی ختم ہو جاتا اور احناف کی ضد میں ان کے ائمہ مساجد کو اس حدیث کے مطابق نمازیں پڑھانی مشکل ہو جاتیں۔

احناف کے دلائل

(۱) آنحضرت ﷺ بچے کو امام بننے کی تو کیا اجازت دیتے وہ بچے کو پہلی صف سے آگے بڑھنے کی بھی اجازت نہیں دیتے۔

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یتقدم الصف الاول اعرابی ولا اعجمی ولا غلام لم یحتلم.

(دار قطنی ج۱ ص ۲۹۸)

(۲) اہل طائف نے نماز تراویح میں ایک بچے کو امام بنا لیا اور حضرت عمرؓ کو بطور خوشخبری یہ بات لکھی۔ حضرت عمرؓ سخت ناراض ہوئے اور فرمایا کہ تمہیں ہرگز نہیں چاہیے کہ لوگوں کا امام ایسے بچے کو بناؤ جس پر حدود واجب نہیں۔ (عبدالرزاق ج ۲ ص ۳۹۸)

(۳) حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں حضرت امیر المومنین عمر بن الخطابؓ نے ہمیں منع فرما دیا تھا کہ ہم امامت اس حال میں کرائیں کہ قرآن پاک مصحف سے

دیکھ کر پڑھ رہے ہوں اور ہمیں منع فرمایا کہ ہم کسی نابالغ کو امام بنائیں۔
(کنز العمال ج ۴ ص ۲۴۶)

(۴) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لڑکا اس وقت تک امام نہ بنے جب تک اس پر حدود واجب نہ ہوں (یعنی جب تک بالغ نہ ہو جائے) **رواہ الاثرم فی سننہ کذا فی المنتقی (اعلاء السنن ج ٤ ص ٢٨٢)**

(۵) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں لڑکا جب تک بالغ نہ ہو امام نہ بنے۔
(عبدالرزاق ج ۲ ص ۳۹۸)

(۶) مکہ مکرمہ کے مفتی حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں لڑکا امامت نہ کرائے جب تک بالغ نہ ہو۔ (ج ۲ ص ۳۹۸)

(۷، ۸، ۹) حضرت عمر بن عبدالعزیز، امام شعبی، امام مجاہد رحمہم اللہ فرماتے ہیں لڑکا جب تک بالغ نہ ہو امامت نہ کرائے۔ (ابن ابی شیبہ ص ۲۴۳)

(۱۰) ابراہیم نخعی رحمہ اللہ اس سے کراہت کہتے تھے کہ لڑکا بالغ ہونے سے پہلے امام بنے۔ (المدونۃ الکبریٰ ج ۱ ص ۸۵)

(۱۱) آنحضرت ﷺ نے امام کو ضامن فرمایا ہے۔
(احمد، طبرانی، مجمع الزوائد ج ۱ ص ۱۴۳)

اب اگر امام کی نماز نفل ہوگی اور مقتدی کی فرض ہوگی تو وہ ضامن کیسے بنے گا اور ظاہر ہے کہ نابالغ بچے کی نماز نفل ہوتی ہے اور مردوں کی فرض تو وہ کیسے امام بن سکتا ہے۔ معلوم ہوا کہ اس مسئلے کو خلاف حدیث کہنا جوناگڑھی کی جہالت کا کرشمہ ہے۔ جوناگڑھی ذرا ہمت کر کے حضرت عمر بن عبدالعزیز، حضرت ابراہیم نخعی اور اس دور کے صحابہ و تابعین کو منکرین حدیث کی لسٹ میں درج فرمالیں یا پھر بیچارے احناف سے بھی درگزر فرمالیا کریں۔

جوناگڑھی نے جس طرح نقل احادیث میں حق کو چھپایا ایسے ہی فقہ کی کتاب ہدایہ کی عبارت بھی نامکمل نقل کی **و لا یجوز للرجال ان یقتدوا بامراۃ او صبی لانہ متنفل**

فلا یجوز اقتداء و المفترض بہ (ھدایہ ج۱ ص ۱۲۳، ۱۲٤)

جوناگڑھی صاحب آنحضرت ﷺ نے بڑی تاکید سے موت کی تمنا سے منع فرمایا تھا اور بے چارگی کی حالت میں صرف ایک خاص دعا کی اجازت دی تھی ذرا الفاظ ملاحظہ ہوں۔ **"قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا یتمنین احدکم الموت من ضرٍ اصابہ فان کان لابد فاعلا فلیقل اللھم احینی ما کانت الحیاۃ خیرًا لی وتوفنی اذا کانت الوفاۃ خیرًا لی. (بخاری ج۲ ص ۸٤۷ عن عائشۃ)**

لیکن اتنی تاکیدی نہی کے بعد بھی امام بخاری آخر عمر میں یہ دعا مانگتے رہے۔ "اے اللہ زمین باوجود کشادگی کے مجھ پر تنگ ہوگئی ہے تو مجھے اپنی طرف اٹھالے" ایک ماہ پورا نہیں ہوا تھا کہ آپ کا وصال ہوگیا (تاریخ بغداد ص ۳۴ ج ۲، طبقات الشافعیۃ الکبری ج ۲ ص ۱۴) کیا آپ اس سے یہ نتیجہ نکالیں گے کہ امام بخاری کا وصال مخالفت حدیث پر ہوا ہے۔

آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں ہفتہ میں صرف ایک مرتبہ قرآن ختم کرو **ولا تزد علی ذالك** اور اس پر زیادہ مت کرو۔ (صحیح بخاری ج ۲ ص ۷۵۶)

آنحضرت ﷺ نے ایک ہفتہ سے پہلے قرآن پاک ختم کرنے سے صراحۃً منع فرما دیا۔ لیکن پھر بھی امام بخاری روزانہ ایک قرآن ختم کیا کرتے تھے۔
(تاریخ بغداد ج ۲ ص ۱۲، طبقات الشافعیہ ج ۲ ص ۹ الحطہ ص ۲۲)

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ایک رات میں پورا قرآن ختم کرتے تھے (طبقات ابن سعد ج ۳ ص ۵۳) حضرت تمیم داری اور حضرت عبداللہ بن الزبیر بھی رات کو ایک قرآن ختم کرتے تھے۔ (طحاوی ج ۱ ص ۲۰۵) امام وکیع بن الجراح ایک رات میں سارا قرآن ختم کر دیتے تھے۔ (تاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۴۷۰) امام شافعی نے تین دنوں میں ۹ مرتبہ قرآن ختم کیا (مفتاح الجنۃ للسیوطی ص ۲۹) کیا آپ ان سب پر مخالفت حدیث کا الزام لگائیں گے۔

اند کے با تو گفتم و غم و دل ترسیدم   کہ تو آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

اعتراض نمبر ۶۵:

نماز میں کتر بیونت

(یعنی آخری قعدہ میں تورک کرنا)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ اَبِیْ حُمَیْدِ السَّاعِدِیِّ قَالَ فِیْ نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَحْفَظُکُمْ لِصَلٰوۃِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا جَلَسَ فِی الرَّکْعَةِ الْاٰخِرَةِ قَدَّمَ رِجْلَهُ الْیُسْرٰی وَنَصَبَ الْاُخْرٰی وَقَعَدَ عَلٰی مَقْعَدِہٖ.

(رواہ البخاری، مشکوۃ، کتاب الصلوۃ ص۷۵ جلد اول)

یعنی حضرت ابوحمید الساعدی ؓ فرماتے ہیں اور صحابہ کرام کی ایک جماعت کی موجودگی میں دعویٰ کرتے ہیں کہ تم سب سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کی نماز کا حافظ میں ہوں۔ پھر حضور ﷺ کی نماز کا نقشہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جب آپ آخری رکعت میں بیٹھتے جس میں سلام پھیرنا ہوتا تو اپنے بائیں پیر کو داہنی طرف نکال کر دائیں پیر کے نیچے کو زمین پر ٹکا کر بائیں ران پر بیٹھتے۔ یہ بخاری شریف کی روایت ہے ابوداؤد وغیرہ کی حدیث میں ہے۔ حَتّٰی اِذَا کَانَتِ السَّجْدَةُ الَّتِیْ فِیْهَا التَّسْلِیْمُ اَخَّرَ رِجْلَهُ الْیُسْرٰی وَقَعَدَ مُتَوَرِّکًا عَلٰی شِقِّهِ الْاَیْسَرِ یعنی جس رکعت میں سلام پھیرنا ہوتا اس کے التحیات میں آپ تورک کر کے بیٹھتے بائیں جانب پر بیٹھتے بایاں پاؤں ایک طرف نکال دیتے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

ان صریح اور صحیح حدیثوں کو حنفی مذہب نہیں مانتا اس کا فرمان ہے کہ جَلَسَ فِی

الْاٰخِیْرَةِ کَمَا جَلَسَ فِی الْاُوْلٰی یعنی آخرت التحیات کی بیٹھک بھی اسی طرح ہے جس طرح پہلی التحیات کی۔ کہو حنفی بھائیو! اب کیا نماز اس طرح پڑھو گے جس طرح حنفی مذہب نے پڑھی؟ یا اس طرح پڑھو گے جس طرح رسول اللہ ﷺ نے پڑھی؟

(شمع محمدی ص۸۸، ظفر المبین حصہ اول ص۱۱۲، احناف کا رسول اللہ ﷺ سے اختلاف ص۳۰۰، راہ نجات ص۹۳ مسئلہ نمبر۴۶)

جواب:

جوناگڑھی نے یہ اعتراض ظفر المبین سے نقل کیا ہے۔ اس کا جواب فتح المبین ص۱۱۶ پر دیا گیا تھا۔ اس مسئلہ میں احادیث دونوں قسم کی ہیں۔ جوناگڑھی نے اپنے نظریہ کی نقل کر کے احناف کے مسلک کو حدیث کے خلاف کہہ دیا ہے جو بالکل غلط ہے۔ احناف کے ہاں دونوں قسم کی روایات میں تطبیق ممکن ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

دلائل احناف:

دونوں قعدوں میں ایک طرح بیٹھنا ہی مسنون ہے اور تورک مسنون نہیں ہے۔

(۱) عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قال قدمت المدینة قلت لانظرن الی صلوٰۃ رسول صلی اللہ علیہ وسلم فلما جلس یعنی للتشهد افترش رجله الیسری ووضع یده الیسری یعنی علی فخذه الیسری ونصب رجله الیمنی قال ابو عیسٰی هذا حدیث حسن صحیح والعمل علیه عند اکثر اهل العلم.

(ترمذی ج۱ ص۶۵)

حضرت وائل بن حجر فرماتے ہیں کہ جب میں مدینہ طیبہ آیا تو میں نے (جی میں) کہا کہ میں رسول اللہ ﷺ کو نماز پڑھتے ہوئے ضرور دیکھوں گا (میں نے دیکھا کہ) جب تشہد میں بیٹھے تو آپ ﷺ نے بایاں پاؤں بچھا کر اپنا بایاں ہاتھ بائیں ران پر رکھ لیا اور

دائیں پاؤں کو کھڑا رکھا، امام ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اہل علم کی اکثریت کا اسی پر عمل ہے۔

(۲) عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قال صليت خلف رسول صلى الله عليه وسلم فلما قعد وتشهد فرش قدمه اليسرى على الارض وجلس عليها.

(سنن سعيد بن منصور، طحاوی ج۱ ص۱۷۸)

حضرت وائل بن حجر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی جب آپ تشہد پڑھنے کے لیے بیٹھے تو آپ نے اپنا بایاں پاؤں زمین پر بچھا لیا اور اس پر بیٹھ گئے۔

(۳) عن رفاعة بن رافع ان النبى صلى الله عليه وسلم قال للاعرابى اذا سجدت فمكن بسجودك فاذا جلست فاجلس على رجلك اليسرى.

(مسند احمد بن حنبل، مصنف ابن ابى شيبة، ابن حبان بحواله نيل الاوطار ج۲ ص۲۸۲)

حضرت رفاعہ بن رافع سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے اعرابی سے کہا کہ جب تو سجدہ کرے تو اچھی طرح سجدہ کر اور جب (تشہد میں) بیٹھے تو اپنے بائیں پاؤں پر بیٹھ۔

(٤) عن عبدالله وهو بن عبدالله بن عمر عن ابيه قال من سنة الصلوٰة ان تنصب القدم اليمنى واستقباله باصابعها القبلة والجلوس على اليسرى.

(نسائی ج۱ ص۱۳۰)

حضرت عبداللہ اپنے والد عبداللہ بن عمر سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا نماز کی سنت میں سے ہے کہ (تشہد میں) دایاں پاؤں کھڑا کر کے اس کی انگلیاں قبلہ رخ رکھی جائیں اور بائیں پاؤں پر بیٹھا جائے۔

(٥) عن عائشة رضى الله عنها قالت كان رسول الله صلى الله عليه

وسلم يستفتح الصلوٰة بالتكبير والقرأة بالحمد لله رب العالمين وكان اذا ركع لم يشخص رأسه ولم يصوبه وكان بين ذالك وكان اذا رفع رأسه من الركوع لم يسجد حتى يستوى قائما وكان اذا رفع رأسه من السجدة لم يسجد حتى يستوى جالسا وكان يقول فى كل ركعتين التحية وكان يفرش رجله اليسرٰى وينصب رجله اليمنٰى وكان ينهى عن عقبة الشيطان وينهى ان يفترش الرجل ذراعيه افتراش السبع وكان يختم الصلوٰة بالتسليم.

(مسلم ج۱ ص۱۹٤)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نماز اللہ اکبر کے ساتھ اور قرأت الحمد للہ رب العالمین کے ساتھ شروع فرماتے تھے اور جب آپ رکوع کرتے تو اپنا سر مبارک نہ اوپر اٹھاتے تھے اور نہ بالکل نیچے جھکا دیتے تھے۔ دونوں کے درمیان رکھتے تھے، اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تو سجدہ میں نہ جاتے جب تک کہ سیدھے نہ بیٹھ جاتے اور آپ ہر دو رکعتوں میں التحیات پڑھتے تھے اور آپ بایاں پاؤں بچھا دیتے اور دایاں کھڑا رکھتے تھے۔ اور شیطان کی طرح بیٹھنے سے منع فرماتے تھے اور آپ اس سے بھی منع فرماتے تھے کہ آدمی اپنے دونوں بازوؤں کو درندہ کی طرح بچھا دے اور آپ نماز سلام سے ختم فرماتے تھے۔

(٦) عن انس ان النبى صلى الله عليه وسلم نهى عن الاقعاء والتورك فى الصلوٰة. (سنن كبرىٰ بيهقى ج۲ ص۱۲۰)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی علیہ السلام نے نماز میں اقعاء اور تورک سے منع فرما ہے۔

(۷) عن انس ان النبى صلى الله عليه وسلم نهى عن الاقعاء والتور فى الصلوٰة. (مجمع الزوائد ج۲ ص۸٦)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی علیہ السلام نے نماز میں اقعاء اور تورک سے منع فرمایا ہے۔

(۸) عن سمرة ان النبی صلى الله عليه وسلم نهٰى عن التورك والاقعاء الحديث. (مجمع الزوائد ج۲ ص۸٦)

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی علیہ السلام نے نماز میں تورک اور اقعاء سے منع فرمایا ہے۔

(۹) عن عبدالله بن عبدالله انه اخبره انه كان يرى عبدالله بن عمر يتربع فى الصلوٰة اذا جلس ففعلته وانا يومئذ حديث السن فنها فى عبدالله بن عمرو وقال انما سنة الصلوة ان تنصب رجلك اليمنٰى وتثنى اليسرى فقلت انك تفعل ذالك فقال ان رجلاى لا تحملانى. (بخارى ج۱ ص۱۱٤)

حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن عمر فرماتے ہیں کہ وہ حضرت عبداللہ بن عمر کو دیکھتے تھے کہ جب آپ (قعدہ میں) بیٹھتے تو چوکڑی مار کر بیٹھتے (فرماتے ہیں کہ) میں ابھی بالکل نوعمر تھا میں بھی ایسا کرنے لگا حضرت عبداللہ بن عمر نے مجھے اس سے روکا اور فرمایا کہ نماز میں سنت یہ ہے کہ (بیٹھنے میں) دایاں پاؤں کھڑا رکھو اور بایاں پاؤں پھیلا دو میں نے کہا کہ آپ تو اس طرح کرتے ہیں (چوکڑی مارتے ہیں) آپ نے فرمایا میرے پاؤں میرا بار نہیں اٹھا پاتے۔

ان احادیث سے امام صاحب کا مذہب ثابت ہو گیا کہ دونوں قعدے برابر ہیں۔

رہی وہ روایت جو مولانا جونا گڑھی نے نقل کی ہے اس کے کئی جواب ہیں

(۱) یہ روایت مضطرب ہے۔

خود ابو حمید الساعدی کی بعض روایات میں بھی تورک نہیں ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

حَدَّثَنِى اَبُو الْحُسَيْنِ الْاَصْبِهَانِىُّ قَالَ ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ

بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ ثَنَا عُتْبَةُ بْنُ اَبِىْ حَكِيْمٍ عَنْ عِيْسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَدَاوِيِّ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ عَنْ اَبِىْ حُمَيْدِ السَّاعِدِيِّ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ لِاَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَعْلَمُكُمْ بِصَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا مِنْ اَيْنَ قَالَ رَقَبْتُ ذٰلِكَ مِنْهُ حَتّٰى حَفِظْتُ صَلٰوتَهٗ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ حِذَاءَ وَجْهِهٖ فَاِذَا كَبَّرَ لِلرَّكُوْعِ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرَّكُوْعِ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ فَقَالَ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ وَاِذَا سَجَدَ فَرَّجَ بَيْنَ فَخِذَيْهِ غَيْرَ حَامِلٍ بَطْنَهٗ عَلٰى شَىْءٍ مِّنْ فَخِذَيْهِ وَلَا مُفْتَرِشٍ ذِرَاعَيْهِ فَاِذَا قَعَدَ لِلتَّشَهُّدِ اَضْجَعَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَنَصَبَ الْيُمْنٰى عَلٰى صَدْرِهَا وَيَتَشَهَّدُ

حدیث بیان کی مجھ سے ابو الحسین الاصبہانی نے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہشام بن عمار نے کہا حدیث بیان کی ہم سے اسماعیل بن عیاش نے کہا حدیث بیان کی ہم سے عتبہ بن ابی حکیم نے وہ روایت کرتے ہیں عیسیٰ بن عبدالرحمٰن العدوی سے وہ عباس بن سہل سے وہ ابو حمید الساعدی رضی اللہ عنہ سے کہ آپ اصحاب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کرتے تھے کہ میں آپ لوگوں کے درمیان رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز سے زیادہ واقف ہوں انہوں نے کہا یہ کیونکر فرمایا آپ کی نماز دیکھتا رہتا تھا یہاں تک کہ میں نے آپ کی نماز یاد کر لی پھر فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے تھے تو تکبیر تحریمہ کہتے تھے اور روئے مبارک تک دونوں ہاتھ اٹھاتے اور جب رکوع میں جاتے تب بھی ایسا ہی کرتے تو جب رکوع سے سر اٹھاتے تو سمع اللہ لمن حمدہ کہتے اور اسی طرح ہاتھ اٹھاتے اور ربنا ولک الحمد بھی کہتے اور سجدہ کرتے تو پیروں کے درمیان کشادگی رکھتے اور شکم رانوں کے اوپر نہ ڈالتے اور نہ کہنیں زمین پر بچھاتے پھر جب تشہد کے لیے بیٹھتے تو بایاں قدم بچھا لیتے اور داہنا قدم کی انگلیوں کے بل کھڑا کر لیتے اور تشہد پڑھتے۔

جب ابوحمید ساعدی کی ہی روایات مختلف ہیں تو ان پر مسئلہ کی بنیاد رکھ کر یہ کہنا کہ حنفی مسلک حدیث کے خلاف ہے۔ کیسے درست ہوسکتا ہے۔

(۲) اس حدیث کی سند میں محمد بن عمرو بن عطاء ہیں ان کو ابوحمید الساعدی سے اس حدیث کا سماع ثابت نہیں۔

(۳) یہ روایت عذر پر محمول ہے ہم بھی یہ کہتے ہیں کہ اگر عذر ہو تو آدمی تورک کرسکتا ہے سنت نہیں ہے سنت وہی طریقہ ہے جو اوپر والی روایات سے ثابت ہوتا ہے۔

اعتراض نمبر۶۶:

تجارت کا مسئلہ

(یعنی خیار مجلس)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَالَمْ يَتَفَرَّقَا الخ

(مشکوۃ ص۲۴۳ جلد۱ کتاب البیوع)

یعنی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ خرید وفروخت کرنے والے دونوں کو اختیار ہے جب تک الگ الگ نہ ہوجائیں۔

یہ حدیث صحیح اور صریح ہے کہ دو شخص جو لین دین کرلیں جب تک جدا نہ ہوں گاہک کو اور بیوپاری کو دونوں کو بیع کے باقی رکھنے نہ رکھنے کا اختیار ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا۔ اس مذہب کی معتبر کتاب ہدایہ ص۲ ج۳ کتاب

البیوع میں ہے۔ وَاِذَا حَصَلَ الْاِيْجَابُ وَالْقَبُوْلُ لَزِمَ الْبَيْعُ وَلَا خِيَارَ لِوَاحِدٍ مِّنْهُمَا اِلَّا مِنْ عَيْبٍ اَوْ عَدَمِ رُؤْيَةٍ یعنی جب ایجاب وقبول ہوچکا بیع لازم ہوگئی۔ دونوں میں سے ایک کو بھی اب اختیار باقی نہیں۔ ہاں سودا عیب دار ہو یا دیکھا ہی نہ ہو تو اور بات ہے۔

کہو حنفی بھائیو! تجارت محمدی شرع پر کرو گے؟ یا حنفی مذہب پر؟

(شمع محمدی ص۸۹، ظفر المبین حصہ اول ص۱۷۴)

جواب:

خیار مجلس میں فقہاء احناف کا موقف

امام محمد بن حسن شیبانی لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ نے فرمایا جب دو شخص بیع کریں اور اس میں اختیار کا ذکر نہ کریں تو جس وقت وہ عقد کریں بیع واجب ہوجاتی ہے اگرچہ وہ الگ الگ نہ ہوں اور اہل مدینہ نے کہا کہ ان کو اس وقت تک اختیار رہتا ہے جب تک وہ اپنے مقام سے یا مجلس سے الگ الگ نہ ہوجائیں اور ان کی یہ بیع بالخیار رہتی ہے۔ امام محمد فرماتے ہیں تم نے یہ کیسے کہہ دیا کہ جب وہ اختیار کی شرط نہ لگائیں تو الگ الگ ہونے سے پہلے ان کو اختیار ہوتا ہے؟ انہوں نے جواب میں کہا نافع حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بائع اور مشتری میں سے ہر ایک کو دوسرے پر متفرق ہونے سے پہلے اختیار ہوتا ہے ماسواء بیع الخیار کے ہم نے کہا کیا رسول اللہ ﷺ نے یہ فرمایا ہے کہ بائع اور مشتری میں سے ہر ایک کو دوسرے پر مجلس یا مقام سے متفرق ہونے سے پہلے اختیار رہتا ہے؟ انہوں نے کہا ہر چند کہ مجلس یا جگہ کے الفاظ حدیث میں نہیں ہیں لیکن حدیث کا معنی یہی ہے۔ امام محمد فرماتے ہیں ان سے یہ کہا گیا کہ تم سے اس حدیث کا معنی بیان کرنے میں غلطی ہوئی ہے۔ ہمارے نزدیک اس کا معنی یہ ہے کہ بائع اور مشتری میں سے ہر ایک کو اختیار رہتا ہے جب تک کہ وہ بیع کے اقوال سے متفرق نہ ہوجائیں۔ جب بائع نے کہا میں

نے یہ چیز فروخت کی تو اب مشتری کو اختیار ہے وہ اس قول کو قبول کرے یا نہ کرے (اور قبول کرنے کے بعد بیع لازم ہے اور اختیار نہیں ہے)

حدیث کی تفسیر اس طریقہ سے ہے امام محمد نے فرمایا ابراہیم نخعی نے بھی اس حدیث کی تفسیر اسی طریقہ سے کی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی اس حدیث کی تفسیر اسی طرح کی ہے۔ کیوں کہ جب انہوں نے رکاب میں پیر رکھا تو فرمایا لوگ کل کہیں گے کہ عمر نے کیا کہا ہے؟ سنو بیع صفقہ (سودا طے ہونے) سے ہوتی ہے یا خیار سے۔ (امام محمد فرماتے ہیں) تو کیا سودا طے ہونے کے بعد اختیار ہو سکتا ہے؟

نیز ہمیں شریح سے یہ روایت پہنچی ہے کہ جب دو شخص بیع کر لیں تو بیع واجب ہو جاتی ہے اور ان میں سے کسی ایک کے لیے بھی اختیار نہیں ہوتا۔ نیز امام محمد نے اہل مدینہ پر معارضہ کرتے ہوئے فرمایا اگر تفرق عن المجلس سے پہلے دونوں کو اختیار رہتا ہے تو بتاؤ کہ جب تفریق سے پہلے ایک شخص اختیار کی شرط لگائے اور دوسرا شرط نہ لگائے تو جس شخص نے اختیار کی شرط نہیں لگائی اس کے لیے اختیار ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو اس کے شرط نہ لگانے کے خلاف ہے اور اگر اختیار نہیں ہے تو تمہارے قول کے خلاف ہے۔

(کتاب الحجہ ج۲ ص۶۹۴۔۶۸۰)

خیار مجلس میں فقہاء احناف کے موقف پر قرآن مجید سے استدلال:

ایجاب وقبول کے بعد عقد لازم ہو جاتا ہے اور پھر فریقین میں سے کسی کو بیع فسخ کرنے کا اختیار نہیں ہوتا۔ فقہاء احناف نے یہ نظریہ قرآن مجید کی حسب ذیل آیات سے قائم کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَوْفُوا بِالْعُقُودِ (مائدہ:۱)

اے ایمان والو عقد کو پورا کرو۔

عقد ایجاب وقبول کو کہتے ہیں اور اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے بائع اور مشتری کو عقد پورا کرنے کا حکم دیا ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِنْكُمْ (نساء:۲۹)

اے ایمان والو آپس میں ناحق مال مت کھاؤ، البتہ تم باہمی رضامندی سے تجارت کر سکتے ہو۔

تراضی کے ساتھ تجارت ایجاب وقبول کے ساتھ مکمل ہو جاتی ہے، اس لیے اب کسی فریق کو یہ اختیار نہیں ہوگا کہ وہ مجلس میں دوسرے کی مرضی کے بغیر بیع فسخ کر دے۔

وَأَشْهِدُوا إِذَا تَبَايَعْتُمْ (بقرہ:۲۸۲)

جب تم بیع کرو (تو اس بیع پر) گواہ کر لو۔

بیع ایجاب وقبول کو کہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اس پر گواہ بنانے کا حکم دیا ہے، اگر بیع ایجاب وقبول سے مکمل نہ ہوتی تو اس پر گواہ بنانے کا کوئی مقصد نہ تھا۔

خیار مجلس میں احناف کے موقف پر احادیث سے استدلال:

خیار مجلس میں احناف کا نظریہ حسب ذیل احادیث پر قائم ہے امام مسلم روایت کرتے ہیں:

(۱) عن جابر بن عبدالله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا ابتعت طعاما فلا تبعه حتى تستوفيه. (صحیح مسلم ج۲ ص۶)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم اناج خرید لو تو اس پر پورا قبضہ کرنے سے پہلے اس کو مت فروخت کرو۔

امام طحاوی فرماتے ہیں یہ حدیث خیار مجلس کی نفی پر دلیل ہے کیوں کہ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ اناج پر قبضہ کے بعد اس کی بیع جائز ہے اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ خریدار

مجلس سے اٹھنے سے پہلے اناج پر قابض ہو جاتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ اگر تفرق عن البدن سے پہلے فریقین کو بیع فسخ کرنے کا اختیار ہوتا تو تفرق عن البدن سے پہلے خریدار کا مبیع کو بیچنا جائز نہ ہوتا۔ حالانکہ مبیع پر قبضہ کے بعد تفرق سے پہلے یہ بیع جائز ہے اس سے معلوم ہوا کہ تفرق عن البدن تک خیار نہیں رہتا اور باب مذکور کی احادیث میں تفرق سے تفرق عن القول مراد ہے تفرق عن البدن مراد نہیں ہے۔

(شرح معانی الاثار ج۲ ص۲۰۵)

(۲) امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابن عمر قال كنا مع النبي صلى الله عليه وسلم في سفر فكنت على بكر صعب لعمر فكان يغلبني فيتقدم امام القوم فيزجره عمر ويرده ثم يتقدم فيزجره عمر ويرده فقال النبي صلى الله عليه وسلم لعمر بعينه فقال هو لك يا رسول الله، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بعينه فباعه فقال النبي صلى الله عليه وسلم هو لك يا عبدالله بن عمر تصنع به ما شئت.

(صحیح بخاری ج۱ ص۲۸۴)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے۔ میں حضرت عمر کے ایک اکھڑ اونٹ پر سوار تھا جو میرے قابو میں نہیں آتا تھا اور قوم سے آگے نکل جاتا تھا۔ حضرت عمر اس کو جھڑک کر لوٹاتے وہ پھر آگے نکل جاتا۔ حضرت عمر پھر اس کو جھڑک کر لوٹاتے۔ نبی ﷺ نے حضرت عمر سے فرمایا: یہ اونٹ مجھے بیچ دو۔ انہوں نے کہا یا رسول اللہ! یہ آپ کی ملکیت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے یہ اونٹ فروخت کر دو، پھر حضرت عمر نے رسول اللہ کو یہ اونٹ فروخت کر دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ بن عمر! یہ اونٹ تمہارا ہے تم اس سے جو چاہو کرو۔

اس حدیث میں یہ ذکر ہے کہ نبی ﷺ نے خریدتے ہی تفرق عن المجلس سے پہلے وہ

اونٹ حضرت عبداللہ بن عمر کو ہبہ کر دیا اگر اس وقت یہ بیع لازم نہ ہوئی ہوتی تو رسول اللہ ﷺ خریدتے ہی وہ اونٹ ہبہ کرتے۔

(۳) امام عبدالرزاق روایت کرتے ہیں۔

عن رجل من كنانة قال قال عمر حين وضع رجله في الغرز وهم بمنى اسمعوا ما اقول لكم ولا تقولوا قال عمر قال البيع عن صفقة او خيار ولكل مسلم شرطه. (المصنف ج۸ ص۵۲)

کنانہ کے ایک شخص نے بیان کیا کہ منیٰ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رکاب میں پیر رکھتے ہوئے فرمایا سنو میں کیا کہہ رہا ہوں اور یہ نہ کہنا کہ یہ عمر کا قول ہے، بیع یا سودے سے ہوتی ہے یا خیار سے اور ہر مسلمان کو شرط لگانے کا حق ہے۔

امام عبدالرزاق نے یہ حدیث حجاج سے بھی روایت کی ہے۔

(المصنف ج۸ ص۵۲)

شمس الائمہ سرخسی فرماتے ہیں صفقہ (سودا طے ہو جانا) اس بیع کو کہتے ہیں جو نافذ اور لازم ہو اس سے معلوم ہوا کہ بیع کی دو قسمیں ہیں ایک بیع لازم جس میں اختیار نہ ہو اور دوسری بیع لازم جس میں اختیار ہو اور جو یہ کہتے ہیں کہ ہر بیع میں اختیار ہوتا ہے وہ اس حدیث کی مخالفت کرتے ہیں۔ (المبسوط ج۱۳ ص۵٦)

اعتراض نمبر ۶۷:

قانون شہادت

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰی بِيَمِيْنٍ وَّشَاهِدٍ.

(رواہ مسلم مشکوۃ ص۳۲۷ ج۲ باب الاقضیۃ کتاب الامارۃ)

یعنی رسول اللہ ﷺ نے ایک گواہ لے کر پھر مدعی کو قسم کھلا کر فیصلہ فرمایا۔

یہ حدیث کھلی دلیل ہے کہ ایک گواہ کے بعد دوسرا گواہ میسر نہ آنے پر مدعی کی قسم پر بھی فیصلہ ہو سکتا ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس صریح اور صحیح حدیث کو نہیں مانتا۔ ان کی مذہبی کتاب ہدایہ باب الیمین کتاب الدعویٰ ص ۱۸۷ جلد ۳ میں ہے ولا ترد الیمین الی المدعی یعنی مدعی کی جانب قسم نہ لوٹائی جائے۔

کہو حنفی بھائیو حدیث و فقہ کے حکم کا اختلاف آپ کے سامنے ہے۔ اب کیا آپ قانون مدنی کا احترام کریں گے یا قانون کوفی کا؟

(شمع محمدی ص ۹۰، ظفر المبین حصہ اول ص ۲۱۲)

جواب:

امام ابوحنیفہ کا موقف یہ ہے کہ کسی مقدمے میں فیصلہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے مدعی اپنے گواہ پیش کرے جو دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں ہوں اگر مدعی کے پاس گواہ نہ ہوں یا گواہی کا نصاب پورا نہ ہو تو پھر مدعی علیہ سے قسم لی جائے کہ مدعی کا دعویٰ غلط ہے۔ اگر مدعی علیہ حلف اٹھا لے تو وہ بری ہو جائے گا اور اگر حلف اٹھانے سے انکار کر دے تو مدعی کا دعویٰ درست مان کر اس کے خلاف فیصلہ کر دیا جائے گا۔

فیصلہ کرنے کا یہ طریقہ شریعت کے قطعی دلائل سے ثابت ہے جن کا ذکر ابھی آئے گا۔

چنانچہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک مدعیٰ علیہ کے قسم نہ اٹھانے کی صورت میں مدعی کے ایک گواہ کے ساتھ اس کی قسم پر مدعی علیہ کے خلاف فیصلہ کرنا درست نہیں کیوں کہ اس طریقہ میں ایک

تو گواہی کا شرعی نصاب یعنی دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں پورا نہیں۔ دوسرا اس میں مدعی سے قسم لی جاتی ہے حالانکہ قسم صرف مدعی علیہ کے ذمہ ہوتی ہے۔ امام صاحب کے دلائل مندرجہ ذیل ہیں۔

حنفی مذہب کا قرآن سے ثبوت

پہلی آیت:

وَاسْتَشْهِدُوا شَهِيدَيْنِ مِن رِّجَالِكُمْ فَإِن لَّمْ يَكُونَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَامْرَأَتَانِ (البقرۃ:۲۸۲)

اور اپنے میں سے دو مرد گواہ رکھ لو اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں۔

دوسری آیت:

وَأَشْهِدُوا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنكُمْ (الطلاق:۲)

اور آپس میں سے دو معتبر شخصوں کو گواہ کر لو۔

حنفی مذہب کا احادیث سے ثبوت

حدیث نمبر ۱:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا اگر لوگوں کے دعووں کے مطابق ان کا فیصلہ کر دیا جائے تو لوگ دوسرے لوگوں کی جانوں اور اموال پر دعویٰ کر بیٹھیں گے لیکن مدعی علیہ پر یمین (قسم) لازم ہے۔

(مسلم، کتاب الاقضیہ، باب الیمین علی المدعیٰ علیہ)

حدیث نمبر ۲:

ابن عباس روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

الْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِیْ وَالْيَمِيْنُ عَلٰى مَنْ اَنْكَرَ.

لیکن گواہ مدعی پر اور قسم مدعا علیہ (یعنی انکاری) پر۔

(مشکوٰۃ باب الاقضیہ والشہادات)

حدیث نمبر۳:

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے۔

الْبَيِّنَةُ عَلٰى مَنِ ادَّعٰى وَالْيَمِيْنُ عَلٰى مَنْ اَنْكَرَ وَالصُّلْحُ جَائِزٌ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ اِلَّا صُلْحًا اَحَلَّ حَرَامًا اَوْ حَرَّمَ حَلَالًا الخ

یعنی گواہ لانے مدعی کے ذمہ ہیں اور قسم مدعا علیہ پر اور صلح درمیان مسلمانوں کے جائز ہے مگر وہ صلح جس سے حلال کا حرام کرنا یا حرام کا حلال کرنا لازم آوے۔ (بیہقی)

حدیث نمبر۴:

ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے

اَلْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ.

قسم مدعیٰ علیہ پر ہے۔

(بخاری کتاب التفسیر، تفسیر آل عمران آیت نمبر ۷۷ حدیث نمبر ۴۲۰۳ باب ان الذین یشترون، ابو داؤد باب الیمین علی المدعی علیه)

حدیث نمبر۵:

بخاری شریف میں حضرت عبداللہ بن مسعود کی ایک لمبی حدیث میں اشعث بن قیس کا واقعہ آتا ہے۔ ابی وائل (راوی حدیث) کہتے ہیں پھر اشعث بن قیس داخل ہوئے اور کہنے لگے۔ ابوعبدالرحمٰن (یہ کنیت ہے حضرت عبداللہ بن مسعود کی) نے آپ کو کیا بیان کیا ہے؟ ہم نے کہا: ایسے ایسے، وہ کہنے لگے یہ آیات میرے بارے میں نازل ہوئیں، میرے چچازاد

بھائی (خفیش بن معدان بن معدی کرب) کی زمین میں میرا ایک کنواں تھا۔ (میں اس کے ساتھ جھگڑے کا فیصلہ نبی کریم کے پاس لے گیا) تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا تیرے پاس گواہ ہے یا اس کی قسم سے فیصلہ کروں، میں نے کہا میرے پاس گواہ نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا پھر اس کی قسم کے مطابق فیصلہ ہوگا۔ میں نے کہا اے اللہ کے رسول وہ تو قسم اٹھا دے گا اس وقت نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس نے کسی مسلمان کا مال غصب کرنے کے لیے جھوٹی قسم اٹھائی وہ اللہ تعالیٰ سے اس حالت میں ملے گا کہ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ناراض ہو گا۔

(بخاری کتاب التفسیر باب قوله ان الذین یشترون، مسلم کتاب الایمان، باب وعید من اقتطع حق مسلم)

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ گواہ مدعی کی ذمہ ہیں اور قسم مدعا علیہ پر۔

حدیث نمبر۶:

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جو شخص کسی کا مال ہضم کرنے کے لیے جھوٹی قسم کھائے گا تو (مرنے کے بعد) جب وہ اللہ سے ملے گا اللہ اس پر سخت غصے ہوگا بعد ازاں اس کی تصدیق میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ اِلٰى عَذَابٌ اَلِيْمٌ

(راوی ابی وائل کہتے ہیں) عبداللہ یہ حدیث بیان کر چکے تو اشعث بن قیس ہمارے سامنے آئے انہوں نے پوچھا ابوعبدالرحمٰن (عبداللہ بن مسعود) نے تم سے کیا حدیث بیان کی۔ ہم نے ان سے کہہ دی۔ انہوں نے کہا عبداللہ سچ کہتے ہیں یہ آیت میرے ہی متعلق نازل ہوئی۔ اس کا پس منظر یہ ہے۔

میرے اور ایک شخص میں جھگڑا ہوا ہم نے حضور اکرم ﷺ کے سامنے مقدمہ پیش کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا شَاهِدَاكَ اَوْ يَمِيْنُهٗ یا تو دو گواہ لا یا اس سے قسم لے۔ میں نے عرض کیا

میرے پاس گواہ نہیں اور قسم تو وہ جھوٹی کھالے گا کچھ پرواہ نہ کرے گا۔ تب آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص جھوٹی قسم کھا کر کسی کا مال ہضم کرلے گا تو جب (آخرت میں) اللہ سے ملے گا اللہ اس پر غصے ہوگا بعد ازاں اللہ تعالیٰ نے اس کی تصدیق نازل فرمائی۔ آپ ﷺ نے یہی آیت پڑھی۔ (بخاری کتاب الشہادت باب الیمین علی المدعٰی علیہ)

اس روایت میں حضور اکرم ﷺ نے فیصلہ کرنے کی بس یہی صورت بتائی ہے یہ نہیں فرمایا کہ یا تم ایک گواہ لاؤ اور ساتھ قسم اٹھالو۔

حدیث نمبر ۷:

عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اپنے خطبہ میں گواہ لانا مدعی کے ذمہ ہے اور قسم کھانا مدعی علیہ کے ذمہ ہے۔

(جامع ترمذی، ابواب الاحکام، باب ما جاء ان البینة علی المدعی والیمین علی المدعی علیه)

حدیث نمبر ۸:

عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا گواہ مدعی کے ذمہ ہے اور قسم مدعی علیہ کے ذمہ ہے۔

(فتح الباری ج ۵ ص ۲۸۲، بن حجر نے معجم طبرانی سے اس کو نقل کر کے اس پر سکوت کیا ہے)

حدیث نمبر ۹:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو خط لکھا اور اس میں دوسرے احکامات کے علاوہ یہ بھی لکھا کہ

گواہ مدعی کے ذمہ ہے اور قسم مدعی علیہ کے ذمہ الخ

(سنن دار قطنی ج ۴ ص ۲۰۶، بیہقی)

حدیث نمبر ۱۰:

مصنف عبدالرزاق میں مرسلاً مروی ہے کہ حضرت عباس نے حضرت عمر کے پاس دعویٰ کیا کہ حضور ﷺ نے انہیں بحرین میں ایک زمین دی تھی۔ حضرت عمر نے پوچھا کہ اس کے گواہ کون ہیں؟ حضرت عباس نے کہا مغیرہ بن شعبہ گواہ ہیں۔ حضرت عمر نے پوچھا کہ دوسرا گواہ کون ہے؟ حضرت عباس نے کہا کہ دوسرا گواہ کوئی نہیں۔ تو حضرت عمر نے کہا پھر زمین آپ کو نہیں مل سکتی۔ پھر حضرت عمر نے ایک گواہ کے ساتھ قسم پر فیصلہ کرنے سے انکار کیا۔ حضرت عباس نے کچھ اصرار کیا تو حضرت عمر نے عبداللہ بن عباس سے کہا کہ آپ اپنے باپ کا ہاتھ پکڑو اور انہیں لے جاؤ۔ (کنز العمال ج ۲ ص ۳۰۸)

حدیث نمبر ۱۱:

امام زہری سے جو امیر المومنین فی الحدیث کے لقب سے موسوم ہیں۔ ایک گواہ کے ساتھ قسم پر فیصلہ کرنے کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے کہا

هذا شيء احدثه الناس لا بد من شاهدين

یہ وہ چیز ہے جو لوگوں نے ایجاد کرلی ہے۔ فیصلے کے لیے دو گواہوں کا ہونا ضروری ہے۔ (مصنف عبدالرزاق، الجوہر النقی بھامش البیہقی ص ۱۷۵ ج ۱۰)

مندرجہ بالا دلائل بالکل واضح اور صریح ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ فیصلہ کرنے کا یہ طریقہ دور صحابہ و تابعین میں سنت ثابتہ کی حیثیت سے رائج تھا۔ امام ابوحنیفہ کا طریقہ اجتہاد یہ ہے کہ وہ اپنی رائے کی بنیاد قرآن کی نصوص مشہور و معمول بہ احادیث اور شریعت کے اصول کلیہ پر رکھتے ہیں اور اگر ایک یا زیادہ اخبار آثار ان کے خلاف وارد ہوں تو ان کی تشریح قرآن مجید، معمول بہ احادیث اور اصول کلیہ کی روشنی میں کرتے ہیں اور اگر کسی طرح سے اخبار آحاد کی تاویل ممکن نہ ہو تو نصوص قرآن، معمول بہ احادیث اور اصول کلیہ کو اختیار

کر کے اخبار احاد کو چھوڑ دیتے ہیں۔

اسی اصول کے مطابق انہوں نے زیر بحث مسئلے میں اس روایت کو قبول نہیں کیا جو جونا گڑھی نے نقل کی ہے۔ کیوں کہ وہ قرآن مجید اور مشہور و معمول بہ احادیث کے خلاف ہے۔

اعتراض نمبر ۶۸:

وتر میں اختلاف

(یعنی نو رکعت وتر ایک سلام سے پڑھنا)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ يُصَلِّيْ تِسْعَ رَكْعَاتٍ لاَ يَجْلِسُ فِيْهَا اِلَّا فِي الثَّامِنَةِ فَيَذْكُرُ اللهَ وَيَحْمَدُهُ وَيَدْعُوْهُ ثُمَّ يَنْهَضُ وَلاَ يُسَلِّمُ فَيُصَلِّي التَّاسِعَةِ ثُمَّ يَقْعُدُ فَيَذْكُرُ اللهَ وَيَحْمَدُهُ وَيَدْعُوْهُ ثُمَّ يُسَلِّمُ تَسْلِيْمًا.

(رواه مسلم مشكوة ص ۱۱۱ ج۱ باب الوتر كتاب الصلوة)

یعنی رسول اللہ ﷺ رات کو نو رکعت نماز پڑھتے آٹھویں رکعت میں ہی تشہد کے لیے بیٹھتے پھر سلام پھیرے بغیر کھڑے ہو جاتے اور نویں رکعت پڑھ کر سلام پھیرتے۔

دوستو! کیا یہ حدیث صریح اور صحیح اس امر پر نہیں؟ کہ نو رکعت ایک سلام سے پڑھ سکتے ہیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن آپ کا حنفی مذہب اسے نہیں مانتا وہ کہتا ہے کہ آٹھ سے زیادہ رکعتیں ایک سلام سے پڑھنی مکروہ (یعنی حرام) ہیں دیکھیے آپ کے مذہب کی اول نمبر کتاب ہدایہ ص ۱۲۷ جلد اول کتاب الصلوٰۃ باب النوافل میں ہے **فاما نافلة الليل قال ابو حنيفة ان صلى**

ثمان ركعات بتسليمة جاز و تكره الزيادة على ذالك وقالا لا يزيد بالليل على ركعتين بتسليمة.

یعنی امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں رات کی نماز میں آٹھ رکعت تک تو ایک سلام سے پڑھ سکتا ہے اس سے زیادہ کا ایک سلام سے پڑھنا مکرو ہے اور ان کے دونوں شاگردان رشید فرماتے ہیں کہ ایک سلام سے دو رکعت سے زیادہ پڑھے ہی نہیں۔

حنفی بھائیو! اب تم کہو امام صاحب کی مانو گے؟ یا ان کے شاگردوں کی؟ یا رسول اللہ ﷺ کی؟

(شمع محمدی ص ۹۰، ظفر المبین حصہ اول ص ۱۳۶، احناف کا رسول اللہ سے اختلاف ص ۳۴۴)

جواب:

جونا گڑھی نے یہ اعتراض ظفر المبین سے نقل کیا ہے اس کا جواب فتح المبین ص ۱۳۴ پر دیا گیا ہے۔ مختصر جواب یہ ہے کہ امام سرخسی میں لکھا ہے۔

الا اصح ان الزيادة لا تكره لما فيها من وصل العبادة وهو افضل.

یعنی صحیح تر یہ ہے کہ آٹھ رکعت سے زیادہ مکروہ نہیں اس لیے کہ اس میں اتصال عبادت ہے اور وہ بہتر ہے۔ (بحوالہ تبیین الحقائق باب الوتر والنوافل)

امام سرخسی حنفی کی اس عبارت سے یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ ہمارے ہاں مکروہ نہیں باقی وتروں کے متعلق حنفی طریقہ قرآن وسنت کے مطابق ہے دلائل ملاحظہ فرمائیں۔

وتر پڑھنے کا طریقہ:

ابتدائے اسلام میں نماز میں سلام کلام کی بھی گنجائش تھی اور وتر نفل تھے اس لیے بعض اوقات آنحضرت ﷺ تین وتروں میں دو رکعت کے بعد سلام پھیر دیتے اور ایک وتر علیحدہ پڑھ لیتے، دیکھنے والے اس کو دو طرح روایت کر دیتے بعض صرف آخری رکعت کا خیال کر

کے اسے ایک رکعت ہی روایت کر دیتے اور بعض یوں بیان کر دیتے کہ تین دو سلاموں سے ادا فرمائے لیکن جیسے باقی نمازوں میں سلام کلام جائز نہیں رہا ایسے ہی وتر کے درمیان بھی سلام کلام جائز نہیں رہا۔

وتر تین رکعات ہیں:

(۱) عن ابی بن کعب قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یقرأ فی الوتر بسبح اسم ربك الاعلٰی وفی الرکعة الثانیة بقل یاایها الکافرون وفی الثالثة بقل هو الله احد ولا یسلم الا فی آخرهن ویقول یعنی بعد التسلیم سبحان الملك القدوس ثلاثا. (نسائی ج۱ ص۱۹۱)

حضرت ابی بن کعب ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ وتر (کی پہلی رکعت) میں سبح اسم ربک الاعلٰی، دوسری رکعت میں قل یا ایھا الکافرون، تیسری رکعت میں قل ھو اللہ احد پڑھتے تھے اور سلام فقط آخری رکعت ہی میں پھیرتے تھے اور سلام پھیرنے کے بعد تین دفعہ سبحان الملک القدوس کہتے تھے۔

(۲) عن عائشة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان اذا صلی العشاء دخل المنزل ثم صلی رکعتین ثم صلی بعدهما رکعتین اطول منهما ثم اوتر بثلاث لا یفصل بینهن الحدیث. (مسند احمد ج٦ ص١٥٦)

حضرت عائشہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب عشاء کی نماز پڑھ لیتے تو گھر تشریف لاتے پھر دو رکعت پڑھتے پھر ان سے لمبی دو رکعتیں اور پڑھتے پھر تین رکعات وتر پڑھتے اور ان تینوں رکعتوں میں فصل نہیں فرماتے تھے (یعنی دو رکعت کے بعد سلام نہیں پھیرتے تھے)

(۳) عن سعد بن هشام ان عائشة حدثته ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان لا یسلم فی رکعتی الوتر.

(نسائی ج۱ ص۹۱، مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص۲۵۹)

حضرت سعد بن ہشام سے روایت ہے کہ سیدہ عائشہ ؓ نے ان سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ وتر کی دو رکعت کے بعد سلام نہیں پھیرتے تھے۔

(٤) عن عائشة قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یسلم فی الرکعتین الاولیین من الوتر.

(مستدرك حاکم ج۱ ص۳۰٤، دار قطنی ج۲ ص۳۲)

حضرت عائشہ ؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ وتر کی دو رکعتوں کے بعد سلام نہیں پھیرتے تھے۔

(۵) عن عائشه قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یوتر بثلٰث لا یسلم الا فی آخرهن وهذا وتر امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی الله عنه وعنه اخذه اهل المدینة. (مستدرك حاکم ج۱ ص۳۰٤)

حضرت عائشہ ؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ تین رکعات وتر پڑھتے تھے اور سلام فقط آخری رکعت میں پھیرتے تھے اور یہی امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب ؓ کے بھی وتر ہیں، انہیں سے یہ اہل مدینہ نے لیے ہیں

حضرت عمر فاروق ؓ تین وتر ایک سلام سے پڑھتے تھے:

(٦) عن المسور بن مخرمة قال دفنا ابا بکر لیلا فقال عمر انی لم اوتر فقام وصففنا وراءه فصلی بنا ثلاث رکعات لم یسلم الا فی آخرهن.

(طحاوی ج۱ ص۲۰۲، مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص۲۹۳، مصنف عبد الرزاق ج۳ ص۲۰)

حضرت مسور بن مخرمہ ؓ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت ابوبکر ؓ کو رات کے وقت دفن کیا، (فراغت پر) حضرت عمر ؓ فرمانے لگے کہ میں نے وتر نہیں پڑھے، آپ کھڑے ہوئے تو ہم نے بھی آپ کے پیچھے صف باندھ لی، آپ نے ہمیں تین رکعات نماز

وتر پڑھائی اور سلام فقط ان کے آخر ہی میں پھیرا۔

(۷) عن عمر بن الخطاب انه اوتر بثلث ركعات لم يفصل بينهن بسلام. (مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص۲۹٤)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے تین رکعات وتر پڑھے اور تینوں رکعتوں میں سلام کے ذریعہ فصل نہیں کیا۔ (یعنی دو رکعتوں پر سلام نہیں پھیرا۔)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بھی وتر تین رکعات ایک سلام سے پڑھتے تھے:

(۸) عن الحسن قال كان ابی بن كعب يوتر بثلاث لا يسلم الا فی الثالثة مثل المغرب. (مصنف عبدالرزاق ج۳ ص۲٦)

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ وتر تین رکعات پڑھا کرتے تھے اور سلام فقط تیسری رکعت میں پھیرتے تھے مغرب کی نماز کی طرح۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ تین رکعات وتر ایک سلام سے پڑھتے تھے:

(۹) عن ثابت قال قال انس يا ابا محمد خذ علی فانی اخذت عن رسول الله صلی الله عليه وسلم واخذ رسول الله صلی الله عليه وسلم عن الله ولن تاخذ عن احد اوثق منی قال ثم صلی بی العشاء ثم صلی ست ركعات يسلم بين الركعتين ثم اوتر بثلث يسلم فی آخرهن.

(كنز العمال ج۸ ص٦٦)

حضرت ثابت فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے ابو محمد مجھ سے اخذ کرا کیوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اور آپ نے اللہ تعالیٰ سے اخذ کیا ہے اور تم ہرگز مجھ سے زیادہ ثقہ آدمی سے اخذ نہیں کر سکتے۔

حضرت ثابت فرماتے ہیں کہ پھر آپ نے مجھے عشاء کی نماز پڑھائی پھر چھ رکعات نفل ادا کیے ہر دو رکعت پر سلام پھیرتے رہے پھر آپ نے تین رکعات وتر پڑھے اور ان کے آخر

...سلام پھیرا۔

(۱۰) عن ثابت قال صلی بی انس الوتر وانا عن يمينه وام ولده خلفنا ثلاث ركعات لم يسلم الا فی آخرهن ظننت انه يريد ان يعلمنی.

(طحاوی ج۱ ص۲۰۲)

حضرت ثابت فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے مجھے وتر کی تین رکعتیں پڑھائیں اس حال میں کہ ان کی دائیں جانب تھا اور ان کی ام ولد ہمارے پیچھے آپ نے سلام فقط آخر میں پھیرا میرا غالب گمان یہ ہے کہ آپ مجھے وتر کا طریقہ سکھلا رہے تھے۔

حضرت مکحول بھی وتر تین رکعات ایک سلام سے پڑھتے تھے:

(۱۱) عن مكحول انه كان يوتر بثلث لا يسلم فی ركعتين.

(مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص۲۹٤)

حضرت مکحول سے مروی ہے کہ وہ وتر تین رکعات پڑھا کرتے تھے اور دو رکعتوں کے بعد سلام نہیں پھیرتے تھے۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز کا وتر کے متعلق فیصلہ:

(۱۲) ثنا ابن وهب قال اخبرنی ابن ابی الزناد عن ابيه قال اثبت عمر بن عبد العزيز الوتر بالمدينة بقول الفقهاء ثلثا لا يسلم الا فی آخرهن.

(طحاوی ج۱ ص۲۰۳)

ہمیں حدیث بیان کی ابن وہب نے وہ فرماتے ہیں کہ مجھے خبر دی ابن ابو الزناد نے اپنے والد کے واسطے سے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے مدینہ طیبہ میں فقہاء کے قول کے مطابق وتر تین رکعات مقرر کر دیئے تھے جن میں سلام صرف آخر میں پھیرا جاتا تھا۔

مدینہ طیبہ کے سات فقہاء بھی ایک سلام کے ساتھ تین رکعات وتر کے قائل تھے:

(۱۳) ثنا عبدالرحمن بن ابی الزناد عن ابیه عن (الفقهاء) السبعة سع
بن المسیب وعروة بن الزبیر والقاسم بن محمد وابی بکر بن عبدالرحم
وخارجة بن زید و عبید الله وسلیمان بن یسار فی مشیخة سواهم اهل فق
وصلاح وفضل و ربما اختلفوا فی الشیء فاخذ بقول اکثرهم وافضلهم
رأیا فکان مما وعیت عنهم علی هذه الصفة ان الوتر ثلث لایسلم الا
آخرهن. (طحاوی ج۱ ص۲۰٤)

ہم سے حدیث بیان کی عبدالرحمٰن بن ابو الزناد نے اپنے والد سے روایت کرتے ہوئے اور انہوں نے روایت کی سات (فقہاء تابعین) یعنی سعید بن مسیب، عروہ بن زبیر، قاسم بن محمد، ابوبکر بن عبدالرحمٰن، خارجہ بن زید، عبیداللہ بن عبداللہ اور سلیمان بن یسار سے ان کے علاوہ فقیہ اہل صلاح اور صاحب فضل بزرگوں کی موجودگی میں روایت کی بزرگ اگر کسی مسئلہ میں اختلاف کرتے تو اس شخص کے قول پر عمل کرتے جو زیادہ ذی رائے اور افضل ہوتا، میں نے جو باتیں ان سے یاد کی ہیں اس طریقہ پر ان میں سے ایک یہ ہے کہ وتر تین رکعات ہیں جن میں سلام فقط آخر ہی میں پھیرا جائے گا۔

اہل اسلام کا اجماع کہ وتر ایک سلام سے تین رکعات ہیں:

(۱٤) عن الحسن قال اجمع المسلمون ان الوتر ثلث لا یسلم الا فی
آخرهن. (مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص۲۹٤)

حضرت حسن بصری فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کا اس بات پر اجماع ہے کہ وتر تین رکعات ہیں جن میں صرف آخری رکعت ہی میں سلام پھیرا جائے گا۔

(۱۵) حضرت ابو اسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے (ہزاروں) اصحاب (تین وتر پڑھتے تھے) اور دو رکعتوں کے بعد سلام نہیں پھیرتے تھے۔

ان تمام روایات سے یہ ثابت ہوا کہ اکثر مسلمانوں کا ان ہی احادیث پر عمل جاری رہا ...امت کے بعد سلام پھیرنے پر عمل تو کیا جاری رہتا۔ کسی راوی نے صرف حدیث ہی ...کی تو شاگرد ہنس کر کہنے لگا کہ انی لاخاف ان یقول الناس هی البتیراء میں ڈرتا ...لوگ اس طریقے کو دم کٹی نماز کہیں۔ (طحاوی ج۱ ص۱۹۲)

ظاہر ہے کہ اس وقت لوگ یا صحابہ تھے یا تابعین ان کا اس طریقے کو دم کٹی کہنا اس ...کے متروک العمل ہونے کی دلیل ہے جیسا کہ کوئی شخص کھڑے ہو کر پیشاب کرنے ...کرتا تو لوگ اعتراض کرتے۔

افسوس کہ غیر مقلدین نے احناف کی ضد میں ان احادیث پر عمل چھوڑ رکھا ہے جن پر ...عمل جاری رہا اور شاذ روایات کو اپنانا اپنا مشن بنا لیا ہے۔

درمیانی قعدہ:

احناف کی ضد میں یا تو غیر مقلدین دو رکعت کے بعد سلام پھیرتے ہیں یہ غلط طریقہ ...اس کہ اس پر عمل باقی نہیں رہا یا احناف کی ضد میں دو رکعت پر سرے سے قعدہ ہی نہیں ... یہ بھی ترک واجب ہے۔

(۱) ابوداؤد شریف میں حدیث ہے کہ ایک نماز میں آنحضرت ﷺ درمیانی قعدہ بھول گئے تو آپ نے سجدہ سہو فرمایا۔

اس لیے اگر کوئی بھول کر بھی یہ قعدہ نہ کرے تو سجدہ سہو واجب ہے ورنہ اعادہ نماز ...ہے۔

(۲) عن عائشة قالت (فی حدیث طویل) وکان یقول فی کل رکعتین
التحیة. (مسلم ج۱ ص۱۹٤)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا (ایک لمبی حدیث کے ذیل میں) فرماتی ہیں کہ اور آنحضرت ﷺ ... کرتے تھے کہ ہر دو رکعت میں التحیات ہے۔

(۳) عن الفضل بن عباس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الصلوٰة مثنٰی مثنٰی تشهد فی کل رکعتین، الحدیث. (ترمذی ج۱ ص ۸۷)

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نماز دو دو رکعت ہوتی ہے، ہر دو رکعتوں میں تشہد ہے۔

(٤) عن عبدالله بن مسعود مرفوعًا الی النبی صلی الله علیه وسلم قال اذا قعدتم فی کل رکعتین فقولوا التحیات لله، الحدیث.

(نسائی ج۱ ص۱۳۰)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جب تم ہر دو رکعت میں قعدہ کرو تو التحیات للہ (آخر تک) پڑھو۔

(۵) عن ام سلمة ان النبی صلی الله علیه وسلم قال فی کل رکعتین تشهد و تسلیم علی المرسلین وعلی من تبعهم من عباد الله الصالحین.

(مجمع الزوائد ج۲ ص۱۳۹)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ ہر دو رکعت میں تشہد ہے اور رسولوں پر ان کی پیروی کرنے والے اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہے۔

(۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کو ظہر یا عصر کی نماز پڑھائی اور دو رکعتوں پر کھڑے ہو گئے لوگوں نے سبحان اللہ کہا مگر آپ ﷺ نے پرواہ نہیں کی پس جب آپ نماز پوری کر چکے تو دو سجدے سہو کے کیے اور پھر سلام پھیرا۔ (رواہ البزار مجمع الزوائد ج۱ ص۲۰۲) اور کہا اس کے سب راوی ثقہ ہیں۔

(۷) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا صلوٰۃ اللیل مثنٰی مثنٰی رات کی نماز دو دو رکعت ہے۔ جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا کہ دو دو رکعت کا کیا مطلب ہے تو فرمایا ان تسلم فی کل رکعتین (صحیح مسلم ج۱ ص۲۵۷)

کہ تم ہر دو رکعت پر سلام پھیرو۔ چنانچہ تہجد کی نماز میں ہر دو رکعت پر سلام پھیرا جاتا تھا البتہ وتر کی دو رکعت کے بعد آخر میں یہ سلام باقی نہ رہا تو التحیات پڑھ کر بغیر سلام پھیرے تیسری رکعت میں کھڑے ہوتے تھے اس لیے وہ تمام حدیثیں بھی جن میں سلام کی نفی ہے قعدہ کی دلیل ہیں۔

اور وہ تمام احادیث جن میں نماز وتر کو نماز مغرب جیسا قرار دیا ہے (جو پہلی گزری ہیں) وہ بھی درمیانی قعدہ کے لیے دلیل ہیں کیوں کہ مغرب کے تین فرضوں کی دو رکعتوں کے بعد اگر التحیات نہ پڑھے یعنی قعدہ نہ کرے تو بالاتفاق سجدہ سہو واجب ہے۔

(۸) عن عبدالله قال ارسلت امی لیلةً لتبیت عند النبی صلی الله علیه وسلم فتنظر کیف یوتر فصلی ما شاء الله ان یصلی حتی اذا کان آخر اللیل واراد الوتر قرأ بسبح اسم ربك الاعلیٰ فی الرکعة الاولیٰ وقرأ فی الثانیة قل یا ایها الکفرون ثم قعد ثم قام ولم یفصل بینهما بالسلام ثم قرأ بقل هو الله احد حتی اذا فرغ کبر ثم قنت فدعا بما شاء الله ان یدعو ثم کبر و رکع الخ. (الاستیعاب فی معرفة الاصحاب لابن عبدالبر ج٤ ص۷۱)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی والدہ کو ایک دفعہ رات گزارنے کے لیے نبی علیہ السلام کے یہاں بھیجا تا کہ وہ یہ دیکھیں کہ آپ وتر کیسے پڑھتے ہیں (آپ کی والدہ فرماتی ہیں کہ) آپ نے نماز پڑھی جتنی کہ اللہ تعالیٰ نے چاہی حتی کہ جب رات کا اخیر ہو گیا اور آپ نے وتر پڑھنے کا ارادہ کیا تو پہلی رکعت میں سبح اسم ربك الاعلیٰ اور دوسری میں قل یاایها الکفرون پڑھیں پھر قعدہ کیا پھر قعدہ کے بعد کھڑے ہوئے اور ان کے درمیان سلام کے ساتھ فصل نہیں کیا پھر آپ نے قل هو الله احد پڑھی جب آپ قرأت سے فارغ ہوئے تو تکبیر کہی اور دعائے قنوت پڑھی اور قنوت میں جو اللہ نے چاہا دعا مانگی پھر اللہ اکبر کہہ کر رکوع کیا۔

(۹) عنْ عبدالله بن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم صلوٰة اللیل مثنیٰ مثنیٰ فاذا اردت ان تنصرف فارکع رکعة توتر لك ماصلیت قال القاسم ورأینا اناسا منذ ادرکنا یوترون بثلٰث الحدیث.

(بخاری ج۱ ص۱۳۵)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا رات کی نماز دو دو رکعت ہوتی ہے پھر جب تمہارا فارغ ہوکر جانے کا ارادہ ہو تو ایک رکعت اور پڑھ لو یہ تمہاری پڑھی ہوئی نماز کو وتر بنا دے گی۔ حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ ہم نے لوگوں کو دیکھا جب سے ہم نے ہوش سنبھالا کہ وہ وتر تین رکعات ہی پڑھتے ہیں۔

دیکھئے بخاری شریف کی اس حدیث سے تین رکعت وتر ایک سلام اور دو التحیات سے ثابت ہو گئے ان سب مشہور روایات کے خلاف غیر مقلدین جس روایت سے استدلال کرتے ہیں وہ یہ ہے۔

امام حاکم نے پہلے دو سندوں سے سعید بن ابی عروبہ عن قتادہ عن زرارہ بن ابی اوفی عن سعد بن ہشام بن عائشہ سے یہ حدیث نقل کی ہے کہ آنحضرت ﷺ وتر کی پہلی دو رکعتوں کے بعد سلام نہیں پھیرتے تھے اور لکھا ہے کہ یہ حدیث مستدرک حاکم کے علاوہ نسائی ج۱ ص ۲۴۸، موطا امام محمد ص۱۵۱، طحاوی ج۱ ص۱۹۳، محلی ابن حزم ج۲ ص۴۸، ابن ابی شیبہ ج۲ ص۲۹۵، دار قطنی ص۱۷۵، بیہقی ج۳ ص۳۱، مسند احمد ج۶ ص۱۵۶، طبرانی صغیر ان دس کتابوں میں حدیث کے الفاظ یہی ہیں کہ دو رکعت پر سلام نہیں پھیرتے تھے۔

اخبرنا ابو نصر احمد بن سهل الفقیه بنجار ثنا صالح بن محمد بن حبیب الحافظ ثنا شیبان بن فروخ ابن ابی شیبة ثنا ابان عن قتادة عن زراه بن ابی اوفی عن سعد بن هشام عن عائشة قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یوتر بثلاث لا یسلم (فی نسخة لا یقعد) الا فی آخرهن وهذا

وتر امیر المومنین عمر بن الخطاب وعنه اخذه اهل المدینة.

(المستدرک ج۱ ص۳۰۴)

گویا دس سندوں میں تو اتفاق ہے کہ حدیث کے الفاظ لا یسلم ہیں یعنی آپ دو رکعتوں کے بعد سلام نہیں پھیرتے تھے اور گیارہویں سند میں دو نسخے ہیں ایک تو یہی لا یسلم دوسرا لا یقعد کہ آپ دو رکعتوں کے بعد نہیں بیٹھتے تھے۔ اس لیے ضروری ہوا کہ یہ نسخہ جو گیارہ سندوں کے خلاف ہے اس کی سند اور متن کی تحقیق کی جائے کیوں کہ اس نسخہ کی مثال ایسی ہی ہے جیسے متواتر آیت قرآنی کے خلاف کوئی شاذ قرأت ہو یا محکم کے مقابلہ میں متشابہ آ جائے۔

اس کی سند کے پہلے دو راویوں کے حالات نہ تقریب میں ملے ہیں نہ تذکرۃ الحفاظ اور میزان الاعتدال اور تہذیب التہذیب میں۔

تیسرے راوی شیبان بن فروخ کے بارہ میں تقریب التہذیب ص ۱۴۸ پر لکھا ہے صدوق یہم ورمی بالقدر یعنی سچا ہے مگر وہم کا شکار تھا اور تقدیر کے انکار کی بھی تہمت اس پر تھی۔

چوتھا راوی ابان ہے ابان کی ولدیت سند میں مذکور نہیں تقریب التہذیب میں دس ابان نامی راوی ہیں جن میں سے آٹھ ضعیف ہیں اور دو ثقہ ہیں علامہ نیموی نے اس کو ابان بن یزید قرار دیا ہے لیکن ان کی بات غیر مقلدین کے لیے حجت نہیں بن سکتی اور علامہ نیموی فرماتے ہیں کہ ابان بن یزید گو ثقہ ہے لیکن اس کی یہ روایت ثقہ کے خلاف ہونے کی وجہ سے غیر محفوظ ہے۔ (آثار السنن ج۱ ص۱۵)

فتاویٰ علمائے حدیث میں ہے ابان کی روایت میں بجائے لا یقعد کے لا یسلم ہے (یعنی سلام نہیں پھیرا کرتے تھے) اس لیے امام بیہقی کی تصریح کے مطابق لا یقعد والے الفاظ کو خطاء اور غلطی تصور کرنا چاہیے۔ (فتاویٰ علمائے حدیث ج۳ ص۱۹۹)

اس روایت کا مدار قتادہ پر ہے اور قتادہ جب عن سے روایت کرے تو غیر مقلدین کا اتفاق ہے کہ اس کی روایت حجت نہیں کیوں کہ صحیح مسلم کی حدیث واذا قرأ فانصتوا کو ماننے سے اسی لیے انکار کیا ہے کہ قتادہ عن سے روایت کر رہا ہے۔ اور نسائی ج ا ص ۱۲۳ کی حدیث مالک بن الحویرث جس میں سجدوں کے وقت بھی رفع یدین کرنے کا ذکر ہے قتادہ عن سے روایت کرتے ہیں اور یہ لوگ اس کو نہیں مانتے اس لیے قتادہ کی روایت ان کے نزدیک کیسے حجت بن سکتی ہے اس لیے سند کے اعتبار سے یہ روایت ہرگز قابل استدلال نہیں۔

اس کے متن پر غور کریں تو بھی جملہ لا یقعد صحیح نہیں کیوں کہ اس کے بعد اسی روایت میں یہ بھی ہے کہ وتر پڑھنے کا یہ طریقہ حضرت عمر کا تھا اور یہ طریقہ اہل مدینہ نے ان سے اخذ کیا اب دیکھنا ہے کہ حضرت عمر کا طریقہ لا یقعد والا تھا یا لا یسلم والا تو پہلے گزر چکا ہے کہ حضرت صدیق اکبر کے دفن کے بعد جب حضرت عمر نے سب کو نماز وتر پڑھائی تو آخر میں سلام پھیرا اس میں لا یسلم ہے لا یقعد نہیں۔

حسن بصری سے جب کہا گیا کہ حضرت ابن عمر دو رکعتوں کے بعد سلام پھیرتے تھے تو حسن بصری نے فرمایا کہ ان کے والد حضرت عمر بڑے فقیہ تھے وہ دوسری رکعت پر سلام پھیرے بغیر تکبیر سے اٹھتے تھے۔ (مستدرک ج ا ص ۳۰۴) حضرت عمر سے کسی صحیح سند سے لا یقعد کا لفظ ثابت نہیں۔

دوسری بات اہل مدینہ کے وتر کی بابت ہے ان کے بارہ میں بھی گزر چکا کہ بالاتفاق لا یسلم والا طریقہ تھا کسی ایک روایت میں بھی لا یقعد نہیں آتا۔

الغرض لا یقعد والی روایت نہ سنداً صحیح ہے نہ متناً اور اکثر احادیث کے خلاف ہونے کی وجہ سے نہایت منکر روایت ہے۔

نتیجتاً غیر مقلدین جو تین وتر پڑھتے ہیں دونوں طریقے غلط ہیں ایک متروک بالاجماع ہے دوسرا منکر اور مشہور روایت کے مقابلہ میں منکرات پر عمل کرنا درست نہیں۔

اعتراض نمبر ۶۹:

قرآن دشمنی

(یعنی فرض کی آخری دو رکعتوں میں قرأت کرنا)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَّمْ يَقْرَأْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

(متفق علیه، مشکوٰة جلد اول ص ۷۸ کتاب الصلوٰة باب القرأة)

یعنی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں جو شخص سورہ فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز نہیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

حنفی مذہب اس کے برخلاف کہتا ہے کہ

وَهُوَ مُخَيَّرٌ فِي الْاُخْرَيَيْنِ مَعْنَاهُ اِنْ شَاءَ سَكَتَ وَاِنْ شَاءَ قَرَأَ وَاِنْ شَاءَ سَبَّحَ. **(ہدایه جلد اول ص ۱۲۸ کتاب الصلاة فصل القرأة)**

یعنی فرض نماز کی دو آخری رکعتوں میں نماز پڑھنے والا مختار ہے یعنی اگر چاہے تو چپکا کھڑا رہے اگر چاہے پڑھے اگر چاہے سبحان اللہ کہہ لے۔

ناظرین میں یہاں مقتدی کی قرأت کے اختلاف میں بحث نہیں کر رہا۔ ان پرانے مسائل کو تو میں نے ان مضمون میں چھوا بھی نہیں۔ یہاں تو مسئلہ یہ ہے کہ حدیث کی رو سے کسی نماز کی کوئی رکعت بغیر الحمد شریف پڑھے نہیں ہوتی۔ لیکن حنفی مذہب اسے سرے سے مانتا ہی نہیں۔ نہ صرف مقتدی کے حق میں بلکہ اکیلے نمازی کے لیے امام کے لیے بھی اس کا مسئلہ ہے کہ ظہر، عصر، عشاء کی نماز میں اسے اختیار ہے کہ پچھلی دو رکعتوں میں صرف سبحان

اللہ کہہ کر رکوع کرلے۔ سورہ فاتحہ کا بلکہ قرآن کا ایک لفظ بھی نہ پڑھے۔ تو بھی اس کی نماز ہو جائے گی۔ بلکہ سبحان اللہ بھی نہ کہے نہ قرآن پڑھے نہ الحمد پڑھے صرف ذرا سی دیر چپکے ہی چپکے کھڑا ہو کر بغیر کچھ پڑھے بھی سجدہ کرلے تو اسے اختیار ہے۔

اب اے کلمہ گو بھائیو! تم رسول اللہ ﷺ کی مانو گے؟ یا حنفی مذہب کی؟

(شمع محمدی ص۹۱، ظفر المبین حصہ اول ص۷۶، احناف کا رسول اللہ سے اختلاف ص۲۸۱)

جواب:

یہاں پر مسئلہ یہ ہے کہ چار رکعت والی فرض نماز میں آخری دو رکعتوں میں قرأت کرنے کا حکم کیا ہے۔ غیر مقلدین کے نزدیک فرض ہے اور احناف کے نزدیک مستحب ہے۔ اور بعض حنفی فقہاء سنت کے بھی قائل ہیں۔ کیوں کہ جتنی قرأت لازمی تھی وہ تو پہلی رکعت میں ادا ہوگئی۔ اور پچھلی دو رکعتوں میں رکعات کے فرض یا واجب ہونے کی کوئی واضح دلیل موجود نہیں۔ جن دلائل سے پچھلی دو رکعتوں میں قرأۃ کا ذکر ملتا ہے۔ ہمارے نزدیک ان سے صرف استحباب یا زیادہ سے زیادہ سنت ہی ثابت ہوتی ہے۔ فرض یا واجب ثابت نہیں ہوتی۔ یہاں پر صرف فرض کی نفی ہے۔ مستحب کے تو ہم خود قائل ہیں۔

حنفی مذہب کے دلائل ملاحظہ فرمائیں۔

حدیث نمبر۱:

حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ امام کے پیچھے قرأت نہیں کرتے تھے۔ نہ جہری میں نہ سری میں نہ پہلی دو رکعات میں نہ آخری دو رکعات میں لیکن جب تنہا نماز پڑھتے تو پہلے دو رکعت میں سورہ فاتحہ اور دوسری کوئی سورت پڑھتے اور آخری رکعات میں کچھ نہیں پڑھتے تھے۔ (موطا امام محمد باب القرأۃ فی الصلوٰۃ خلف الامام)

حدیث نمبر۲:

عبیداللہ بن ابی رافع نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا کہ حضرت علی ؓ ظہر اور عصر

کی پہلی دو رکعتوں میں سورت فاتحہ اور اس کے ساتھ کوئی سورت پڑھتے تھے اور دوسری دو رکعتوں میں بالکل قرآن نہیں پڑھتے تھے۔

(مصنف عبدالرزاق باب کیف القرأۃ فی الصلوٰۃ ج۲ ص۶۵ حدیث نمبر۲۶۵۸، شرح معانی الآثار ج۱ ص۵۲، مصنف ابن ابی شیبہ ج۱ ص۳۲۷)

حدیث نمبر۳:

حضرت عائشہ ؓ آخری دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ پڑھتی تھیں اور فرماتی تھیں ان دو رکعتوں میں دعا ہے۔

(مصنف عبدالرزاق حدیث نمبر۲۶۶۵، مشکل الآثار طحاوی ج۱ ص۵۳)

حدیث نمبر۴:

جابر بن سمرہ فرماتے ہیں حضرت عمر ؓ نے حضرت سعد ؓ سے کہا کوفیوں نے تیری ہر طرح کی شکایت کی ہے۔ حتی کہ نماز تک کی، حضرت سعد ؓ نے جواب دیا میں تو پہلی دو رکعتوں میں لمبی سورتیں پڑھتا ہوں اور پچھلی دو میں حذف کرتا ہوں۔ (حذف کرتا ہوں کا مطلب سورتیں نہیں پڑھتا) میں تو آنحضرت ﷺ کی پیروی میں کوئی کمی نہیں کرتا۔ آپ نے فرمایا تو سچا ہے یہی تجھ سے گمان ہے۔ یا میرا گمان تجھ سے یہی ہے۔

(بخاری کتاب الاذان باب یطول فی الاولیین ویحذف فی الاخریین)

حدیث نمبر۵:

عن ابراھیم قال اما قرأ علقمة فی الرکعتین الاخریین حرفًا قط.

(مصنف عبدالرزاق باب کیف القرأة فی الصلوٰة جلد نمبر۲ ص۶۵ حدیث نمبر ۲۶۶۵، مصنف ابن ابی شیبة باب من کان یقول بسبح فی الاخریین و لا یقرأ ص۳۲۷ حدیث۳۷٤۲)

اس اثر سے معلوم ہوا کہ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ پڑھنا کوئی ضروری نہیں ہے۔

حدیث نمبر ۶:

حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ (فرض کی) پہلی دو رکعتوں میں قرآن پڑھو اور پچھلی دو رکعتوں میں تم تسبیح پڑھتے رہو۔

(مصنف ابن ابی شیبہ ج ا ص ۳۷۲)

علامہ ابن قدامہ حنبلی کا حوالہ:

علامہ ابن قدامہ فرماتے ہیں:

امام احمد سے روایت ہے کہ نماز کی پچھلی دو رکعتوں میں قرأت واجب نہیں ہے اور اسی جیسا نظریہ امام نخعی، ثوری اور امام ابوحنیفہ کا ہے اس لیے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ میں پہلی دو رکعتوں میں قرأت کرتا ہوں اور پچھلی دو میں تسبیح پڑھتا ہوں۔

ان دلائل سے امام ابوحنیفہ کا نظریہ واضح طور پر ثابت ہوتا ہے کہ آخری دو رکعتوں میں قرأۃ فرض نہیں باقی رہا قرأۃ کا سنت یا مستحب ہونا تو امام صاحب اس کے قائل ہیں۔ اور احناف کا مسلک یہ ہے کہ پڑھنا زیادہ بہتر ہے اور ہدایہ میں بھی یہ لکھا تھا مگر مولانا جوناگڑھی نے نقل نہیں کیا۔

الا ان الافضل ان یقرأ مگر افضل یہ ہے کہ قرأۃ کرے (یعنی سورۃ پڑھے)

مفسر قرآن حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی حنفی لکھتے ہیں:

مسئلہ: تمام فرائض کی پہلی دو رکعات میں قرأۃ فرض ہے اور مغرب کی تیسری رکعت میں اور ظہر، عصر، عشاء کی آخری دو رکعات میں صرف سورۃ فاتحہ پڑھنی چاہیے اور گر اس کی بجائے تسبیح وتحمید کرتا رہے، تب بھی درست ہے، اگر بالکل سکوت کرے تب بھی نماز درست

ہوگی۔ لیکن افضل یہ ہے کہ سورۃ فاتحہ پڑھے۔

(ہدایہ ج ا ص ۹۶، شرح نقایہ ج ا ص ۸۱، کبیری ص ۲۷۷، نماز مسنون کلاں ص ۴۲۸)

اعتراض نمبر ۷۰:

عدم وجوب قرأت

صاحب شمع محمدی نقل کرتے ہیں۔

اور لطف کی بات سنیئے فرض نماز کا تو حنفی مذہب میں یہ حکم ہے لیکن نفلی نمازوں میں وہ چاروں رکعتوں میں قرأت واجب مانتا ہے۔ چنانچہ ہدایہ کے اسی صفحہ میں ہے والقرأۃ واجبۃ فی جمیع رکعات النفل یعنی نفلی نماز کی ہر ہر رکعت میں قرأت واجب ہے۔ پھر اسی صفحہ پر لکھتے ہیں۔ وان صلی اربعا ولم یقرأ فیھن شیئا اعاد رکعتین یعنی اگر کسی نے چار رکعت نفل نماز ادا کی اور چاروں میں قرأت نہیں کی تو اسے دو رکعتوں کو دہرانا چاہیے۔ اسے تو جانے ہی دیجیے کہ یہ الٹ پلٹ کیا ہو رہا ہے؟ ہمیں تو اس وقت اپنے دوستوں کو صرف یہ بتلانا ہے کہ حدیث جو اوپر کے نمبر میں گزری آپ کے سامنے ہے اور اس کے بالکل برخلاف حنفی مذہب بھی آپ کے سامنے ہے اب آپ کو اختیار ہے کہ جسے چاہیں مانیں جسے چاہیں جواب دیں۔ (شمع محمدی ص ۹۲)

جواب:

ہدایہ میں اس کی وجہ بھی ساتھ لکھی تھی۔ مولانا جوناگڑھی نے نقل نہیں کی۔ وجہ یہ ہے کہ نفل کی ہر دو رکعت ایک شفعہ ہے اور شفعہ مستقل نماز ہے۔ یہی وجہ ہے کہ چار رکعت کی نیت باندھی تو دو رکعت ہی لازم ہوگی۔ چار رکعت لازم نہیں ہوگی کیوں کہ ہر دو رکعت الگ الگ شفعہ ہے اس کا ثبوت حدیث میں موجود ہے۔

حدیث:

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا رات اور دن کی

(نفل) نماز دو دو رکعتیں ہیں۔ (ابوداؤد باب صلوٰۃ النہار)

علامہ وحید الزمان غیر مقلد اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

یعنی ہر دوگانے کے بعد سلام پھیرنا چاہیے یا ہر دوگانے کے بعد بیٹھ کر تشہد پڑھنا چاہیے یہ دلیل ہے ان لوگوں کی جو کہتے ہیں نفل دو دو رکعتیں پڑھنا بہتر ہے۔ رات اور دن میں۔ (ابوداؤد مترجم ج ا ص ۴۸۶، پارہ نمبر ۸ باب صلوٰۃ النہار)

ہدایہ کی عبارت کا مطلب یہ ہے مثلاً نفل نماز میں چار رکعتوں کی اکٹھی نیت کسی نے باندھی تو چاروں رکعتوں میں اسے سورہ فاتحہ بھی پڑھنی ہے اور سورت بھی ملانی ہے۔ فرض نماز کی طرح نہیں ہے کہ صرف پہلی دو رکعتوں میں قرأۃ پڑھے اور دوسری رکعتوں میں اسے اختیار ہے کہ صرف سورت فاتحہ پڑھے یا تسبیح پڑھے یا خاموش رہے۔ مگر پڑھنا بہتر ہے۔

نفل کی چاروں رکعتوں میں قرأۃ کیوں ضروری ہے کہ ہر شفع اس کی الگ نماز ہے۔ اور تیسری رکعت کھڑا ہونا گویا کہ الگ سے تحریمہ باندھنا ہے اسی وجہ سے فقہاء فرماتے ہیں کہ تیسری رکعت کے شروع میں پھر سبحانک اللھم پڑھے۔ اگر یہ مسئلہ قرآن یا حدیث کے خلاف تھا تو وہ آیت یا حدیث نقل کرتے مگر جوناگڑھی نے یہ کام نہیں کیا۔

اعتراض نمبر ۱۷:

فرضوں کے ہوتے ہوئے سنتیں

جوناگڑھی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَلَا صَلٰوةَ اِلَّا الْمَكْتُوْبَةَ.

(رواه مسلم مشكوة ج١ ص ٩٦ كتاب الصلوة باب الجماعة)

یعنی رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کہ جب فرض نماز کی اقامت یعنی تکبیر ہو گئی پھر سوائے اس فرض نماز کے اور کوئی نماز نہیں ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب کا فرمان ہے **مَنِ انْتَهٰى اِلَى الْاِمَامِ فِيْ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَهُوَ لَمْ يُصَلِّ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ اِنْ خَشِيَ اَنْ تَفُوْتَهُ رَكْعَةٌ وَيُدْرِكَ الْاُخْرٰى يُصَلِّيْ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ ثُمَّ يَدْخُلُ.**

یعنی جو شخص امام کے پاس پہنچے صبح کی نماز ہو رہی ہو اس نے دو رکعتیں سنت نہ پڑھی ہوں تو اگر اسے خوف ہو کہ ایک رکعت فوت ہو جائے گی اور دوسری جماعت سے پالے گا۔ تو اسے چاہیے کہ مسجد کے دروازے کے پاس دو رکعتیں سنت پڑھ کر پھر جماعت میں مل جائے۔

حنفی بھائیو! اب کہو رسول اللہ ﷺ کا تو حکم ہے کہ جماعت کھڑی ہونے پر اور نماز حرام۔ حنفی مذہب کا حکم ہے کہ باوجود جماعت کھڑی ہو جانے کے گو ایک رکعت فوت بھی ہو جائے صبح کی دو سنتیں پڑھ لے۔ پس اہل حدیث کا مذہب تو یہ ہے کہ اس موقعہ پر حدیث مانی جائے فقہ چھوڑی جائے۔ اس وقت کسی اور کی حدیث کے مقابلے میں ماننا منع ہے۔ لیکن آج کل کی تقلید یہ ہے کہ حدیث چھوڑ دی جائے اور فقہ مانی جائے۔ اب کہو تم مقلد رہو گے؟ امتی ہو گے؟ حدیث مانو گے یا فقہ پر عمل کرو گے؟

(شمع محمدی ص ۹۲، ظفر المبین حصہ اول ص ۱۱۸، فتح المبین علی رد مذاہب المقلدین ص ۵۴ و ص ۱۳۵، اختلاف امت کا المیہ ص ۶۷، سبیل الرسول ص ۳۶۱، احناف کا رسول اللہ ﷺ سے اختلاف ص ۳۱۹)

جواب:

تمام ائمہ کا اتفاق ہے کہ ظہر، عصر، عشاء کی سنتیں بوقت اقامت جماعت نہ پڑھیں۔ [illegible] کہ سنتیں بعد فرائض کے وقت میں پڑھی جا سکتی ہیں۔ ہاں فجر کی سنتیں جمہور صحابہ و تابعین، امام ابوحنیفہ، امام ثوری، امام مالک فی روایۃ امام اوزاعی، امام حسن بصری، امام

مسروق، امام ابویوسف، امام محمد، امام زفر کے نزدیک دو شرطوں سے پڑھی جا سکتی ہے۔

(۱) خارج مسجد ہو یا جماعت اور مصلی کے درمیان کوئی چیز حائل ہو۔

(۲) ایک رکعت، امام کے ساتھ مل جانے کا غالباً گمان ہو۔

(۱) احادیث کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ فجر کی نماز کی سنتوں کی تاکید باقی سنتوں کے مقابلہ میں بہت زیادہ ہے۔ (آثار السنن ج ۲ ص ۲۲، ج ۲ ص ۲۹)

(۲) نماز فجر کے بعد نوافل پڑھنا منع ہے۔ (آثار السنن ج ۲ ص ۲۷، ۲۸) تو اگر یہ سنتیں پہلے نہ پڑھی جائیں تو وقت میں پڑھنے کا موقع ہی نہ رہا۔

(۳) عدم قضاء تہ من غیر بتیۃ الفرض (معارف السنن ج ۴ ص ۴۷)

اس لیے احناف نے دلائل میں تطبیق کی ایسی کوشش کی کہ تطبیق بھی ہو جائے اور تمام فضیلتیں بھی حاصل ہو جائیں۔

فجر کی سنتوں کی فضیلت اور تاکید والی روایات

(۱) عن عائشة قالت قال رسول الله صلى عليه وسلم ركعتا الفجر خير من الدنيا و ما فيها. (مسلم ج۱ ص۲۵۱)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا فجر کی دو رکعتیں دنیا اور دنیا میں جو کچھ ہے سب سے بہتر ہیں۔

(۲) عن عائشة قالت لم يكن النبي صلى الله عليه وسلم شيء من النوافل اشد تعاهدًا منه على ركعتي الفجر.

(بخاری ج۱ ص۱۵٦، مسلم ج۱ ص۲۵۱)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی علیہ السلام کسی نفل کی اتنی زیادہ پابندی اور حفاظت نہیں کرتے تھے جتنی فجر کی دو رکعتوں کی۔

(۳) عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا

...دعوهما وان طردتكم الخيل. (ابو داؤد ج۱ ص۱۷۸)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ فجر کی دو رکعتوں کو ...ڑو اگرچہ گھوڑے تمہیں روند ڈالیں۔

دلائل احناف:

(۱) عن ابي هريرة رضي الله عنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا اقيمت فلا صلوٰة الا المكتوبة الا ركعتي الصبح.

(سنن الكبرىٰ بيهقي ج۲ ص٤٨٣)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب نماز کھڑی کر دی جائے تو کوئی نماز نہیں سوائے فرض نماز کے مگر فجر کی دو رکعتیں (یعنی سنت فجر)

(۲) عن ابي اسحق قال حدثني عبدالله بن ابي موسىٰ عن ابيه حين دعاهم سعيد بن العاص دعا ابا موسىٰ و حذيفة و عبدالله بن مسعود قبل ان يصلي الغداة ثم خرجوا من عنده وقد اقيمت الصلوٰة فجلس عبدالله الى اسطوانة من المسجد فصلى الركعتين ثم دخل في الصلوٰة.

(طحاوی ج۱ ص۲۵۷)

حضرت ابو اسحٰق فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابو موسیٰ اشعری کے صاحبزادے عبداللہ نے اپنے والد کے واسطے سے یہ حدیث بیان کی جب کہ ان کو حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ نے بلایا کہ حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری، حضرت حذیفہ، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو فجر کی نماز سے پہلے بلایا، پھر جب یہ حضرات ان کے پاس سے اٹھے تو جماعت کھڑی ہو چکی تھی، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے مسجد کے ایک ستون کے پاس بیٹھ کر دو رکعتیں پڑھیں پھر نماز میں شریک ہو گئے۔

(۳) عن عبدالله بن ابي موسىٰ قال جاء ابن مسعود والامام يصلي

الصبح فصلی رکعتین الی ساریة ولم یکن صلی رکعتی الفجر.

(معجم طبرانی کبیر ج۹ ص۲۷۷)

حضرت عبداللہ بن ابی موسیٰ اشعری فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مسجد میں تشریف لائے تو امام فجر کی نماز پڑھا رہا تھا آپ نے ایک ستون کی اوٹ میں فجر کی دو رکعت سنتیں ادا کیں جو آپ پہلے ادا نہیں کر سکے تھے۔

(۴) عن عبداللہ بن ابی موسیٰ عن عبداللہ انه دخل المسجد والامام فی الصلوٰة فصلی رکعتی الفجر. (طحاوی ج۱ ص۲۵۷)

حضرت عبداللہ بن ابی موسیٰ اشعری سے روایت ہے اور وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ (فجر کے وقت) مسجد میں تشریف لائے تو امام نماز میں تھا تو (پہلے) آپ نے فجر کی دو سنتیں پڑھیں۔

(۵) عن حارثة بن مضرب ان ابن مسعود و ابا موسیٰ خرجا من عند سعید بن العاص فاقیمت الصلوٰة فرکع بن مسعود رکعتین ثم دخل مع القوم فی الصلوٰة واما ابوموسیٰ فدخل فی الصف.

(مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص۲۵۱)

حضرت حارثہ بن مضرب سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما، حضرت سعید بن عاص رضی اللہ عنہ کے پاس سے نکلے تو فجر کی جماعت کھڑی ہو گئی۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تو فجر کی دو سنتیں پڑھ کر جماعت میں شریک ہوئے اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سیدھے صف میں داخل ہو گئے۔

(۶) عن مالك بن مغول قال سمعت نافعًا یقول ایقظت ابن عمر لصلوٰة الفجر وقد اقیمت الصلوٰة فقام فصلی رکعتین. (طحاوی ج۱ ص۲۵۸)

حضرت مالک بن مغول فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت نافع کو یہ فرماتے ہوئے سنا

کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو فجر کی نماز کے لیے جگایا جب کہ جماعت کھڑی ہو چکی تھی۔ آپ اٹھے اور (پہلے) دو رکعتیں پڑھیں۔

(۷) عن محمد بن کعب قال خرج عبداللہ بن عمر من بیته فاقیمت صلوٰة الصبح فرکع رکعتین قبل ان یدخل المسجد وهو فی الطریق ثم دخل المسجد فصلی الصبح مع الناس. (طحاوی ج۱ ص۲۵۸)

حضرت محمد بن کعب قرظی فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما گھر سے تشریف لائے تو فجر کی جماعت کھڑی ہو چکی تھی۔ آپ نے مسجد میں داخل ہونے سے پہلے راستہ میں ہی دو رکعت (فجر کی سنتیں) ادا کیں پھر مسجد میں داخل ہوئے اور فجر کی نماز لوگوں کے ساتھ ادا کی۔

(۸) عن زید بن اسلم عن ابن عمر انه جاء والامام یصلی الصبح ولم یکن صلی الرکعتین قبل الصبح فصلاهما فی حجرة حفصة ثم انه صلی مع الامام. (طحاوی ج۱ ص۲۵۸)

حضرت زید بن اسلم، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ آپ (فجر کی نماز کے لیے) تشریف لائے تو امام نماز پڑھا رہا تھا اور آپ نے فجر کی سنتیں نہیں پڑھی تھیں تو آپ نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے حجرے میں سنتیں ادا کیں پھر امام کے ساتھ نماز پڑھی۔

(۹) عن ابی مجلز قال دخلت المسجد فی صلوٰة الغداة مع ابن عمر و ابن عباس والامام یصلی فاما ابن عمر فدخل فی الصف واما ابن عباس فصلی رکعتین ثم دخل مع الامام فلما سلم الامام قعد ابن عمر مکانه حتی طلعت الشمس فقام فرکع رکعتین. (طحاوی ج۱ ص۲۵۷)

حضرت ابومجلز رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن

عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ فجر کی نماز کے لیے مسجد میں آیا تو امام نماز پڑھا رہا تھا، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما تو صف میں داخل ہو گئے لیکن حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما دو رکعت (سنت) پڑھ کر امام کے ساتھ شریک ہوئے پھر جب امام نے سلام پھیرا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنی جگہ بیٹھے رہے حتی کہ جب سورج نکل آیا تو اٹھ کر دو رکعتیں پڑھیں۔

(۱۰) عن ابی عثمان الانصاری قال جاء عبداللہ بن عباس والامام فی صلٰوۃ الغداۃ ولم یکن صلی الرکعتین فصلی عبداللہ بن عباس الرکعتین خلف الامام ثم دخل معھم. (طحاوی ج۱ ص۲۵۸)

حضرت ابو عثمان انصاری فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما (فجر کی نماز کے لیے مسجد) تشریف لائے تو امام نماز میں تھا اور آپ نے دو رکعتیں (سنت کی) نہیں پڑھی تھیں چنانچہ آپ نے دو رکعت سنت امام کے پیچھے پڑھیں پھر لوگوں کے ساتھ شریک (جماعت) ہو گئے۔

(۱۱) عن ابی الدرداء انہ کان یدخل المسجد والناس صفوف فی صلٰوۃ الفجر فیصلی الرکعتین فی ناحیۃ المسجد ثم یدخل مع القوم فی الصلٰوۃ. (طحاوی ج۱ ص۲۵۸)

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ مسجد میں تشریف لائے تو لوگ فجر کی نماز کی صف باندھے کھڑے ہوتے، آپ مسجد کے ایک گوشہ میں دو رکعت (سنت) ادا کرتے پھر لوگوں کے ساتھ نماز میں شریک ہو جاتے۔

(۱۲) عن ابی عثمان النھدی قال کنا نأتی عمر بن الخطاب قبل ان نصلی الرکعتین قبل الصبح وھو فی الصلٰوۃ فنصلی فی آخر المسجد ثم ندخل مع القوم فی صلٰوتھم. (طحاوی ج۱ ص۲۵۸)

حضرت ابو عثمان نہدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت

میں صبح کی دو سنتیں پڑھنے سے پہلے حاضر ہوتے تو آپ نماز پڑھا رہے ہوتے، ہم مسجد کے آخر میں دو سنتیں پڑھ کر لوگوں کے ساتھ ان کی نماز میں شریک ہو جاتے۔

(۱۳) عن حصین قال سمعت الشعبی یقول کان مسروق یجیء الی القوم وھم فی الصلٰوۃ ولم یکن رکعتی الفجر فیصلی الرکعتین فی المسجد ثم یدخل مع القوم فی صلٰوتھم. (طحاوی ج۱ ص۲۵۸)

حضرت حصین فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام شعبی کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت مسروق لوگوں کے پاس تشریف لاتے اس حال میں کہ لوگ نماز میں ہوتے اور آپ نے فجر کی دو رکعت سنت نہ پڑھی ہوتیں تو آپ مسجد میں دو رکعت سنت پڑھ کر لوگوں کے ساتھ ان کی نماز میں شریک ہو جاتے۔

(۱٤) عن الحسن انہ کان یقول اذا دخلت المسجد ولم تصل رکعتی الفجر فصلھما وان کان الامام یصلی ثم ادخل مع الامام. (طحاوی ج۱ ص۲۵۸)

حضرت حسن بصری سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ جب تم مسجد میں داخل ہو اور تم نے فجر کی سنتیں نہ پڑھی ہوں تو (پہلے) وہ سنتیں پڑھ لو اگرچہ امام نماز ہی پڑھا رہا ہو پھر امام کے ساتھ شریک ہو جاؤ۔

(۱۵) انا یونس قال کان الحسن یقول یصلیھما فی ناحیۃ المسجد ثم یدخل مع القوم فی صلٰوتھم. (طحاوی ج۱ ص۲۵۸)

حضرت ہشیم کہتے ہیں کہ ہمیں حضرت یونس نے خبر دی وہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری فرماتے تھے کہ فجر کی دو سنتیں مسجد کے ایک گوشہ میں پڑھ کر پھر لوگوں کے ساتھ ان کی نماز میں شریک ہو جائے۔

(۱٦) عن سعید بن جبیر انہ جاء الی المسجد والامام فی صلٰوۃ الفجر

فصلی الرکعتین قبل ان یلج المسجد عند باب المسجد۔

(مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص۲۵۱)

حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ وہ مسجد میں تشریف لائے تو امام فجر کی نماز پڑھا رہا تھا آپ نے مسجد میں داخل ہونے سے پہلے مسجد کے دروازے کے پاس ۲ رکعت سنت ادا کیں۔

(۱۷) عن مجاهد قال اذا دخلت المسجد والناس فی صلوٰة الصبح ولم ترکع رکعتی الفجر فارکعهما وان ظننت ان الرکعة الاولیٰ تفوتك

(مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص۲۵۱)

حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب تم مسجد میں داخل ہو اور لوگ صبح کی نماز پڑھ رہے ہوں اور تم نے فجر کی سنتیں نہ پڑھی ہوں تو (پہلے) وہ پڑھ لو اگرچہ تمہارا خیال ہو کہ تم سے پہلی رکعت فوت ہو جائے گی۔

(۱۸) عن مسروق انه دخل المسجد والقوم فی صلوٰة الغداة ولم یکن صلی الرکعتین فصلاهما فی ناحیة ثم دخل مع القوم فی صلاتهم۔

(مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص۲۵۰)

مسروق سے روایت ہے کہ بے شک وہ داخل ہوا مسجد میں لوگ صبح کی نماز میں تھے اور اس نے دو رکعتیں نہیں پڑھی تھیں پس انہیں ایک کونے میں پڑھا پھر وہ لوگوں کے ساتھ نماز میں داخل ہوئے۔

رہی وہ روایت جو جوناگڑھی نے نقل کی ہے۔

اذا اقیمت الصلوٰة فلا صلوٰة الا المکتوبة. (مسلم ج۱ ص۲۴۷)

اس کے مرفوع اور موقوف ہونے میں اختلاف ہے۔

امام ترمذی فرماتے ہیں کہ زکریا بن اسحاق، ایوب، ورقا بن عمر، زیاد بن سعد، اسماعیل

بن مسلم اور محمد بن حجارہ۔ اس کو عمرو بن دینار عن عطا بن یسار عن ابی ہریرہ مرفوع نقل کرتے ہیں اور حماد بن زید اور سفیان بن عیینہ عمرو بن دینار سے موقوف نقل کرتے ہیں والمرفوع اصح حماد بن سلمہ (کتاب الامام ج۱ ص۱۲۶ وحاشیہ الامام ج۱ ص۱۲۹، ابن علیہ عند ابن ابی شیبہ ابراہیم بن اسماعیل بن مجمع عند ابن ابی حاتم (معارف السنن ص۷۶، ۷۸ ج۴) بھی اس کو موقوف نقل کرتے ہیں۔

محمد بن طاہر المقدسی نے بھی موقوف ہی قرار دیا ہے۔ (تذکرۃ الموضوعات ص۶)

اسی اختلاف کی وجہ سے امام بخاری نے صحیح میں اس کو سنداً روایت نہیں کیا۔ غالباً اسی اختلاف کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کو ترمذی نے صحیح کی بجائے حسن قرار دیا ہے۔ پھر خود ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بسند صحیح لا تدعوا رکعتی الفجر ولو طردتکم الخیل. (آثار السنن ج۱ ص۲۹) مروی ہے۔ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی مرفوعاً من ادرك رکعة من الصلوٰة فقد ادرك الصلوٰة. (مسلم ج۱ ص۲۲۱)

اور ان سے ہی مرفوعاً مروی ہے اذا کنتم فی المسجد فنودی بالصلوٰة فلا یخرج احدکم حتی یصلی۔

(رواه احمد و رجاله رجال الصحیح، مجمع الزوائد ج۲ ص۵)

تو ان سب احادیث کو جمع کر لیا گیا کہ مسجد کے باہر یا درمیان میں کوئی چیز حائل ہو تو ایک رکعت مل سکنے کی صورت میں فجر کی سنتیں ادا کر کے جماعت میں شامل ہو جائے سنتیں پڑھے تاکہ لو طردتکم الخیل کی مخالفت نہ ہو۔

بعض نے بواسطہ مسلم بن خالد زنجی عن عمرو بن دینا ولا رکعتی الفجر روایت کیا ہے۔ لیکن اس کی سند میں ایک تو یحییٰ بن دینار کے سات شاگردوں پر زیادتی کر رہا ہے۔ (آثار السنن ج۲ ص۳۰)

اس کے برعکس بیہقی نے بطریق لیث بن سعد عن عطاء عن ابی هریرة ان

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا اقیمت الصلوٰۃ فلا صلوٰۃ الا رکعتی الفجر نقل کیا ہے۔اس کی سند میں حجاج بن نصیر مختلف فیہ ہے۔(میزان ج۱ ص۴۶۵)

اورعباد بن کثیر الرملی مختلف فیہ ہے(میزان ج۲ ص۳۷۰)

پہلی روایت ولا رکعتی الفجر کو ابن عدی نے یحیٰی کی حدیث میں ذکر کیا ہے مگر اس کو اس حدیث میں ذکر نہیں کیا، اگر بالفرض دونوں حسن ہوں تو بھی لا رکعتی الفجر صفوں میں مل کر پڑھنے پر اور الا رکعتی الفجر علیحدہ پڑھنے پر محمول ہوں گی۔

عبداللہ بن مالک بن بحسینہ بخاری ج۱ ص۹۱، مسلم ج۱ ص۲۴۷ پر ہے آنحضرت ﷺ حجرہ سے جماعت کے لیے مسجد میں آتے تھے۔آپ نے مسجد میں ہی کسی کو نماز پڑھتے دیکھا اور فرمایا لا تجعلوا هذه مثل صلوٰة الظهر قبلها و بعدها اجعلوا بينهما فصلاً. (ج۱ ص۲۱۹ مسند احمد ج۵ ص۳۴۵)

اور مسلم میں دوسری جگہ ہے فان رسول الله صلى الله عليه وسلم امرنا ان لانوصل صلوٰة بصلوٰة. (ج۱ ص۲۸۸)

والعبرة لعموم اللفظ لالخصوص المورد.

ہم بھی کہتے ہیں کہ بالکل جماعت کے ساتھ وصل نہ ہو بلکہ فاصلہ پر پڑھی جائیں۔

اعتراض نمبر۲۷:

صبح کی قضا شدہ سنتوں کا وقت

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ قَيْسِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ رَاَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلاً يُصَلِّيْ بَعْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ الصُّبْحِ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ الرَّجُلُ اِنِّيْ لَمْ اَكُنْ صَلَّيْتُ

الرَّكْعَتَيْنِ الَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا فَصَلَّيْتُهُمَا الْاٰنَ فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (رواه ابو داؤد مشكوٰة ج۱ كتاب الصلوٰة باب اوقات النهى ص۹۵)

یعنی رسول اللہ ﷺ نے نماز فجر سے فارغ ہونے کے بعد ایک صحابی کو دو رکعتیں پڑھتے ہوئے دیکھا تو فرمایا کہ نماز صبح تو دو ہی رکعت ہے۔اس نے جواب دیا کہ دو فرض صبح سے پہلے جو دو سنتیں ہیں انہیں میں نے نہیں پڑھی تھیں وہ میں نے اب ادا کیں۔یہ سن کر حضور ﷺ خاموش ہو گئے۔ترمذی میں ہے کہ آپ نے فرمایا پھر کوئی حرج نہیں۔یہ حدیث کھلی دلیل ہے کہ جس شخص سے دو سنتیں صبح کی چھوٹ گئی ہوں وہ بعد از فرض انہیں ادا کر سکتا ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا، وہ کہتا ہے کہ اگر صبح کی سنتیں کسی کی چھوٹ گئی ہوں وہ بعد از فرض سورج نکلنے سے پہلے نہیں پڑھ سکتا۔ چنانچہ ہدایہ جلد اول ص۱۳۲ کتاب الصلوٰۃ باب ادراک الفریضہ میں لکھا ہے اذا فاتته ركعتا الفجر لا يقضيهما قبل طلوع الفجر یعنی جب کسی کی فجر کی دو سنتیں چھوٹ جائیں تو وہ انہیں سورج نکلنے سے پہلے نہیں پڑھ سکتا۔

کہو حنفی بھائیو! کیا ارادہ ہے؟ ہم حدیث کو مانیں یا آپ کی فقہ کو؟

(شمع محمدی ص۹۴، ظفر المبین حصہ اول ص۱۱۹، احناف کا رسول اللہ سے اختلاف ص۳۲۲)

جواب:

حنفی مذہب کے دلائل

حدیث نمبر۱:

روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جس نے نہ پڑھی ہوں سنتیں فجر

کی تو پڑھ لے بعد طلوع آفتاب کے۔

(مسلم باب الاوقات التی نهی عن الصلوٰۃ فیها، ترمذی مترجم جلد اول ص۱۹۱، باب ما جاء فی اعادتهما بعد طلوع الشمس ترجمه مولانا بدیع الزمان غیر مقلد، صحیح ابن حبان، مستدرك حاكم، موطا امام مالك، باب النهی عن الصلوٰۃ بعد الصبح وبعد العصر)

حدیث نمبر۲:

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کی صبح کی سنتیں فوت ہو جاتیں تو آپ ان کو طلوع شمس کے بعد پڑھتے۔

(المعتصر من المختصر من مشكل الاثار طحاوی ص۴۲، بحواله احياء السنن جلد دوم ص۲۳۱)

حدیث نمبر۳:

مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ راستہ چھوڑ کر ایک طرف کو چلے، غزوہ تبوک میں قبل فجر کے میں بھی آپ کے ساتھ چلا آپ نے اونٹ بٹھایا اور پاخانہ پھرا پھر آئے تو میں نے چھاگل سے پانی ڈالا آپ کے ہاتھ پر آپ نے دونوں پہنچوں کو دھویا، پھر منہ کو دھویا، پھر آپ نے دونوں ہاتھ آستین سے نکالنا چاہے، مگر آستینیں تنگ تھیں، اس واسطے آپ نے جبے کے نیچے سے ہاتھ نکال لیے اور دونوں ہاتھوں کو دھویا، کہنیوں تک اور مسح کیا موزوں پر پھر سوار ہوئے اور ہم چلے جب ہم آئے تو ہم نے لوگوں کو نماز پڑھتے ہوئے پایا اور انہوں نے امام بنایا تھا عبدالرحمٰن بن عوف کو اور عبدالرحمٰن نے نماز شروع کر دی تھی حسب معمول وقت پر (یعنی جس وقت آپ نماز فجر کی پڑھا کرتے تھے، وہ وقت آیا تو صحابہ نے نماز شروع کر دی) اور ایک رکعت پڑھ چکے تھے، فجر کی دو رکعتوں میں سے رسول

اللہ ﷺ اور مسلمانوں کے ساتھ صف میں شریک ہوئے اور ایک رکعت عبدالرحمٰن بن عوف کے پیچھے پڑھی پھر عبدالرحمٰن نے سلام پھیرا اور رسول اللہ ﷺ ایک رکعت باقی جو رہ گئی تھی پڑھنے کو کھڑے ہوئے، مسلمان گھبرا گئے تھے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے آگے نماز پڑھ لی تو انہوں نے تسبیح کہنی شروع کی جب رسول اللہ ﷺ نے سلام پھیرا، تو فرمایا تم نے ٹھیک کیا یا تم نے اچھا کیا۔(ابوداؤد، باب المسح علی الخفین ص۲۱ ج۱)

اس حدیث سے یہ بات واضح ہے کہ آپ نے فجر کی سنتیں پہلے ادا نہیں فرمائی تھیں کیوں کہ آپ کو تاخیر نماز کی تیاری کی وجہ سے ہوئی تھی اور اس طرح سے سنتیں رہ جانے کا واقعہ آپ کی زندگی میں شاذ و نادر ہی پیش آیا ہے اگر طلوع شمس سے پہلے سنتیں پڑھنی جائز ہوتیں تو آپ اس موقعہ پر بیان جواز کے لیے ضرور پڑھتے۔

(اشرف التوضیح شرح مشکوٰۃ المصابیح ج۲ ص۱۱۱)

حدیث نمبر۴:

امام مالک کو یہ بات پہنچی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر کی فجر کی دو سنتیں قضا ہو گئیں انہوں نے طلوع آفتاب کے بعد ان کی قضا پڑھی۔ (موطا امام مالک باب ماجاء فی رکعتی الفجر)

حدیث نمبر۵:

عبدالرحمٰن بن قاسم کا بیان ہے کہ قاسم بن محمد نے اسی طرح کیا جیسے حضرت حضرت ابن عمر نے کیا تھا۔ (یعنی طلوع آفتاب کے بعد سنتیں پڑھیں)

(موطا امام مالک باب ماجاء فی رکعتی الفجر)

حدیث نمبر۶:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما آئے اور لوگ نماز پڑھ رہے تھے۔ انہوں نے صبح کی سنتیں نہیں پڑھی تھیں یہ آ کر لوگوں کے ساتھ نماز میں شریک ہو گئے، پھر نماز کے بعد اسی جگہ بیٹھے

رہے جب چاشت کا وقت ہوا تو انہوں نے سنتوں کو پڑھا۔

(مصنف ابن ابی شیبہ ج ۲ ص ۲۵۵)

حدیث نمبر ۷:

حضرت یحییٰ بن سعید کہتے ہیں کہ میں نے حضرت قاسم سے سنا ہے وہ کہتے تھے اگر میں نے صبح کی سنتیں نہ پڑھی ہوں یہاں تک کہ صبح کی نماز پڑھ لوں، تو میں ان کو طلوع شمس کے بعد پڑھ لیتا ہوں۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج ۲ ص ۲۵۵)

حدیث نمبر ۸:

ابومجلز کہتے ہیں کہ میں ابن عمر اور ابن عباس کے ساتھ صبح کی نماز کے لیے ایسے وقت مسجد میں داخل ہوا کہ امام نماز پڑھا رہا تھا سو ابن عمر تو نماز میں شریک ہو گئے رہے ابن عباس سو انہوں نے پہلے صبح کی سنتیں پڑھیں اس کے بعد وہ جماعت میں شریک ہو گئے پس جبکہ امام نماز سے فارغ ہوا تو ابن عمر طلوع آفتاب تک اپنی جگہ بیٹھے رہے پس جب آفتاب طلوع ہوا تو وہ اٹھے اور دو رکعت نماز پڑھی۔ (طحاوی بحوالہ آثار السنن ج ۲ ص ۳۹)

حدیث نمبر ۹:

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کئی معتبر لوگوں نے بیان کیا اور ان سب میں حضرت عمر زیادہ معتبر تھے کہ آنحضرت ﷺ نے صبح کی نماز کے بعد سورج روشن ہونے تک اور عصر کی نماز کے بعد سورج ڈوبنے تک نماز پڑھنے سے منع فرمایا۔

(بخاری کتاب مواقیت الصلوٰۃ باب الصلوٰۃ بعد الفجر حتی ترتفع الشمس، مسلم باب الاوقات التی نہی عن الصلوٰۃ فیہا)

حدیث نمبر ۱۰:

حضرت ابوسعید خدری بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نماز عصر کے بعد

لوب آفتاب تک کوئی نماز نہیں اور نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب تک کوئی نماز نہیں۔

حدیث نمبر ۱۱:

مسلم شریف میں حضرت عمرو بن عنبسہ سلمی کی ایک لمبی حدیث میں آتا ہے قال صل صلوٰۃ الصبح ثم اقصر عن الصلوٰۃ حتی تطلع الشمس آپ ﷺ نے فرمایا صبح کی نماز پڑھو اور اس کے بعد اس وقت تک نماز نہ پڑھو جب تک کہ سورج طلوع نہ ہو جائے۔ الخ (مسلم باب الاوقات التی نہی عن الصلوٰۃ فیہا)

ان دلائل سے ثابت ہوا کہ اگر فجر کی سنتیں رہ جائیں تو سورج نکلنے کے بعد پڑھنی چاہئیں۔

رہی وہ روایت جو مولانا جوناگڑھی نے نقل کی ہے اس کے کئی جواب ہیں۔

پہلا جواب:

یہ روایت منقطع ہے۔

امام ترمذی فرماتے ہیں اور اسناد اس کی متصل نہیں کہ محمد بن ابراہیم تیمی کو سماع نہیں قیس سے۔ (ترمذی باب ما جاء فیمن تفوتہ الرکعتان)

لہٰذا یہ روایت مرسل ہے اور مرسل روایت غیر مقلدین کے نزدیک حجت نہیں۔

دوسرا جواب:

ابوداؤد میں ہے کہ آپ خاموش رہے مگر ترمذی میں خاموش رہنے کا ذکر نہیں ہے۔ ترمذی کی روایت میں آتا ہے کہ آپ نے فرمایا قال فلا اذن کہ ایسا مت کر یہاں پر یہ ترجمہ زیادہ فٹ ہوتا ہے تا کہ تمام روایات کی آپس میں مطابقت بن جائے۔ جن روایات میں نماز پڑھنی منع ہے اس میں بھی منع والا ترجمہ کرنے سے ان کی مخالفت لازم نہیں آتی۔ جیسا کہ علامہ وحید الزماں نے کیا ہے۔ علامہ صاحب مسلم شریف کتاب الھبات باب

کراھیة تفصیل بعض الاولاد فی الھبة میں حضرت نعمان بن بشیر کی روایت میں لکھتے ہیں۔

حضرت نعمان بن بشیر سے روایت ہے میرے باپ مجھ کو اٹھا کر لے گئے جناب رسول خدا ﷺ کے پاس۔ اور کہا کہ یا رسول اللہ آپ گواہ رہیے کہ میں نے نعمان کو فلاں فلاں چیز اپنے مال میں سے ہبہ کی ہے۔ آپ نے فرمایا کیا سب بیٹوں کو تو نے ایسا ہی دیا ہے جیسے نعمان کو دیا ہے؟ میرے باپ نے کہا نہیں، آپ نے فرمایا تو پھر مجھ کو گواہ نہ کر اور کسی کو کر لے بعد اس کے فرمایا کیا تو خوش ہے اس سے کہ سب برابر ہوں تیرے ساتھ نیکی کرنے میں۔ میرا باپ بولا ہاں آپ نے فرمایا قال فلا اذًا تو پھر ایسا مت کر (یعنی ایک کو دے ایک کو نہ دے)

اس حدیث میں بھی فلا اذًا ہے یہاں پر علامہ وحید الزماں نے ترجمہ کیا ہے ایسا مت کر ہمارے نزدیک وہاں پر بھی یہ ترجمہ کرنے سے روایات کا آپس میں تعارض ختم ہو جاتا ہے۔

تیسرا جواب:

یہ صرف ایک صحابی کا اپنا عمل تھا (جب آپ ﷺ نے دیکھا تو منع فرما دیا) دوسری طرف جو روایات ہم نے نقل کی ہیں وہ مرفوع روایات ہیں اور آپ ﷺ کے ارشادات ہیں۔ اس لیے ترجیح ان کو ہوگی۔

بہرحال احناف کے پاس دلائل موجود ہیں۔ ان کو مخالفت حدیث کا الزام نہیں دیا جا سکتا۔

اعتراض نمبر ۳۷:

سنتیں گرادیں

(یعنی فجر کی سنتوں کی قضا کا مسئلہ)

صاحب شمع محمدی نقل کرتے ہیں۔

مندرجہ بالا حدیث کو پھر پڑھ لیجیے اس میں موجود ہے کہ صبح کی ان سنتوں کی قضا ہے لیکن حنفی مذہب سرے سے ان سنتوں کی قضا کا قائل ہی نہیں یہ تو آپ نے ہدایہ کی عبارت میں اوپر پڑھ لیا کہ سورج نکلنے سے پہلے ان کی قضا نہ کرے۔ اب سنیے اسی کتاب میں اسی جگہ میں اسی عبارت کے ساتھ لکھتے ہیں وَلاَ بَعْدَ اِرْتِفَاعِھَا یعنی سورج چڑھ جانے کے بعد بھی ان کی قضا نہ کرے۔

حنفی بھائیو! اب یہ آپ کی سمجھ پر موقوف ہے اور آپ کے ایمان پر موقوف ہے کہ جس کا کلمہ پڑھتے ہیں اس کا فرمان مانیں یا جس کی تقلید کرتے ہیں اس کا کہا کریں؟

(شمع محمدی ص ۹۴، ظفر المبین حصہ اول ص ۱۱۹، احناف کا رسول اللہ ﷺ سے اختلاف ص ۳۱۲)

جواب:

مولانا جونا گڑھی نے ہدایہ کی عبارت پوری نقل نہیں کی اگر نقل کرتے تو مسئلہ ہدایہ ہی سے واضح ہو جاتا۔ ہدایہ کی پوری عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

اور کسی شخص کی فجر کی دو رکعت سنت فوت ہو جائے تو وہ طلوع شمس سے پہلے ان کی قضا نہ کرے۔ کیوں کہ اب وہ مطلق نفل رہ گئی اور صبح کے بعد نفل پڑھنا مکروہ ہے اور حضرات شیخین امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف کے یہاں سورج بلند ہونے کے بعد بھی نہ پڑھے۔ امام محمد فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک زوال کے وقت تک ان دو رکعتوں کی قضا پسندیدہ ہے اس لیے کہ آپ ﷺ نے لیلة التعریس کی صبح کو ارتفاع شمس کے بعد ان کی قضا فرمائی تھی۔ (ھدایہ باب ادراك الفریضة)

حنفی مذہب امام محمد کے قول کے مطابق ہے اس لیے ہمارا عمل پڑھنے کا ہے۔ امام محمد نے جس حدیث کا حوالہ دیا ہے وہ مسلم شریف کتاب المساجد باب قضا صلوات الفائتة حدیث نمبر ۳۱۰، ۳۱۱ میں موجود ہے۔

مفسر قرآن حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی حنفی لکھتے ہیں:

مسئلہ:

اگر صبح کی سنتیں رہ جائیں تو امام محمد کے نزدیک ان کو سورج نکلنے کے بعد زوال سے پہلے پہلے ادا کرلے یہی صحیح ہے اور اسی پر فتویٰ ہے۔

(جامع صغیر امام محمد ص ۱۳، ہدایہ ص ۱۰۱ ج ۱، شرح وقایہ ص ۱۰۸ ج ۱، نماز مسنون کلاں ص ۵۳۶)

اعتراض نمبر ۷۴:

حکم کے بدلے منع

(یعنی سورج نکلنے کے بعد فجر کی سنتیں پڑھنے کا حکم)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم من لمْ يصل ركعتی الفجر فليصلهما بعد ما تطلع الشمس. (ترمذی جلد اول ص ۵۹ كتاب الصلوٰة باب ما جاء فی اعادهما بعد طلوع الشمس) یعنی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں جو صبح کی دو سنتیں نہ پڑھ سکا وہ سورج نکلنے کے بعد انہیں پڑھ لے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

دوستو! یہ حدیث آپ کے سامنے ہے اوپر کے نمبر کی فقہ کی عبارت بھی آپ کے سامنے ہے۔ حدیث میں حکم فقہ میں منع، کہو اب عمل کس پر رہے گا؟

(شمع محمدی ص ۹۴ ظفر المبین ص ۱۱۹، ۱۲۰)

جواب:

یہ حدیث ہم نے مسئلہ نمبر ۷۲ میں نقل کی ہے، ہمارا اس پر عمل ہے۔ مسئلہ نمبر ۷۳ میں اس مسلک کی وضاحت کردی ہے کہ امام محمد کے مطابق ہے۔ پھر یہ روایت بھی ثابت ہے کہ امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف طلوع شمس کے بعد سنتوں کی قضا سے منع نہیں کرتے جیسا کہ علامہ انور شاہ کشمیری حنفی لکھتے ہیں:

لِاَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ وَاَبَا يُوْسُفَ لاَ يَمْنَعَانِ مِنَ الْقَضَاءِ بَعْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ

(العرف الشذی شرح ترمذی ص ۱۹۳)

جب احناف کا عمل پڑھنے کا ہے تو پھر اعتراض کرنا غلط ہے۔

اعتراض نمبر ۷۵:

سنتوں کی قضا کو بھی گرا دیا

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ كُرَيْبٍ قَالَ رسول الله صلی الله عليه وسلم يا ابنة ابی امية سألت عن الركعتين بعد العصر وانه اتانی ناس من عبد القيس فشغلونی عن الركعتين اللتين بعد الظهر فهما هاتان. (متفق عليه رواه مشكوٰة جلد اول ص ۵۵ كتاب الصلوٰة باب اوقات النهی) مطلب یہ ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کے پاس وفد عبدالقیس کے لوگ آ گئے۔ اس مشغولی میں آپ سے ظہر کے فرضوں کے بعد کی دو سنتیں چھوٹ گئیں۔ جنہیں آپ ﷺ نے بعد از نماز عصر قضا کیں۔ یہ حدیث صاف ہے کہ سنتوں کی قضا کر سکتے ہیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس صاف اور صریح بخاری مسلم کی صحیح حدیث کو نہیں مانتا وہ کہتا ہے

وَاَمَّا سَائِرُ السُّنَنِ سِوَاهَا لَا تَقْضٰی بَعْدَ الْوَقْتِ وَحْدَهَا. (ہدایہ جلد اول باب ادراک الفریضہ ص۱۴۳) یعنی ظہر مغرب عشا کی سنتیں جو چھوٹ گئی ہوں صرف انہیں وقت گزرنے کے بعد قضا کرنا نہیں ہے۔

اے حنفی بھائیو! اب کہو فیصلہ نبوی کو مانو گے یا مسئلہ ہدایہ کو۔

جواب:

احناف کے ہاں اس مسئلہ میں اختلاف ہے صحیح بات یہ ہے کہ فجر کی سنتوں کے علاوہ بقایا سنتوں کی قضا ضروری تو نہیں اگر کر لے تو بہتر ہے۔ اسی پر آج کل ہمارے ہاں عمل ہو رہا ہے۔

علامہ انور شاہ کشمیری فرماتے ہیں:

کہ شیخین نے بھی اس سے منع نہیں کیا لہٰذا حنفیہ کو اس پر عمل کرنا چاہیے، شامی میں ہے

ینبغی العمل به للحنفی

(معارف السنن ص۱۰۰ ج٤ بحواله المسائل والدلائل ص۲۱۳)

جونا گڑھی نے جو مطلق اس مسئلہ کی نسبت احناف کی طرف کی ہے درست نہیں۔

حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی حنفی لکھتے ہیں:

مسئلہ:

ظہر کی سنتیں اگر رہ جائیں تو فرائض کے بعد ان کی قضا کر لے۔

عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا لَمْ یُصَلِّ اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ صَلَّاهُنَّ بَعْدَهَا. (ترمذی ص۸۹)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ ظہر سے پہلے

چار رکعات نہ پڑھتے تو ان کو ظہر کی نماز کے بعد پڑھتے تھے (یعنی کسی وجہ سے اگر ظہر سے ادا نہ کر سکتے تھے تو بعد میں ادا کرتے تھے) (نماز مسنون کلاں ص۵۴۹)

صوفی صاحب کے حوالہ سے معلوم ہوا کہ احناف سنتوں کی قضا کے قائل ہیں۔

باقی رہا سنتوں کی قضاء کو ضروری نہیں سمجھتے ان کی دلیل

عن ام سلمة قالت صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم العصر ثم ... فصلى ركعتين فقلت يا رسول الله صليت صلوة لم تكن تصليها ... قدم علي مال فشغلني (وفي رواية قدم علي وفد بني تميم فحبسوني) ... الركعتين كنت اركعهما بعد الظهر فصليتهما الان فقلت يا رسول الله ...هما اذا فاتتا؟ قال لا.

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے عصر کی نماز پڑھی پھر آپ ﷺ میرے گھر میں تشریف لائے اور دو رکعت نماز پڑھی، میں نے عرض کیا یا رسول ... آپ نے ایسی نماز پڑھی ہے جس کو آپ (اس سے پہلے) نہیں پڑھتے تھے۔ آپ ﷺ ...رمایا میرے پاس مال آیا تھا جس نے مجھے ان دو رکعتوں سے مشغول رکھا (اور ایک ... میں ہے کہ میرے پاس بنو تمیم کا وفد آیا جس نے مجھے ان دو رکعتوں سے روکے رکھا) ... ظہر کی نماز کے بعد پڑھتا تھا تو میں نے ان دو رکعتوں کو اب پڑھا ہے۔ میں نے عرض ... رسول اللہ جب ہم سے یہ دو رکعتیں فوت ہو جائیں تو کیا ہم بھی ان کی قضا کریں؟ آپ نے فرمایا نہیں۔

(الفتح الربانی فی ترتیب مسند امام احمد شیبانی باب حجة من قال ...اء السنن الراتبة اذا فاتت، مسند امام احمد بن حنبل ج٦ ص۳۱۵)

اس روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ صرف آپ ﷺ کی خصوصیت تھی۔ ورنہ بعد نماز ...ر پڑھنے کی ممانعت پر بے شمار روایات موجود ہیں۔

رہی وہ روایت جو جونا گڑھی نے پیش کی ہے وہ بھی آپ ﷺ کی خصوصیت پر محمول ہے۔

اعتراض نمبر۷۶:

حنفی روزے کا نمونہ

(یعنی روزے کے کفارہ کا مسئلہ)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن ابی هريرة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هل تجد رقبة تعتقها الخ. (متفق علیہ، مشکوۃ جلد اول ص۱۷۶ کتاب الصوم باب تنزیہ الصوم) مطلب یہ ہے کہ جو شخص رمضان شریف میں روزے کی حالت میں اپنی بیوی سے مل لیا تھا اسے رسول اللہ ﷺ نے ایک غلام آزاد کرنے کا حکم دیا یہ طاقت نہ ہو تو دو مہینے کے پے در پے روزوں کا حکم دیا یہ بھی نہ کر سکے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا دینے کا حکم فرمایا۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

یہ حدیث سامنے رکھ کر کفارہ کے اس مسئلہ کو پڑھ کر اب حنفی مذہب کے اس مسئلے پر بھی ذرا نظریں ڈالو۔ ہدایہ جلد اول ص۱۹۹ کتاب الصوم باب مایوجب القضاء میں ہے لَوْ جَامَعَ مَيِّتَةً اَوْ بَهِيْمَةً فَلَا كَفَّارَةَ اَنْزَلَ اَوْ لَمْ يَنْزِلْ یعنی مردہ عورت اور چوپائے سے جو مجامعت کرے اس پر کفارہ نہیں خواہ اسے انزال ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔ بلکہ فتاوی قاضی خاں میں ہے وَكَذَا النَّائِمَةُ الْمَجْنُوْنَةُ اِذَا جَامَعَهُمَا زَوْجُهُمَا عَلَيْهِمَا الْقَضَاءُ دُوْنَ الْكَفَّارَةِ یعنی اسی طرح اگر سوئی ہوئی عورت سے دیوانی عورت سے ان کا خاوند جماع کر لے تو ان پر قضا ہے کفارہ نہیں۔ میں اس مسئلے پر کچھ نہیں لکھتا صرف آپ سے یہ عرض ہے کہ حدیث میں صاف موجود ہے کہ جس نے اپنی بیوی سے جماع رمضان شریف کے روزے کی حالت میں کیا اسے اللہ کے رسول نے کفارہ دینے کو فرمایا۔ لیکن حنفی مذہب نے سوئی

والی عورت دیوانی عورت مردہ عورت سے رمضان شریف میں روزے کی حالت میں جماع کرنے والے کو کفارہ سے آزاد کر دیا ہے۔

اب فرمایئے! غیرت، حمیت، سمجھ، فقہ، قیاس، ایمان، عدل، انصاف، فراست، دانائی، بھلائی، برائی کی تمیز انسانیت اور اسلام کسے قبول کرتا ہے؟ اور کسے رد کرتا ہے؟

(شمع محمدی ص۹۵)

جواب:

مولانا جوناگڑھی نے جو حدیث نقل کی ہے اس پر احناف کا عمل ہے۔ فقہ حنفی کی کتابوں میں بھی کفارہ کا یہی مسئلہ لکھا ہوا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) موطا امام محمد میں ہے:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک شخص نے رمضان میں روزہ (قصداً) توڑ دیا تو رسول اللہ ﷺ نے اسے حکم دیا کہ وہ کفارہ ادا کرے ایک غلام آزاد کرے یا ساٹھ مسلسل روزے رکھے، یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے۔

یہ حدیث نقل کرنے کے بعد امام محمد فرماتے ہیں:

اسی پر ہمارا عمل ہے کہ جب کوئی شخص رمضان میں جان بوجھ کر کچھ کھا کر یا پی کر، یا جماع کر کے روزہ توڑ دے تو اسے ایک روزہ کی قضا اور کفارہ ظہار کی طرح ادا کرنا ہے کہ ایک غلام آزاد کرے، اگر غلام میسر نہ ہو تو مسلسل ساٹھ روزے رکھے۔

اس کی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے ہر مسکین کو نصف صاع گندم یا کھجور اور جو کا ایک صاع۔ (موطا امام محمد باب من افطر متعمداً فی شہر رمضان)

(۲) کتاب الآثار امام محمد میں ہے۔

امام محمد فرماتے ہیں نے فرمایا ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں اور اسی کے ساتھ ساتھ یہ بھی کہتے ہیں کہ اس پر کفارہ آئے گا جو ایک غلام کو آزاد کرنا ہے اگر وہ نہ پائے تو دو ماہ کے

مسلسل روزے رکھے گا اگر اس کی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے گا، یا مسکین کو گندم کا نصف صاع یا کھجور کا یا جو کا ایک صاع یہی امام ابوحنیفہ کا قول ہے۔

(کتاب الآثار باب ما ینقض الصوم)

(۳) قدوری میں ہے۔

اور (روزہ کا) کفارہ مثل کفارہ ظہار کے ہے۔

(اشراق نوری ترجمہ قدوری ص۱۳، ایچ ایم سعید کمپنی کراچی)

(۴) الشرح الثمیری علی المختصر للقدوری میں ہے

اور روزہ توڑنے میں کفارہ ظہار کے کفارہ کی طرح ہے۔

اس مسئلہ کی تشریح کرتے ہوئے مولانا قمر الدین قاسمی حنفی لکھتے ہیں:

کفارہ ظہار غلام آزاد کرنا ہے وہ نہ ہو تو ساٹھ روز مسلسل روزے رکھنا ہے۔ اور وہ نہ ہو سکے تو ساٹھ مسکین کو کھانا کھلانا ہے، رمضان میں روزہ توڑنے میں بھی یہی کفارہ لازم ہوگا۔

(ثمیری جلد نمبر ۱ ص ۳۵۸، مطبوعہ رحمانیہ، لاہور)

(۵) کنز الدقائق میں ہے:

اگر مرد سے صحبت کر لی یا عورت سے صحبت کی گئی یا قصداً غذا کھانا کھایا یا دوا پی تو ان صورتوں میں اس روزے کی قضاء کرے اور ظہار کا سا کفارہ دے۔

(احسن المسائل ترجمہ کنز الدقائق ص ۷۷، ۷۸، مطبوعہ ایچ ایم سعید کراچی)

(۶) شرح وقایہ میں ہے:

جس نے جماع کیا جس سے جماع کیا گیا سبیلین میں سے کسی میں، یا کھا پی لیا غذا یا دوا کے طور پر قصداً یا پچھنا لگوایا اور یہ سمجھ کر کیا، اس کا روزہ ٹوٹ گیا، کھانا کھا لیا تو قضا اور کفارہ دونوں واجب ہوگا جیسے مظاہر پر واجب ہوتا ہے یعنی اس کا کفارہ ظہار جیسا ہے۔

(اشرف الوقایہ ترجمہ شرح وقایہ جلد اول، باب موجب الافساد ص ۳۰۴، مطبوعہ میر محمد کراچی)

(۷) ہدایہ میں ہے:

پھر فرمایا کہ روزے کا کفارہ' کفارہ ظہار کی طرح ہے اس حدیث کی وجہ سے جو ہم روایت کر چکے ہیں۔ (یہ حدیث بخاری کتاب الصوم، باب: المجامع فی رمضان، ابو داؤد کتاب الصوم، باب: الکفارہ میں موجود ہے۔) (احسن الہدایہ ج ۳ ص ۱۵۹)

(۸) درمختار میں ہے:

کفارہ روزے کا دے مثل کفارہ ظہار کے لیکن کفارہ ظہار کتاب اللہ سے ثابت ہے، کفارہ روزہ کا سنت سے یعنی اس کی مثل ہے ترتیب میں پس اول تو بردہ (غلام) آزاد کرے اور مگر نہ پاوے تو دو مہینے کے پے در پے روزے رکھے اور اگر اس کی بھی طاقت نہ ہو تو ساٹھ ۶۰ مسکینوں کو کھانا دے بموجب حدیث اعرابی کے جو صحاح ستہ میں مذکور ہے۔

(غایۃ الاوطار اردو ترجمہ درمختار جلد ۱ ص ۵۷۳ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی)

(۹) مولانا مفتی محمد عاشق الٰہی حنفی لکھتے ہیں:

سوال: کفارہ کیا ہے؟

جواب: وہ یہ ہے کہ رقبہ (یعنی غلام یا لونڈی) آزاد کرے پس اگر (اس پر) قادر نہ ہو تو ۲ ماہ لگاتار روزے رکھے جن میں نہ رمضان ہو اور نہ وہ دن جن میں روزے رکھنے سے منع کیا گیا ہے اور آپ عنقریب ان (دنوں) کو جان لیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ۔ پس اگر (اس کی) طاقت نہ رکھے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے۔

(الفلاح الضروری اردو ترجمہ التسہیل الضروری ص۱۱۲)

(۱۰) فتاویٰ عالمگیری میں ہے

دوسری قسم ان چیزوں کے بیان میں جن سے قضا اور کفارہ واجب ہوتا ہے۔

نمبر۱: جس شخص نے دونوں راستوں میں کسی راستہ میں عمداً مجامعت کی تو اس پر قضا اور کفارہ لازم ہوگا۔

نمبر۲: اگر کسی نے عمداً کوئی ایسی چیز کھائی جو غذا یا دوا ہوتی ہے تو کفارہ لازم ہوگا۔

(فتاویٰ ہندیہ ترجمہ فتاویٰ عالمگیری جلد دوم ص ۲۰ مطبوعہ حامد اینڈ کمپنی لاہور)

ان دلائل سے ثابت ہوا کہ فقہ حنفی میں روزے کا کفارہ موجود ہے اور ہے بھی وہی جو قرآن وسنت سے ثابت ہے۔ مولانا جونا گڑھی نے جو حدیث تعارض ثابت کرنے کے لیے نقل کی ہے اس پر تو احناف کا عمل ہے نہ کہ اس کے خلاف، اب رہی ہدایہ کی عبارت اس کا جواب ملاحظہ فرمائیں۔

ہدایہ کی عبارت کی وضاحت:

یعنی مردہ عورت سے مجامعت کرنے پر کفارہ نہ ہونا۔ اگر قرآن وسنت میں خاص مردہ عورت سے مجامعت کرنے پر روزے دار پر کفارہ کا حکم موجود تھا تو جونا گڑھی کو وہ نقل کرنا چاہیے تھا۔ جو حدیث نقل کی ہے وہ تو زندہ عورت کے بارے میں ہے اور زندہ کے متعلق۔ احناف کا مسلک وہی ہے جو حدیث میں ہے۔ اگر کوئی غیر مقلد مردہ عورت سے مجامعت کرنے والے روزہ دار پر کفارہ لازم کہتا ہے وہ ایسی حدیث پیش کرے ہم مان لیں گے۔

جونا گڑھی کو علم ہونا چاہیے تھا کہ مردہ اور زندہ برابر نہیں ہوتے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں ہے۔

وَمَا يَسْتَوِي الْأَحْيَاءُ وَلَا الْأَمْوَاتُ (فاطر:۲۲)

''کہ زندہ اور مردہ برابر نہیں''

مردہ کو زندہ پر قیاس کرنا درست نہیں۔ جب کہ غیر مقلدین کے نزدیک قیاس کرنا جائز نہیں بلکہ بعض تو یہاں تک کہتے ہیں کہ قیاس کرنا شیطان کا کام ہے۔ اور چوپائے سے مجامعت کرنے والے پر کفارہ نہیں۔ اگر غیر مقلدین کے نزدیک ایسے شخص پر کفارہ ہے تو قرآن وسنت سے ثابت کردیں ہم مان لیں گے۔

فتاویٰ قاضی خان کی عبارت کی وضاحت:

سوئی ہوئی عورت سے دیوانی عورت سے ان کا خاوند جماع کرلے تو ان پر قضا ہے کفارہ نہیں۔

جواب:

یہ حکم سوئی ہوئی اور دیوانی عورت کا ہے کہ اس پر روزے کی قضا ہے کفارہ نہیں اگر غیر مقلدین ان دونوں عورتوں پر کفارہ لازم کرتے ہیں تو وہ قرآن وسنت سے کفارہ ثابت کردیں ہم مان لیں گے۔ البتہ ہمارے نزدیک ایسے مرد پر کفارہ واجب ہے۔

(شامی ج ۲ ص ۱۱۳)

باقی رہی میتہ اور بھیمہ سے وطی کرنے کی سزا کا حکم فقہ حنفی کی کتاب الحدود والتعزیر میں موجود ہے۔ وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

تفصیل کے لیے دیکھیے ہماری کتاب فقہ حنفی پر اعتراضات کے جوابات ص ۶۲

اعتراض نمبر ۷۷:

سودخواری

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث پیش کی ہے۔

عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الربٰو سبعون جزء ا ایسرها ان ینکح الرجل امه. (رواه ابن ماجة مشکوة جلد اول ص ۲٤٦ کتاب البیوع باب الربٰو) یعنی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں سود کے ستر گناہ ہیں جن میں سب سے ہلکا یہ ہے کہ انسان یعنی اپنی ماں سے بدکاری کرے۔ سود کی حرمت اور اس حرمت کی سختی آپ کو معلوم ہوگئی۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

حدیث کا یہ رخ آپ کے سامنے آ گیا۔ اب آئیے حنفی مذہب کو دیکھیے اس کی معتبر کتاب ھدایہ جلد سوم ص ۷۰ کتاب البیوع باب الربٰو میں ہے ولا بین المسلم والحربی فی دار الحرب یعنی مسلمان اور حربی کافر میں دارالحرب میں سود لینے میں کوئی حرج نہیں۔

مسلمان بھائیو! اب فرمائیے حدیث کو مان کر فقہ کے اس مسئلے کو غلط کہو گے؟ یا فقہ کو مان کر اس حدیث کو رد کر دو گے؟ (شمع محمدی ص ۹۶، ظفر المبین حصہ دوم ص ۱۹۳)

جواب:

حنفی مذہب میں سود قطعی طور پر حرام ہے جو حدیث جونا گڑھی نے نقل کی ہے، حنفی اس کو تسلیم کرتے ہیں۔ جونا گڑھی کا یہ کہنا کہ حنفی سود کو جائز کہتے ہیں غلط بیانی ہے ہدایہ سے جو عبارت نقل کی ہے وہ پوری نقل نہیں کی اور ہدایہ کا مسئلہ خاص نوعیت کا ہے۔

حنفی مذہب میں سود حرام ہے

(۱) قدوری میں ہے:

سود حرام ہے ہر چیز میں خواہ کیلی ہو یا وزنی

(قدوری باب الربٰو مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی)

(۲) کنز الدقائق میں ہے:

ربٰو (سود) مال کی اس زیادتی کو کہتے ہیں جو مال کو مال سے بدلنے میں بلا عوض ہو (مثلاً دو سیر گیہوں وغیرہ کے بدلے تین سیر لے لیے یا دے دیے یا دس روپے لے کر گیارہ دے دیے یا لے لیے) اور (دو چیزوں) میں ربا (پیمانے) کی علت قدر اور جنس (میں دونوں کا ایک ہونا) ہے (قدر سے مراد یہ ہے کہ جو چیز پیمانہ سے نپ کر بکتی ہے اس میں پیمانہ اور جو تل کر بکتی ہو اس میں تول ایک ہو یعنی دونوں تل کر بکتی ہوں اور جنس کے ایک

ہونے کا یہ مطلب ہے کہ دونوں چیزیں ایک ہی قسم کی ہوں مثلاً دونوں گیہوں ہوں یا دونوں جو، چنے وغیرہ ہوں) پس جن چیزوں میں یہ قدر و جنس ایک ہوں ان میں (ایک طرف سے) زیادتی اور ادھار دونوں حرام ہیں)

(احسن المسائل ترجمہ کنز الدقائق ص ۲۳۱ سود کے احکام)

(۳) شرح وقایہ میں ہے:

تو جو چیز تپ یا تل کر بکتی ہے جب بدلے میں اپنی جنس کے بیچی جاوے گی تو اس میں زیادتی لینا حرام ہے اگرچہ وہ کھانی کی نہ ہووے جیسے چونا اور لوہا چونا کیلی ہے اور وزنی۔

(نور الهدایه ترجمه شرح وقایه جلد سوم باب ربٰو)

(۴) ہدایہ میں ہے:

فرماتے ہیں کہ ہر اس چیز میں ربا (سود) حرام ہے۔ جو مکیلی یا موزونی ہے بشرطیکہ اسے اس کی ہم جنس کے عوض زیادتی کے ساتھ بیچا جائے۔

(احسن الہدایہ ترجمہ ہدایہ جلد ۸ ص ۳۰۳، ۳۰۴، باب الربا)

(۵) درمختار میں ہے:

باب الربٰو یہ باب ہے ربٰو یعنی سود اور بیاج کے احکام میں۔

مرابحہ کے بعد ربٰو کو اس واسطے ذکر کیا کہ دونوں میں زیادت ہے مگر یہ کہ مرابحہ کو زیادت حلال ہے اور ربٰو کی زیادت حرام قطعی۔

قال اللہ تعالیٰ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَاۡکُلُوا الرِّبٰوا

یعنی حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اے ایمان والو بیاج (سود) نہ کھاؤ

اس آیت میں ربٰو سے مراد قدر زائد ہے خواہ زائد قرض میں ہو یا اموال ربٰو کی بیع ،اور گاہے ربٰو نفس زیادت کو بھی کہتے ہیں یعنی بمعنی مصدری قال اللہ تعالیٰ واحل اللہ البیع وحرم الربٰو

یعنی حق تعالیٰ نے فرمایا حلال کیا ہے اللہ نے بیع کو اور حرام کیا ربٰو کو یعنی اموال ربویہ کے قرض اور بیع میں زیادہ دینے لینے کو کذا فی فتح القدیر ملخصاً معلوم ہوا کہ جیسے بیع میں سود حرام ہے ویسے ہی قرض میں بھی حرام ہے تو یہ جو بعضے ناقص الفہم کہتے ہیں کہ سود تو فقط بیع میں حرام ہے نہ قرض میں غلط ہے۔ صحیح مسلم وغیرہ میں ابن مسعود سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے لعنت کی سود کھانے اور کھلانے والے پر۔ ابوداؤد اور ترمذی میں اتنی روایت زیادہ ہے کہ سود کے دونوں گواہوں اور کاتب پر لعنت فرمائی اور نسائی میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آوے گا کہ کوئی باقی نہ رہے گا مگر سود کھائے گا اور اگر سود نہ کھائے گا تو اس کو اس کی بھاپ لگے گی اور ایک روایت میں یوں ہے کہ اس کا غبار لگے گا کذا فی التیسیر

هو لغة مطلق الزيادة ربٰو لغت میں مطلق زیادت کو کہتے ہیں خواہ کیل یا وزن میں زیادت ہو یا سوائے اس کے۔

(غایۃ الاوطار ترجمہ درمختار ج۳ ص ۱۳۹،۱۴۰)

(۶) فتاویٰ عالمگیری میں ہے۔ چھٹی فصل ربٰو (سود) اور اس کے اقسام کے بیان میں واضح ہو کہ ربٰو (سود) کی شرح میں اس مال کو کہتے ہیں کہ جو مال کے عوض مال لینے میں زیادتی ہو کہ اس کے مقابل میں مال نہ ہو ربٰو (سود) ہر ناپ یا تول کی چیزوں میں جو اپنے جنس کے ساتھ بیچی جاویں حرام ہے۔

(فتاوی ہندیہ ترجمہ فتاوی عالمگیری ج۴ ص ۳۹۸)

(۷) بہشتی زیور میں ہے:

سودی لین دین کا بڑا بھاری گناہ ہے قرآن مجید اور حدیث شریف میں اس کی بڑی برائی اور اس سے بچنے کی بڑی تاکید آئی ہے رسول اللہ ﷺ نے سود دینے والے اور لینے والے اور بیچ میں پڑ کے سود دلانے والے، سودی دستاویز لکھنے والے گواہ (شاہد) وغیرہ سب

پر لعنت فرمائی ہے، اور فرمایا ہے کہ سود دینے والا اور لینے والا گناہ میں دونوں برابر ہیں اس لیے اس سے بہت بچنا چاہیے اس کے مسائل بہت نازک ہیں۔ ذرا ذرا سی بات میں سود کا گناہ ہو جاتا ہے اور انجان لوگوں کو پتہ نہیں لگتا کہ کیا گناہ ہوا ہم ضروری ضروری مسئلے یہاں بیان کرتے ہیں لین دین کے وقت ہمیشہ ان کا خیال رکھا کرو۔

(بہشتی زیور حصہ پنجم باب سودی لین دین کا بیان ص ۳۷۰،۳۷۱)

(۸) الفلاح الضروری اردو ترجمہ التسہیل الضروری المسائل القدوری میں ہے:

سوال: لغت اور شریعت کی رو سے سود کیا ہے؟

جواب: سود لغت کی رو سے مطلق زیادت (کا نام) ہے اور بہر حال سفید شریعت (کی اصطلاح) میں تو وہ دو قسموں کی طرف منقسم ہے۔ (۱) بیع کا سود (۱) قرض کا سود اور یہ دونوں حرام ہیں اور تحقیق (سود) لینے والے اور دینے والے کے حق میں سخت وعید وارد ہوئی ہے۔

سوال: قرض کا سود کیا ہے؟

جواب: وہ یہ ہے کہ کوئی شخص مثلاً دراہم یا دنانیر قرض میں دے اور قرض دار پر شرط لگائے کہ وہ اسے اس سے زیادہ ادا کرے جو اس نے قرض میں دیا ہے۔

(الفلاح الضروری ص ۱۷۷)

سوال: بیع کا سود کیا ہے؟

جواب: وہ یہ ہے کہ کیلی یا وزنی (چیز) اس کی جنس کے عوض زیادت کے طور پر بیچے یا کیلی یا وزنی (چیز) اس کی جنس کے عوض یا غیر جنس کے عوض ادھار کے طور پر بیچے۔

(الفلاح الضروری ص ۱۷۷،۱۷۸)

سوال: کیا اس (سلسلہ) میں نبی پاک ﷺ کی طرف سے نص وارد ہوئی ہے؟

جواب: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں (مسلم فی الربٰو) کہ

آپؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سونے کو سونے کے عوض، چاندی کو چاندی کے عوض، گندم کو گندم کے عوض، جو کو جو کے عوض، کھجور کو کھجور کے عوض اور نمک کو نمک کے عوض برابر سرابر دست بدست (بیچو) پس جس نے زائد پایا یا زائد لیا تو تحقیق اس نے سود کا ارتکاب کیا (سود) لینے والا اور دینے والا اس (جرم) میں برابر ہیں۔

اور حدیث عبادہ بن الصامتؓ روایت کرتے ہیں (مسلم فی الرِّبا) آپؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سونے کو سونے کے عوض، چاندی کو چاندی کے عوض، گندم کو گندم کے عوض، جو کو جو کے عوض، کھجور کو کھجور کے عوض اور نمک کو نمک کے عوض برابر سرابر دست بدست (بیچو) پس جب یہ قسمیں مختلف ہو جائیں (مثلاً سونے کے عوض، چاندی یا گندم کے عوض جو وغیرہ) تو جیسے چاہو بیچو بشرطیکہ دست بدست ہو۔"

پس نبی کریم ﷺ نے ان چھ چیزوں کو ذکر فرمایا اور حکم دیا کہ ان چیزوں کو ان کی جنس میں سے بعض کو بعض کے عوض نہ بیچا جائے الا یہ کہ برابر سرابر دست بدست ہو اور بیان فرمایا کہ جو زائد ہو جائے پس وہ سود ہے جس جانب سے بھی ہو۔ اور فرمایا کہ (سود) لینے والا اور دینے والا اس (جرم) میں برابر ہیں اور خلاف جنس کے عوض ان قسموں کی فروخت کو برابری اور زیادت کے طور پر جائز قرار دیا بشرطیکہ دست بدست ہو۔ (الفلاح الضروری ص ۱۷۸)

(۹) مولانا مجیب اللہ حنفی لکھتے ہیں:

سودی کاروبار

اسلامی شریعت میں سود قطعی حرام ہے اور ہر طرح کا سودی کاروبار بھی حرام ہے۔

(اسلامی فقہ جلد ۲ ص ۳۴۵)

مفتی محمد شفیع حنفی لکھتے ہیں:

اسلام میں سود و ربٰو کی حرمت کوئی مخفی چیز نہیں کہ اس کے لیے رسالے یا کتابیں لکھی جائیں جو شخص کسی مسلمان گھرانے میں پیدا ہوا ہے وہ اتنا ضرور جانتا ہے کہ اسلام میں سود

حرام ہے۔ (مسئلہ سود ص ۷)

ان حوالہ جات سے واضح ہے کہ فقہ حنفی میں سود قطعی طور پر حرام ہے۔ اس پر بے شمار حوالہ جات نقل کیے جا سکتے ہیں بلکہ سود کی حرمت پر حنفی علماء نے عربی، انگریزی اور اردو زبان میں کئی کتابیں شائع کی ہیں۔ اور اب بھی سب سے زیادہ سود کے خلاف دنیا میں حنفی علماء ہی کی تحقیقات شائع ہو رہی ہیں۔ آپ صرف مفتی شفیع صاحب اور ان کے لائق فرزند گرامی مولانا مفتی رفیع عثمانی اور خاص کر مولانا مفتی محمد تقی عثمانی کی تصانیف ہی دیکھ لیں۔ انہیں مل جائیں گی۔ اگر زیادہ نہیں تو صرف مسئلہ سود مفتی شفیع صاحب کی اور تجارتی سود مولانا تقی عثمانی کی پڑھ لیں۔ آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ حنفی کیا کہتے ہیں مفتی شفیع صاحب نے اپنے رسالہ میں قرآن مجید کی آٹھ آیات اور ۴۷ احادیث مبارکہ نقل کر کے سود کی حرمت ثابت کی ہے۔ جس سے جونا گڑھی کا الزام غلط ثابت ہوتا ہے کہ احناف سود کی حرمت کے قائل نہیں۔

ہدایہ کی عبارت کی وضاحت:

جونا گڑھی نے پوری عبارت نقل نہیں کی ہم پہلے ہدایہ کی پوری عبارت نقل کرتے ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

((قال ولا بین المسلم والحربی فی دار الحرب خلافا لأبی یوسف رحمة الله علیه والشافعی رحمة الله علیه، لهما الاعتبار بالمستأمن منهم فی دارنا))

فرماتے ہیں کہ دار الحرب میں مسلمان اور حربی کے مابین ربو نہیں ہے، امام ابو یوسف اور امام شافعی کا اختلاف ہے ان حضرات کی دلیل امن لے کر دار السلام میں آئے ہوئے حربی پر قیاس ہے۔ (ہدایہ باب الربو)

یہ ہے ہدایہ کی پوری عبارت جونا گڑھی نے فی دار الحرب تک عبارت نقل ہے خلافا

لابی یوسف سے آگے تک عبارت چھوڑ دی۔ یہ کیوں کیا یہ اس لیے کہ عوام کو پتہ لگ جائے گا کہ اس مسئلہ میں امام یوسف خلاف ہیں۔ امام ابو یوسف کے نزدیک دار الحرب میں بھی سود جائز نہیں ہے۔ اور بہت سارے محدثین اور فقہاء احناف کا بھی یہ ہی مذہب ہے اور ہمارا بھی اس وقت نظریہ امام ابو یوسف والا ہی ہے۔

باقی جن فقہاء نے امام ابو یوسف کے خلاف نظریہ قائم کیا ہے۔ وہ کمزور ہے۔ اس لیے فقہ حنفی کا فتویٰ امام ابو یوسف کے قول پر ہے۔ جو لوگ جائز قرار دیتے ہیں ان کے پاس بھی دلائل موجود ہیں۔ ان میں سے کچھ ہم نقل کرتے ہیں تا کہ دونوں طرف کے دلائل سامنے آ جائیں۔

دلیل نمبرا:

حضرت عباس رضی اللہ عنہ مکہ معظمہ میں فتح مکہ سے پہلے مسلمان ہو کر کافروں سے سود کا معاملہ کرتے رہے۔ حضور اکرم ﷺ نے عرفہ کے دن حجۃ الوداع کے خطبہ میں فرمایا:

وَرِبَا الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوْعَةٌ وَاَوَّلُ رِبًا اَضَعُ وَرِبَانَا عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

اسی طرح زمانہ جاہلیت کے تمام سود پامال ہیں اور سب سے پہلے میں اپنے خاندان کے سود کو چھوڑنے کا اعلان کرتا ہوں اور وہ حضرت عباس بن عبدالمطلب کا سود ہے ان کا تمام سود چھوڑ دیا گیا ہے۔

(مسلم كتاب الحج، باب حجة النبی صلی الله علیه وسلم، الرحیق المختوم ص ٦١٦، سیرت مصطفی ج٣ ص٣٠٢)

اس حدیث کی شرح علامہ ترکمانی حنفی سے:

علامہ ترکمانی جوہر النقی جلد۲ ص۲۰۳ میں فرماتے ہیں:

کہ ربا حرام ہو چکا تھا اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ مکہ میں فتح مکہ تک ربا کا معاملہ کیا کرتے تھے۔

اس حدیث کی شرح امام طحاوی سے:

امام طحاوی فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ کا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ربا کو موقوف کرنا اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ مسلمان اور مشرک میں دار الحرب میں ربا جائز ہے۔

ابو حنیفہ، سفیان ثوری اور ابراہیم نخعی رحمہم اللہ بھی جائز کہتے ہیں اس امر پر دلیل ہے کہ اس کا ربا قائم تھا یہاں تک کہ مکہ فتح ہو کر جاہلیت جاتی رہی۔ حضرت عباس کا ربا موقوف کرنا اس بات پر دلیل ہے کہ اس وقت بھی وہ جائز تھا کیوں کہ موقوف وہی ہوتا ہے جو قائم ہو۔

علامہ ابوالولید فرماتے ہیں:

کہ یہ استدلال صحیح ہے۔ کیوں کہ مشرکین و مسلمین میں دار الحرب میں ربا حلال نہ ہوتا تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا ربا اسی وقت موقوف ہو جاتا جس وقت وہ مسلمان ہوئے تھے اور اسلام کے بعد جو کچھ لیا ہوتا واپس کیا جاتا کیوں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ اگر تم توبہ کرو تو اصل مال تمہارے لیے حلال حجۃ الوداع میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا ربا موقوف کیا تو اسلام لانے کے بعد جو کچھ وہ لے چکے تھے اگر نا جائز ہوتا تو واپس کرایا جاتا۔ چونکہ ایسا نہیں ہوا اس لیے معلوم ہوا کہ دار الحرب میں ربا مسلمان اور حربیوں میں متحقق نہیں ہوتا۔

دلیل نمبر۲:

ہدایہ میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا

لا ربا بین المسلم والحربی فی دار الحرب

دار الحرب میں مسلمان اور حربی کے مابین ربوا نہیں ہے۔

(بیهقی فی معرفت السنن والاثار باب بیع الدرهم بالدرهمین فی الرس حدیث نمبر ٥٦٦٢، نصب الرایه)

یہ حدیث گوضعیف ہے لیکن حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث کی موید ہوسکتی ہے۔
نواب صدیق حسن خاں بھوپالی غیر مقلد لکھتے ہیں

ثم نقول اموال اهل الحرب علی اصل الاباحة یجوز لکل احد اخذ ما شاء منها کیف شاء قبل التامین بهم

اہل حرب کے اموال مباح ہیں ان کو امان دینے سے پہلے ہر شخص کو جائز ہے کہ ان اموال سے جو چاہے جس طرح چاہے لے لے۔ (رواضہ الندیہ ص۱۴۰)

ناظرین ہم نے یہ بحث لمبی کر دی ہے صرف اس لیے کہ یہ سود کا مسئلہ ہے۔ ہم لے دونوں گروہوں کے دلائل کا کچھ ذکر کر دیا ہے مگر ہمارا نظریہ پہلے والا ہے یعنی دار الحرب میں بھی سود لینا جائز نہیں اس کی حرمت وہاں بھی ہے۔

اعتراض نمبر ۷۸:

حلالہ کی لعنت

جونا گڑھی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُحَلِّلَ وَالْمُحَلَّلَ لَهٗ (رواه الدارمی وابن ماجة مشکوٰة جلد دوم ص ۲۸۴ کتاب النکاح باب المطلقة ثلثا) یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر لعنت فرمائی جو حلالہ کرے اور اس پر بھی جس کے لیے حلالہ کیا جائے۔ تین طلاقیں جس عورت کو دے دی جائیں پھر اس سے دوسرا اس لیے اور اس شرط پر نکاح کرے کہ دخول کرتے ہی طلاق دے دے گا تاکہ تین طلاقیں دینے والے شوہر کے لیے یہ حلال ہو جائے اسے حلالہ کہتے ہیں۔ اس فعل کے کرنے کرانے والے دونوں بزبان رسول معصوم صلی اللہ علیہ وسلم ملعون ہیں۔ اور یہ فعل باعث لعنت ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب کہتا ہے کہ ایسا کرنے سے یہ عورت اس مرد کے لیے حلال ہو جائے گی (الہدایہ جلد اول ص۳۸۰ کتاب الطلاق فصل فی ماتحل الخ میں ہے فَاِنْ طَلَّقَهَا بَعْدَ ... حَلَّتْ لِلْاَوَّلِ یعنی حلالہ کرنے والے نے اسے طلاق دے دی بعد مجامعت کرنے ... پہلے خاوند کے لیے حلال ہو گئی۔ خیال فرمائیے کہ اللہ کے رسول رسولوں کے ... صلی اللہ علیہ وسلم جس کام کو حرام اور لعنت کا باعث کہیں۔ حنفی مذہب اسے حلال کر دینے کا باعث ... ہے۔ کہو حنفی بھائیو اب کسے مانو گے؟ حدیث کو یا فقہ کو؟

(شمع محمدی ص۹۷، ظفر المبین حصہ دوم ص۱۳۹، فتح المبین علی رد مذاهب المقلدین ص۱۲۱، اختلاف امت کا المیہ ص۶۳، سبیل الرسول ص۲۶۴، احادیث نبویہ اور فقہ حنفیہ ص۴۸، مقلدین ائمہ کی عدالت میں ص۲۱۷)

جواب نمبر۱:

جونا گڑھی نے صرف لفظ حلالہ پر اعتراض کیا ہے حالانکہ حلالہ کا مطلب ہے حلال ... یعنی وہ عورت جس کو تین طلاقیں دی گئی۔ اب وہ اپنے خاوند کے لیے حرام ہو گئی ہے ... دوبارہ نکاح کرنا چاہے تو اس کا کیا طریقہ ہے اور وہ عورت پہلے خاوند کے لیے کس ... حلال ہوسکتی ہے۔ اس کا حکم قرآن میں موجود ہے۔

حلالہ کا حکم قرآن میں:

﴿فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰی تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ☆﴾ (پ۲ سورۃ بقرہ آیت نمبر۲۳۰)

”پھر اگر اس نے طلاق دے دی عورت کو (یعنی تیسری مرتبہ) پس اس کے بعد وہ اس کے لیے حلال نہیں ہے یہاں تک وہ اس کے علاوہ کسی خاوند کے ساتھ نکاح کرے پھر اگر اس نے بھی طلاق دے دی اس عورت کو تو کوئی گناہ نہیں ہے ان دونوں پر کہ رجوع کر لیں اگر وہ گمان کریں کہ وہ اللہ کی حدوں کو قائم رکھیں گے اور یہ اللہ کی حدیں ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ اس قوم کے لیے بیان کرتا ہے جو علم رکھتے ہیں۔“

اس آیت میں فَلَا تَحِلُّ لَهٗ کے الفاظ سے حلالہ کا لفظ ماخوذ ہے کہ وہ عورت پہلے خاوند کے لیے حلال ہو جاتی ہے۔

حلالہ کی دو قسمیں:

نمبر۱ غیر مشروط اور نمبر۲ مشروط

پہلی قسم: جو اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں بیان کی ہے اور یہ ہمارا اہل سنت والجماعت کا مسلک ہے۔

دوسری قسم: یعنی مشروط جو جونا گڑھی نے بیان کی ہے اور وہ صرف اس کو حلالہ تصور کرتے ہیں۔

یہ جونا گڑھی کی بددیانتی ہے کہ حالانکہ حلالہ کا لفظ عام ہے پہلی صورت بھی حلالہ ہے اور دوسری صورت بھی حلالہ ہے مگر جونا گڑھی عوام کو دھوکہ دینے کے لیے صرف دوسری صورت ہی کو حلالہ فرما رہے ہیں اور اس مشروط حلالہ کو حنفی مذہب قرار دے رہے ہیں جو سراسر جھوٹ ہے۔

حنفی مسلک ملاحظہ فرمائیں:

مشہور عالم دین حکیم الامت حضرت مولانا شاہ اشرف علی تھانوی حنفی اپنی مشہور زمانہ کتاب بہشتی زیور حصہ چہارم باب تین طلاق دینے کا بیان ص ۵۶ مطبوعہ ناشران قرآن لمیٹڈ اردو بازار لاہور میں لکھتے ہیں۔

مسئلہ نمبر۴: اگر دوسرے مرد سے اس شرط پر نکاح ہوا کہ صحبت کر کے چھوڑ دے گا تو اس اقرار لینے کا کچھ اعتبار نہیں۔ اس کو اختیار ہے چھوڑے یا نہ چھوڑے اور جب جی چاہے چھوڑے اور یہ اقرار کر کے نکاح کرنا بہت گناہ اور حرام ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے لعنت ہوتی ہے لیکن نکاح ہو جاتا ہے تو اگر اس نکاح کے بعد دوسرے خاوند نے صحبت کر کے چھوڑ دیا یا مر گیا تو پہلے خاوند کے لیے حلال ہو جائے گی۔ (شامی ج۲ ص۸۸۹)

ناظرین کرام یہ ہے حنفی مسلک، جونا گڑھی کو کیا ضرورت پڑی تھی کہ وہ صحیح بات نقل کرتے۔ ہم نے صرف ایک حوالہ ہی پیش کیا ہے اس پر ہم کافی حوالے پیش کر سکتے ہیں مگر انصاف کے لیے اتنا بھی کافی ہے۔

اعتراض نمبر ۷۹:

ایک کو تین کر دیا

(یعنی اکٹھی تین طلاقوں کا مسئلہ)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

اِنَّ اَبَا الصَّهْبَا قَالَ لِابْنِ عَبَّاسٍ اَتَعْلَمُ اَنَّمَا كَانَتِ الثَّالِثَةُ تَجْعَلُ وَاحِدَةً عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِيْ بَكْرٍ وَّثَلَاثًا مِّنْ اِمَارَةِ عُمَرَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَعَمْ (صحیح مسلم شریف جلد اول ص۴۷۸، باب طلاق الثلاث) یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سوال ہوا کہ ایک دفعہ کی ایک مجلس کی دی ہوئی تین طلاقیں کیا رسول اللہ ﷺ کے زمانے اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے زمانے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے تین سال کے زمانے تک ایک ہی شمار ہوتی تھیں؟ آپ نے فرمایا کہ ہاں ایسی تین طلاقیں ایک ہی کر دی جاتی تھیں۔ یہ صحیح حدیث صریح ہے کہ جو شخص تینوں طلاقیں ایک ساتھ اپنی بیوی کو دے وہ شمار میں اور حکم میں ایک ہی کے ہو سکتی ہیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس حدیث کو نہیں مانتا وہ کہتا ہے فَاِذَا فَعَلَ ذٰلِكَ وَقَعَ الطَّلَاقُ وَكَانَ عَاصِيًا یعنی اگر کسی شخص نے ایک ساتھ تین طلاقیں دیں یا ایک ہی طہر میں تین دے دیں تو ہے وہ گنہگار ہے وہ طلاق طلاق بدعت لیکن واقع ہو جائے گی پس حدیث میں تو تھا کہ ایسی تین طلاقیں ایک کر دی جائیں گی اور حنفی مذہب میں ہے کہ وہ تین رہیں گی۔ اب تم کہو حنفی بھائیو تین یا ایک؟ (شمع محمدی ص ۹۸)

جواب:

مولانا جونا گڑھی نے ان احادیث کا بالکل ذکر نہیں کیا جو احناف کی مستدل ہیں اور جو حدیث نقل کی ہے وہ بھی پوری نقل نہیں کی اس مسئلہ پر کئی کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔

ناظرین تفصیل تو ان میں دیکھ لیں خاص کر عمدۃ الابحاث فی وقوع طلاق الثلاث۔ ہم پہلے وہ احادیث نقل کرتے ہیں جن سے حنفی مذہب ثابت ہوتا ہے۔ پھر اس حدیث کا جواب دیں گے جو جونا گڑھی نے ادھوری نقل کی ہے۔

وہ احادیث جن سے حنفی مذہب ثابت ہوتا ہے۔

پہلی حدیث:

سہل بن سعد سعدی کہتے ہیں کہ عویمر عجلانی عاصم بن عدی انصاری کے پاس آئے اور کہنے لگے بتایئے اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ غیر مرد کو (اعتراض کی حالت میں) دیکھے تو کیا کرے؟ اگر اسے مار ڈالے تو تم اسے بھی قصاص میں مار ڈالو گے۔ لہٰذا کیا کرے؟ آپ یہ مسئلہ میرے لیے آنحضرت ﷺ سے دریافت فرمایئے، چنانچہ عاصم نے آنحضرت ﷺ سے پوچھا آپ ﷺ کو اس قسم کے سوال برے معلوم ہوئے اور برا کہا عاصم رضی اللہ عنہ کو

آنحضرت ﷺ کے فرمان سے گرانی محسوس ہوئی (یعنی وہ شرمندہ ہوئے کہ میں نے ناحق ایسی بات پوچھی جس سے آنحضرت ﷺ ناراض ہوئے) جب عاصم اپنے گھر آئے تو عویمر رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے کہنے لگے کہیے حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟ عاصم رضی اللہ عنہ نے کہا آپ خواہ مخواہ میرے لیے ایک الجھن لے کر آئے، آنحضرت ﷺ اس سوال ہی کو ناپسند فرماتے ہیں عویمر نے کہا مگر میں بغیر اس سوال کا جواب لیے چین سے نہ بیٹھوں گا۔ غرض عویمر نے حاضر خدمت ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ غیر مرد کو (اعتراض کی حالت میں) دیکھے تو کیا کرے؟ اگر اسے قتل کرے تو آپ لوگ بھی اسے قتل کر دیں گے۔ بتایئے کوئی اور صورت بھی ہے؟

آنحضرت ﷺ نے فرمایا اب اللہ تعالیٰ نے تیرے اور تیری بیوی کے لیے وحی نازل کی ہے جا اپنی بیوی کو لے آ۔

سہل کہتے ہیں پھر میاں بیوی دونوں نے امان کیا (یعنی قسمیں اٹھائی) میں بھی دوسرے لوگوں کے ساتھ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر تھا جب دونوں امان سے فارغ ہوئے تو عویمر رضی اللہ عنہ کہنے لگے یا رسول اللہ اگر میں اس عورت کو گھر میں رکھوں تو گویا میں جھوٹا ثابت ہوں گا۔ آنحضرت ﷺ کے حکم دینے سے قبل ہی اس نے اپنی بیوی کو تین طلاق دے دی۔ (بخاری، کتاب الطلاق، باب من اجاز طلاق الثلاث)

دوسری حدیث:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رفاعہ قرظی کی بیوی آنحضرت ﷺ کے پاس آ کر کہنے لگی یا رسول اللہ رفاعہ نے مجھے طلاق بتہ (یعنی طلاق بائنہ) دے دی ہے اور اس کے بعد میں نے عبدالرحمٰن بن زبیر قرظی سے نکاح کر لیا ہے لیکن اس کے پاس گویا کپڑے کا پھندنا ہے (یعنی وہ نامرد ہے) آنحضرت ﷺ نے فرمایا شاید تو پھر رفاعہ کے پاس جانا چاہتی ہے؟ یہ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک تو دوسرے شوہر سے ہم بستری کر کے لطف نہ اٹھا لو اور

وہ تم سے لطف نہ اٹھا لے۔

(بخاری، کتاب الطلاق پارہ ۲۲ باب من اجاز طلاق الثلاث)

تیسری حدیث:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے ڈالیں تو اس عورت نے دوسرے شخص سے نکاح کر لیا۔ مگر دوسرے نے بھی (جماع سے پہلے) اسے طلاق دے دی تو رسول اللہ ﷺ سے اس بارے میں پوچھا گیا کہ کیا وہ پہلے شخص کے لیے (صرف نئے نکاح کے ساتھ) حلال ہو سکتی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں جب تک کہ دوسرا شخص بھی پہلے ہی کی طرح اس کی مٹھاس چکھ نہ لے (یعنی اس سے ہم بستری نہ کر لے)(بخاری، کتاب الطلاق پارہ ۲۲ باب من اجاز طلاق الثلاث)

امام بخاری نے اس حدیث کو بیک لفظ دی ہوئی تین طلاق کے واقع ہو جانے کو ثابت کرنے کی غرض سے پیش کیا ہے نیز اس کے علاوہ دو مزید حدیثیں بھی اس سلسلے میں بطور ثبوت پیش کی ہیں۔

چوتھی حدیث:

نافع بن عجیر بیان کرتے ہیں حضرت رکانہ بن عبد یزید نے اپنی اہلیہ سہمیہ مزنیہ کو طلاق ''بتہ'' دے دی پھر وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ میں نے اپنی بیوی سہمیہ کو طلاق ''بتہ'' دے دی ہے اللہ تعالیٰ کی قسم میرا ارادہ صرف ایک طلاق دینے کا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے رکانہ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی قسم تم نے صرف ایک طلاق مراد لی تھی؟ تو رکانہ نے جواب دیا اللہ تعالیٰ کی قسم میں نے صرف ایک طلاق کا ارادہ کیا تھا تو نبی اکرم ﷺ نے اس خاتون کو ان صاحب کے ساتھ بھیج دیا۔ اس کے بعد انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں دوسری طلاق دی۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور خلافت

میں تیسری طلاق دی۔

(مسند الامام الشافعی مترجم ج۲ ص۱۳۸، باب الرجعة فی الواحدة والاثنتین)

یہ روایت مسند امام شافعی کے علاوہ سنن دارمی مترجم کتاب الطلاق باب فی طلاق البتة.

ابو داؤد ج۱ باب فی البتة ص۳۰۱ میں ہے:

اَنَّ رُكَانَةَ بْنَ عَبْدِيَزِيْدَ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ سُهَيْمَةَ الْبَتَّةَ

رکانہ عبد یزید کے بیٹے سے روایت ہے کہ اس نے اپنی جورو کو جس کا نام سہیمہ تھا طلاق بتہ دی۔

اس روایت کے متعلق امام ابوداؤد فرماتے ہیں

قَالَ ابو داؤد وَهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَنَّ رُكَانَةَ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ ثَلاثًا لِاَنَّهُمْ اَهْلُ بَيْتِهِ وَهُمْ اَعْلَمُ بِهِ الخ

حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ کی یہ روایت (جس میں بتہ کا لفظ موجود ہے) ابن جریج رضی اللہ عنہ کی روایت سے زیادہ صحیح ہے۔ جس میں آتا ہے کہ انہوں نے تین طلاقیں دی تھی کیوں کہ بتہ والی حدیث ان کے گھر والے بیان کرتے ہیں اور وہ اس (واقعہ) کو زیادہ جانتے ہیں۔

(ترمذی، ابواب الطلاق، باب ما جاء فی الرجل طلق امرأته البتة، ابن ماجة ابواب الطلاق، باب طلاق البتة، دار قطنی ج۲ ص۳۹، مستدرك حاکم ج۲ ص۱۹۹، موارد الظمان ص۳۲۱ وغیرہ میں بھی موجود ہے۔

یہ حدیث رکانہ مختلف اسناد و مختلف الفاظ کے ساتھ مروی ہے۔ لیکن امام ابوداؤد نے جس روایت کو زیادہ صحیح قرار دیا ہے وہ یہ ہی روایت ہے جو ہم نے نقل کی ہے۔ جس میں آتا ہے۔ انت طالق البتة یعنی حضرت رکانہ نے اپنی بیوی کو طلاق بتہ دی تھی۔ بت کا معنی کاٹنا

ہے یعنی تجھے ایسی طلاق ہے جو میرے اور تیرے درمیان تعلق نکاح کو کاٹ دے۔ اور فوری طور پر تعلق نکاح تین طلاقوں سے بھی کٹ جاتا ہے۔ اور ایک طلاق بائن سے بھی۔ لہٰذا یہ لفظ طلاق بائن کا بھی محتمل ہے اور تین طلاقوں کا بھی اس لیے حضور اکرم ﷺ نے حضرت رکانہ سے نیت پوچھی کہ اس لفظ سے تمہاری کیا مراد تھی جب انہوں نے قسم اٹھا کر اپنی نیت بتائی کہ میں نے یہ لفظ ایک طلاق کی نیت سے بولا ہے تو آپ ﷺ نے ایک طلاق (بائن) قرار دے کر دوبارہ نکاح کا حکم فرمایا جیسے رجوع بالنکاح بھی کہتے ہیں۔

پانچویں حدیث:

حضرت عبداللہ بن عمر ؓ نے اپنی بیوی کو حیض (یعنی ماہواری کے ایام) کی حالت میں ایک طلاق دے دی پھر چاہا کہ اس کے بعد دو ماہواریوں میں مزید دو طلاقیں اور دے دوں گا۔ یہ خبر جب آنحضرت ﷺ کو پہنچی تو آپ ﷺ نے فرمایا اے عمر کے بیٹے اللہ تعالیٰ نے تجھے اس طرح طلاق دینے کا حکم نہیں دیا۔ تم نے سنت کے خلاف کیا اور سنت یہ ہے کہ شوہر طہر کا انتظار کرے اور ہر طہر میں ایک طلاق دے پھر حضور اکرم ﷺ نے مجھے رجوع کا حکم فرمایا اور میں نے رجوع کر لیا، پھر فرمایا جب وہ پاک ہو لے تو تم چاہو تو طلاق دے دینا اور چاہو تو روک رکھنا۔ پھر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر میں اسے تین طلاقیں دے دیتا تو کیا میرے لیے رجوع کرنا حلال ہوتا؟ آپ ﷺ نے فرمایا ایسے میں تیرے لیے رجوع حلال نہ ہوتا اور وہ تیرے نکاح سے نکل جاتی اور یہ گناہ کی بات ہوتی۔

(سنن دار قطنی ص ۳۱ ج ٤)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حیض کی حالت میں طلاق دینا ناجائز ہے مگر طلاق پھر بھی ہو جاتی ہے۔

اس حدیث میں تین طلاقیں اکٹھی واقع ہونے کا کتنا صریح ثبوت موجود ہے۔

چھٹی حدیث:

عامر شعبی کہتے ہیں کہ میں نے فاطمہ بنت قیس سے کہا کہ آپ اپنی طلاق کا واقعہ بیان کیجیے انہوں نے فرمایا کہ مجھے میرے شوہر نے یمن جاتے وقت تین طلاقیں دی تھیں۔ تو حضور اکرم ﷺ نے یہ طلاقیں نافذ فرما دیں۔

(ابن ماجة ص ١٤٥، باب من طلق ثلاثا فی مجلس واحد)

صاحب شمع محمدی نے جو حدیث نقل کی ہے اس کے کئی جواب ہیں۔

پہلا جواب:

صاحب شمع محمدی نے حدیث مکمل نقل نہیں کی اگر مکمل نقل کر دیتے تو بات کافی حد تک صاف ہو جاتی اور عوام کو مسئلہ جلدی سمجھ آ جاتا اس حدیث میں آگے یہ الفاظ بھی آتے ہیں۔

پھر حضرت عمر ؓ نے فرمایا لوگوں نے اس معاملہ میں جلدی کی ہے جس میں ان کے لیے مہلت تھی کاش ہم ان پر نافذ کر دیں چنانچہ پھر آپ نے اس کو ان پر نافذ کر دیا۔

(صحیح مسلم جلد اول ص ٤٧٧)

ناظرین آپ نے مکمل حدیث ملاحظہ فرما لی ہے اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق ؓ نے حضور اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق ؓ کے خلاف تین طلاق کو تین ہی کیوں شمار کیا۔ اور تمام صحابہ کرام ؓ نے اس کو کیوں قبول کیا۔ یہ مسئلہ کوئی معمولی نوعیت کا نہیں ہے بلکہ حرام حلال کا مسئلہ ہے۔ جسے نکاح سے قبل عورت مرد پر حرام ہوتی ہے نکاح ہونے سے حلال ہو جاتی ہے۔ اسی طرح تین طلاقیں دینے سے عورت مرد پر حرام ہو جاتی ہے۔ اہل سنت والجماعت کے علاوہ دیگر فرقے حضرت عمر فاروق ؓ یا صحابہ کرام ؓ کے متعلق جو بھی نظریہ رکھتے ہیں وہ رکھیں۔ کل قیامت کے روز خود جواب دیں گے مگر ہم اہل سنت و جماعت کبھی یہ بات سوچ بھی نہیں سکتے کہ حضرت عمر ؓ حضور

اکرم ﷺ کے خلاف کریں گے یا آپ کے حلال کو حرام کریں گے یا آپ کی شریعت کو بدلیں گے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کوئی عام آدمی نہیں امیر المومنین ہیں۔ خلیفہ راشد ہیں خلیفہ وقت کی اطاعت کرنا قرآن سے ثابت ہے۔ نبی کریم ﷺ نے ان کی اتباع کا حکم دیا ہے۔ بے شمار احادیث آپ کے مرتبہ اور مقام کو واضح کرتی ہیں جن میں سے چند یہ ہیں۔

حدیث نمبر۱:

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

اے ابن خطاب! قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے شیطان جب تجھے چلتا ہوا راستے میں دیکھتا ہے تو وہ اس راستے کو چھوڑ کر دوسرے راستہ پر چل پڑتا ہے۔ (مشکوٰۃ ص۵۵۷)

حدیث نمبر۲:

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

پہلی امتوں کے کچھ لوگ ایسے ہوتے تھے جن کو براہ راست اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہام ہوتا تھا اگر میری امت میں کوئی ایسا ہے تو یقیناً وہ عمر ہے۔ (مشکوٰۃ)

حدیث نمبر۳:

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

بے شک اللہ نے حق عمر کی زبان اور ان کے دل پر جاری کر دیا ہے۔ (مشکوٰۃ)

حدیث نمبر۴:

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو یقیناً وہ عمر بن خطاب ہوتے۔

(مشکوٰۃ، ترمذی ص۱۰۹ ج۲)

حدیث نمبر۵:

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

علیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین المهدیین.

میری سنت اور میرے خلفاء راشدین مہدیین کی سنت لازم پکڑو۔

حدیث نمبر۶:

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں کہ میں تم میں کتنا عرصہ زندہ رہوں گا اور آپ ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ میرے بعد ان دونوں کی اقتدا (پیروی) کرنا اور عمار کی سیرت اپناؤ اور ابن مسعود تمہیں جو بھی بتائیں اسے سچا ماننا۔

ناظرین ان احادیث کے ہوتے ہوئے ہم کیسے یہ بات کہہ سکتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کی سنت کو بدل دیا۔ لہٰذا اس حدیث کا ایسا مفہوم اور مطلب لیا جائے گا جو قرآن اور دیگر احادیث اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور خاص کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حکم کے مطابق ہو۔ اور احادیث کا آپس میں جو تعارض نظر آ رہا ہے وہ بھی ختم ہو جائے۔

جواب نمبر۲:

یہ روایت اس عورت کی طلاق سے مخصوص ہے کہ جس کو قبل دخول وصحبت کے طلاق دے دی جاتی تھی اور اس کی تین طلاق کو آنحضرت ﷺ اور عہد ابوبکر رضی اللہ عنہ میں ایک طلاق خیال کیا جاتا تھا چنانچہ سنن ابوداؤد میں وہی روایت بایں الفاظ مروی ہو۔

عن طاؤس ان رجلا یقال له الصهباء کان کثیر السوال لابن عباس قال

اما علمت ان الرجل كان اذا طلق امراته ثلاثا قبل ان يدخل بها جعلوها واحدة على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم وابى بكر وصدرًا من امارة عمر. قال ابن عباس بلى كان الرجل اذا طلق امراته ثلاثا قبل ان يدخل بها جعلوها واحدة على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم وابى بكر وصدرًا من امارة عمر فلما رأى الناس قد تابعوا فيها قال اجزوهن عليهم.

یعنی طاؤس سے روایت ہے کہ ایک شخص ابوالصہباء ابن عباس سے بہت سوال کیا کرتا تھا اس نے ابن عباس سے کہا کہ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ جب کوئی شخص اپنی عورت کو دخول سے پہلے تین طلاق دے دیا کرتا تھا تو زمانہ رسول خدا ﷺ و ابی بکر اور ابتدائے خلاف حضرت عمر میں ان کو ایک طلاق جانا کرتے تھے۔ ابن عباس نے فرمایا کہ ہاں ایسا ہی ہے کہ جب کوئی شخص اپنی عورت کو دخول سے پہلے تین طلاق دیتا تھا تو ان کو زمانہ رسول خدا ﷺ و ابی بکر صدیق اور ابتدائے خلافت حضرت عمر میں ایک طلاق جانا کرتے تھے لیکن جب حضرت عمر نے لوگوں کو ایسی پے درپے طلاق دیتے دیکھا تو کہا جائز رکھو ان پر۔ پس دیکھو جس صورت میں ابوداؤد کی یہ مفصل حدیث صحیح مسلم کی مجمل حدیث کی تفصیل ہے اور اس نے ان تین طلاق کو جو ایک شمار کی جاتی تھی صرف اس عورت کی نسبت مقید کر دیا ہے جس کو دخول وصحبت سے پہلی طلاق دی جاتی تھی تو پھر صحیح مسلم کو عام عورتوں کی نسبت خیال کر کے مدخولہ وغیر مدخولہ عورت کی یک دفعہ تین طلاق کو ایک طلاق سمجھ لینا اور عام طور پر ایسا حکم جاری کر دینا روایت ودرائت کی صریح برخلاف ہے۔

جواب نمبر۳:

اگر صحیح مسلم کی حدیث کو صرف غیر مدخولہ عورت کے ہی متعلق نہ سمجھا جاوے بلکہ عام عورتوں کی طلاق کی نسبت قرار دیا جاوے تاہم اس حدیث کا ہرگز وہ مطلب نہیں ہے جو صاحب شمع محمدی سمجھ بیٹھے ہیں بلکہ بلحاظ ورعایت نصوص قرآنیہ وارشادات نبویہ اور تعامل

خصوصاً اس حدیث کی اس آخری فقرہ **ان الناس قد تعجلوا فى امر كانت لهم فيه اناة فلو امضياه عليهم فامضاه عليهم** کے اور اس کا صحیح مطلب صرف اتنا ہی ہے کہ آنحضرت ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے عہد میں جب کوئی شخص اپنی عورت کو انت طالق تین بار کہتا رہتا تو غالباً اس کی غرض تاکید کی ہوتی تھی اتنی نہ استیناف کی جسے ان کا قول غالب پر عمل کر کے ایک طلاق شمار کی جاتی تھی اور جب زمانہ حضرت عمر میں لوگ استیناف کا ارادہ کرنے لگے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کی غالب ارادہ استیناف پر حمل کر کے تین طلاق شمار کیں چنانچہ امام نووی نے شرح صحیح مسلم جلد اول کے صفحہ ۴۷۸ میں اس حدیث کے نیچے اس طرح لکھا ہے

فالاصح من ان معناه انه كان فى اول الامر اذا قال لها انتِ طالق انتِ طالق انتِ طالق ولم ينو الا تاكيدا الا استينافًا يحكم بوقوع طلقة لقلة ارادتهم الاستيناف بذالك فحمل على الغالب الذى هو ارادة التاكيد فلما كان فى زمن عمر رضى الله عنه وكثر استعمال الناس بهذه الصيغة وغلب منهم ارادة الاستيناف بها حملت عند الاطلاق على الثلاث عملا بالغالب السابق الى الفهم منها فى ذالك العصر. انتهٰى

یعنی اصح یہ ہے کہ اس حدیث کا یہ معنی ہے کہ ابتدا میں جب عورت کو تین بار انت طالق انت طالق انت طالق کہا جاتا تھا تو اس تکرار سے صرف طلاق کی تاکید کا ارادہ رکھا جاتا تھا نہ استیناف کا جس کے تکرار ہے بسبب ان کی قلت ارادہ استیناف کے صرف ایک طلاق کے واقع ہونے کا حکم کیا جاتا تھا اور ان کی غالب ارادہ پر جو طلاق کی تاکید کا ہوتا تھا حمل کیا جاتا تھا لیکن جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ مین کثرت سے لوگ اس صیغہ کا استعمال کرنے لگے اور ان سے استیناف کے ارادہ کا ظہور غالب ہوا تو اس صیغہ کے اطلاق کے وقت تین طلاق پر اس کا حمل کیا گیا عمل کرنے کو ساتھ اس غالب امر کے جو اس زمانہ میں اسے سمجھا

جاتا تھا۔

اور کشف الغمہ عن جمیع الامہ کی جلد دوم کے صفحہ ۱۰۲ میں امام شعرانی نے حدیث مذکور کی نسبت اس طرح پر لکھا ہے۔

واختلف العلماء فی تاویل هذا الحدیث فذهب بعض التابعین الی ظاهره فی حق من لم یدخل بها وذهب بعضهم الی ان المراد به تکریر لفظ الطلاق فیقول انتِ طالق انتِ طالق فانه یلزم واحدة اذا قصد التوکید وثلاث ان قصد تکریر الایقاع قال العلماء فکان الناس فی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم وابی بکر علی صدقهم وسلامتهم وقصدهم فی الغالب الفضیلة والاختیار ولم یظهر فیهم افساد ولا خداع فکانوا یصدقون فی ارادة التوکید وعدمه فلما رأی عمره فی زمانه امورا ظهرت واحوالا تغیرت وفشا ایقاع الثلاث جملة بلفظ لا یحتمل التاویل الزمهم الثلاث فی صورة التکریر اذ صار الغالب علیهم قصدها کما اشار الیه رضی الله عنه بقوله آنفًا ان الناس قد استعجلوا فی امر کانت لهم فیه اناه. انتهی

یعنی علماء نے اس حدیث کی تاویل میں اختلاف کیا ہے چنانچہ بعض تابعین تو اس حدیث کے ظاہر کی طرف گئے ہیں کہ یہ حدیث اس عورت کے حق میں ہے کہ جس کو صحبت سے پہلے طلاق دے دی گئی ہوں۔ اور بعض اس طرف گئے ہیں کہ اس کی مراد تکریر یعنی بار بار لفظ طلاق بولنے کی ہے جیسے کوئی عورت کو کہے انتِ طالق انتِ طالق پس اس تکریر سے اگر وہ طلاق کی تاکید کا قصد کرتا ہے تو ایک طلاق واقع ہوتی ہے اور اگر بار بار طلاق واقع کرنے کا قصد کرتا ہے تو تین واقع ہوتی ہیں اور علماء نے کہا ہے کہ رسول خدا ﷺ اور ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد میں لوگ صدق و سلامتی پر تھے اور غالب قصد ان کا بزرگی اور

بہتری کا تھا اور ان میں فساد اور حیلہ بازی نہ ہوئی تھی اور تاکید اور غیر تاکید کے ارادہ کے اظہار میں سچ کہہ دیتے تھے لیکن جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانہ میں دیکھا کہ نئی باتیں ظاہر ہوگئی ہیں اور حالات بدل گئے ہیں اور تین طلاق کا اکٹھا واقع کرنا ایسے لفظ سے شائع ہوا ہے جو تاویل کا احتمال نہیں رکھتا تو آپ نے تکریر کی صورت میں تین طلاق کو لازم کر دیا کیوں کہ اس وقت غالب ہوا ان پر تین طلاقوں کا قصہ جیسا کی خود آپ نے اپنے قول ان الناس قد استعجلوا فی امر کانت لهم فیه اناة تین ان کی طرف اشارہ کیا ہے۔

سوم: اس حدیث کی یہ معنی بھی ہیں کہ پہلی زمانہ میں لوگوں کی عادت ایک طلاق دینے کی تھی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جب لوگ تین طلاق یک دفعہ ڈالنے لگے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو ان پر نافذ کر دیا پس اس صورت میں یہ حدیث صرف ایک اخبار اختلاف عادۃ الناس سے ہے نہ ایک ہی مسئلہ میں تغیر حکم سے چنانچہ اس معنی کو بھی امام نووی ہی نے اس طرح پر لکھا ہے۔ وقیل المراد ان المعتاد فی الزمن الاول کان طلقة واحدة وصار الناس فی زمن عمر رضی الله عنه یوقعون الثلاث دفعة فنفذه عمر فعلی هذا یکون اخبارًا عن اختلاف عادة الناس لا عن تغیر حکم فی مسئلة واحدة انتهٰی

یعنی بعض نے کہا ہے کہ اس حدیث کی مراد یہ ہے کہ پہلے زمانہ میں لوگوں کی ایک طلاق دینے کی عادت تھی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں انہوں نے تین طلاق یک دفعہ دینی شروع کر دیں۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں کو جاری کر دیا۔ سو اس صورت میں یہ حدیث صرف ایک اخبار ہے اختلاف عادۃ الناس سے نہ ایک ہی مسئلہ میں حکم بدلنے سے اور اسی معنی کو حافظ ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری کی کتاب الطلاق کے صفحہ ۱۶۴ میں بہ زیادہ وضاحت کے ساتھ اس طرح سے بیان کیا ہے۔

تاویل قوله واحدة وهو ان معنی قوله کان الثلاث واحدة ان الناس فی

زمن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کانو یطلقون واحدة فلما کان زمن عمر
کانو یطلقون ثلاثا ومحصله ان المعنی ان الطلاق الموقع فی عهد عمر ثلاثاً
کان یوقع قبل ذالك واحدة لانهم کانوا لا یستعملون الثلاث اصلاً وکانوا
یستعملونها نادرًا واما فی عصر عمر فکثر استعمالهم لها ومعنی قوله
فامضاه علیهم واجازه وغیر ذالك انه صنع فیه من الحکم بایقاع الطلاق ما
کانُ یصنع قبله و رجح هذا التاویل ابن العربی ونسبه الی ابی زرعة الرازی
و کذا اورده البیهقی باسناده الصحیح الی ابی زرعة انه قال معنی هذا
الحدیث عندی ان ما تطلقون انتم ثلاثا کانوا یطلقون واحدة قال النووی
وعلی هذا فیکون الخبر وقع عن اختلاف عادة الناس خاصة لا عن تغیر
الحکم فی الواحدة. انتهٰی

یعنی اس حدیث میں کان الثلاث واحدۃ کا معنی یہ ہے کہ رسول خدا ﷺ کے زمانہ میں لوگ صرف ایک طلاق دیا کرتے تھے اور جب حضرت عمرؓ کا زمانہ ہوا تو تین طلاقیں دینے لگے اور حاصل اس معنی کا یہ ہے کہ جو تین طلاقیں حضرت عمر کے عہد میں دی جانے لگیں وہ اسی پہلے صرف ایک طلاق دی جاتی تھی کیوں کہ وہ تین طلاق کا استعمال ہرگز نہیں کرتے تھے اور صرف شاذ و نادر ان کو استعمال میں لاتے تھے لیکن حضرت عمر نے طلاق کے واقع کرنے میں وہی حکم دیا جو اسے پہلے دیا جاتا تھا اور اس تاویل کو ابن عربی نے بحوالہ زرعۃ الرازی کے ترجیح دی ہے جیسا کہ بیہقی نے اسناد صحیحہ کے ساتھ اس کو روایت کیا ہے کہ ابی زرعہ کہتے ہیں کہ اس حدیث کے معنی میرے نزدیک یہ ہیں کہ جو تین طلاقیں تم دیتے ہو پہلے صرف ایک طلاق لوگ دیا کرتے تھے۔ نووی نے کہا ہے کہ اس صورت پر یہ حدیث صرف ایک خبر لوگوں کے اختلاف عادت کی نسبت واقع ہوئی ہے نہ یہ کہ ایک ہی مسئلہ میں حکم بدلا گیا ہو۔

الغرض حسب بیان متذکرہ بالا جب کہ قرآن شریف و احادیث اور اکابرین صحابہ کے اجماع و فتاویٰ سے تین طلاق یک دفعہ کا تین ہی واقع ہو جانا آفتاب نصف النہار کی طرح روشن ثابت ہے اور اس پر ائمہ مجتہدین اور علمائے سلف و خلف کے مذہب کا اتفاق ہے تو پھر اس کے برخلاف صحیح مسلم کی حدیث مذکور سے جب کہ وہ خود بھی کئی معنی کا احتمال رکھتی ہے صرف اس کے ایک ایسے احتمال کو جو خود اس حدیث کے اصل راوی حضرت عبداللہ بن عباس ؓ کے فتاویٰ کے بھی جو متعدد اوقات میں ان سے ظہور میں آئے بالکل منافی ہے مسلم رکھ کر تین طلاق کو خواہ مخواہ ایک طلاق قرار دینا العیاذ باللہ شریعت محمدیہ کو صریحاً الٹ پلٹ دینا نہیں تو اور کیا ہے۔

اعتراض نمبر ۸۰:

حرام کو حلال دیا

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ، أَنَّهُ تَزَوَّجَ ابْنَةً لِأَبِي إِهَابِ بْنِ عُزَيْزٍ فَأَتَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ قَدْ أَرْضَعْتُ عُقْبَةَ وَالَّتِي تَزَوَّجَ، فَقَالَ لَهَا عُقْبَةُ مَا أَعْلَمُ أَنَّكِ أَرْضَعْتِنِي، وَلَا أَخْبَرْتِنِي فَأَرْسَلَ إِلَى آلِ أَبِي إِهَابٍ فَسَأَلَهُمْ فَقَالُوا مَا عَلِمْنَا أَرْضَعَتْ صَاحِبَتَنَا فَرَكِبَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ فَسَأَلَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ وَقَدْ قِيلَ فَفَارَقَهَا عُقْبَةُ، وَنَكَحَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ.

(رواہ البخاری مشکوٰۃ جلد دوم ص۲۷۴ کتاب النکاح باب المحرمات)

یعنی حضرت عقبہ بن حارث ؓ نے ابواہاب بن عزیز کی لڑکی سے اپنا نکاح کیا۔ پھر ایک عورت آئی اس نے کہا کہ میں نے عقبہ کو بھی اپنا دودھ پلایا ہے اور جس سے اس نے

نکاح کیا ہے اسے بھی اپنا دودھ پلایا ہے۔ حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے اس کا علم نہیں کہ میں نے تمہارا دودھ پیا ہو اور نہ تم نے کبھی اس کی خبر مجھے آج سے پہلے دی۔ پھر اپنی سسرال آدمی بھیج کر پچھوایا۔ وہاں سے بھی یہی جواب ملا کہ اس عورت نے ہماری بچی کو دودھ پلایا ہو اس کا ہمیں کوئی علم نہیں۔ اب حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ سوار ہو کر مدینہ شریف گئے اور آپ ﷺ سے واقعہ بیان کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اب تم اسے اپنے گھر میں کیسے رکھ سکتے ہو؟ جب کہ یہ بات کہی گئی؟ چنانچہ حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ نے انہیں الگ کر دیا اور انہوں نے دوسرے کسی سے اپنا نکاح کر لیا۔

میرے اسلامی بھائیو! یہ ہے حدیث یہ فیصلہ محمدی یہ ہے قانون مدنی یہ ہے حکم سرکاری۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

اب اپنے فقہی مذہب کا فیصلہ سنو ہدایہ جلد دوم ص ۳۴۴ کتاب الرضاع میں ہے وَلاَ يُقْبَلُ فِي الرَّضَاعِ شَهَادَةُ النِّسَاءِ مُنْفَرِدَاتٍ یعنی دودھ پلائی کے بارے میں صرف عورتوں ہی کی شہادت ہو تو وہ نامقبول ہے۔

کہو حنفی بھائیو! صرف ایک عورت کی شہادت سے رسول اللہ ﷺ نکاح کو باقی نہ رہنے دیں۔ صرف ایک عورت کی شہادت سے دودھ پلائی کا فیصلہ کر دیں اور آپ کا مذہب کہے کہ ایک چھوڑ کئی ایک عورتیں بھی ہوں تاہم ان کی شہادت مقبول نہیں۔ اب فرمائیے اسے مانیں یا اُسے؟ (شمع محمدی ص ۹۸ ظفر المبین حصہ اول ص ۱۸۸)

جواب:

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ قرآن مجید نے عام معاملات میں جہاں گواہ اپنی مرضی سے مقرر کیے جا سکتے ہیں اور جن کی اطلاع پانا مرد و عورت دونوں کے لیے ممکن ہوتا ہے گواہی کا نصاب دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں مقرر کیا ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے۔

﴿وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاءِ﴾ (بقرہ:۲۸۲)

"اور گواہ کرو دو شاہد اپنے مردوں میں سے پھر اگر نہ ہوں دو مرد تو ایک مرد اور دو عورتیں ان لوگوں میں سے جن کو تم پسند کرتے ہو گواہوں میں۔"

قرآن مجید کے اس واضح حکم سے صرف ایسی ہی صورتیں مستثنیٰ ہو سکتی ہیں جن میں مردوں کے لیے اطلاع پانا ناممکن ہو (جیسے مثلاً حیض، بچے کی ولادت اور عورتوں کے دیگر خاص صنفی معاملات) جب کہ بچے کو دودھ پلانا ان معاملات میں سے نہیں ہے کیوں کہ اس کی اطلاع عام طور پر دودھ پلانے والی کے باپ، بھائی، شوہر یا خادم وغیرہ اور بچے کے والدین یا اعزہ کو بھی ہوتی ہے اس لیے دودھ پلانے والی کے کہنے یا اس پر محض عورتوں کے گواہی دینے پر حرمت رضاعت ثابت نہیں ہوگی اور قرآن مجید کا عام حکم برقرار رہے گا۔

اس آیت کی تفسیر میں مولانا صلاح الدین یوسف غیر مقلد لکھتے ہیں۔

نیز مرد کے بغیر صرف اکیلی عورت کی گواہی بھی جائز نہیں (سعودی تفسیر ص ۱۲۵)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا فیصلہ:

(۱) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسے ہی ایک مقدمے میں جس میں ایک عورت نے دعویٰ کیا تھا کہ اس نے میاں بیوی کو دودھ پلایا ہے، اپنے قاضی کو ہدایت کی کہ

"اگر یہ عورت اس پر گواہ (یعنی شرعی نصاب کے مطابق دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں) لے آئے تو میاں بیوی میں تفریق کر دو۔ ورنہ ان کا نکاح بحال رہنے دو، الا یہ کہ وہ خود ایک شبہ والی بات سے بچنا چاہیں۔ اگر ہم اس طرح کے دعووں سے میاں بیوی کے درمیان تفریق کا دروازہ کھول دیں تو جو عورت چاہے گی اٹھ کر کسی میاں بیوی کے درمیان تفریق کرا دے گی۔"

(فتح الباری شرح صحیح بخاری ج۵ ص ۲۶۹ مصنف عبدالرزاق ج۸ ص ۳۳۲)

(۲) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

ان عمر بن الخطاب اتی فی امرأۃ شھدت علیٰ رجل وامرأتہ انھا ارضعتھا فقال لا حتی شھد رجلان او رجل ومرأتان.

نہیں (ہم تمہارا دعویٰ نہیں مانیں گے) مگر یہ کہ دو مرد، یا ایک مرد اور دو عورتیں اس پر گواہی دیں۔ (سنن الکبری للبیھقی باب شھادت النساء فی الرضاع جلد ۷)

اس طرح کے فیصلے حضرت علی، مغیرہ بن شعبہ اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے بھی منقول ہیں دیکھیے (محلی ابن حزم ج۹ ص۴۰۳، فتح الباری ج۵ ص۳۶۹)

صاحب شمع محمدی نے جو حدیث نقل کی ہے اس کا مطلب:

اس حدیث میں جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بیوی کو چھوڑ دینے کا حکم دیا ہے وہ اس لیے نہیں دیا تھا کہ اس لونڈی کے کہہ دینے سے حرمت رضاعت ثابت ہوگئی تھی۔ بلکہ جیسا کہ اس ہی روایت سے واضح ہے کہ شبہ اور تنگی کا آ جانا لازمی تھا۔ نیز ایسے مواقع پر لوگ بھی باتیں بنانے میں پیچھے نہیں رہتے اور اس سے ظاہر ہے ازدواجی زندگی خوش گوار نہیں رہ سکتی وگرنہ اس قصہ کی تفصیلات کا اگر مطالعہ کیا جائے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسا فرمانا، قانونی فیصلہ کے طور پر نہیں بلکہ ایک حکیمانہ ہدایت کے طور پر تھا۔ چنانچہ روایات میں بیان ہوا ہے کہ یہ لونڈی عقبہ بن حارث کے نکاح کے بعد ان کے گھر آئی اور ان سے کچھ صدقہ خیرات کا سوال کیا انہوں نے کچھ تاخیر کی تو اس نے کہا مجھ پر صدقہ کرو، خدا کی قسم میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے۔

(دار قطنی ج٤ ص۱۷۷ وسکت علیہ ابن حجر فی الفتح ج۵ ص۲٦۹)

اس سے واضح ہے کہ اس کا یہ دعویٰ کر کے ان کو شبہے میں ڈالنا، غصے اور کینے کی بنا پر تھا پھر اس کے اس دودھ پلانے کی خبر نہ عقبہ بن حارث کو تھی نہ لڑکی کو اور نہ ان کے گھر والوں کو اور نہ اس عورت نے اس سے پہلے کبھی ان کو اس کی خبر دی تھی۔ (فتح الباری)

اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس کا دعویٰ محض جھوٹا تھا۔ پھر جب عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ نے مسئلہ بتانے سے اعراض کیا، پھر تین یا چار مرتبہ پوچھنے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا۔

(دارقطنی ج۴ ص۱۷۷)

اگر اس عورت کی گواہی پر حرمت رضاعت ثابت ہوتی تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پہلی مرتبہ میں انہیں حکم دیتے کہ اپنی بیوی کو چھوڑ دو پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو جو الفاظ ارشاد فرمائے وہ بھی یہی بتلاتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ان کو اپنی بیوی کو چھوڑ دینے کے لیے کہنا محض مصلحت کے طور پر تھا نہ کہ بطور قانون حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (کیسے تم اس کو پاس رکھو گے؟) جب کہ ایسی (شبہے والی) بات کہہ دی گئی ہے اب تم اس کو اپنے سے جدا کر دو۔

(فتح الباری ج۵ ص۲٦۸)

نیز شمس الائمہ سرخسی نے مبسوط میں فرمایا کہ اس عورت کی یہ شہادت کسی کے مذہب میں بھی قانوناً قابل قبول نہیں تھی کیوں کہ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ سے اس عورت کی کوئی رنجش پیدا ہوگئی تھی اور اس رنجش کے پیدا ہوتے ہی اس نے یہ شہادت دی۔ ظاہر ہے کہ یہ شہادت الضخن تھی جو کسی کے نزدیک بھی مقبول نہیں۔

(مبسوط سرخسی ج۵ ص۱۳۸ کتاب النکاح)

اس کا حدیث کا صحیح مطلب یہ ہی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ کو بیوی چھوڑنے کا حکم دینا بطور احتیاط کے تھا۔ ہماری بات کی تائید خود امام بخاری کے طرز سے ہوتی ہے چنانچہ امام بخاری نے یہ حدیث ج۱ ص۲۷۵، ۲۷٦، کتاب البیوع باب تفسیر المشتبھات میں بھی ذکر کی ہے۔

جو احتیاط پر عمل کرنے کے لیے اور شک وشبہ کو چھوڑنے کے لیے امام بخاری نے قائم کیا ہے۔

علامہ وحید الزمان غیر مقلد کا حوالہ:

علامہ صاحب اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

یہاں امام بخاری اس لیے لائے کہ گو اکثر علماء کے نزدیک رضاع ایک عورت کی شہادت سے ثابت نہیں ہوسکتا۔ مگر شبہ تو ہو جاتا ہے اور آنحضرت ﷺ نے شبہ کی بنا پر عقبہ کو یہ صلاح دی کہ اس عورت کو چھوڑ دے۔ معلوم ہوا اگر شہادت کامل نہ ہو یا شہادت کے شرائط میں نقص ہو تو معاملہ مشتبہ رہتا ہے لیکن مشتبہ سے بچے رہنا تقویٰ اور پرہیزگاری ہے۔

(تیسیر الباری جلد۲ ص۳۵۲ کتاب البیوع)

ہم حنفی بھی یہ ہی کہتے ہیں کہ اس حدیث کا مطلب یہ ہی ہے اس مسئلہ میں اصل حکم قرآن مجید کا قابل عمل ہے اور پھر خلیفہ راشد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا حکم بھی یہی ہے۔ اور حدیث کا جو مفہوم ہم نے بیان کیا ہے اس سے حدیث پر عمل بھی ہو جاتا ہے۔

صاحب شمع محمدی کا یہ کہنا کہ صاحب ہدایہ نے حرام کو حلال کر دیا۔ یہ بالکل غلط ہے اللہ تعالیٰ مولانا کو معاف فرمائیں۔

اعتراض نمبر۸۱:

اونچی آواز کی بسم اللہ

صاحب شمع محمدی نقل کرتے ہیں:

سبحان اللہ! کتاب کھولتے ہی کیا حدیث سامنے آئی ہے جس نے تمام معاملہ صاف کر دیا جو مجھ گونگے کی تمام باتیں آپ کے سامنے ظاہر کر دے گی اور میرا جو مطلب ہے وہ آپ کو سلجھا سمجھا دے گی، جانے دیجیے حدیث کی کتابوں کو اس وقت میرے سامنے حنفی مذہب کی اعلیٰ کتاب ہدایہ ہے مجتبائی مطبع کی چھپی ہوئی ہے۔ پہلی جلد ہے ص ۸۷ ہے۔ اس میں پانچویں سطر میں تحریر ہے کہ وَقَالَ الشَّافِعِیُّ یَجْھَرُ بِالتَّسْمِیَۃِ عِنْدَ الْجَھْرِ بِالْقِرَاْۃِ

اما رُوِیَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَھَرَ فِیْ صَلٰوتِہٖ بِالتَّسْمِیَۃِ

یعنی شافعیوں کا مذہب ہے کہ جب اونچی آواز سے قرأت پڑھنی ہو تو بسم اللہ الخ بھی اونچی آواز سے پڑھنے ان کی دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ اس آیت کو بآواز بلند پڑھتے تھے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب کیا ہے اسے مصنف ہدایہ سطر۴ میں بیان کر چکے ہیں کہ یُسِرُّ بِھِمَا یعنی اعوذ کو اور بسم اللہ کو آہستہ پڑھے۔ دلیل یہ کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ یہی فرماتے ہیں۔ آپ نے یہ نظارہ دیکھا؟ یہ تقسیم سمجھ میں آئی؟ کہ ایک دلیل پر تو شافعی عمل کرے دوسری پر حنفی عمل کرے۔ اب اے شافعیو! اور اے حنفیو! سنو، محمدی کہتے ہیں کہ اگر فی الواقع کوئی دلیل ہے تو اس کی تابعداری ایک حنفی پر ہے، شافعی پر بھی ہے اور جیسے شافعی پر ہے حنفی پر بھی ہے پھر اس کی کیا وجہ کہ ایک دلیل کو حنفی ٹال دے اور ایک دلیل کو شافعی ٹال دے۔

(شمع محمدی ص۹۹، فتح المبین علی رد مذاہب المقلدین ص۶۰، ص۱۳۷)

جواب:

امام ابوحنیفہ کا مسلک یہ ہے کہ بسم اللہ شریف آہستہ پڑھے امام صاحب کا یہ مسلک کئی احادیث سے ثابت ہے ملاحظہ فرمائیں۔

دلائل احناف

نماز میں بسم اللہ آہستہ پڑھنا:

(۱) عن انس رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وابو بکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ.

(مجمع الزوائد ج۲ ص۱۰۸)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ، حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما سب بسم اللہ آہستہ آواز سے پڑھتے تھے۔

(۲) عن انس رضی الله عنه قال صلیت خلف رسول الله صلی الله علیه وسلم وابی بکر وعمر وعثمان رضی الله عنهم فلم اسمع احدا منهم یجهر بسم الله الرحمن الرحیم (نسائی ج۱ ص۱۰۵)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ، حضرت ابو بکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کے پیچھے نماز پڑھی لیکن میں نے ان میں سے کسی کو بھی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اونچی آواز سے پڑھتے ہوئے نہیں سنا۔

(۳) عن انس قال صلیت مع رسول الله صلی الله علیه وسلم وابی بکر وعمر وعثمان فلم اسمع احدا منهم یقرأ بسم الله الرحمن الرحیم.

(مسلم ج۱ ص۱۷۲)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ حضرت ابو بکر، حضرت عمر، حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کے ساتھ نماز پڑھی، لیکن ان میں سے کسی کو بھی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے ہوئے نہیں سنا۔

(٤) عن ابن بن مالك رضی الله عنه انه حدثه قال صلیت خلف النبی صلی الله علیه وسلم وابی بکر وعمر و عثمان فکانوا یستفتحون بالحمد لله رب العلمین لا یذکرون بسم الله الرحمن الرحیم فی اول قرأة ولا فی آخرها. (مسلم ج۱ ص۱۷۲)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ، حضرت ابو بکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کے پیچھے نماز پڑھی یہ سب الحمد للہ رب العالمین سے (قرأت) شروع کرتے تھے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو ذکر نہیں کرتے تھے نہ قرأت کے شروع میں نہ آخر میں۔

(۵) عن انس رضی الله عنه ان النبی صلی الله علیه وسلم وابا بکر وعمر کانوا یفتتحون الصلوٰة بالحمد لله رب العالمین.

(بخاری ج۱ ص۱۷۲)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی علیہ السلام، حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما نماز الحمد للہ رب العالمین سے شروع کرتے تھے۔

(٦) عن ابی وائل قال کان علی وابن مسعود لا یجهر ان بسم الله الرحمن الرحیم ولا بالتعوذ ولا بآمین. (معجم طبرانی کبیر ج۹ ص۲٦۳)

حضرت ابو وائل فرماتے ہیں کہ حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما بسم اللہ، اعوذ باللہ اور آمین اونچی آواز سے نہیں کہتے تھے۔

(۷) محمد قال اخبرنا ابو حنیفة عن ابراهیم قال قال ابن مسعود فی الرجل یجهر بسم الله الرحمن الرحیم انها اعرابیة وکان لا یجهر بها هو ولا احد من اصحابه. (کتاب الآثار الامام ابی حنیفة ص۲۲)

حضرت امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضرت امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے فرمایا کہ بروایت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کے یہ خبر دی کہ حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایسے شخص کے بارے میں جو بسم اللہ اونچی آواز سے پڑھتا ہے فرمایا کہ یہ گنوار پن ہے، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ خود اور ان کے اصحاب میں سے کوئی بھی بسم اللہ اونچی آواز سے نہیں پڑھتا تھا۔

(۸) عن عکرمة عن ابن عباس فی الجهر بسم الله الرحمن الرحیم قال ذالك فعل الاعراب. (طحاوی ج۱ ص۱٤۰)

حضرت عکرمہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے بسم اللہ اونچی آواز سے پڑھنے کے متعلق فرمایا کہ یہ تو گنواروں کا فعل ہے۔

(٩) عَن ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ، قَالَ سَمِعَنِي أَبِي وَأَنَا فِي الصَّلَاةِ، أَقُولُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ، فَقَالَ لِي أَيْ بُنَيَّ مُحْدَثٌ إِيَّاكَ وَالْحَدَثَ، قَالَ وَلَمْ أَرَ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ أَبْغَضَ إِلَيْهِ الْحَدَثُ فِي الْإِسْلَامِ يَعْنِي مِنْهُ وَقَالَ قَدْ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ أَبِي بَكْرٍ، وَمَعَ عُمَرَ، وَمَعَ عُثْمَانَ، فَلَمْ أَسْمَعْ أَحَدًا مِنْهُمْ يَقُولُهَا، فَلا تَقُلْهَا، إِذَا أَنْتَ صَلَّيْتَ فَقُلْ (الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ)

قال ابو عيسى حَدِيثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ حَدِيثٌ حَسَنٌ، وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ أَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ، وَعَلِيٌّ، وَغَيْرُهُمْ، وَمَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ التَّابِعِينَ، وَبِهِ يَقُولُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَابْنُ الْمُبَارَكِ، وَأَحْمَدُ، وَإِسْحَاقُ لَا يَرَوْنَ أَنْ يَجْهَرَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ قَالُوا وَيَقُولُهَا فِي نَفْسِهِ (ترمذی ج١ ص٥٧)

حضرت عبداللہ بن مغفل کے صاحبزادے فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد صاحب نے نماز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے ہوئے سنا تو مجھ سے فرمایا بیٹا یہ بدعت ہے اور بدعت سے بچو، فرمایا میں نے رسول اللہ ﷺ کے صحابہ میں سے کسی کو نہیں دیکھا کہ اس کے نزدیک اسلام میں بدعت ایجاد کرنے سے زیادہ کوئی چیز مبغوض ہو اور فرمایا کہ میں نے نبی ﷺ، حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان رضی اللہ عنہم (سب) کے ساتھ نماز پڑھی ہے لیکن ان میں سے کسی کو بھی بسم اللہ کہتے ہوئے نہیں سنا لہٰذا تم بھی نہ کہو، جب تم نماز پڑھو تو کہو الحمد للہ رب العالمین، امام ترمذی فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن مغفل کی حدیث حسن ہے اور نبی ﷺ کے اکثر اہل علم صحابہ کا عمل اسی پر ہے جن میں حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی اور دیگر صحابہ کرام اور ان کے بعد تابعین بھی ہیں۔ حضرت سفیان ثوری، حضرت عبداللہ بن مبارک، امام احمد بن حنبل، اسحاق بن راہویہ کا بھی یہی قول ہے یہ لوگ اونچی

آواز سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنے کو صحیح نہیں سمجھتے البتہ ان کا کہنا ہے کہ نمازی بسم اللہ اپنے جی میں کہہ لے۔

(١٠) عن ابراهيم قال جهر الامام بسم الله الرحمن الرحيم بدعة (مصنف ابن ابی شيبة ج١ ص٤١١)

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ امام کا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اونچی آواز سے پڑھنا بدعت ہے۔

(١١) قال وكيع والجهر بابسملة بدعة. (تذكرة الحفاظ ج١ ص٣٠٩)

امام وکیع فرماتے ہیں کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اونچی آواز سے پڑھنا بدعت ہے۔

(١٢) قال سفيان الثوری يا شعيب لا ينفعك ما كتبت حتى ترى المسح على الخفين وحتى ترى ان اخفاء بسم الله الرحمن الرحيم افضل من الجهر به الخ. (تذكرة الحفاظ ج١ ص٢٠٦)

حضرت سفیان ثوری نے فرمایا اے شعیب جو کچھ تو نے (مجھ سے سن کر) لکھا ہے یہ تجھے اس وقت تک فائدہ نہیں دے گا جب تک کہ تو موزوں پر مسح کرنے کو صحیح نہ سمجھے اور جب تک کہ تو یہ عقیدہ نہ رکھے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آہستہ آواز سے پڑھنا اونچی آواز سے پڑھنے کی نسبت افضل ہے۔

رہی وہ روایت جو صاحب ہدایہ نے امام شافعی رحمہ اللہ کی دلیل کے طور پر نقل کی ہے، جس کا ذکر جونا گڑھی نے کیا ہے اس کے کئی جواب ہیں۔

پہلا جواب:

شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہ اس حدیث کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

حافظ زیلعی رحمہ اللہ نے اس روایت کا جواب دیتے - دیے فرمایا کہ اولاً تو یہ روایت شاذ

اورمعلول ہے کیوں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے کئی شاگردوں نے یہ واقعہ بیان کیا ہے۔لیکن سوائے نعیم المجمر کے کوئی بھی قراۃ تسمیہ کا جملہ نقل نہیں کرتا اور اگر بالفرض اس کو معتبر مان بھی لیا جائے تب بھی یہ روایت شافعیہ کے مسلک پر صریح نہیں کیوں کہ قرأت کے لفظ سے بسم اللہ کی نفسِ قرأت ثابت ہوتی ہے۔نہ کہ اس کا جہر،اس لیے کہ قرأت کے لفظ میں قرأت بالسِر کا بھی احتمال ہے۔لہٰذا اس روایت سے شافعیہ کا استدلال تام نہیں۔
(درس ترمذی جلد اول ص ۵۰۰۔۵۰۱)

دوسرا جواب:

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر رحمہ اللہ اس حدیث کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

علامہ زیلعی رحمہ اللہ نصب الرایہ ج ۱ ص ۳۳۶ میں لکھتے ہیں:

کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے آٹھ سو شاگرد تھے "ما بین صاحب و تابع" ان میں سے صرف نعیم مجمر رحمہ اللہ ہی یہ روایت کرتے ہیں اور کوئی بھی نہیں۔یہ اس بات کی دلیل ہے کہ یہ روایت شاذ ہے۔

تیسرا جواب:

شیخ الحدیث صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

حافظ ابن تیمیہ رحمہ اللہ فتاویٰ ج ۱ ص ۸۵ میں لکھتے ہیں کہ جھگڑا تو جہر کا ہے۔اس روایت میں فقرأ کے لفظ ہیں۔قرأت کا تو جھگڑا ہی نہیں۔لہٰذا یہ جہر کے لیے ناکافی ہے۔

ایک شبہ کا ازالہ:

اگر سِرًّا پڑھی تو پھر سنی کیسے۔

جواب:

ممکن ہے کبھی کوئی آیت جہر سے پڑھتے ہوں۔بخاری ج ۱ ص ۱۰۵ اور ص ۱۰۷

ملا ہے۔
(یسمعنا الآیۃ احیانًا) قال ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ فی الزاد ص ۶۳
وترک النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم الجہر بالبسملۃ وکان یجہر بہا احیانًا والمقصود انہ کان یفعل فی الصلوۃ شیئًا احیانا العارض لم یکن من [ف]علہ الراتب.

حافظ ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے یہ اعتراض بھی پیش کیا ہے کہ ابو قتادہ رضی اللہ عنہ نے ظہر اور عصر کی [نم]از میں قرأت کا ذکر کیا ہے تو ان کو کیسے پتہ چلا؟ جوابًا کہتے ہیں کہ شاید سری میں بھی کوئی [ک]لمہ سن لیا ہو۔اور ممکن ہے کہ نماز ختم کر کے بتلایا ہو۔حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کی روایت بخاری [ج] ۱ ص ۱۰۵ میں ہے۔(خزائن السنن ج ۲ ص ۷۰۔۷۱)

[چ]وتھا جواب:

نعیم بہت قریب ہیں ابو ہریرہ سے ان کے آہستہ بسم اللہ کہنے سے بھی یہ واقف ہو گئے [ہ]وں۔الغرض ان کے اس قول سے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بسم اللہ پڑھی ہرگز یہ نہیں ثابت ہوتا کہ انہوں نے بلند آواز سے پڑھی۔ایسی بہت سی نظیریں موجود ہیں جن میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز عصر وظہر میں فلاں فلاں سورت پڑھتے تھے یا درمیان دو سجدہ کے قعدہ میں یہ دعا پڑھتے تھے۔یا بعد سبحانک اللہم کے اور رکوع میں اور بعد رکوع کے اور قعدہ اخیرہ میں یہ دعائیں پڑھتے تھے۔اذکار امام نووی وعمل الیوم واللیلۃ لابن السنی وکتب حدیث صحاح ستہ وغیرہ کو جو شخص دیکھے گا اس قسم کی روایات بہت پاوے گا۔حال آنکہ بالیقین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ اذکار اور ادعیہ اور قرأت سور ظہر وعصر وغیرہ میں آہستہ ادا ہوتی تھی نہ بلند آواز سے۔پس اگر صرف ذکر کرنا مقتدی کا کہ ہمارے امام نے یہ لفظ ادا کیا یا یہ دعا پڑھی مستلزم ثبوت جہر ہووے لازم آتا ہے کہ ان سب روایات سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بلند کرنا آواز ساتھ ان اذکار اور قرأت کے ثابت کیا جاوے۔

اعتراض نمبر۸۲:

بلند کو پست کر دیا (ایک موسمی مسئلہ لیجیے)

(عید الفطر میں تکبیرات کہنا)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

ایک موسمی مسئلہ لیجیے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ اِذَا غَدَا يَوْمَ الْفِطْرِ وَيَوْمَ الْاَضْحٰى يَجْهَرُ بِالتَّكْبِيْرِ.

(دار قطنی)

''بیہقی میں یہ مرفوعاً بھی مروی ہے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر اور عید الاضحیٰ کو باآواز بلند تکبیریں پڑھتے۔

خود قرآن نے رمضان کے ذکر کے ساتھ فرمایا ہے۔ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ترغیب ترہیب میں حدیث ہے کہ عید کی زینت اسی تکبیر سے ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عید میں آتے جاتے اور عید گاہ میں برابر باآواز بلند تکبیر پڑھتے رہتے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا چنانچہ ہدایہ جلد اول ص ۱۵۳ باب العیدین میں ہے وَلَا يُكَبِّرُ عِنْدَ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ طَرِيْقِ الْمُصَلّٰى یعنی امام ابو حنیفہ کے نزدیک بھی عید میں عید گاہ جاتے ہوئے تکبیر نہ پڑھے۔ کہیے حنفی بھائیو! اب حدیث مانو گے؟ یا فقہ؟

(شمع محمدی ص ۱۰)

جواب:

صاحب شمع محمدی نے ہدایہ کی عبارت کا مفہوم غلط لیا ہے۔ جس سے امام صاحب کا

سرے سے عید الفطر کے دن تکبیر کا انکار لازم آتا ہے جیسا کہ مولانا جونا گڑھی نے ترجمہ کرتے ہوئے لکھا ہے حالانکہ اس عبارت کا صحیح مطلب یہ ہے کہ عید الفطر کے دن عید گاہ جاتے ہوئے بقرہ عید کی طرح بلند آواز سے تکبیر نہ کہے آہستہ آواز سے کہے۔

مولانا سید امیر علی غیر مقلد نے یہ ہی مفہوم لیا ہے۔ ہدایہ کی اس عبارت کا ترجمہ کرتے ہوئے آپ لکھتے ہیں

وَلَا يُكَبِّرُ اور تکبیر کی آواز بلند نہ کرے۔

عند ابی حنیفة فی طریق المصلی ابوحنیفہ کے نزدیک عیدگاہ کے راستہ میں۔

(عین الهدایه ترجمه و شرح هدایه جلد اول ص ۸٤٦ ناشر مکتبه رحمانیه لاهور)

اس سے ثابت ہوا کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور آپ کے بعد احناف کا صحیح مسلک یہ ہی ہے کہ عید الفطر میں عید گاہ جاتے وقت تکبیر کہنا چاہیے مگر آہستہ۔

حنفی مسلک کی تمام کتب میں اسی طرح لکھا ہوا ہے کچھ عبارات ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) بہشتی زیور حصہ نمبر ۱۱ ص ۴۹۰ میں ہے۔

عید الفطر کے دن تیرہ چیزیں مسنون ہیں۔ پھر آگے نمبر ۱۳ میں لکھتے ہیں۔

اور راستے میں اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ آہستہ آواز سے پڑھتے ہوئے جانا چاہیے۔

(۲) احسن المسائل اردو ترجمہ کنز الدقائق ص ۵۷ باب نماز عیدین میں ہے۔

پھر عید گاہ جائے راستہ میں آواز سے تکبیر نہ کہے (بلکہ آہستہ آہستہ کہے) اور نہ عید کی نماز سے پہلے نفل پڑھے۔

(۳) اشرف الوقایہ ترجمہ و شرح اردو شرح وقایہ جلد اول ص ۲۴۰ باب العیدین میں ہے۔

عید الفطر کے روز مستحب یہ ہے کہ نماز سے قبل کچھ کھائے اور مسواک کرے اور غسل

کرے۔ اور خوشبو لگائے اور جو سب سے اچھا کپڑا اپنا ہو وہ پہنے اور صدقہ فطر ادا کرے اور عیدگاہ کے راستے میں آہستہ آہستہ تکبیر کہتا ہوا عیدگاہ کی جانب جائے۔

(۴) مولانا عبدالحمید سواتی لکھتے ہیں:

اور پھر عیدگاہ کی طرف روانہ ہو، راستہ میں تکبیرات کہے تو آہستہ آواز سے کہے جیسا کہ حضرت امام ابوحنیفہ کہتے ہیں نماز عید سے پہلے کوئی نفل نہ پڑھے اور عیدگاہ میں نماز کے بعد بھی نفل پڑھنے مکروہ ہیں۔

(ہدایہ ج۱ ص۱۱۱، شرح نقایہ ج۱ ص۱۲۱، کبیری ص۵۶۶، نماز مسنون کلاں ص۶۹۳)

(۵) مولانا مفتی محمد عاشق الٰہی مدنی لکھتے ہیں:

(۱) فتاویٰ شامیہ، جوہرہ نیرہ اور ہندیہ وغیرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ امام ابوحنیفہ کا مختار مسلک یہ ہے کہ عیدالفطر کے دن پوشیدہ آواز سے تکبیر کہنا مستحب ہے تو گویا امام ابوحنیفہ کا صاحبین سے نفس تکبیر میں اختلاف نہیں البتہ جہر میں اختلاف ہے۔ فافہم

(الفلاح الضروری اردو ترجمہ التسہیل الضروری لمسائل قدوری ص۷۵ حاشیہ نمبر۱)

(۶) مولانا مجیب اللہ ندوی لکھتے ہیں:

(۱) عیدالفطر کے دن نماز سے پہلے کھجوریں یا چھوہارے یا کوئی اور میٹھی چیز کھانا سنت ہے۔ (۲) صدقہ فطر ادا کر کے نماز کے لیے جانا چاہیے، صدقہ فطر کا ذکر روزہ کے بیان میں آئے گا۔ (۳) عیدگاہ کے راستہ میں آہستہ آہستہ تکبیر کہتے جانا۔

(شرح التنویر ص۱۱۲ ج۱، اسلامی فقہ جلد۱ صفحہ ۳۰۶، باب عید الفطر کے خاص احکام)

ناظرین حوالے تو بہت ہیں مگر ہم ان ہی پر اکتفا کرتے ہیں۔ ان حوالہ جات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ امام ابوحنیفہ اور حنفی عیدالفطر کے دن عیدگاہ جاتے ہوئے تکبیرات کے قائل ہیں۔

اب یہ بات رہ جاتی ہے کہ تکبیریں آہستہ کہنی چاہیے یا بلند آواز سے امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ عیدالفطر کے دن آہستہ اور بقرہ عید کے روز بلند آواز سے کہنا چاہیے۔ کیوں کہ یہ اصل میں اللہ کا ذکر ہے اور ذکر میں اخفاء اصل ہے۔

آہستہ کہنے کے دلائل:

قرآن مجید میں ہے:

اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ (اعراف: ۵۵)

پکارو اپنے رب کو عاجزی کرتے ہوئے اور چپکے بے شک وہ محبت نہیں کرتا حد سے بڑھنے والوں کے ساتھ۔

دوسری آیت:

وَاذْکُرْ رَّبَّکَ فِیْ نَفْسِکَ تَضَرُّعًا وَّخِیْفَةً وَّدُوْنَ الْجَھْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَکُنْ مِّنَ الْغَافِلِیْنَ○ (اعراف: ۲۰۵)

اور ذکر کر اپنے رب کا اپنے دل میں عاجزی کے ساتھ اور ڈرتے ہوئے اور جہر سے کم آواز میں۔

حدیث:

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا:

جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر پر جہاد کیا یا خیبر کی طرف متوجہ ہوئے تو (رستے میں) لوگ ایک بلند جگہ پر چڑھے انہوں نے پکار کر تکبیر کہی اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے اوپر آسانی کرو تم کیا اس کو پکارتے ہو جو بہرا ہے یا تم کو نہیں دیکھتا تم تو ایسے خدا کو پکارتے ہو جو سب کی سنتا ہے اور نزدیک ہے وہ تمہارے ساتھ ہے۔

(بخاری ج۲ ص۶۰۵، کتاب المغازی، مسلم ج۲ ص۳٤٦، مسند احمد ج٤ ص۳۹٤)

ان دلائل کی وجہ سے امام ابوحنیفہ نے اس بات کو اختیار کیا ہے کہ ذکر میں اصل اخفا ہے۔ باقی بقرہ عید کے روز جہراً پڑھنے کے دلائل احادیث میں موجود تھے اس لیے وہاں پر اس کو اختیار کیا گیا۔

رہی وہ روایت جو مولانا جونا گڑھی نے نقل کی ہے وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا عمل ہے اور قرآن مجید اور مرفوع حدیث کے مقابل میں اس پر عمل نہیں ہو سکتا دوسرے وہ اس لیے نقل نہیں کی کہ آہستہ اور جہر کو ثابت کیا جائے بلکہ اس لیے نقل کی تھی کہ یہ ثابت کیا جائے کہ امام ابوحنیفہ سرے سے تکبیر پڑھنے کے قائل ہی نہیں ہیں اور عبداللہ بن عمر کا عمل بتا رہا ہے کہ تکبیر ثابت ہے۔ لہٰذا ہم نے ثابت کر دیا کہ امام صاحب کا مذہب قرآن وسنت سے ثابت ہے۔

اعتراض نمبر ۸۳:

اپنی طرف سے شرط بنالی

(یعنی اعتکاف کے لیے روزہ رکھنا)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کُنْتُ نَذَرْتُ فِی الْجَاھِلِیَّۃِ اَنْ اَعْتَکِفَ لَیْلَۃً فِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ قَالَ فَاَوْفِ بِنَذْرِكَ

(متفق علیه، مشکوٰۃ جلد اول ص۱۸۳ کتاب الصوم باب الاعتکاف)

یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آنحضرت ﷺ سے کہا کہ میں نے جاہلیت میں نذر مانی تھی کہ مسجد حرام میں ایک رات اعتکاف کروں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اپنی نذر پوری کرو۔ پس صاف ظاہر ہے کہ اعتکاف کے لیے روزے کی شرط نہیں کیوں کہ رات کو روزہ نہیں ہوتا۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب اس صحیح صریح حدیث کے خلاف کہتا ہے کہ اعتکاف کے لیے روزہ شرط ہے چنانچہ ہدایہ جلد اول باب الاعتکاف ص۲۰۹ میں ہے والصوم من شرطه عندنا یعنی اعتکاف کے لیے روزہ ہمارے نزدیک شرط ہے۔ اب اے حنفی بھائیو! آپ فرمائیے آپ کے نزدیک جو ہے وہ تو آپ نے دیکھ لیا۔ (شمع محمدی ۱۰۲)

جواب:

احناف کی دلیل

حدیث نمبر ۱:

حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ اعتکاف کرنے والے کو یہ سنت ہے کہ عیادت نہ کرے مریض کی اور نہ جنازہ کی نماز کے واسطے حاضر ہو اور نہ عورت کو چھوئے اور نہ عورت سے مباشرت کرے اور نہ کسی کام کے واسطے نکلے سوائے ضرورت کے کام کے (یعنی پیشاب و پاخانہ وغیرہ کے لیے) اور بغیر روزہ کے اعتکاف درست نہیں ہوتا۔ الحدیث

(ابوداؤد باب الاعتکاف، سنن دارقطنی باب الاعتکاف)

رہی وہ روایت جو صاحب شمع محمدی نے نقل کی ہے اس میں روزہ رکھنے کا ذکر نہیں مگر دوسری روایات میں نبی کریم ﷺ نے حضرت عمر کو روزہ رکھنے کا حکم بھی دیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ عمر رضی اللہ عنہ نے جاہلیت کے زمانے میں نذر کی تھی ایک رات یا ایک دن اعتکاف کرنے کی کعبے کے پاس انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا، آپ ﷺ نے فرمایا اعتکاف کر اور روزہ رکھ۔

(ابوداؤد الاعتکاف المعتکف یعود المریض، مشکوٰۃ باب الاعتکاف فصل ثانی، سنن دارقطنی باب الاعتکاف)

اس سے ثابت ہوا کہ ہدایہ کا مسئلہ حدیث کے خلاف نہیں ہے اور نہ ہی احناف نے اپنی طرف سے کوئی شرط بنائی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو قرآن وسنت پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

اعتراض نمبر ۸۴:

وقت قربانی

(یعنی گاؤں میں عید کی نماز سے پہلے قربانی کرنا)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے:

عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ شَهِدْتُ الْاَضْحٰى يَوْمَ النَّحْرِ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَعْدُ اَنْ صَلّٰى وَفَرَغَ مِنْ صَلٰوتِهٖ وَسَلَّمَ فَاِذَا هُوَ يَرٰى لَحْمَ اَضَاحِيَّ قَدْ ذُبِحَتْ قَبْلَ اَنْ يَفْرُغَ مِنْ صَلٰوتِهٖ فَقَالَ مَنْ كَانَ ذَبَحَ قَبْلَ اَنْ يُصَلِّيَ اَوْ تُصَلِّي فَلْيَذْبَحْ مَكَانَهَا اُخْرٰى الخ

(متفق علیہ مشکوٰۃ جلد اول ص۱۲۹ کتاب الصلوٰۃ باب فی الاضحیۃ)

یعنی رسول اللہ ﷺ نے نماز عید سے فارغ ہوتے ہی قربانی کا گوشت دیکھا جو نماز کی فراغت سے پہلے ہی قربان کر دی گئی تھیں تو آپ ﷺ نے فرمایا جس نے نماز پڑھنے سے پہلے یا فرمایا نماز پڑھ لی جائے اس سے پہلے جس نے قربانی کی ہو اسے اس کی جگہ اور قربانی کرنی چاہیے۔ یہ حدیث صاف دلیل ہے کہ نماز عید سے پہلے قربانی جائز نہیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

حنفی مذہب اسے نہیں مانتا وہ کہتا ہے کہ شہر کے اردگرد رہنے والے دیہاتی تو بعد فجر قربانی کرلیں چنانچہ ہدایہ جلد چہارم ص۴۲۹ کتاب الاضحیہ میں ہے فَاَمَّا اَهْلُ السَّوَادِ

فَيَذْبَحُوْنَ بَعْدَ الْفَجْرِ یعنی شہر کے آس پاس کے رہنے والے فجر کے بعد اپنی قربانیاں کر لیں۔ کہو حنفی بھائیو! حدیث مقبول یا فقہ؟ اور مردود کون؟

(شمع محمدی ۱۰۲، ظفر المبین حصہ اول ص۱۶۲)

جواب:

صاحب شمع محمدی نے جو حدیث نقل کی ہے اس پر احناف کا عمل ہے چنانچہ ہدایہ ہی میں لکھا ہے۔

یوم النحر (بقرہ عید کے دن) کے طلوع فجر سے قربانی کا وقت داخل ہو جاتا ہے البتہ شہریوں کے لیے امام کے نماز پڑھ لینے سے پہلے قربانی کرنا جائز نہیں ہے۔ ہدایہ کتاب الاضحیہ۔ ہدایہ کا یہ مسئلہ حدیث کے مطابق ہے مگر صاحب شمع محمدی نے اس کو ذکر نہیں کیا۔ اس مسئلہ کو ذکر کرنے کے بعد صاحب ہدایہ آگے گاؤں کے لوگوں کے متعلق لکھتے ہیں۔

رہے دیہاتی تو وہ فجر کے بعد ذبح کر سکتے ہیں۔ فرماتے ہیں اور اس سلسلے میں نبی کریم ﷺ کا فرمان مستدل ہے کہ جس شخص نے نماز سے پہلے ذبح کرلیا اسے ذبیح کا اعادہ کرنا چاہیے اور جس نے نماز کے بعد ذبح کیا تو اس کی قربانی مکمل ہوگئی۔ (بخاری کتاب الاضحی باب من ذبح قبل الصلاة) اور اس نے مسلمانوں کا طریقہ اپنالیا۔ (نوٹ: ہدایہ کی یہ عبارت مختلف احادیث کا مفہوم اور خلاصہ ہے کسی حدیث کا مکمل ترجمہ نہیں ہے) پھر حدیث کا حوالہ دیا جس کا مفہوم یہ ہے کہ آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ اس دن ہماری پہلی عبادت نماز ہے پھر قربانی۔ (بخاری باب الذبح بعد الصلاة)

ہدایہ کے علاوہ اور بہت سی کتب میں یہ مسئلہ لکھا ہے۔

(۲) احسن الہدایہ جلد ۱۳ ص ۳۰۳ میں ہے۔

شہر اور وہ مقامات جہاں عیدین اور جمعہ مشروع ہیں وہاں کے باشندوں کو نماز عید سے پہلے قربانی کرنا جائز نہیں ہے۔

(۳) مولانا مجیب اللہ ندوی اسلامی فقہ جلد ا ص ۵۲۱ میں لکھتے ہیں۔

اسی طرح قربانی کا نماز کے بعد کرنا ضروری ہے۔

(۴) الفلاح الضروری ترجمہ تسہیل الضروری ص ۴۲۰ قربانی کا بیان میں ہے۔

سوال:

قربانی کے وقت کی ابتداء کیا ہے؟

جواب:

نحر کے دن (یعنی دس ذوالحجہ) کو فجر ثانی (یعنی صبح صادق) کے طلوع سے قربانی کا وقت داخل ہوتا ہے مگر تحقیق شان یہ ہے کہ شہر والوں کے لیے نمازِ عید سے پہلے ان کو ذبح کرنا جائز نہیں۔

سوال:

اگر ان میں سے کوئی نماز عید سے پہلے ذبح کرے تو کیا کرے؟

جواب:

قربانی کو لوٹائے۔

(۵) مولانا اشرف علی تھانوی لکھتے ہیں مسئلہ نمبر ۳ بقرعید کی نماز ہونے سے پہلے قربانی کرنا درست نہیں ہے۔ جب لوگ نماز پڑھ چکیں تب کرے۔

ان حوالہ جات سے معلوم ہوا کہ حنفی مسلک حدیث کے مطابق ہے۔ اب رہی گاؤں میں نماز سے قبل اجازت تو ایسی کوئی دلیل قرآن یا حدیث میں موجود نہیں جو خاص گاؤں میں منع کرنے کی ہو۔ اگر ہو تو پیش کریں۔ حدیث میں آتا ہے کہ نمازِ عید کے بعد قربانی کریں جب گاؤں میں نماز عید ہی نہیں ہوتی تو وہ پھر انتظار نماز کا کس طرح کریں گے۔
یہاں پر مسئلہ اقتضاء النص کے طور پر گاؤں کے لیے طلوع فجر کے بعد قربانی کرنے کا جواز

ثابت ہو رہا ہے۔

نوٹ:

فقہ حنفی یہ نہیں کہتی کہ ضرور ضرور اس طرح کرو فقہ حنفی میں صرف جواز ہے۔

اعتراض نمبر ۸۵:

حدیث کا مقابلہ حیلے سے

(یعنی شہر کے لوگ اگر جلدی قربانی کرنا چاہیں تو اپنی قربانی گاؤں میں بھیج کر نماز عید سے پہلے کر سکتے ہیں)

صاحب شمع محمدی نقل کرتے ہیں۔

اسی نمبر ۸۴ کی حدیث کو دوبارہ پڑھ جائیے اس میں یہاں تک تاکید ہے کہ اگر کسی نے نماز سے پہلے قربانی کر لی تو اسے دوبارہ قربانی کرنی پڑے گی۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب کہتا ہے

وَحِيلَةُ الْمِصْرِيِّ إِذَا أَرَادَ التَّعْجِيلَ أَنْ يَبْعَثَ بِهَا إِلَى خَارِجِ الْمِصْرِ فَيُضَحِّي بِهَا كَمَا طَلَعَ الْفَجْرُ

یعنی شہری لوگ اگر جلدی سے قربانی کر لینا چاہیں تو وہ یہ حیلہ کر لیں کہ اپنی قربانی کے جانور کو شہر کے آس پاس کہیں بھیج دیں اور وہاں طلوع فجر کے بعد ہی قربانی ہو جائے۔

کہو حنفی بھائیو حیلے سے حکم حدیث کو باطل کرنا منظور؟ یا حکم حدیث کے خلاف حیلوں کو کچل ڈالنا منظور؟ (شمع محمدی ص ۱۰۳، ظفر المبین حصہ اول ص ۱۶۲)

جواب:

اس کا جواب اعتراض نمبر ۸۴ کے جواب میں گزر چکا ہے۔ یہاں پر مسئلہ مجبوری کا ہے۔ عام حالات اور مجبوری کے احکام الگ الگ ہوتے ہیں۔ غلط ملط نہیں کرنے چاہییں۔ اس اعتراض کا جواب فتح المبین ص ۱۶۵ پر ملاحظہ فرمائیں۔

مجبوری کی مثال ملاحظہ فرمائیں۔

فرض کریں کسی نے قربانی کا جانور خریدا اور وہ اتنا سخت بیمار پڑ گیا کہ ڈاکٹر کہتا ہے کہ اسے جلد از جلد ذبح کر لیں۔ مگر یہ سحری کا ٹائم ہے اور نماز عید کا وقت صبح ۹ بجے کا ہے تو اب کیا کریں اگر نماز عید کا انتظار کرتے ہیں تو خطرہ ہے کہ جانور مر نہ جائے۔ آپ کے عزیز کسی قریبی گاؤں میں رہتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ آپ یہاں لے آئیں۔ آپ وہاں پر بھیج دیتے ہیں وہ اسے طلوع فجر کے فوراً بعد ذبح کر دیتے ہیں تو اس طرح کرنے سے قربانی ہو گی۔ اس میں کیا ہرج ہے۔ یہ عام حکم نہیں بلکہ مجبوری کا ہے۔

(مثال نمبر۲) آپ بیرونِ ملک جا رہے ہیں آپ کی فلائیٹ تیار ہے وقت بہت کم ہے آپ چاہتے ہیں کہ اپنی قربانی میں سے کچھ کھالو اگر نماز عید کا انتظار کرو گے تو دیر ہو جائے گی یا قصائی وغیرہ نہیں ملتا اور گاؤں میں قصائی بھی موجود ہو اور آپ کی بیٹی یا ہمشیرہ یا اور کوئی آپ کا عزیز کہتا ہے کہ آپ، گاؤں میں ہمارے پاس جانور بھیج دو سب کام آپ کے جانے تک ہو جائیں گے آپ قربانی کا گوشت بھی کھالیں گے اور دیر بھی نہیں ہو گی اگر آپ اس طرح کرتے ہیں تو فقہ حنفی میں اس مجبوری کا جواز موجود ہے۔

فقہ حنفی یہ نہیں کہتی کہ عام حالات میں ایسا کرو فقہ حنفی نے تو مجبور کے لیے شرعی حیلہ بتایا ہے۔ حیلے کی دو قسمیں ہیں ایک شرعی اور ایک غیر شرعی۔ غیر شرعی کو تو فقہ حنفی بھی ناجائز کہتی ہے مگر شرعی حیلہ قرآن و حدیث سے ثابت ہے اس لیے فقہ حنفی اس کو مانتی ہے۔ دیکھئے حضرت ایوب علیہ السلام کا واقعہ۔

اعتراض نمبر ۸۶:

فعل رسول ﷺ کو مکروہ کہنا

(یعنی ہدی کے جانور کو زخم لگانا (اشعار کرنا))

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ ثُمَّ دَعَا بِنَاقَتِهِ فَاَشْعَرَهَا فِيْ صَفْحَةِ سَنَامِهَا الْاَيْمَنِ (رواہ مسلم)

یعنی رسول اللہ ﷺ نے حج کے موقعہ پر ظہر کی نماز ذوالحلیفہ میں پڑھ کر اپنی قربانی کی اونٹنی کے کوہان کے دائیں جانب اشعار کیا۔

یہ حدیث مسلم میں ہے بھی ہے بخاری میں بھی اشعار کی حدیث ہے۔ اشعار اس لیے ہوتا ہے کہ یہ نشان ہے قربانی کے جانور کا اونٹ کی کوہان کے دائیں جانب زخم کر کے لہو پونچھ ڈالا جاتا ہے۔ یہ کام حضور ﷺ نے کیا۔ بخاری مسلم میں موجود ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب اسے مکروہ کہتا ہے ہدایہ جلد اول کتاب الحج فصل ص ۲۳۶ میں ہے والاشعار مکروہ عند ابی حنیفۃ یعنی یہ اشعار امام صاحب کے نزدیک مکروہ ہے کہو مقلد بھائیو! اب آپ امام صاحب کی مان کر فعل رسول ﷺ کو مکروہ کہو گے؟ یا رسول اللہ ﷺ کی مان کر اس مسئلے کو مکروہ کہو گے؟

(شمع محمدی ص ۱۰۳، ظفر المبین حصہ اول ص ۱۵۹)

جواب:

اس کا تفصیلی جواب تو فتح المبین ص ۱۶۲ پر ملاحظہ فرمائیں مختصراً یہاں لکھا جاتا ہے۔

در حقیقت اس مسئلے میں امام صاحب کے موقف میں کچھ تفصیل ہے جس کے نہ سمجھنے کی وجہ سے یہ اعتراض پیدا ہوا ہے۔

صحیح احادیث میں آنحضرت ﷺ سے اشعار یعنی قربانی کے جانور کو علامتی زخم لگانا ثابت ہے سلف و خلف کا اس پر عمل رہا ہے اس لیے اس کے جائز ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا اصول تو یہ ہے کہ آپ ضعیف حدیث اور صحابی کے عمل کے مقابلے میں بھی اپنی رائے کو ترک کر دیتے ہیں۔ اس لیے اس بات کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا کہ امام صاحب اشعار کو حضور ﷺ سے ثابت مانتے ہوئے اس کو مکروہ یا مثلہ قرار دیتے ہوں بلکہ ان کی رائے کا صحیح پس منظر یہ ہے کہ وہ اصلاً تو اشعار کو جائز اور درست قرار دیتے ہیں لیکن ان کے زمانے میں ناواقف لوگوں نے زخم لگانے میں بہت مبالغہ کرنا شروع کر دیا (یعنی جانور کی کھال کے بجائے اس کے گوشت تک کو زخمی کرنے لگے) جس سے جانور کو تکلیف ہوتی۔

چنانچہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے لوگوں کو اس غلط طریقہ سے اشعار کرنے سے روکنے کے لیے اشعار نہ کرنے کا فتویٰ دیا۔ ان کا اصل منشاء ایک جائز اور رسول اللہ ﷺ سے ثابت عمل سے منع کرنا نہیں بلکہ لوگوں کو اس عمل میں ناجائز مبالغہ سے روکنا تھا۔

دوسرے یہ بات بھی پیش نظر رہے کہ اشعار، ہدی (قربانی کے جانور) کے لیے علامت مقرر کرنے کا حکم بھی کوئی فرض یا واجب کے درجہ کا نہیں بلکہ اس کا درجہ محض جواز کا ہے کیوں کہ دوسری طرف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کے کرنے یا نہ کرنے میں تخییر منقول ہے دیکھئے مصنف ابن ابی شیبہ طبع کراچی روایت نمبر ۱۰۶۴، ۱۰۶۹۔ نیز حضور اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر جن سو اونٹوں کی قربانی کی تھی، ان میں سے صرف ایک اونٹ کا اشعار کرنا ثابت ہے باقی سب اونٹوں کی علامت ان کے گلوں میں پٹہ لٹکا کر مقرر کی گئی تھی۔

اس سے واضح ہے کہ امام صاحب کی طرف اس عمل کو مثلہ قرار دینے کی نسبت بالکل غلط اور من گھڑت ہے۔ چنانچہ احناف نے یہی نہیں بلکہ دوسرے مسالک کے اہل علم نے ان کی رائے کا وہی مفہوم قبول کیا ہے جو ہم اوپر بیان کر آئے ہیں۔ چنانچہ حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی نے امام طحاوی حنفی کے حوالہ سے یہ توجیہ نقل کر کے لکھا ہے۔

اس معاملے میں امام طحاوی کی توجیہہ ہی کی طرف رجوع متعین ہے۔ کیوں کہ وہ اپنے ائمہ کے اقوال کے مفہوم و مطلب دوسروں کی نسبت زیادہ واقف ہیں۔

(فتح الباری شرح بخاری ج ۳/۲۳۵)

اعتراض نمبر ۸۷:

جنازہ میں فاتحہ

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عَنْ طلحة بن عبدالله بن عوف قال صليت خلف ابن عباس على جنازة فقرا فاتحة الكتاب فقال لتعلموا انها سنة

(رواه البخاری، مشکوۃ جلد اول ۱۴۵ کتاب الجنائز باب المشی الخ)

یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جنازے کی نماز میں سورہ فاتحہ پڑھی اور فرمایا تاکہ تم جان لو کہ یہ سنت ہے۔ حدیث میں عام طور پر آ چکا ہے کہ بغیر سورہ فاتحہ کے کوئی نماز نہیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب جنازے کی نماز میں امام مقتدی کسی کے لیے بھی سورہ فاتحہ کا قائل نہیں۔ ہدایہ میں ہے والبداية بالثناء الخ (جلد اول كتاب الصلوٰة فی فصل الصلوٰة علی المیت) یعنی جنازے کی نماز میں ثنا پڑھا کر درود پڑھ کر پھر میت کے لیے

استغفار کرے۔ کہو حنفی بھائیو! یوں تو فاتحہ خوانی کی دھوم مچی رہتی ہے۔ قبر پر فاتحہ، گھر پر فاتحہ، چالیس قدم پر فاتحہ، نماز جنازہ کے بعد فاتحہ لیکن جہاں سورہ فاتحہ پڑھنا رسول اللہ ﷺ کی سنت ہے وہاں سے تم نے فاتحہ کا خاتمہ ہی کر دیا۔ اب حدیث سن لی، اب کیا کرو گے؟ اب کیا کہو گے؟ اسی پرانی روش پر چل کر غیر جگہ تو فاتحوں کی بھرمار کرو گے؟ اور حدیث کی مسنون جگہ نام بھی نہ لو گے؟ یا اب وہ کرو گے جو سنت ہے؟

(شمع محمدی ص۱۰۴، ظفر المبین حصہ اول ص۱۵۱)

جواب:

یہ اعتراض جونا گڑھی نے ظفر المبین حصہ اول ص۱۵۱ سے لیا ہے۔ اس کا جواب فتح المبین ص۱۴۹ پر دیا گیا تھا۔ ناظرین کے لیے مختصراً ہم یہاں پر نقل کرتے ہیں۔

مسئلہ یہ ہے کہ جنازہ کی نماز میں قرأت ہے یا نہیں۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ جنازہ کی نماز میں کسی قسم کی قرأت نہیں ہے۔ جب کہ غیر مقلدین کا یہ دعویٰ ہے کہ جنازہ میں قرأت ہے۔ اور سورہ فاتحہ پڑھنا تو فرض ہے۔ کیوں کہ حدیث لاصلوٰۃ میں جنازہ کی نماز بھی شامل ہے۔

دلائل احناف:

نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ اور دوسری سورہ بطور قرأت پڑھنا جائز نہیں۔

(۱) عن ابی هریرة قال سمعت رسول الله ﷺ یقول اذا صلیتم علی المیت فاخلصوا له الدعاء. (ابو داؤد ج۲ ص۱۰۰، ابن ماجة ص۱۰۹)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم کسی میت کی نماز جنازہ پڑھو تو اس کے لیے اخلاص کے ساتھ دعا کرو۔

(۲) مَالِكٌ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ؛ أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا هُرَيْرَةَ، كَيْفَ تُصَلِّي عَلَى الْجَنَازَةِ؟ فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ أَنَا، لَعَمْرُ اللهِ، أُخْبِرُكَ أَتَّبِعُهَا مِنْ أَهْلِهَا فَإِذَا وُضِعَتْ كَبَّرْتُ وَحَمِدْتُ اللهَ وَصَلَّيْتُ عَلَى نَبِيِّهِ ثُمَّ

أَقُولُ اللَّهُمَّ عَبْدُكَ، وَابْنُ عَبْدِكَ، وَابْنُ أَمَتِكَ كَانَ يَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ وَأَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ وَأَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ اللَّهُمَّ إِنْ كَانَ مُحْسِناً، فَزِدْ فِي إِحْسَانِهِ وَإِنْ كَانَ مُسِيئاً، فَتَجَاوَزْ عَنْ سَيِّئَاتِهِ اللَّهُمَّ لاَ تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلاَ تَفْتِنَّا بَعْدَهُ. (موطا امام مالك ج۱ ص۲۰۹)

حضرت امام مالک رحمہ اللہ حضرت سعید مقبری سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ آپ نماز جنازہ کیسے پڑھتے ہیں؟ آپ نے فرمایا بخدا میں تمہیں ضرور بتلاؤں گا، میں جنازہ والے گھر سے ہی جنازہ کے ساتھ ہو لیتا ہوں جب جنازہ (نماز کے لیے) رکھا جاتا ہے تو میں تکبیر کہہ کر اللہ کی حمد و ثناء کرتا ہوں۔ اور حضرت ﷺ پر درود شریف پڑھتا ہوں پھر یہ دعا پڑھتا ہوں۔

اللَّهُمَّ عَبْدُكَ، وَابْنُ عَبْدِكَ، وَابْنُ أَمَتِكَ كَانَ يَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ وَأَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ وَأَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ اللَّهُمَّ إِنْ كَانَ مُحْسِناً، فَزِدْ فِي إِحْسَانِهِ وَإِنْ كَانَ مُسِيئاً، فَتَجَاوَزْ عَنْ سَيِّئَاتِهِ اللَّهُمَّ لاَ تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلاَ تَفْتِنَّا بَعْدَهُ.

(۳) مالك عن نافع ان عبد الله بن عمر كان لا يقرأ في الصلاة على الجنازة. (موطا امام مالك ج۱ ص۲۱۰)

حضرت امام مالک رحمہ اللہ حضرت نافع رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما نماز جنازہ میں قرأت نہیں کرتے تھے۔

(٤) روی عن ابن مسعود انه سئل عن صلاة الجنازة هل یقرأ فیها فقال لم یوقت لنا رسول الله ﷺ قولا ولا قرأة وفی روایة دعاءً ولا قرأة كبر ما كبر الامام واختر من اطیب الكلام ما شئت، وفی روایة واختر من الدعاء اطیبه. (بدائع الصنائع ج۱ ص۳۱۲، مغنی ابن قدامة ج۲ ص٤٨٥)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان سے نماز جنازہ میں قرأت کے متعلق سوال ہوا تو آپ نے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ہمارے لیے کوئی خاص کلام اور قرأت مقرر نہیں فرمائی۔ جب امام تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو، اور جو اچھے سے اچھا کلام (ثناء و دعا وغیرہ) چاہو اختیار کرو اور ایک روایت میں ہے کہ جو بہتر سے بہتر دعا ہو وہ اختیار کرو۔

(۵) روی عن عبدالرحمن بن عوف و ابن عمر انهما قالا ليس فيها قرأة شيء من القرآن. (بدائع الصنائع ج۱ ص۳۱۳)

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ ان دونوں بزرگوں نے فرمایا نماز جنازہ میں قرآن کے کسی حصہ کی بھی قرأت نہیں ہے۔

(٦) عن على انه كان اذا صلى على ميت يبدأ بحمد الله ويصلى على النبى صلى الله عليه وسلم ثم يقول اللهم اغفر لاحيائنا واموتنا والف بين قلوبنا واصلح ذات بيننا واجعل قلوبنا على قلوب خيارنا.

(مصنف ابن ابی شيبة ج۳ ص۲۹۵)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ جب کسی میت کی نماز جنازہ پڑھاتے تو اللہ کی حمد وثناء سے ابتداء کرتے پھر نبی علیہ السلام پر درود پڑھتے پھر یہ دعا مانگتے

اللهم اغفر لاحيائنا واموتنا والف بين قلوبنا واصلح ذات بيننا واجعل قلوبنا على قلوب خيارنا.

(۷) عن الشعبى قال فى التكبيرة الاولى يبدأ بحمد الله والثناء عليه والثانية صلوٰة على النبى صلى الله عليه وسلم والثالثة دعاء للميت والرابعة للتسليم.

(مصنف ابن ابی شيبة ج۳ ص۲۹۵، مصنف عبدالرزاق ج۳ ص۴۹۱)

حضرت امام شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں نماز جنازہ میں پہلی تکبیر میں اللہ کی حمد وثناء سے

ا ا کرے دوسری تکبیر کے بعد نبی علیہ السلام پر درود پڑھے، تیسری تکبیر کے بعد میت کے لیے دعا کرے اور چوتھی تکبیر کے بعد سلام پھیرے۔

(۸) عن عبدالله بن اياس عن ابراهيم وعن ابى الحصين عن الشعبى قالا ليس فى الجنازة قرأة. (مصنف ابن ابى شيبة ج۳ ص۲۹۹)

حضرت ابراہیم نخعی اور امام شعبی فرماتے ہیں نماز جنازہ میں قرأت نہیں ہے۔

(۹) عن ايوب عن محمد انه كان لا يقرأ على الميت.

(مصنف ابن ابى شيبة ج۳ ص۲۹۸، مصنف عبدالرزاق ج۳ ص۴۹۱)

حضرت ایوب حضرت محمد بن سیرین سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نماز جنازہ میں قرأت نہیں کرتے تھے۔

(۱۰) عن حجاج قال سألت عطاء عن القرأة على الجنازة فقال ما سمعنا بهذا. (مصنف ابن ابى شيبة ج۳ ص۲۹۹)

حضرت حجاج فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ سے نماز جنازہ میں قرأت کرنے کے متعلق سوال کیا تو آپ نے فرمایا ہم نے یہ نہیں سنا۔

(۱۱) عن ابى طاؤس عن ابيه وعطاء انهما كانا ينكران القرأة على الجنازة. (مصنف ابن ابى شيبة ج۳ ص۲۹۹)

حضرت ابوطاؤس اپنے والد طاؤس اور حضرت عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ یہ دونوں بزرگ نماز جنازہ میں قرأت کا انکار کرتے تھے۔

(۱۲) عن بكر بن عبدالله قال لا اعلم فيها قرأة.

(مصنف ابن ابى شيبة ج۳ ص۲۹۹)

حضرت بکر بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نماز جنازہ میں قرأت کو نہیں جانتا۔

(۱۳) عن مفضل قال سألت ميمونا على الجنازة قرأة او صلوة على

النبی صلی الله علیه وسلم قال ما علمت.

(مصنف ابن ابی شیبة ج۳ ص۲۹۹)

حضرت مفصل کہتے ہیں کہ میں نے حضرت میمون ؒ سے نماز جنازہ میں قرأت ا درود سے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا مجھے معلوم نہیں۔

(۱٤) عن محمد بن عبدالله بن ابی سارة قال سألت سالمًا فقلت القراة علی الجنازة فقال لا قرأة علی الجنازة علی الجنازة.

(مصنف ابن ابی شیبة ج۳ ص۲۹۹)

حضرت محمد بن عبداللہ بن ابی سارہ ؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سالم ؒ سے دریافت کیا کہ نماز جنازہ میں قرأت کروں تو آپ نے فرمایا نماز جنازہ میں قرأت نہیں ہے۔

(۱۵) عن ابی المنهال قال سألت ابا العالية عن القرأة فی الصلوٰة علیٰ الجنازة بفاتحة الكتاب فقال ما كنت احسب ان فاتحة الكتاب تقرؤ الا فی صلوٰة فیها ركوع و سجود. (مصنف ابن ابی شیبة ج۳ ص۲۹۹)

حضرت ابوالمنہال فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوالعالیہ الریاحی سے نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ پڑھنے کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا میرا تو یہی خیال ہے کہ سورہ فاتحہ صرف رکوع وسجود والی نماز ہی میں پڑھی جاتی ہے۔

(۱٦) عن موسی بن علی عن ابیه قال قلت لفضالة بن عبیدة هل یقرؤ علی المیت شیء قال لا. (مصنف ابن ابی شیبة ج۳ ص۲۹۹)

حضرت موسیٰ بن علی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت فضالہ بن عبیدہ ؓ سے دریافت کیا کہ کیا میت پر (نماز جنازہ میں) قرأت کی جاتی ہے آپ نے فرمایا، نہیں۔

(۱۷) عن سعید بن ابی بردة عن ابیه قال قال له رجل اقرؤ علی الجنازة بفاتحة الكتاب قال لا تقرأ. (مصنف ابن ابی شیبة ج۳ ص۲۹۹)

حضرت سعید اپنے والد ابو بردہ سے روایت کرتے ہیں کہ ان سے کسی نے پوچھا کہ کیا نماز جنازہ میں قرأت کرلیا کروں تو آپ نے فرمایا نہیں۔

(۱۸) عن حماد عن ابراهیم قال سألته ایقرأ علی المیت اذا صلی علیه؟ قال لا. (مصنف عبدالرزاق ج۳ ص٤۹۱)

حضرت حماد کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابراہیم نخعی ؒ سے دریافت کیا کہ کیا نماز جنازہ میں قرأت کی جاسکتی ہے؟ آپ نے فرمایا نہیں۔

قال سحنون قلت لعبد الرحمن بن القاسم ای شیء یقال علی المیت فی قول مالك قال الدعاء للمیت قلت فهل یقرأ علی الجنازة فی قول مالك قال لا .... ابن وهب عن رجال من اهل العلم عن عمر بن الخطاب وعلی ابن ابی طالب وعبدالله بن عمر و عبید بن فضالة و ابی هریرة و جابر بن عبدالله وواثلة بن الاسقع والقاسم وسالم بن عبدالله وابن المسیب وربیعة وعطاء ویحیی بن سعید انهم لم یکونوا یقرؤن فی الصلوة علی المیت وقال مالك لیس ذالك بمعمول به انما هو الدعاء ادركت اهل بلادنا علی ذالك. (المدونة الکبری ج۱ ص۱۷٤)

حضرت سحنون فرماتے ہیں کہ میں نے عبدالرحمٰن بن قاسم ؒ سے دریافت کیا کہ حضرت امام مالک ؒ کے قول میں میت پر کیا پڑھنا چاہیے؟ فرمایا میت کے لیے دعا میں نے کہا، کیا امام مالک ؒ کے قول کے مطابق نماز جنازہ میں قرأت ہوتی ہے؟ فرمایا نہیں۔ ابن وہب کہتے ہیں کہ بہت سے اہل علم مثلاً حضرت عمر بن خطاب، حضرت علی بن ابی طالب، حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت عبیدہ بن فضالہ، حضرت ابوہریرہ، حضرت جابر بن

عبداللہ، حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ اور حضرت قاسم بن محمد، حضرت سالم بن عبداللہ، حضرت سعید بن مسیّب، حضرت عطاء بن ابی رباح، حضرت یحیٰی بن سعید رحمہم اللہ نماز جنازہ میں قرأت نہیں کیا کرتے تھے، ابن وہب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام مالک رحمہ اللہ نے فرمایا ہمارے شہر (مدینہ طیبہ) میں اس پر عمل نہیں، نماز جنازہ صرف دعا ہے، میں نے اپنے شہر کے اہل علم کو اسی پر پایا ہے۔

مذکورہ احادیث وآثار سے ثابت ہو رہا ہے کہ نماز جنازہ میت کے حق میں درحقیقت دعا واستغفار ہے اس لیے اس میں اللہ کی حمد وثناء نبی علیہ السلام پر درود پھر میت کے لیے دعا ہونی چاہیے جیسا کہ دعا کا طریقہ ہے نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ اور دوسری سورت بطور قرأت پڑھنا صحیح نہیں۔

آنحضرت ﷺ میت کے لیے خود بھی دعا فرماتے تھے اور دوسروں کو بھی اخلاص کے ساتھ دعا مانگنے کا حکم دیتے تھے، لیکن کسی ایک بھی صحیح حدیث سے ثابت نہیں کہ حضور ﷺ نماز جنازہ میں قرأت کرتے تھے یا دوسروں کو قرأت کا حکم دیتے تھے۔

علامہ ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"ومقصود الصلوٰة على الجنازة هو الدعاء للميت وكذالك حفظ عن النبي صلى الله عليه وسلم ونقل عنه مالم ينقل من قرأة الفاتحة والصلوٰة عليه صلى الله عليه وسلم." (زاد المعاد ج۱ ص۱۴۱)

نماز جنازہ سے مقصود میت کے لیے دعا کرنا ہے اور اسی طرح آنحضرت ﷺ سے جنازہ کی دعائیں اس کثرت کے ساتھ نقل کی گئی ہیں کہ فاتحہ یا درود شریف کا پڑھنا اس طرح نقل نہیں کیا گیا، موصوف مزید لکھتے ہیں۔

"ويذكر عن النبي صلى الله عليه وسلم انه امر ان يقرأ على الجنازه بفاتحة الكتاب ولا يصح اسناده" (زاد المعاد ج۱ ص۱۴۱)

اور نبی علیہ السلام سے ذکر کیا جاتا ہے کہ آپ نے نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ پڑھنے کا حکم فرمایا ہے، لیکن اس کی سند صحیح نہیں ہے۔

یہی وجہ ہے کہ خلفاء راشدین جو آنحضرت ﷺ کی سنتوں کے امین ہیں ان میں سے کسی بھی خلیفہ راشد سے نماز جنازہ میں قرأت فاتحہ منقول نہیں جب کہ حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کا قرأت نہ کرنا صراحتاً منقول ہے جیسا کہ مدونہ کبریٰ کی عبارت سے واضح ہے، حدیث نمبر۶ سے ثابت ہو رہا ہے کہ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ جب نماز جنازہ پڑھاتے تو شروع میں اللہ کی حمد وثنا کرتے پھر نبی علیہ السلام پر درود بھیجتے پھر میت کے لیے دعا کرتے، اسی طرح دیگر جلیل القدر صحابہ کرام مثلاً حضرت ابوہریرہ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت عبداللہ ابن عمر، حضرت فضالہ بن عبید، تابعین عظام، تبع تابعین۔ جنازہ میں قرأۃ نہیں کرتے۔

رہی وہ روایت جو جوناگڑھی نے پیش کی ہے اس کے کئی جواب ہیں۔

(۱) اصول یہ ہے کہ جس خبر واحد میں کسی مسئلہ کے مسنون ہونے کی تصریح ہو اس خبر واحد سے اس مسئلہ کی فرضیت پر استدلال کس طرح درست ہو سکتا ہے۔ جب کہ یہ امر بھی قطعی نہیں ہے کہ اس سے مراد سنت رسول اللہ ﷺ ہے۔ یا سنت صحابہ اور چونکہ دیگر دلائل سے نماز جنازہ میں بطور قرأۃ قرآن پڑھنے کی ممانعت ثابت ہے اس لیے یہ حدیث اس بات پر محمول ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ کو بعد بطور ثناء اور دعا کے پڑھا ہوگا۔

جواب نمبر۲:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کے خلاف بھی روایات مروی ہیں علامہ ابن حجر عسقلانی شافعی فتح الباری میں ایک حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کرتے ہیں جس سے واضح طور پر ثبوت ملتا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نزدیک نماز جنازہ صرف تکبیر اور [illegible] ہے۔

اخرجه عمر بن شبه في كتاب مكة من طريق حماد عن ابي حمزة عن
ابن عباس رضي الله عنهما قلت له كيف اصلي في الكعبة قال كما تصلي في الجنازة
تسبح وتكبر ولا تركع ولا تسجد ثم عند اركان البيت تسبح وكبر و
تضرع واستغفر ولا تركع وتسجد وسنده صحيح.

(فتح الباري ج۳ ص۲۷٦)

اس حدیث کو عمر بن شبہ کتاب مکہ میں بطریق حماد نقل کرتے ہیں کہ ابوحمزہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ بیت اللہ میں کیسے نماز پڑھوں، تو انہوں نے فرمایا کہ اس طرح پڑھ جس طرح نماز جنازہ کی پڑھتا ہے کہ تسبیح اور تکبیر کہہ اور رکوع وسجود نہ کر پھر بیت اللہ کے ارکان کے پاس تسبیح وتکبیر کہہ اور عاجزی اور استغفار کر رکوع سجدہ نہ کر اور سند اس کی صحیح ہے۔

اس حدیث سے واضح ہو گیا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما جب ابوحمزہ کو نماز جنازہ کا طریقہ بتاتے ہیں تو اس میں سورہ فاتحہ کا ذکر نہیں کرتے تو معلوم ہوا کہ ان کے نزدیک سورہ فاتحہ پڑھنا نماز جنازہ میں نہ فرض ہے اور سنت ورنہ اس موقعہ پر آپ ضرور ان کو بتا دیتے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ایک اور روایت:

عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا صلى على الميت
قال اللهم اغفر لحينا وميتنا الحديث (مجمع الزوائد ج۳ ص۳۳)

حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ جب نماز جنازہ پڑھاتے تو فرماتے اے اللہ بخش دے ہمارے زندوں کو اور مردوں کو۔ الخ

علامہ ہیثمی فرماتے ہیں اسنادہ حسن کہ اسناد اس کی حسن ہے۔

حضرت ابن عباس کی اس روایت سے روز روشن کی طرح واضح ہو گیا کہ حضور اکرم ﷺ نے جب بھی نماز جنازہ پڑھی تو آپ ﷺ نے اس میں دعائے مغفرت کی، اگر آپ سورہ فاتحہ پڑھا کرتے تھے تو حضرت ابن عباس یہ فرماتے کہ جب بھی نبی کریم ﷺ

نماز جنازہ پڑھی تو اس میں سورہ فاتحہ پڑھتے تھے لیکن ایسا نہیں کہا لہٰذا حضرت ابن عباس
دونوں قسم کی روایات منقول ہیں اس لیے دونوں قسم کی روایات میں تطبیق ممکن ہے وہ اس طرح کہ آپ کبھی کبھار بطور حمد وثنا کی پڑھ لیتے ہوں گے۔ اور کبھی نہیں پڑھتے ہوں گے اس طریقہ کو اگر اختیار کیا جائے تو دونوں قسم کی روایتوں پر عمل ہوگا ورنہ ایک پر عمل ہوگا اور دوسری کو چھوڑنا پڑے گا۔

جواب نمبر۳:

اس حدیث سے یہ بھی پتہ نہیں لگتا کہ کس تکبیر کے بعد پڑھی اگر تکبیر بھی مقرر کر لو تو یہ پتہ نہیں لگتا کہ بنیت حمد وثنا پڑھی یا بنیت قرأۃ بنیت حمد وثناء کہ پڑھنے کہ تو ہم احناف بھی قائل ہیں۔

جواب نمبر۴:

آپ کے سورہ فاتحہ پڑھنے پر سارے حاضرین صحابہ وتابعین کو سخت تعجب ہوا تب ہی تو آپ نے یہ کہا کہ میں نے یہ عمل اس لیے کیا تا کہ تم جان لو کہ یہ سنت ہے۔ پتہ چلا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نہ تو خود پڑھتے تھے اور نہ ہی اسے سنت جانتے تھے اسی لیے آپ کو یہ کہنا پڑا۔

جواب نمبر۵:

آپ نے جو یہ فرمایا کہ یہ سنت ہے اس جملہ سے سنت رسول ﷺ مراد نہیں ہے بلکہ یہاں پر لغوی معنی مراد ہیں۔ یعنی یہ بھی ایک طریقہ ہے بجائے دوسری ثناء اور دعا کے سورہ فاتحہ پڑھ لی جائے۔ کیوں کہ آپ ﷺ کا کوئی فرمان کسی صحیح حدیث میں نہیں آیا کہ آپ نے فرمایا ہو کہ جنازہ میں سورہ فاتحہ پڑھو اور نہ ہی کسی صحیح حدیث میں آپ ﷺ خود پڑھنا ثابت ہوتا ہے جب یہ دونوں چیزیں دلائل سے ثابت نہیں ہو سکتیں تو سنت رسول ﷺ کیسے ثابت ہوگی۔

اعتراض نمبر ۸۸:

جنازہ کی نماز میں پانچ تکبیریں

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن عبدالرحمن بن ابی لیلی قال کان زید بن ارقم یکبر علی جنائزنا اربعا وانه کبر علی جنازة خمسا فسألناه فقال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یکبرھا.

یعنی حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ جنازے کی نماز چار تکبیروں سے پڑھاتے تھے۔ایک مرتبہ پانچ تکبیروں سے پڑھائی تو ہم نے سوال کیا آپ نے جواب دیا کہ رسول اللہ ﷺ نے بھی پانچ تکبیروں سے پڑھائی ہے۔الحمدللہ اہل حدیث کا سب حدیثوں پر عمل ہے وہ چار سے جائز مانتے ہیں اور پانچ کو فعل رسول سمجھ کر سرآنکھوں پر چڑھاتے ہیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس حدیث کو نہیں مانتا وہ پانچ تکبیروں سے اس قدر بیزار ہیں ہے کہ ہدایہ میں حکم ہے ولو کبر الامام خمسا لم یتالعه الموتم یعنی اگر کوئی امام پانچویں تکبیر کہے تو مقتدی ہرگز اس کی تابع داری نہ کرے (ملاحظہ ہو کتاب الصلاۃ، فصل الصلاۃ علی المیت ص۱۲۰ ج اول ھدایه) کہو حنفی بھائیو کیا ارادہ ہے؟ حدیث رسول مانو گے؟ یا فقہ حنفی؟ (شمع محمدی ص۱۰۵،ظفر المبین حصہ اول ص۱۵۰)

جواب:

اس اعتراض کا تفصیلی جواب تو فتح المبین ص۱۴۷ تا ۱۴۹ پر ملاحظہ فرمائیں مختصراً یہاں پر لکھا جاتا ہے۔اس مسئلہ میں احادیث و آثار مختلف ہیں کسی حدیث میں تین، کسی میں چار،

چار سے لے کر نو تک کی روایات کتب حدیث میں ملتی ہیں۔دیکھئے تلخیص الحبیر ج۲ ص۱۱۹ تا ۱۲۲ کتاب الجنائز نو تکبیروں کی روایت کے لیے دیکھئے مصنف ابن ابی شیبہ ج۳ ص۳۰۴۔

تمام روایات کو دیکھ کر نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ جب تک صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اس مسئلہ پر اتفاق نہیں ہوا تھا یہ اختلاف اس وقت سے پہلے کا ہے بعد میں چار پر اتفاق ہو گیا تھا۔حضور ﷺ کا آخری عمل بھی چار تکبیروں کا ہی ہے۔اگر کسی روایت میں چار سے زائد تکبیروں کا ذکر ملتا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ یا تو وہ کسی خصوصیت کی وجہ سے ہے یا پھر پہلے دور سے تعلق رکھتا ہے۔

چار تکبیروں کا ثبوت ملاحظہ فرمائیں۔

پہلی حدیث:

حضرت عبداللہ بن عباس بیان کرتے ہیں: حضرت جبریل علیہ السلام نے حضرت آدم علیہ السلام کی جنازہ ادا کی تھی انہوں نے حضرت آدم علیہ السلام پر چار تکبیریں پڑھی تھی۔

(سنن دارمی کتاب الجنائز باب مکان قبر ادم والتکبیر علیه اربعا)

دوسری حدیث:

حضرت ابی بن کعب بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کی نماز جنازہ ادا کی تھی انہوں نے ان پر چار تکبیریں پڑھی تھیں اور انہوں نے یہ کہا تھا اے اولاد آدم تمہارا (نماز جنازہ ادا کرنے کا) یہ طریقہ ہے۔

(سنن دارمی کتاب الجنائز باب مکان قبر آدم)

تیسری حدیث:

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام پر چار تکبیریں کہی

تھیں۔(دار قطنی کتاب الجنائز باب مکان قبر آدم)

چوتھی حدیث:

حضرت عبداللہ بن عباس بیان کرتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے آخری مرتبہ نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہی تھیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہی تھیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہی تھیں۔ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہی تھیں۔ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہی تھیں اور فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کی نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہی تھیں۔

(سنن دار قطنی کتاب الجنائز باب مکان قبر آدم)

پانچویں حدیث:

عبداللہ بن عامر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: مجھے نبی اکرم ﷺ کے بارے میں یہ بات اچھی طرح یاد ہے جب آپ ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون کو دفن کروایا (تو اس سے پہلے) آپ نے ان کی نماز جنازہ ادا کرتے ہوئے ان پر چار مرتبہ تکبیر کہی (دفن کے بعد) آپ ﷺ نے دونوں مٹھیوں میں تین مرتبہ مٹی لے کر ان کی قبر پر ڈالی آپ ﷺ ان کے سرہانے کی طرف کھڑے تھے۔

(دار قطنی باب حثی التراب علی المیت)

چھٹی حدیث:

مسروق بیان کرتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم کی ایک زوجہ محترمہ کی نماز جنازہ پڑھائی تو میں نے انہیں یہ کہتے ہوئے سنا میں اس خاتون کی نماز جنازہ اس طرح پڑھاؤں گا جس طرح نبی اکرم ﷺ نے آخری مرتبہ نماز جنازہ پڑھائی تھی۔ پھر حضرت عمر نے چار

مرتبہ تکبیر کہی۔**(دار قطنی کتاب الجنائز باب حثی التراب علی المیت)**

ساتویں حدیث:

امام شعبی بیان کرتے ہیں نبی کریم ﷺ ایک قبر کے پاس سے گزرے جس صاحب قبر کو کچھ عرصہ پہلے دفن کیا گیا تھا نبی اکرم ﷺ نے اس کی نماز جنازہ ادا کی اور آپ نے نماز جنازہ میں چار مرتبہ تکبیر کہی۔**(دار قطنی کتاب الجنائز باب الصلاة علی القبر)**

آٹھویں حدیث:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ ایک قبر کے پاس سے گزرے جو الگ تھلگ تھی آپ ﷺ نے اس کی نماز جنازہ ادا کرتے ہوئے چار مرتبہ تکبیر کہی۔

امام دار قطنی یہ روایت نقل کرنے کے بعد نقل کرتے ہیں۔

وكذالك رواه مسلم بن ابراهيم عن شعبة وابو حذيفة عن زائدة وعبدالله بن جعفر عن ابی معاوية عن الشيبانی وتابعهم منصور بن ابی الاسود وعبدالواحد بن زياد عن الشيبانی كلهم قال فكبر اربعا.

اس عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ ان سب حضرات نے یہی بات نقل کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے چار مرتبہ تکبیر کہی تھی۔

(دار قطنی کتاب الجنائز باب الصلاة علی القبر)

نویں حدیث:

ابووائل کہتے ہیں کہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں کبھی سات، کبھی چھ، کبھی پانچ اور کبھی چار تکبیریں کہتے تھے اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو چار تکبیروں پر جمع کر دیا جیسے کہ سب سے لمبی نماز ہوتی ہے۔(لمبی نماز سے مراد چار رکعتوں والی نماز ہے۔)

(بیهقی ج٤ ص٣٧ كتاب الجنائز باب ما يستدل به على ان اكثر الصحابة اجتمعوا على اربع و رأى بعضهم الزيادة منسوخة.)

(فتح الباری ج٣ ص١٦٢)

دسویں حدیث:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس روز نجاشی کا انتقال ہوا رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو اسی روز بتا دیا تھا اور لوگوں کے ساتھ نمازِ جنازہ کے لیے نکلے تو انہوں نے صفیں بنالیں اور آپ نے چار تکبیریں کہیں۔ (موطا امام مالك التكبير على الجنائز)

گیارہویں حدیث:

حضرت ابراہیم نخعی (تابعی کبیر) نے فرمایا پہلی تکبیر کے بعد اللہ جل شانہ کی حمد وثناء بیان کی جائے گی دوسری کے بعد نبی کریم ﷺ پر درود شریف پڑھا جائے گا تیسری کے بعد میت کے لیے دعا ہوگی اور چوتھی تکبیر کے بعد سلام پھیر دیا جائے گا۔ امام محمد فرماتے ہیں ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں یہی امام ابوحنیفہ کا قول ہے۔

(كتاب الآثار باب الصلاة على الجنازة)

بارہویں حدیث:

حضرت ابراہیم سے مروی ہے کہ لوگ جنازوں پر پانچ، چھ اور چار تکبیرات کہا کرتے تھے یہاں تک کہ نبی کریم ﷺ وفات فرما گئے پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں لوگ اسی طرح تکبیر کہتے رہے حتی کہ وہ بھی وفات پا گئے، حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ خلیفہ بنائے گئے اور ان کے دورِ خلافت میں بھی لوگوں نے یہی کیا۔ جب حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے یہ اختلاف دیکھا تو فرمایا آپ حضور اکرم ﷺ کے صحابہ کی جماعت ہیں جب خود آپ لوگوں ہی میں اختلاف ہوگا تو آپ کے بعد آنے والوں میں اس سے زیادہ اختلاف ہوگا، لوگ

ابھی ابھی دورِ جاہلیت سے نکلے ہیں اس لیے آپ لوگ کسی ایک ایسی بات پر اتفاق کرلیں جس پر آپ کے بعد آنے والے سب متفق ہو جائیں۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ کے صحابہ کی متفقہ رائے یہ ہوئی کہ دنیا سے تشریف لے جانے سے پہلے آپ کے پڑھائے ہوئے آخری جنازے کی تکبیرات کو دیکھا جائے اس پر آپ ﷺ نے جتنی تکبیرات کہی ہوں انہیں اختیار کرلیا جائے اور اس کے علاوہ دوسری کو چھوڑ دیا جائے چنانچہ تحقیق سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ نے آخری جنازہ پر چار تکبیرات کہی تھیں۔

امام محمد نے فرمایا ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ یہی امام ابوحنیفہ کا قول ہے۔

(كتاب الآثار، باب الصلاة على الجنازة)

تیرہویں حدیث:

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے یزید بن اعکف پر نماز جنازہ پڑھی تو چار تکبیرات کہیں اور یہ آپ کی آخری نماز جنازہ تھی جس پر چار تکبیرات تھیں۔

(كتاب الآثار باب الصلاة الجنازة)

چودہویں حدیث:

حضرت سعید بن المرزبان حضرت عبداللہ بن ابی اوفی سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی بیٹی کے جنازہ پر چار تکبیرات کہیں۔

(كتاب الآثار باب الصلاة على الجنازة)

پندرہویں حدیث:

سلیمان بن ابی حثمہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جنازہ پر کبھی چار تکبیریں کہتے اور کبھی پانچ کبھی چھ کبھی سات کبھی آٹھ یہاں تک کہ ان کو نجاشی کے انتقال کی اطلاع ہوئی تو آپ ﷺ عیدگاہ تشریف لے گئے اور لوگ ان کے پیچھے صف بستہ ہوئے اور اس پر چار

تکبیریں کہیں اس کے بعد آپ ﷺ آخر وقت تک چار تکبیروں پر قائم رہے۔

(تلخیص الحبیر ج۲ ص۱۲۱، ۱۲۲ کتاب الجنائز، نصب الرایہ ج۱ ص۳۴۸، ابو داؤد کتاب الجنائز باب الصلاۃ علی المسلم)

سولہویں حدیث:

سعید بن میسّب کہتے ہیں کہ پہلے تکبیریں چار بھی تھیں اور پانچ بھی اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو چار تکبیروں پر متفق کر دیا۔

(ابن المنذر بحوالہ فتح الباری ج۳ ص۱۶۲)

سترہویں حدیث:

اس حدیث کا خلاصہ اور مفہوم اس طرح ہے۔

حدیث میں آتا ہے کہ نبی کریم ﷺ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی والدہ (یعنی اپنی چچی (فاطمہ بنت اسد کی نماز جنازہ میں چار تکبیرات کہیں۔ اس اجتماع میں حضرات شیخین اور حضرت علی رضی اللہ عنہم کے علاوہ حضرت عباس، حضرت ابوایوب انصاری، حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہم جیسے جلیل القدر حضرات صحابہ بھی موجود تھے۔

(مجمع الزوائد ج۹ ص۲۵۶، ۲۵۷، باب مناقب فاطمہ بن اسد)

اٹھارویں حدیث:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جس دن نجاشی فوت ہوئے اس دن رسول اللہ ﷺ نے ان کی موت کی خبر دی۔ آپ ﷺ عیدگاہ کی طرف نکلے آپ نے مسلمانوں کی صفیں بنائیں اور چار تکبیریں پڑھیں۔

(بخاری کتاب الجنائز باب التکبیر علی الجنازۃ اربعا)

انیسویں حدیث:

حضرت جابر سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اصحمہ النجاشی کی نماز جنازہ پڑھائی

اور چار تکبیرات پڑھیں۔

(بخاری کتاب الجنائز باب التکبیر علی الجنازۃ اربعا)

بیسویں حدیث:

حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت ابراہیم نخعی سے منقول ہے کہ صحابہ کرام کی اکثریت کا چار تکبیرات جنازہ پر اتفاق ہے۔

(مصنف ابن ابی شیبۃ ج۳ ص۳۰۱، ۳۰۲)

علامہ ابن رشد مالکی لکھتے ہیں:

صدر اول میں تکبیر کی تعداد میں بڑا اختلاف تھا صحابہ کرام کے درمیان تین سے سات تکبیروں کی روایت موجود ہے۔ مگر فقہا کہتے ہیں کہ جنازہ کی تکبیریں چار ہیں۔ ابن ابی لیلیٰ اور جابر بن زید پانچ تکبیروں کے قائل ہیں۔ اختلاف کا سبب احادیث کا اختلاف ہے۔ حدیث ابو ہریرہ کے الفاظ ہیں کہ اللہ کے رسول اللہ ﷺ کو نجاشی کی وفات کی اطلاع اسی دن مل گئی تھی جس دن اس کا انتقال ہوا چنانچہ آپ لوگوں کے ساتھ عیدگاہ نکل گئے۔ ان کی صف بندی کی اور چار تکبیریں کہیں۔ یہ حدیث متفق علیہ ہے اس لیے جمہور فقہا نے اس پر عمل کیا ہے۔

(بدایۃ المجتہد و نہایۃ المقتصد اردو باب نمبر ۵ نماز جنازہ کا بیان ص۳۲۶)

امام ترمذی لکھتے ہیں:

اور عمل اسی پر ہے اکثر اہل علم کا آنحضرت ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ان کے علاوہ دوسرے حضرات وتابعین وغیرہ) کا جنازہ پر چار تکبیرات ہیں اور یہی قول ہے حضرت امام سفیان ثوری اور امام مالک اور حضرت عبداللہ بن مبارک امام شافعی، امام احمد اور اسحاق کا۔

(ترمذی ص۱۶۶)

امام شوکانی فرماتے ہیں:

ان احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ نماز جنازہ چار تکبیرات پر مشتمل ہے۔

(نیل الاوطار اردو غائبانہ نماز جنازہ)

رہی وہ روایت جو صاحب شمع محمدی نے نقل کی ہے۔ اس کے متعلق امام نووی شافعی فرماتے ہیں۔

یہ حدیث علماء کے نزدیک منسوخ ہے اور ابن عبدالبر وغیرہ نے اس کے منسوخ ہونے پر اجماع نقل کیا ہے اور کہا کہ اب کوئی شخص چار تکبیروں سے زیادہ نہ کہے اور یہ دلیل ہے اس پر کہ ان لوگوں نے زید بن ارقم کے بعد چار پر اجماع کر لیا اور فقہاء کا صحیح قول یہ ہے کہ اجماع بعد اختلاف کے صحیح ہے۔

(شرح مسلم نووی کتاب الجنائز تحت حدیث حضرت زید بن ارقم)

اعتراض نمبر ۸۹:

عورت کے جنازے کی نماز

(یعنی جنازہ پڑھانے کے لیے کھڑے ہونے کی جگہ)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن سمرة بن جندب قال صليت وراء رسول الله صلى الله عليه وسلم على امرأة ماتت في نفاسها فقام وسطها.

(متفق عليه مشكوة جلد اول ص١٤٥ كتاب الجنائز باب المشي بالجنازة)

یعنی رسول اللہ ﷺ نے نفاس میں مری ہوئی ایک عورت کے جنازے کی نماز پڑھائی تو اس کے درمیان کی جگہ کھڑے ہوئے۔ ظاہر ہے کہ امام کو عورت کے جنازے کی نماز

پڑھانے کے لیے جنازے کے درمیان کی جگہ کھڑا ہونا چاہیے۔

الزام:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا۔ وہ کہتا ہے **ويقوم الذي يصلي على الرجل والمرأة بحذاء الصدر (هدايه جلد اول ص١٦١ كتاب الصلاة فصل في الصلاة على الميت)** یعنی مرد وعورت دونوں کے جنازے کی نماز میں امام کو ان کے سینے کے بالمقابل کھڑا ہونا چاہیے۔ (شمع محمدی ص۱۰۵، ظفر المبین حصہ دوم ص۷۸)

جواب:

جوناگڑھی نے ہدایہ کی عبارت مکمل نقل نہیں کی۔ اگر وہ پوری عبارت نقل کر دیتے۔ تو اس پر سینہ کے سامنے کھڑے ہونے کی وجہ بھی لکھی تھی جس کی وجہ سے اعتراض خود بخود ختم ہو جاتا۔ ہدایہ کی مکمل عبارت اس طرح ہے۔

ويقوم الذى يصلى على الرجل والمرأة بحذاء الصدر لانه موضع القلب وفيه نور الايمان فيكون القيام عنده اشارة الى الشفاعة لايمانه وعن ابى حنيفة انه يقوم من الرجل بحذاء راسه ومن المرأة بحذاء وسطها لان انسا فعل كذالك وقال هو السنة)

جو شخص مرد وعورت کی نماز جنازہ پڑھتا ہے وہ سینہ کے مقابل کھڑا ہو کیوں کہ سینہ دل کی جگہ ہے اور دل میں نور ایمان ہے پس اس کے پاس کھڑا ہونا اشارہ ہوگا کہ شفاعت اس کے ایمان کی وجہ سے ہے۔

ابوحنیفہ سے مروی ہے کہ مرد کے جنازہ کے سر کے مقابل کھڑا ہو اور عورت کے وسط میں کھڑا ہو کیوں کہ حضرت انس نے اسی طرح کیا ہے اور کہا کہ یہی سنت ہے۔

(هدايه فصل في الصلوٰة على الميت)

ناظرین آپ نے دیکھ لیا کہ مولانا جونا گڑہی نے کس طرح قطع و برید کی ہے۔ اصل میں بات یہ ہے کہ حنفی مسلک میں دو قول ہیں اور دونوں دلائل سے ثابت ہیں فرق یہ ہے کہ بہتر کون سا ہے۔ امام طحاوی نے ج ا ص ۳۳۷ میں علامہ انور شاہ کشمیری العرف الشذی شرح ترمذی ج ا ص ۹۹ میں اس قول کو اختیار کیا ہے جس میں مرد کے سر کے سامنے اور عورت کے درمیان میں کھڑے ہونے کا ذکر ہے۔ احناف اس مسئلہ حدیث کے خلاف کیسے ہوئے اور اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ اس مسئلہ میں احادیث مختلف ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) حضرت سمرہ بن جندب کی حدیث جو مولانا جونا گڑھی نے بھی نقل کی ہے اس سے صرف اتنا ثابت ہوتا ہے کہ امام عورت کے جنازہ پر درمیان میں کھڑا ہو۔

اس میں مرد کا سرے سے ذکر ہی نہیں۔ بعض روایت میں مرد کا سر کے سامنے اور عورت کے درمیان کسی روایت میں عورت کے کولہے کے سامنے کا ذکر ہے۔

(۲) عن ابی غالب قال صلیت خلف انس علی جنازة فقال حیال صدره (فتح القدیر ج۲ ص۸۹، شرح نقایہ ج۱ ص۱۲۵)

ابو غالب سے روایت ہے کہ میں نے انس کے پیچھے نماز جنازہ پڑھی تو آپ میت کے سینے کے برابر کھڑے ہوئے۔

(۳) عن ابراهيم قال يقوم الرجل الذی يصلی علی الجنازة عند صدرها.

ابراہیم نخعی نے فرمایا مرد کے جنازہ میں نماز کے لیے سینہ کے برابر کھڑا ہونا چاہیے۔

(طحاوی باب الرجل يصلی علی الميت این ینبغی ان يقوم منه)

ان روایات سے ثابت ہوا کہ روایات میں اختلاف ہے اس واسطے بعض احناف نے سینہ کے برابر کھڑا ہونے کو ترجیح دی اور ساتھ ترجیح کی وجہ بھی بیان کر دی کہ اس میں ایمان ہوتا ہے۔

اعتراض نمبر ۹۰:

مرد کے جنازے کی نماز

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن نافع ابی غالب قال صلیت مع انس بن مالك علی جنازة رجل فقام حیال راسه الخ (رواه الترمذی وابن ماجة مشكوة جلد اول ص ۱۴۷ باب المشی بالجنازة كتاب الجنائز)

یعنی حضرت انس رضی اللہ عنہ مرد کے جنازے کی نماز پڑھاتے ہوئے اس کے سر کے مقابل کھڑے ہوئے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

حنفی مذہب اس حدیث کو بھی نہیں مانتا اوپر کے نمبر میں ہدایہ کی عبارت موجود ہے پڑھ لو حکم مذہب حنفی یہ ہے کہ سینے کے مقابل کھڑا ہو۔ پس اے حنفی بھائیو اب کیا مانو گے؟ حدیث کا حکم؟ یا فقہ کا حکم؟ (شمع محمدی ص ۱۰۶، ظفر المبین حصہ دوم ص ۷۵)

جواب:

جونا گڑھی نے کوئی مرفوع حدیث نقل نہیں فرمائی صرف حضرت انس کا عمل نقل کیا ہے۔ حالانکہ غیر مقلدین کے ہاں صحابہ کرام کے اقوال و افعال دین میں حجیت نہیں ہیں۔ جنازہ پڑھاتے وقت امام میت کے کس حصہ کے مقابل کھڑا ہو۔ اس بارہ میں ہمارے علم کے مطابق حضور علیہ السلام کا کوئی فرمان صحیح موجود نہیں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل مبارک موجود ہے اور صحابہ کرام کے کچھ آثار مروی ہیں جو کہ مختلف ہیں۔ اس لیے ائمہ میں اختلاف پیدا ہوا۔ حضرت انس کی روایت کو لے لیجیے۔ ان سے بھی دونوں قسم کی دو روایات مروی ہیں۔

حضرت انس کا ایک عمل جو مولانا جونا گڑھی نے نقل کر دیا ہے۔

دوسرا عمل جو احناف کے مطابق ہے وہ ملاحظہ فرمائیں۔ ملا علی القاری لکھتے ہیں۔

ابو غالب کی روایت میں ہے کہ میں حضرت انس کے پیچھے نماز پڑھی۔ فقام حیال صدره تو آپ میت کے سینہ کے برابر کھڑے ہوئے۔

(شرح نقایہ ج ۱ ص ۱۳۵، فتح القدیر ج ۲ ص ۸۹)

ناظرین کرام! حضرت انس ؓ کی روایات میں عمل مختلف ہے تو ایک عمل کو نقل کر کے مولانا جونا گڑھی کا احناف کے طریقہ کو حدیث کے مخالف کہنا درست نہیں ہے۔

اعتراض نمبر ۹۱:

بے جنازے کی میت

(یعنی جو بچہ مردہ پیدا ہو اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن المغیرة بن شیبة ان النبی صلی الله علیه وسلم قال والسقط یصلی علیه و یدعی لوالدیه بالمغفرة والرحمة.

(رواه ابو داؤد ومشکٰوة شریف جلد اول ص ۱۴٦ کتاب الجنائز باب المشی الخ)

یعنی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں جو کچا بچہ ماں کے پیٹ سے گر پڑا ہو (جس میں جان نہ ہو) اس کے جنازے کی بھی نماز پڑھی جائے اور اس کے ماں باپ کے لیے دعائے مغفرت ورحمت کی جائے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس حدیث کو نہیں مانتا وہ کہتا ہے **ومن لم یستهل ادرج فی خرقة کرامة لبنی ادم ولم یصل علیه.**

یعنی جو بچہ پیدا ہو کر چلائے نہیں اسے چونکہ وہ انسان ہے ایک کپڑے میں لپیٹ دیا جائے اور اس کی جنازے کی نماز نہ پڑھی جائے۔ کہو حنفی بھائیو! اب اپنے بچوں کو بے نماز ہی رکھ کر حنفی بنو گے؟ یا ان پر نماز ان کے ماں باپ کے لیے دعا مانگ کر محمدی بنو گے؟

(شمع محمدی ص ۱۰۷)

جواب:

اس مسئلہ میں روایات مختلف ہیں۔ مولانا جونا گڑھی نے اپنے مطلب کی حدیث نقل کر دی اور حنفی مسلک کو حدیث کے خلاف کہہ دیا۔ مولانا نے حدیث مشکوٰۃ سے نقل کی ہے۔ مشکوٰۃ کے اسی باب میں ہماری دلیل بھی تھی جس کا انہوں نے ذکر تک نہیں کیا۔ ہم پہلے مشکوٰۃ سے وہ حدیث نقل کرتے ہیں جس پر ہمارا عمل ہے۔

پہلی حدیث:

عن جابر ان النبی صلی الله علیه وسلم قال الطفال لا یصلی علیه ولا یرث ولا یورث حتی یستهل.

رواه الترمذی وابن ماجة الا انه لم یذکر ولا یورث

(مشکٰوة باب المشی کتاب الجنائز)

روایت ہے حضرت جابر سے کہ نبی ﷺ نے فرمایا بچے پر نہ نماز پڑھی جائے نہ وہ وارث ہو اور نہ موروث حتی کہ چیخے۔ اس روایت کو ترمذی اور ابن ماجہ نے نقل کیا ہے مگر ابن ماجہ نے اپنی روایت میں لا یورث نقل نہیں کیا ہے۔

حضرت جابر ؓ کی یہ حدیث ترمذی ابواب الجنائز باب ما جاء فی ترک

الصلوٰة على الطفل حتى يستهل میں موجود ہے۔ (ترمذی مترجم جلد اول ص ۳۸۵)

علامہ بدیع الزماں غیر مقلد نے اس کا ترجمہ اس طرح کیا ہے۔

روایت ہے جابر سے کہ نبی ﷺ نے فرمایا لڑکے کی نماز جنازہ نہ پڑھیں۔ اور نہ لڑکا کسی کا وارث ہوتا ہے اور نہ اس کا کوئی وارث ہوتا ہے جب تک وہ بعد پیدا ہونے کے رووے چلاوے نہیں۔

ابن ماجة باب ما جاء فی الصلاة على الطفل میں یہ روایت موجود ہے۔

(طحاوی مترجم جلد اول ص ۷۵۲ باب الطفل بموت يصلى عليه يموت بهم میں بھی یہ حدیث موجود ہے۔

حضرت جابر کی یہ روایت سنن دارمی کتاب الفرائض باب میراث الصبی میں اس طرح ہے۔

اخبرنا يزيد بن هارون اخبرنا الاشعث عن ابی الزبير عن جابر بن عبدالله قال اذا الصبی ورث وصلى عليه

حضرت جابر بن عبداللہ بیان کرتے ہیں جب بچہ (پیدائش کے وقت) چلا کر روئے تو اس کی وراثت تقسیم ہوگی اور اس کی نماز جنازہ ادا کی جائے گی۔

دوسری حدیث:

حدثنا ابو نعيم حدثنا شريك عن ابی اسحاق عن عطاء عن ابن عباس قال اذا استهل ورث وورث وصلى عليه.

حضرت عبداللہ بن عباس بیان کرتے ہیں جب بچہ (پیدائش کے وقت) چلا کر روئے تو وہ وارث بنے گا اور وراثت تقسیم ہوگی اور اس کی نماز جنازہ ادا کی جائے گی۔

(سنن دارمی باب میراث الصبی)

تیسری حدیث:

حدثنا مالك بن اسماعيل حدثنا اسرائيل عن سماك عن عكرمة عن ابن عباس قال ليس من مولود الا استهل واستهلاله بعصر الشيطن بطنه ليصيح الا عيسى ابن مريم.

حضرت ابن عباس بیان کرتے ہیں بچے کی پیدائش کا حکم، چلا کر رونے سے ثابت ہوتا ہے اور شیطان اس کے پیٹ میں کچھ چبھوتا ہے جس کی وجہ سے وہ روتا ہے البتہ حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کے ساتھ ایسا نہیں ہوا تھا۔ (سنن دارمی باب میراث الصبی)

چوتھی حدیث:

حدثنا يحيى بن حسان حدثنا هو ابن حمزة عن زيد بن واقد عن مكحول قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يرث المولود حتى يستهل صارخا وان وقع حيا.

مکحول بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے پیدا ہونے والا بچہ اس وقت تک وارث نہیں بن سکتا جب تک وہ چلا کر نہ روئے اگرچہ وہ زندہ ہی باہر آیا ہو۔

(سنن دارمی باب میراث النبی)

پانچویں حدیث:

حدثنا يعلى حدثنا محمد بن اسحاق عن عطاء عن جابر قال اذا استهل المولود صلى عليه وورث.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب بچہ چلا کر روئے تو اس کی نماز جنازہ بھی ادا کی جائے گی اور اس کی وراثت کا حکم بھی لاگو ہوگا۔ (سنن دارمی باب میراث الصبی)

چھٹی حدیث:

حدثنا ابو النعمان حدثنا ابو عوانة عن مغيرة عن ابراهيم قال لا يورث

المولود حتى يستهل ولا يصلى عليه حتى يستهل فاذا يستهل صلى عليه وورث وكملت الدية

ابراہیم بیان کرتے ہیں نومولود شخص کی وراثت کا حکم اس وقت تک جاری نہیں ہوگا جب تک وہ چلا کر نہ روئے اور جب تک وہ چلا کر نہ روئے تو اس کی نماز جنازہ بھی ادا نہیں کی جائے گی۔ اگر وہ روئے تو اس کی نماز جنازہ بھی ادا کی جائے گی اور اس کی وراثت کا بھی حکم جاری ہوگا اور اس کی دیت بھی مکمل ہوگی۔ (سنن دارمی باب میراثت الصبی)

ساتویں حدیث:

حدثنا عبدالله بن صالح حدثنى الليث حدثنى يونس عن ابن شهاب وسالناه عن السقط فقال لا يصلى عليه ولا يصلى على مولود حتى يستهل صارخا.

یونس بیان کرتے ہیں ہم نے ابن شہاب سے (پیٹ سے) گر جانے والے بچے کے بارے میں دریافت کیا (یعنی مردہ پیدا ہونے والے بچے کے بارے میں دریافت کیا) تو انہوں نے جواب دیا اس کی نماز جنازہ ادا نہیں کی جائے گی چونکہ جب تک بچہ چلا کر نہ روئے اس کی نماز جنازہ ادا نہیں کی جاتی۔ (سنن دارمی باب میراث الصبی)

امام شوکانی کا حوالہ

جمہور فقہاء کا اس بارے میں مسلک یہ ہے کہ حمل کے ساقط ہو جانے کے بعد اس میں زندگی کے آثار پائے جانے لازمی ہیں اگر اس میں یہ آثار نہیں ہوں گے تو پھر اس کی نماز جنازہ ادا کرنے کی ضرورت نہیں۔ (نیل الاوطار اردو جلد دوم ص۲۵۳)

علامہ وحید الزماں غیر مقلد کا حوالہ

ف: کچا بچہ وہ ہے جس کی مدت حمل پوری نہ ہوئی ہو لیکن جان پڑ گئی ہو اور زندہ پیدا ہوا ہو، اس پر نماز پڑھنا چاہیے اور جو جان نہ پڑی ہو یا مردہ پیدا ہو تو نماز جنازہ پڑھنا ضروری

نہیں بلکہ یوں ہی دفن کر دینا چاہیے۔ (سنن ابوداؤد مترجم جلد۲ ص۵٦٦)

ناظرین ان روایات سے امام ابوحنیفہ کا مسلک ثابت ہوتا ہے جس کو جونا گڑھی نے حدیث کے خلاف کہا ہے باقی رہی وہ روایت جو جونا گڑھی نے نقل کی ہے وہ ان دلائل کے مقابلہ میں مرجوع کے حکم میں ہے۔ اس لیے قابل عمل نہیں اور نہ امت کا اس پر عمل ہے۔

اعتراض نمبر۹۲:

توہین رسول ﷺ

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن علی رضی الله عنه ان يهودية كانت تشتم النبى صلى الله عليه وسلم وتقع فيه فخنقها رجل حتى ماتت فابطل النبى صلى الله عليه وسلم دمها.

(رواه ابوداؤد)

یعنی ایک یہودیہ عورت آنحضرت ﷺ کو گالیاں دیتی تھی اور آپ ﷺ کی شان میں گستاخی سے پیش آتی تھی ایک صحابی نے اس کا گلا گھونٹ کر اس کو مار ڈالا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس صحابی سے کوئی قصاص نہ لیا بلکہ اس کا خون برباد کر دیا اور صحابی کو معاف فرما دیا۔ بلکہ اور حدیث میں ہے کہ آپ نے فرمایا الا اشهدوا ان دمها هدء یعنی اے لوگو تم گواہ رہو اس کا خون رائیگاں ہے کوئی قصاص نہیں۔ اس حدیث کے مطابق اہل حدیث کا مذہب ہے کہ پیغمبر انس و جن حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ کو جو ذمی کافر گالیاں دے آپ کی شان میں بے ادبی کرے اس کا ذمہ ٹوٹ جاتا ہے بلکہ وہ شرعاً واجب القتل ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن آہ اس حرمت کو حنفی مذہب نے توڑ دیا ہے۔ وہ صاف لکھتا ہے ومن امتنع من

الجزية او قتل مسلما او سب النبی علیه السلام او زنی بمسلمة لم ینتقض عهده. (هدایه جلد دوم ص ۵۵۷ فصل فی ما ینبغی الذمی)

یعنی جو ذمی کافر جزیے سے انکار کر دے یا کسی مسلمان کو قتل کر ڈالے یا آنحضرت ﷺ کو گالیاں دے یا کسی مسلمان عورت سے زنا کرے۔تو بھی اس کا ذمہ نہیں ٹوٹتا۔حنفی بھائیو! دونوں مذہب ومسلک آپ کے سامنے ہیں فرمائیے کون سا مقبول اور کون سا مردود؟ (شمع محمدی ص ۱۰۷، ظفر المبین حصہ اول ص ۲۱۲، ۲۱۳)

جواب:

صاحب شمع نے یہ مسئلہ اصل میں ظفر المبین سے لیا ہے اس کا جواب اسی زمانہ میں **فتح المبین ص ۲۴۸ تا ۲۵۰ ونصرۃ المجتہدین ص ۵۱** میں دیا گیا تھا۔تفصیل وہاں پر ملاحظہ فرمائیں۔مختصر یہاں بھی لکھا جاتا ہے۔

یہ مسئلہ ہدایہ کے علاوہ فقہ حنفی کی دیگر کتب مثلاً فتاویٰ عالمگیری، درمختار میں بھی ہے مگر اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر حاکم اسلام کسی ملک کفار کو فتح کرے اور پھر ان سے عہد وپیان لے کر ان کو اپنے ظل حمایت میں جگہ دیوے تو تاوقتیکہ وہ اپنے عہد وپیان کا خلاف نہ کریں تو مسلمانوں پر لازم ہے کہ ان کا معاہدہ بدستور قائم رکھیں ہاں اگر منکرات شرعیہ میں سے کسی جرم کا ارتکاب کریں تو حسب قانون شرع اس پر حد جاری کریں سو اگر کسی مسلمان عورت سے کوئی ذمی زنا کرے یا رسول اللہ ﷺ کی شان میں گستاخی کرے اور اس کے عہد نامہ میں اس قسم کی شرائط کا کچھ ذکر نہ تھا تو گو اس کا معاملہ معاہدہ جوں کا توں باقی ہے ان دونوں جرموں کی سزا اس کو دی جائے گی۔یعنی زنا کی صورت میں حد زنا اس پر جاری ہوگی۔چنانچہ درمختار میں ہے۔

قوله ولا بالزنا بمسلمة بل یقام علیه موجبه وهو الحد

یعنی زنا مسلمہ سے عہد تو نہ ٹوٹے گا پر اس پر زنا کی سزا جاری کی جائے گی اور نبی ﷺ

کے برا کہنے میں اگر خفیہ طور سے ایک دو دفعہ اپنی گت کے آدمیوں میں برا کہا ہے اور عہد نامہ میں اس قسم کی شرائط کا کچھ ذکر نہ ہو تب بھی اگرچہ معاہدہ اس کا بدستور باقی ہے لیکن تعزیراً اور زجراً سزا دیا جائے گا۔یہاں تک کہ اگر مصلحت وقت ہو تو اس کو قتل کر دینا تک بھی جائز ہے۔

چنانچہ درمختار میں ہے۔

ویؤدب الذمی ویعاقب علی سبه دین الاسلام والقرآن والنبی صلی الله علیه وسلم قال العینی واختیاری فی السب ان یقتل وتبعه ابن الهمام قلت وبه افتی شیخنا الخیر الرملی وهو قول الشافعی

یعنی ذمی دین اسلام یا قرآن یا نبی ﷺ کے برا کہنے میں تادیب وتعزیر دیا جائے۔علامہ عینی نے فرمایا ہے کہ میرا مذہب یہ ہے کہ وہ قتل کیا جائے۔اسی مذہب کے ابن ہمام تابع ہوئے ہیں اور شیخ رملی نے بھی اسی کا فتویٰ دیا ہے۔اور یہی امام شافعی کا قول ہے۔

پھر یہ بھی جب ہے کہ اس قسم کی شرائط وقت عہد اس سے نہ کی گئی ہوں۔اور اگر اس سے شرط کی گئی ہو کہ مذہب اسلام اور قرآن مجید اور نبی کریم ﷺ کو برا نہ کہے یا فلاں فلاں کام نہ کرے اور وہ پھر اس نے اس کا خلاف کیا تو اس کا معاہدہ بھی باقی نہ رہے گا۔بلکہ مباح الدم ہو جائے گا چنانچہ درمختار میں ہے۔

اقول هذا ان لم یشرط انتقاضه به اما اذا شرط انتقض به کما هو ظاهر

یعنی عہد کا نہ ٹوٹنا جب ہے کہ اس قسم کی شرط نہ کی گئی ہو ورنہ برا کہنے سے اس کا عہد ٹوٹ جائے گا۔

علی ہذا اگرچہ معاہدہ میں ایسی شرائط نہ کی گئی ہوں پر وہ کھلم کھلا نبی ﷺ کو برا کہتا پھرتا

ہے تب بھی اس کا عہد ٹوٹ جائے گا اور اس کے صلہ میں قتل کیا جائے گا۔

چنانچہ درمختار میں ہے:

قوله وسب النبی صلی الله علیه وسلم ای اذ لم یعلن فلوا علن بشتمه او اعتاده قتل ولو امرأة وبه یفتی الیوم

یعنی عہد کا نہ ٹوٹنا اس وقت ہے کہ علی الاعلان برا نہ کہا ہو اگر کھلم کھلا برا کہا ہے۔ یا اس کی عادت کرلی ہے تو قتل کر دیا جائے گا اگرچہ عورت ہی کیوں نہ ہو اسی پر اب فتویٰ ہے۔ یہ عبارات تو کتب فقہ کی تھیں اب حدیث کا حال بھی سنیے۔ سو اس سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ اگر بار بار نبی ﷺ کے برا کہنے کی عادت کرلی تو ایسی کا خون معاف ہے۔

ابوداؤد میں ہے:

ان عمی کانت له ام ولد تشتم النبی صلی الله علیه وسلم وتقع فیها فینها ها فلا تنتهی ویزجرها فلا تنزجر قال فلما کانت ذات لیلة جعلت تقع فی النبی صلی الله علیه وسلم وتشتمه فاخذ المغول فوضعه فی بطنها واتکاء علیها فقتلها. الحدیث

یعنی ایک نابینا کی باندی تھی اور نبی علیہ السلام کو برا بھلا کہا کرتی تھی وہ نابینا اس کو منع کیا کرتا تھا اور جھڑکا کرتا تھا سو وہ باز نہ آتی تھی۔ اتفاقاً ایک رات کو پھر برا کہنے لگی تو نابینا نے ایک چھرا لے کر اس کے پیٹ میں جھونک دیا اور اس کو جان سے مار ڈالا۔ جب شدہ شدہ اس امر کی رسول اللہ ﷺ کو خبر پہنچی تو آپ ﷺ نے فرمایا: **الا اشهدوا وان دمها هدد**

یعنی گواہ رہو کہ خون اس باندی کا معاف ہے۔ اب صاحب انصاف ملاحظہ فرمائیں کہ کتب فقہ اور حدیث شریف کس طرز سے موافق و مطابق ہیں پھر کوئی ان دشمنان دین و دانش سے پوچھے کہ تم نے کس کرتوت پر اور کس منہ سے کہہ دیا کہ کتب فقہ میں لکھا ہے کہ اس کو مارنا نہیں چاہیے۔

اعتراض نمبر ۹۳:

خون مسلم کی ارزانی

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن علی ان النبی صلی الله علیه وسلم الا لا یقتل مسلم بکافر.

(رواه ابوداؤد والنسائی، مشکوة جلد دوم، کتاب القصاص ص۳۰۱)

یعنی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کوئی مسلمان کسی کافر کے بدلے قتل نہ کیا جائے۔ یہ حدیث بخاری شریف میں بھی ہے اس میں صاف ہے کہ کافر کے بدلے مسلمان مارا نہ جائے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس حکم محمدی کو نہیں مانتا۔ وہ اپنا حکم اس کے خلاف جاری کرتا ہے۔ کہتا ہے **والمسلم بالذمی (هدایه جلد چهارم ص۵٤٦ باب ایوجب القصاص)**

یعنی ذمی کافر کے بدلے مسلمان کو قتل کر دیا جائے۔ کہو حنفی بھائیو تم حکم محمدی مانو گے یا حکم حنفی؟ (شمع محمدی ص ۱۰۸، ظفر المبین حصہ دوم ص ۱۴۸)

جواب:

اس اعتراض کا جواب پہلے (مسئلہ نمبر ۳۳ خون مسلم کی بے قدری) میں گذر چکا ہے وہاں پر ملاحظہ فرمائیں مولانا جونا گڑھی نے تعداد بڑھانے کے لیے اسے دوبارہ نقل کر دیا ہے۔

اعتراض نمبر ۹۴:

غلاموں سے بے انصافی

(مسئلہ قصاص)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن الحسن عن سمرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من قتل عبده قتلناه. و من جدع عبده جدعناه. (رواه الترمذی وابوداؤد وابن ماجة والدارمی وزاد النسائی فی روایة اخری ومن خصی عبده خصیناه، مشکوٰة جلد دوم ص۳۰۱ کتاب القصاص)

یعنی رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کہ جو شخص اپنے غلام کو قتل کر ڈالے ہم اسے اس کے بدلے قتل کر دیں گے اور جو اس کے اعضا کاٹ دے ہم بھی اس کے بدلے میں اس کے وہی اعضا کاٹ دیں گے اور جو اپنے غلام کو خصی کر ڈالے اس کا بدلہ بھی اس سے یہی لیا جائے گا۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

سرکار مدنی کا فیصلہ سن چکے اب کوفی سلطنت کا فیصلہ ملاحظہ ہو۔ ہدایہ جلد چہارم ۵۳۸ باب مایوجب القصاص میں ہے ولا یقتل الرجل بعبده ولا مدبره ولا مکاتبه ولا بعبد ولده یعنی کسی کو اس کے غلام کے بدلے قتل نہ کیا جائے۔ اس غلام کے بدلے بھی نہیں جسے اس نے اپنے مرنے کے بعد آزاد ہونے کی کہہ دی ہو اس کے بدلے بھی نہیں جس نے اسے لکھ دیا ہو کہ جب میں اپنی رقم ادا کر دوں تو آزاد ہوں اور اس کے بیٹے کے غلام کے قتل کے بدلے بھی اسے قتل نہ کیا جائے سنا آپ نے؟

حدیث میں تو ہے کہ اپنے غلام کے قتل کے بدلے بھی قتل کر دیا جائے۔ حنفی مذہب کہتا ہے اپنی اولاد کے غلام کے قتل کے بدلے بھی قتل نہ کیا جائے۔

(شمع محمدی ص۱۰۹، ظفر المبین حصہ اول ص۲۰۵)

جواب:

اس مسئلہ میں روایات مختلف ہیں صاحب مدن نے اپنے نظریہ کے مطابق جو روایت تھی وہ تو نقل کر دی اور حنفی مسلک کے دلائل کا ذکر نہیں کیا۔ امام ابوحنیفہ کا یہ مسلک خود

آنحضرت ﷺ اور خلفائے راشدین کے طرز اور عمل کے عین مطابق ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

دلیل نمبر۱:

حضرت عمر رسول اللہ ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ مالک کو غلام کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا۔ (بیہقی ج اص۳۶)

دلیل نمبر۲:

عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے اپنے غلام کو عمداً قتل کر دیا آنحضور ﷺ نے اس کو سو کوڑے لگائے۔ اس کو ایک سال کے لیے جلاوطن کر دیا اور غنیمت میں سے اس کا حصہ ختم کر دیا آپ ﷺ نے اسے قصاص میں قتل نہیں کیا بلکہ اسے حکم دیا کہ وہ ایک غلام کو آزاد کر دے۔ (سنن دار قطنی ج۳ ص۱۴۴، مصنف ابن ابی شیبہ ج۹ ص۳۰۴)

دلیل نمبر۳:

اسی طرح کا واقعہ حضرت علی نے بھی نقل کیا ہے۔

(مصنف ابن ابی شیبه ج۹ ص۳۰٤، دار قطنی ج۳ ص۱٤٤، بیهقی ج۸ ص۳٦)

دلیل نمبر۴:

حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کسی آدمی کو اپنے غلام کو قتل کرنے کے جرم میں قتل نہیں کرتے تھے بلکہ سو کوڑے لگاتے اسے ایک سال کے لیے قید کر دیتے اور ایک سال کے لیے مال غنیمت میں سے اس کا حصہ ختم کر دیتے تھے۔ جب کہ اس نے عمداً قتل کا ارتکاب کیا ہوتا۔

(مصنف ابن ابی شیبه ج۹ ص۲۰۵، سنن بیهقی ج۸ ص۳۷، مصنف عبدالرزاق ج۹ ص۴۹۱)

رہی وہ روایت جو صاحب شمع محمدی نے نقل کی ہے۔ان تمام دلائل کی روشنی میں اس کا
مطلب یہ ہوگا کہ حضور اکرم ﷺ نے یہ بات محض آقاؤں کو ڈرانے اور دھمکانے کے لیے
فرمائی ہوگی۔ تا کہ وہ اپنے غلاموں کو قتل کرنے کے معاملے میں بے لگام نہ ہو جائیں۔اس کا
مقصد اس جرم کی قانون سزا بیان کرنا نہیں تھا۔ ورنہ خود حضور اکرم ﷺ اور آپ کے خلفائے
راشدین یہ سزا دینے سے گریز نہ کرتے علاوہ ازیں اس روایت کی سند بھی کمزور ہے۔
کیوں کہ یہ روایت حسن بصری نے حضرت سمرہ سے نقل کی ہے اور محدثین کی ایک بڑی
جماعت نے ان کی حضرت سمرہ سے نقل کردہ روایات کو ناقابل اعتماد قرار دیا ہے۔امام بیہقی
اس حدیث کو نقل کر کے لکھتے ہیں۔

قتادہ کہتے ہیں کہ حسن بصری یہ روایت بیان کرنے کے بعد بھول گئے اور کہنے لگے کہ
آزاد آدمی کو غلام کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا۔

شیخ کہتے ہیں کہ غالباً حسن بصری روایت کو بھولے نہیں تھے بلکہ انہوں نے اس حدیث
کے ضعف کی وجہ سے اس کو قبول نہیں کیا، اور اکثر ائمہ حدیث نے ان کی حضرت سمرہ سے نقل
کردہ روایتوں سے اعراض کیا ہے۔اور بعض کہتے ہیں کہ انہوں نے سمرہ سے سوائے ایک
حدیث عقیقہ کے اور کوئی روایت نہیں سنی۔

شعبہ کہتے ہیں کہ حسن نے سمرہ سے سماع نہیں کیا۔اور میں نے یحییٰ ابن معین کو کہتے سنا
کہ حسن نے سمرہ سے سماع نہیں کیا، بلکہ وہ ایک کتاب سے روایت کرتے ہیں اور اس
حدیث (یعنی مالک کو غلام کے بدلے میں قتل کرنے کی حدیث) کے بارے میں یحییٰ نے
فرمایا کہ حسن نے سمرہ سے یہ نہیں سنی۔ (بیہقی ج ۸ ص ۳۵)

اور امام بیہقی باب بیع الحیوان بالحیوان میں فرماتے ہیں۔

اکثر حفاظ حدیث عقیقہ کی حدیث کے علاوہ سمرہ سے حسن کے سماع کی ثابت نہیں
مانتے۔ (بیہقی ج ۵ ص ۲۸۸)

نوٹ:
ائمہ حنفی صرف قصاص کی نفی کرتی ہے باقی دیگر سزاؤں کی نفی نہیں کرتی۔

اعتراض نمبر ۹۵:

اسلامی مساوات پر ضرب

(عورت اور مرد کے قصاص کا مسئلہ)

صاحب شمع محمدی نقل کرتے ہیں۔

اسی نمبر ۹۴ کی حدیث کو دوبارہ پڑھ جائیے اور پھر ہدایہ کھول کر اس کی چوتھی جلد نکال کر
صفحہ پانچ سو تریپن نکالیے۔ وہاں باب ہے **باب القصاص فیما دون النفس** اس باب
کے اس صفحہ کی آخری سطر دیکھئے وہاں لکھا ہوا ہے **ولا قصاص بین الرجل والمرأة
فیما دون النفس ولا بین الحر والعبد ولا بین العبدین** یعنی عورت اور مرد کے
درمیان جان لینے کے علاوہ اور باتوں میں قصاص نہیں ہے نہ آزاد اور غلام کے درمیان ہے
نہ دو غلاموں کے درمیان ہے۔ آپ نے خیال فرمایا؟ حدیث میں تو ہے کہ جو آزاد جس
غلام کا ہاتھ کاٹ دے یا پاؤں کاٹ دے تو اس کا بھی ہاتھ پاؤں کاٹ دیا جائے گا۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس فرمان رسول ﷺ کو توڑ دیتا ہے وہ کہتا ہے کہاں غلام کہاں
آزاد؟ غلام اور آزاد میں فرق کرو غلام کے ہاتھ کے بدلے آزاد کا ہاتھ نہ کاٹو۔ کہو مسلمانو! وہ
مساوات جس پر تمہیں ناز تھا کیا ہوئی؟ اب بتاؤ حنفی مذہب اچھا یا محمدی مذہب اچھا؟
(شمع محمدی ص ۱۰۹)

جواب:

صاحب شمع محمدی جس حدیث کا حوالہ دے رہے ہیں اس میں سرے سے یہ مسئلہ ہی نہیں ہے۔ پہلے کوئی ایسی حدیث پیش کریں جس سے ہدایہ کے مسئلے کو حدیث کے خلاف ثابت کیا جا سکے۔ اگر اس مسئلہ کا حکم قرآن میں ہے تو وہ آیت پیش کریں اگر حدیث میں ہے تو حدیث پیش کریں جس میں اس مسئلہ کی وضاحت ہو پھر ہم ہدایہ کے مسئلہ کو دیکھیں گے کہ کیا وہ واقعی حدیث کے خلاف ہے۔ صاحب ہدایہ نے تو پھر بھی ایک عقلی دلیل نقل کی ہے۔

اعتراض نمبر ۹۶:

غلاموں پر ظلم

صاحب شمع محمدی نقل کرتے ہیں۔

آپ نے ۹۴ کی حدیث میں پڑھا کہ خصی کرنے کا قصاص خصی کرنا ہے گو آقا اور غلام کے درمیان ہو۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس قانون محمدی کی بھی قانون شکنی کر کے کہتا ہے کہ یہی نہیں بلکہ سرے سے اس میں قصاص ہی نہیں چنانچہ ہدایہ جلد چہارم ص ۵۵۵ **کتاب الجنایات باب القصاص** میں ہے **ولا قصاص فی اللسان ولا فی الذکر** یعنی زبان اور پیشاب گاہ میں قصاص نہیں ہے۔

حنفی دوستو حدیث کا حکم ہے کہ دوسرے کو خصی کرنے والے کو خصی کر دیا جائے گا اور فقہ کا حکم کہ خصی کرنے والے سے قصاص نہ لیا جائے۔ یہ دونوں آپ کے سامنے ہیں اور دونوں میں مخالفت ہے اب آپ کو اختیار ہے اقرار کا بھی اور انکار کا بھی؟ (شمع محمدی ص ۱۱۰)

جواب:

اس اعتراض کا جواب اعتراض نمبر ۹۴ میں گزر چکا ہے۔

اعتراض نمبر ۹۷:

مسلمانوں کو کافر کے برابر کر دیا

(یعنی مسلمان اور ذمی کافر کی دیت برابر ہے)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ قال خطب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عام الفتح ثم قال ...... دیۃ الکافر نصف دیۃ المسلم۔

(**رواہ ابو داؤد مشکوۃ شریف جلد دوم ص ۳۰۳ کتاب القصاص باب الدیات**) یعنی رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کافر کی دیت مسلمان سے آدھی ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا وہ کہتا ہے **دیۃ المسلم والذمی سواء** (**ہدایہ جلد چہارم کتاب الدیات ص ۵۶۹**) یعنی مسلمان اور ذمی کافر کی دیت یکساں اور برابر ہے۔ کہو دوستو اب آپ جس وقت جج کی کرسی سنبھالیں گے اور کسی مسلمان کے ہاتھ سے کسی کافر کی آنکھ پھوٹ گئی یا ہاتھ ٹوٹ گیا۔ تو محمدی مذہب کے مطابق آدھی دیت اس سے دلوائیں گے؟ یا حنفی مذہب کے مطابق پوری دیت؟ حدیث کے مطابق اسلام و کفر میں فرق کریں گے؟ یا فقہ کے مطابق دونوں کو ایک درجہ دیں گے؟

(شمع محمدی ص ۱۱۱، ظفر المبین حصہ دوم ص ۱۶۴)

جواب:

ہدایہ کا مسئلہ مندرجہ ذیل احادیث سے ثابت ہے۔

حدیث نمبرا:

اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم ﷺ نے معاہد کی دیت مسلمان کی دیت جیسی مقرر کی (یعنی مسلمان اور کافر دونوں دیت میں برابر ہیں)

(نصب الرایہ ج۴ ص ۳۶۷)

حدیث نمبر۲:

سعید بن میسب فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ہر ذی عہد (ذمی) کی دیت آپ ﷺ کے زمانے میں ایک ہزار دینار تھی۔ (نصب الرایہ ج٤ ص ٣٦٦)

حدیث نمبر۳:

حضرت ہیثم بن ابی الہیثم سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ حضرت ابو بکر وعمر وعثمان ؓ نے فرمایا معاہد کی دیت آزاد مسلمان کی دیت ہے۔ (کتاب الآثار باب دیة المعاهد)

ان روایات سے معلوم ہوا کہ حنفی مسلک حدیث کے مطابق ہے حدیث کے خلاف نہیں۔ رہا احادیث کا مختلف ہونا تو ہم ترجیح ان روایات کو دیتے ہیں کیوں کہ خلفائے راشدین کا عمل ہماری روایات کے مطابق ہے۔

رہی وہ روایت جو جونا گڑھی نے نقل کی ہے۔ اس میں عام کافر کا ذکر ہے، ذمی کافر کا نہیں اور ہدایہ میں مسئلہ ذمی کافر کا لکھا ہوا ہے۔ عام کافر کا نہیں اس لیے یہ حدیث ہمارے خلاف نہیں ہے۔

اعتراض نمبر ۹۸:

قصر نماز کا مسئلہ

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن عائشة قالت كل ذلك قد فعل رسول الله صلى الله عليه وسلم امر الصلاة واتم.

(رواه في شرح السنة مشكوة جلد اول كتاب الصلاة باب صلاة السفر ص ١١٨)

یعنی رسول اللہ ﷺ نے سفر میں نماز قصر بھی کی ہے اور پوری بھی پڑھی ہے اسی لیے سفر میں نماز پوری پڑھ لینا اہل حدیث کے نزدیک گناہ نہیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس حدیث کو نہیں مانتا وہ کہتا ہے فرض المسافر في الرباعية ركعتان لا يزيد عليهما (هدایه جلد ۱ کتاب الصلاة باب صلاة المسافر ص ١٤٥) یعنی مسافر پر چار رکعت والی نماز میں دو ہی فرض ہیں ان پر زیادتی نہ کرے۔ کہو بھائیو! اب تمہارا کیا ارادہ ہے؟ (شمع محمدی ص ۱۱۱)

جواب:

حنفی مسلک کے دلائل ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) عن عيسى بن حفص بن عاصم قال حدثني ابي انه سمع ابن عمر يقول صحبت رسول الله صلى الله عليه وسلم فكان لا يزيد في السفر على ركعتين وابا بكر و عمر و عثمان كذالك. (بخاری ج١ ص١٤٩)

حضرت عیسیٰ بن حفص فرماتے ہیں کہ میرے والد حفص نے حدیث بیان کی کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر ؓ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہا۔ آپ سفر میں دو رکعتوں سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے اور میں حضرت ابو بکر، حضرت عمر اور

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہا وہ بھی ایسے ہی کہتے تھے۔

(۲) عن عبداللہ بن عمر (فی حدیث طویل) انی صحبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی السفر فلم یزد علی الرکعتین حتی قبضہ اللہ وصحبت ابا بکر فلم یزد علی رکعتین حتی قبضہ اللہ وصحبت عمر فلم یزد علی رکعتین حتی قبضہ اللہ ثم صحبت عثمان فلم یزد علی رکعتین حتی قبضہ اللہ وقد قال اللہ تعالیٰ لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ.

(مسلم ج۱ ص۲۴۲)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا آپ نے نماز دو رکعتوں سے زیادہ نہیں پڑھی۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بلا لیا اور میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہا انہوں نے بھی دو رکعت سے زیادہ نہیں پڑھیں حتی کہ انہیں بھی اللہ تعالیٰ نے بلا لیا۔ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہا انہوں نے بھی دو رکعتوں سے زیادہ نہیں پڑھیں حتی کہ انہیں بھی اللہ تعالیٰ نے بلا لیا۔ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہا انہوں نے بھی دو رکعت سے زیادہ نہیں پڑھیں حتی کہ انہیں بھی اللہ نے بلا لیا، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں بے شک تمہارے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں اچھا نمونہ ہے۔

(۳) عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلاۃ السفر رکعتان من ترک السنۃ فقد کفر.

(رواہ ابن حزم بسند صحیح، عمدۃ القاری ج۷ ص۱۳۳)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سفر کی نماز دو رکعتیں ہیں جس نے سنت (یعنی اس طریقہ) کو چھوڑا تحقیق اس نے کفر کیا۔

(۴) عن مورق قال سألت ابن عمر عن الصلوٰۃ فی السفر فقال رکعتین رکعتین من خالف السنۃ کفر. (مجمع الزوائد ج۲ ص۱۵۴)

حضرت مورق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے دورانِ سفر نماز کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا دو دو رکعتیں ہیں جس نے سنت (اس طریقے) کی مخالفت کی اس نے کفر کیا۔

(۵) عن ابی الکنود قال سألت ابن عمر عن صلوٰۃ السفر فقال رکعتان نزلتا من السماء فان شئتم فرددهما. (مجمع الزوائد ج۲ ص۱۵۴)

حضرت ابوالکنود رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے سفر کی نماز کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا دو رکعتیں ہیں جو آسمان سے اتری ہیں چاہو تو ان کو رد کر دو۔

(٦) عن السائب بن یزید الکندی ابن اخت النمر قال فرضت الصلوٰۃ رکعتین رکعتین ثم زید فی صلوٰۃ الحضر واقرت صلوٰۃ السفر.

(مجمع الزوائد ج۲ ص۱۵۴)

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ نمر کے خواہرزادے فرماتے ہیں کہ نماز دو دو رکعت فرض ہوئی تھی پھر حضر کی نماز میں اضافہ ہوگیا اور سفر کی نماز یونہی برقرار رکھی گئی۔

(۷) عن عائشۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم قالت الصلوٰۃ اول ما فرضت رکعتان فاقرت صلوٰۃ السفر واتممت صلوٰۃ الحضر، الحدیث.

(بخاری ج۱ ص۱۴۸)

نبی علیہ السلام کی اہلیہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نماز ابتداءً دو رکعتیں ہی فرض ہوئی تھیں سفر کی نماز برقرار رکھی گئی اور حضر کی نماز پوری کر دی گئی۔

(۸) عن عمر قال صلوٰۃ السفر رکعتان وصلوٰۃ الجمعۃ رکعتان والفطر والاضحی رکعتان تمام غیر قصر علی لسان محمد صلی اللہ علیہ وسلم. (ابن ماجۃ ص۷٦، نسائی ج۱ ص۱٦۲)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سفر کی نماز دو رکعات ہیں جمعہ کی نماز دو رکعات ہیں، عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کی نماز دو دو رکعات ہیں جو پوری ہیں کم نہیں محمد ﷺ کی زبانی۔

(۹) عن یعلی بن امیة قال قلت لعمر بن الخطاب لیس علیکم جناح ان تقصروا من الصلاة ان خفتم ان یفتنکم الذین کفروا فقد امن الناس فقال عجبت مما عجبت منه فسألت رسول الله صلی الله علیه وسلم عن ذالك فقال صدقة تصدق الله بها علیکم فاقبلوا صدقته.

(مسلم ج۱ ص۲۴۱)

حضرت یعلی بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے آیت کریمہ **لیس علیکم جناح الایة** کے بارے میں عرض کیا اب تو لوگ امن میں ہوگئے ہیں۔ آپ نے فرمایا تمہیں عجیب لگی ہے وہ بات جو مجھے عجیب لگی تھی میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق سوال کیا تھا۔ آپ نے فرمایا تھا کہ یہ اللہ نے تم پر صدقہ کیا ہے لہٰذا تم اس کے صدقے کو قبول کرو۔

(۱۰) عن ابن عباس قال فرض الله الصلٰوة علی لسان نبیکم صلی الله علیه وسلم فی الحضر اربعا وفی السفر رکعتین وفی الخوف رکعة.

(مسلم ج۱ ص۲۴۱)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے نبی ﷺ کی زبانی حضر میں چار رکعتیں، سفر میں دو رکعتیں اور خوف کی حالت میں ایک رکعت فرض کی ہے۔

(۱۱) عن ابن عباس قال صلی رسول الله صلی الله علیه وسلم حین سافر رکعتین رکعتین وحین اقام اربعا قال و قال ابن عباس فمن صلی فی السفر اربعا کمن صلی فی الحضر رکعتین. الحدیث.

(مجمع الزوائد ج۲ ص۱۵۵)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جب سفر کیا تو دو دو رکعتیں پڑھیں اور جب آپ مقیم ہوئے تو چار پڑھیں۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جو شخص دوران سفر چار رکعتیں پڑھتا ہے وہ ایسے ہی ہے جیسے وہ شخص جو حضر میں دو رکعت پڑھے۔

(۱۲) عن موسیٰ بن سلمة الهذلی قال سألت ابن عباس کیف اصلی اذا کنت بمکة اذا لم اصلی مع الامام فقال رکعتین سنة ابی القاسم صلی الله علیه وسلم. (مسلم ج۱ ص۲۴۱)

حضرت موسیٰ بن سلمہ ہذلی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے سوال کیا کہ جب میں مکہ مکرمہ میں ہوں اور میں نے امام کے ساتھ نماز نہ پڑھی ہو تو کیسے نماز پڑھوں آپ نے فرمایا دو رکعتیں ہی سنت ہے ابوالقاسم ﷺ کی۔

(۱۳) عن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم خرج من المدینة الی مکة لا یخاف الا رب العالمین فصلی رکعتین. (ترمذی ج۱ ص۱۲۲)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام مدینہ طیبہ سے مکہ مکرمہ گئے اس حال میں کہ آپ سوائے رب العالمین کے کسی سے نہیں ڈرتے تھے اور آپ نے دو ہی رکعتیں پڑھیں۔

(۱۴) عن ابی هریرة قال سافرت مع رسول الله صلی الله علیه وسلم ومع ابی بکر وعمر کلهم صلی من حین یخرج من المدینة الی ان یرجع الیها رکعتین فی المسیر والمقام بمکة. (مجمع الزوائد ج۲ ص۱۵۶)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ، حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ سفر کیا ہے، سب نے مدینہ طیبہ سے جاتے اور واپس مدینہ طیبہ آنے تک دو رکعتیں ہی پڑھیں سفر کے دوران بھی اور مکہ مکرمہ اقامت کے دوران بھی۔

(۱۵) عن خلف بن حفص عن انس انطلق بنا الی الشام الی عبدالملک ونحن اربعون رجلا من الانصار لیفرض لنا فلما رجع وکنا بفج الناقه صلی بنا الظھر رکعتین ثم دخل فسطاطه وقام القوم یضیفون الیٰ رکعتیھم رکعتین اخریین فقال قبح الله الوجوه فوالله ما اصابت السنة ولا قبلت الرخصة فاشھد لسمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ان قوما یتعمقون فی الدین یمرقون کما یمرق السھم من الرمیة.

(مجمع الزوائد ج۲ ص۱۵۵)

حضرت خلف بن حفص حضرت انس ؓ سے روایت کرتے ہیں کہ (انہوں نے فرمایا) ہمیں ملک شام عبدالملک بن مروان کے پاس لے جایا گیا ہم چالیس انصاری مرد تھے، مقصد یہ تھا کہ وہ ہمارا وظیفہ مقرر کردے، جب ہم واپس ہوئے اور فج الناقہ پہنچے تو حضرت انس ؓ نے ہمیں ظہر کی دو رکعتیں پڑھائیں اور اپنے خیمہ میں تشریف لے گئے لوگ اٹھے اور (پڑھی ہوئی) دو رکعتوں کے ساتھ دوسری دو رکعتوں کا اضافہ کرنے لگے، آپ نے فرمایا خدا ان کا برا کرے اللہ کی قسم یہ سنت کو نہ پہنچے نہ انہوں نے رخصت کو قبول کیا، گواہ رہو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے آپ فرما رہے تھے کہ بہت سے لوگ دین میں خوب گہرائی میں جائیں گے لیکن وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکلتا ہے۔

(۱۶) عن عطاء بن یسار قال ان ناسا قالوا یا رسول الله کنا مع فلان فی السفر فابیٰ الا ان یصلی لنا اربعا اربعا فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا والذی نفسی بیده تضلون. (المدونة الکبریٰ ج۱ ص۱۲۱)

حضرت عطاء بن یسار ؒ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ہم فلاں صاحب کے ساتھ سفر میں تھے انہوں نے ہمیں نماز پڑھانے سے انکار کیا بجز اس

صورت کے وہ چار چار رکعت پڑھائیں گے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے ایسی صورت میں تم گمراہ ہو جاؤ گے۔

(۱۷) عن ابراھیم ان ابن مسعود قال من صلی فی السفر اربعا اعاد الصلوٰة. (معجم طبرانی کبیر ج۹ ص۲۸۹)

حضرت ابراہیم نخعی ؒ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ نے فرمایا جس نے سفر میں چار رکعتیں پڑھیں وہ اپنی نماز لوٹائے۔

مذکورہ احادیث و آثار سے ثابت ہو رہا ہے کہ دورانِ سفر نماز میں قصر کرنا عزیمت ہے نہ کہ رخصت، نیز قصر کرنا واجب اور ضروری ہے نہ کہ افضل۔

رہی وہ روایت جو صاحب شمع محمدی نے نقل کی ہے۔ اس کے کئی جواب ہیں۔

جواب نمبر۱:

اس روایت میں قصر سے مراد وہ نماز ہے جن میں قصر ہوتی ہے مثلاً ظہر، عصر، عشاء کہ آپ ﷺ ان میں سفر کے اندر قصر کرتے تھے یعنی دو دو رکعات پڑھتے تھے۔ اور پوری پڑھنے سے مراد وہ نمازیں ہیں جن میں قصر نہیں ہوتی مثلاً مغرب اور صبح کی نماز تو اب مطلب یہ ہوگا کہ جن نمازوں میں قصر ہوتی تھی آپ قصر کرتے تھے اور جن میں قصر نہیں ہوتی تھی ان کو سفر میں پوری پڑھتے تھے۔

جواب نمبر۲:

یہ روایت ہے بھی ضعیف اس کی سند میں ایک راوی ہیں ابراہیم بن یحییٰ جو ضعیف ہیں۔

جواب نمبر۳:

صاحب سفرِ سعادت علامہ مجدالدین فیروز آبادی اس حدیث کے متعلق فرماتے ہیں

کہ یہ حدیث صحت کی حد کو نہیں پہنچی لہٰذا حالت سفر میں پوری چار رکعتیں پڑھنا ثابت نہیں ہے۔

جواب نمبر۴:

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ ؓ نے کہا کہ سب سے پہلے نماز دو رکعت فرض کی گئی۔ پس سفر کی نماز برقرار رہی اور حضر کی نماز پوری پڑھی گئی۔ امام زہری نے کہا: میں نے عروہ سے پوچھا حضرت عائشہ جو (منیٰ میں) نماز پوری پڑھتی تھیں اس کا کیا سبب تھا؟ انہوں نے کہا حضرت عائشہ ؓ نے وہی تاویل کی تھی جو حضرت عثمان ؓ نے تاویل کی تھی۔ (بخاری کتاب تقصیر الصلوٰة باب یقصر اذا خرج من مواضعه)

اس روایت سے معلوم ہوا کہ حضرت عائشہ ؓ اپنے اجتہاد سے ایسا کرتی تھیں اگر حضرت عائشہ ؓ کے پاس جواز اتمام میں کوئی حدیث مرفوع ہوتی تو حضرت عروہ یہ نہ فرماتے کہ وہ تاویل کرتی تھیں بلکہ اس حدیث کا حوالہ دیتے حضرت عروہ کے قول سے ظاہر ہے کہ حضرت عائشہ کے پاس اس بارے میں کوئی مرفوع حدیث نہ تھی بلکہ ان کا اپنا اجتہاد تھا۔ لہٰذا مذکورہ روایت جو حضرت عائشہ ؓ کی طرف منسوب کی گئی ہے یا تو صحیح نہیں ہے یا اس کا مطلب کچھ اور ہے۔ اسی لیے علامہ ابن تیمیہ نے اس کو تسلیم نہیں کیا۔

(دیکھئے معارف السنن ج۴ ص۴۵۹)

اعتراض نمبر۹۹:

کتنے دن تک ٹھہرنا ہو تو قصر کرے

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن ابن عباس قال سافر النبی صلی الله علیه وسلم فاقام تسعة عشر یوما یصلی رکعتین رکعتین قال ابن عباس فنحن نصلی فیما بیننا وبین مکة تسعة عشر رکعتین فاذا اقمنا اکثر من ذلك صلینا اربعا.

(رواه البخاری مشکوٰة جلد اول ص۱۱۸، کتاب الصلاة باب صلاة السفر)

یعنی رسول اللہ ﷺ کے چچا زاد بھائی حضرت عبداللہ بن عباس ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنے سفر میں ایک جگہ انیس دن تک ٹھہرے رہے اور نماز قصر کرتے رہے یعنی بجائے چار رکعت کے دو رکعت پڑھتے رہے۔ آپ فرماتے ہیں ہم لوگ مکے مدینے کے درمیان انیس دن تک تو نماز قصر کیا کرتے ہیں جب اس سے ٹھہرنے کا ارادہ ہو تو پوری پڑھتے ہیں۔ یہ حدیث بہت صاف ہے کہ جو مسافر کسی جگہ انیس دن یا اس سے کم رہنا چاہتا ہو وہ نماز انیس دن تک قصر کر سکتا ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا وہ کہتا ہے **ولا یزال علی حکم السفر حتی ینوی الاقامة فی بلدة او قریة خمسة عشر یوما او اکثر.**

یعنی پندرہ دن یا اس سے زیادہ کہیں ٹھہرنے کا ارادہ ہو تو پھر وہ مسافر کے حکم میں نہیں۔ اسے پوری نماز پڑھنی چاہیے آپ نے خیال فرمایا حدیث میں انیس دن کا حکم ہے لیکن حنفی مذہب پندرہ دن کا حکم دیتا ہے۔ اب فرمائیے کہ اس مسئلے سے ناواقف رہ کر رسول اللہ ﷺ نے غلطی کر کے انیس دن تک نماز قصر کی یہ مانو گے؟ یا یہ مانو گے کہ حکم انیس دن کا ہی ہے لیکن فقہ کے ان مصنفین نے غلطی کر کے پندرہ کا حکم دیا؟

(شمع محمدی ص۱۱۲، فتح المبین علی رد مذاہب المقلدین ص۱۳۷)

جواب:

اس مسئلہ میں روایات بہت مختلف ہیں ہم پہلی حنفی مسلک کے دلائل نقل کرتے ہیں پھر صاحب شمع محمدی جو روایت نقل کی ہے اس کا جواب عرض کریں گے۔

حنفی مسلک کے دلائل ملاحظہ فرمائیں۔

دلیل نمبر ۱:

عن مجاهد قال كان ابن عمر اذا اجمع على اقامة خمس عشرة سرح ظهره وصلى اربعا.

(مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص۴۵۵، مصنف عبدالرزاق ص۳۵۲، ترمذی ص۱۲۲)

حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب پندرہ دن ٹھہرنے کا پختہ ارادہ فرمالیتے تو گھوڑے سے زین اتار دیتے اور چار رکعت ادا کرتے۔

دلیل نمبر ۲:

عن مجاهد عن ابن عمر انه اذا اراد ان يقيم بمكة خمسة عشر يوم سرح ظهره وصلى اربعا. (كتاب الحجة للامام محمد ج۱ ص۱۷۰)

حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب مکہ مکرمہ میں پندرہ دن ٹھہرنے کا ارادہ فرمالیتے تو گھوڑے سے زین اتار دیتے اور چار رکعت ادا کرتے۔

دلیل نمبر ۳:

عن مجاهد عن عبدالله بن عمر قال اذا كنت مسافرا فوطنت نفسك على اقامة خمسة عشر يوما فاتمم الصلاة وان كنت لا تدرى فاقصر.

(كتاب الآثار للامام ابى حنيفة برواية الامام محمد ص۳۹)

حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا جب تم مسافر ہو اور اپنے لیے کسی جگہ کو پندرہ دن ٹھہرنے کے لیے وطن بنالو تو نماز پوری پڑھو اور اگر تمہیں معلوم نہ ہو (کہ کتنے دن ٹھہرنا ہے) تو قصر کرو۔

دلیل نمبر ۴:

عن مجاهد عن ابن عمر و ابن عباس رضى الله عنهم قال اذا هممت

[اق]امة خمسة عشر يوما فاتم الصلاة. (جامع المسانيد ج۱ ص۴۰۴)

حضرت مجاہد رحمہ اللہ حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا جب تم پندرہ دن اقامت کا ارادہ کرلو تو پھر نماز پوری پڑھو۔

[د]لیل نمبر ۵:

عن سعيد بن المسيب قال اذا قدمت بلدة فاقمت خمسة عشر (يوما) [فاتم] الصلاة. (كتاب الحجة ج۱ ص۱۷۱)

حضرت سعید بن میسب رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب تم کسی شہر میں آؤ اور اس میں پندرہ [د]ن ٹھہرو تو نماز پوری پڑھو۔

[د]لیل نمبر ۶:

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکے میں فتح کے سال پندرہ دن [ر]ہے نماز قصر کرتے رہے۔ (ابو داؤد باب متى يتم المسافر)

مذکورہ آثار سے ثابت ہو رہا ہے کہ مسافر اگر کسی مقام پر پندرہ یا پندرہ دن سے زیادہ ٹھہرنے کی نیت کر لے تو پھر نماز پوری پڑھے گا قصر نہیں کرے گا ورنہ قصر کرے گا۔ جلیل القدر صحابہ کرام حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم کا اسی پر عمل تھا اور وہ [دوس]روں کو یہی فتویٰ دیا کرتے تھے اور ظاہر ہے کہ یہ تعیین کوئی ایسی چیز تو ہے نہیں جس میں [عق]ل ورائے کو دخل ہو اور ان حضرات نے خود ہی یہ تعیین کر لی ہو اس لیے یہی کہا جائے گا کہ [ضرو]ر ان حضرات نے حضور علیہ السلام سے سن کر یا آپ کے عمل کو دیکھ کر ہی یہ تعیین کی ہے لہٰذا ان کے یہ فتاویٰ حدیث مرفوع کے حکم میں ہوں گے۔ اسی طرح جلیل القدر تابعی حضرت [سع]ید بن میسب رحمہ اللہ بھی صحیح روایت کے مطابق اسی پر فتویٰ دیتے تھے۔

رہی وہ روایت جو صاحب شمع محمدی نے نقل کی ہے اس کی کئی جواب ہیں۔

جواب نمبرا:

یہ روایت مضطرب ہے، صاحب شمع محمدی نے انیس دن والی روایت تو نقل کر دی دوسری کا ذکر نہیں کیا۔

اٹھارہ (۱۸) دن والی روایت:

عمران بن حصین سے روایت ہے کہ میں نے جہاد کیا رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اور حاضر ہوا فتح مکہ میں آپ مکے میں ٹھہرے رہے اور اٹھارہ راتوں تک دو ہی رکعتیں پڑھتے (قصر کرتے رہے) اور فرماتے تھے اے مکے والو تم چار پڑھو کیوں کہ ہم مسافر ہیں۔
(ابو داؤد باب متی یتم المسافر)

سترہ (۱۷) دن والی روایت:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سترہ راتوں تک مکے میں رہے نماز کو قصر کرتے تھے ابن عباس نے کہا جو سترہ (۱۷) دن ٹھہرے وہ قصر کیا کرے جو اس سے زیادہ ٹھہرے وہ پوری نماز پڑھے۔ (ابو داؤد باب متی یقم المسافر)

سترہ (۱۷) دن والی ابن عباس کی ایک اور روایت۔

ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ مکے میں سترہ دن تک رہے اور دو رکعتیں پڑھتے رہے۔ (ابو داؤد باب متی یتم المسافر)

دس (۱۰) والی روایت:

انس بن مالک سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلے مدینہ سے مکے کو آپ دو رکعتیں پڑھتے تھے، یہاں تک کہ ہم پھر مدینہ کو لوٹ آئے لوگوں نے پوچھا تم مکے میں کتنے دن ٹھہرے تھے انہوں نے کہا دس دن ٹھہرے تھے۔

(ابو داؤد باب متی یتم المسافر، بخاری، باب ما جاء فی التقصیر و کم یقیم حتی یقصر)

۱۰ دن کی روایت:

امام ترمذی نے (باب ماجاء فی کم تقصر الصلاۃ) حضرت ابن عمر کے حوالہ سے نقل کیا ہے اور مروی ہے ان سے بارہ دن بھی۔

۴ دن کی روایت:

امام ترمذی نے (باب ما جاء فی کم تتصر الصلاۃ) میں نقل کیا ہے۔ سعید بن مسیب سے کہ انہوں نے کہا جب چار دن ٹھہرے تو چار پڑھے۔

ناظرین ان روایات سے معلوم ہوا کہ اس مسئلہ میں روایات میں اختلاف ہے ہم نے پندرہ دن والی روایات کو ترجیح دی ہے۔ کیوں کہ حضرت عبداللہ بن عمر کی روایات میں واضح طور پر نیت اور ارادہ کا ذکر ہے۔

صاحب شمع محمدی کا یہ کہنا کہ حنفی مسلک حدیث کے خلاف ہے ظلم ہے۔ ہمارے نظریہ کے مطابق انیس دن والی روایت میں نیت اور ارادے کا ذکر نہیں ہے اگر کوئی بغیر نیت کے انیس دن سے بھی زیادہ رہے تو وہ قصر ہی کرے گا اور یہ حدیث اس پر ہی محمول ہے۔

اعتراض نمبر ۱۰۰:

حد سفر میں حدیث وفقہ کا اختلاف

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن یحیی بن یزید الهنائی قال سألت انس بن مالك عن قصر الصلاة فقال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا خرج مسيرة ثلاثة اميال او ثلاثة فراسخ شعبة الشاك صلى ركعتين.
(رواہ مسلم جلد اول مع نووی ص۲۴۲ کتاب الصلاۃ المسافرین)

یعنی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نماز کو قصر کرنے کے بارے میں سوال ہوا تو آپ نے فرمایا

کہ رسول اللہ ﷺ جب تین میل یا تین فرسخ (شعبہ راوی کو شک ہے) کے سفر کو نکلتے تو نماز قصر کرتے۔ اس صحیح حدیث کے مطابق اہل حدیث کا مذہب ہے کہ تین فرسخ یعنی نو میل کا سفر جسے کرنا ہو وہ نماز قصر پڑھ سکتا ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی اسے نہیں مانتا وہ لکھتا ہے **السفر الذی یتغیر به الاحکام ان یقصد مسیرة ثلاثة ایام ولیالها**) یعنی سفر کے احکام اس سفر پر مرتب ہوتے ہیں جس میں تین دن تین راتوں کی مسافرت طے کرنے کا قصد ہو۔ حنفی بھائیو! اب فرمایئے آپ حدیث کے مطابق نو میل معتبر مانیں گے؟ یا تین دن رات؟

جواب:

اس مسئلہ میں روایات مختلف ہیں صاحب شمع محمدی نے اپنی دلیل کا ذکر کر دیا اور احناف کے دلائل کا ذکر نہیں کیا۔ ہم پہلے احناف کے دلائل نقل کرتے ہیں بعد میں اس روایت کا جواب عرض کریں گے اس مسئلہ میں اصل دنوں کا اعتبار ہے۔ دنوں کے بارے میں جو زیادہ صحیح اور راجح بات قرآن وسنت سے ثابت ہوتی ہے وہ تین دن اور تین رات ہی ہے۔ اسی کو بنیاد بنا کر میلوں کا تعین کر لیا گیا ہے۔

دلائل احناف ملاحظہ فرمائیں:

(۱) عن شریح بن هانیء قال اتیت عائشة اسألها عن المسح علی الخفین فقالت علیك بابن ابی طالب فاسئله فانه کان یسافر مع رسول الله صلی الله علیه وسلم فسألناه فقال جعل رسول الله صلی الله علیه وسلم ثلاثة ایام ولیالیهن للمسافر ویوما ولیلة للمقیم. (مسلم ج۱ ص۱۳۵)

حضرت شریح بن ہانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہو کر موزوں پر مسح کے بارہ میں پوچھا تو آپ نے فرمایا تم ابن ابی طالب (حضرت علی رضی اللہ عنہ) سے پوچھو کیوں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر کیا کرتے تھے، چنانچہ ہم نے ان سے پوچھا تو انہوں نے فرمایا رسول اللہ ﷺ مسافر کے لیے تین دن اور تین رات اور مقیم کے لیے ایک دن ایک رات مقرر فرماتے تھے۔

(۲) عن عبدالرحمن بن ابی بکرة عن ابیه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم وقت فی المسح علی الخفین ثلاثة ایام ولیالیهن للمسافر وللمقیم یوما ولیلة. (صحیح ابن حبان ج۲ ص۳۱۱)

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرة اپنے والد حضرت ابوبکر سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے موزوں پر مسح کی مدت مسافر کے لیے تین دن تین رات اور مقیم کے لیے ایک دن اور ایک رات مقرر فرمائی ہے۔

(۳) عن ابن عمر ان النبی صلی الله علیه وسلم قال لا تسافر المراة ثلاثة ایام الا مع ذی محرم. (بخاری ج۱ ص۱۴۷)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا نہ سفر کرے عورت تین دن کا محرم کے بغیر۔

(۴) عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یحل لامرأة ان تسافر ثلثا الا و معها ذو محرم منها. (مسلم ج۱ ص۴۳۴)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کسی بھی عورت کے لیے حلال نہیں ہے کہ وہ تین دن کا سفر کرے اپنے محرم کے بغیر۔

(۵) عن ابی سعید الخدری قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یحل لامرأة تؤمن بالله والیوم الآخر ان تسافر سفرا یکون ثلثة ایام

فصاعدا الا ومعها ابوها او ابنها او زوجها او اخوها او ذو محرم منها.

(مسلم ج۱ ص۱۲٤)

حضرت ابوسعید خدری ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حلال نہیں ہے کسی بھی ایسی عورت کے لیے جو اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتی ہے کہ وہ تین دن یا تین دن سے زیادہ مسافت کا سفر کرے گا مگر اس حال میں کہ اس کا باپ یا بیٹا، یا شوہر یا بھائی یا کوئی محرم اس کے ساتھ ہو۔

(٦) عن علی ربیعة الوالبی، الولبة بطن من بنی اسد بن خزیمة قال سألت عبدالله بن عمر الی کم تقصر الصلوٰة؟ فقال اتعرف السویداء قال قلت لا ولکنی قد سمعت بها قال هی ثلاث لیال قواصد فاذا خرجنا الیها قصرنا الصلوٰة.

(کتاب الآثار للامام ابی حنیفة بروایت الامام محمد ص۲۹)

حضرت علی بن ربیعہ والبی ؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر ؓ سے سوال کیا کہ کتنی مسافت پر نماز قصر کرنی چاہیے۔ آپ نے فرمایا سویداء کو جانتے ہو میں نے عرض کیا کہ جانتا تو نہیں لیکن اس کے بارے میں سنا ہے فرمایا وہ تین درمیانی راتوں کی مسافت پر ہے۔ جب ہم وہاں جاتے ہیں تو نماز میں قصر کرتے ہیں۔

(۷) حدثنا ابراهیم بن عبدالاعلی قال سمعت سوید بن غفلة الجعفی یقول اذا سافرت ثلاثا فاقصر. (کتاب الحجة ج۱ ص۱٦۸)

حضرت ابراہیم بن عبدالاعلی فرماتے ہیں کہ میں سوید بن غفلہ جعفی ؒ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب تو تین دن کا سفر کرے تو قصر کر۔

(۸) عن عمر قال تقصر الصلوٰة فی مسیرة ثلث لیال.

(کنز العمال ج۸ ص۲۳٤)

حضرت عمر ؓ فرماتے ہیں کہ تین رات کی مسافت (کے سفر) میں نماز قصر کی جائے۔

(۹) عن سالم بن عبدالله عن ابیه انه رکب الی ریم فقصر الصلوٰة فی مسیره ذالك قال یحیی قال مالك وذالك نحو من اربعة برد.

(مؤطا امام مالك ج۱ ص۱۳۰)

حضرت سالم اپنے والد حضرت عبداللہ بن عمر ؓ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے ریم تک سفر کیا تو اپنے اس سفر کے دوران نماز میں قصر کیا۔ یحییٰ کہتے ہیں کہ حضرت امام مالک ؒ نے فرمایا ہے کہ ریم مدینہ طیبہ سے تقریباً ۴ برید کے برابر فاصلہ ہے۔

(۱۰) عن سالم بن عبدالله ان عبدالله ابن عمر رکب الی ذات النصب قصر الصلاة فی میسرة ذالك قال یحیی قال مالك و بین ذات النصب والمدینة اربعة برد. (مؤطا امام مالك ج۱ ص۱۳۰)

حضرت سالم بن عبداللہ ؒ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر ؓ نے ذات نصب تک سفر کیا تو اپنے اس سفر کے دوران نماز میں قصر کیا۔ یحییٰ کہتے ہیں کہ حضرت امام مالک ؒ نے فرمایا ہے کہ مدینہ طیبہ اور ذات نصب کے درمیان ۴ برید کا فاصلہ ہے۔

(۱۱) عن سالم ان ابن عمر خرج الی ارض له بذات النصب فقصر وهی ستة عشر فرسخا. (مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص٤۲٤)

حضرت سالم ؒ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر ؓ اپنی اس زمین کی طرف سفر کے لیے نکلے جو ذات نصب میں تھی تو آپ نے قصر کیا۔ مدینہ طیبہ سے اس کا فاصلہ سولہ فرسخ ہے۔

(۱۲) عن عطاء بن ابی رباح ان ابن عمر وابن عباس کانا یصلیان رکعتین ویفطران فی اربعة برد فما فوق ذالك. (بیهقی ج۳ ص۱۳۷)

حضرت عطاء بن ابی رباح ؒ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن عباس ؓ دو رکعت پڑھتے تھے (قصر کرتے تھے) اور روزہ افطار کرتے تھے چار یا اس سے زیادہ برید پر۔

(۱۳) وکان ابن عمر وابن عباس یقصران ویفطران فی اربعة برد وهی ستة عشر فرسخا. (بخاری ج۱ ص۱۴۷)

حضرت امام بخاری ؒ نے تعلیقًا ذکر کیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عباس ؓ نماز میں قصر کرتے تھے اور روزہ افطار کرتے تھے ۴ برید پر جو ۱۶ فرسخ کے ہوتے ہیں۔

(۱۴) عن عطاء بن ابی رباح قال قلت لابن عباس اقصر الی عرفة فقال لا قلت اقصر الی مر قال لا قلت اقصر الی الطائف والی عسفان قال نعم وذالك ثمانية واربعون ميلا وعقد بيده.

(مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص۴۴۵، ومسند امام شافعی ج۱ ص۱۸۵)

حضرت عطاء بن ابی رباح فرماتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ بن عباس ؓ سے عرض کیا کہ میں عرفہ کی مسافت میں قصر کرسکتا ہوں فرمایا نہیں میں نے عرض کیا کہ مر کی مسافت میں قصر کرسکتا ہوں فرمایا نہیں میں نے عرض کیا طائف اور عسفان کی مسافت میں قصر کرسکتا ہوں فرمایا ہاں، ان کی مسافت اڑتالیس میل ہے، ہاتھ سے گرہ لگا کر (شمار کر کے) دکھایا۔

(۱۵) عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا اهل مكة لا تقصر والصلوٰة في ادنىٰ من اربعة برد من مكة الى عسفان.

(معجم طبرانی کبیر بحواله مجمع الزوائد ج۲ ص۱۵۷)

حضرت عبداللہ بن عباس ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے اہل مکہ تم

چار برید سے کم کے سفر میں قصر نہ کیا کرو چار برید مکہ مکرمہ سے عسفان تک ہوتے ہیں۔

مذکورہ بالا احادیث وآثار سے ثابت ہو رہا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے مسافر کے لیے موزوں پر مسح کی مدت تین دن وتین رات مقرر فرمائی ہے جیسا کہ حدیث نمبر ۱-۲ سے واضح ہے اور آپ نے عورت کو محرم کے بغیر تین دن کے سفر سے منع فرمایا ہے جیسا کہ حدیث نمبر ۳-۴ سے ظاہر ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سفر میں تین دن ورات کو ضرور دخل ہے اور مسافر کہلانے کا مستحق وہی ہے جو تین دن ورات کی مسافت کے سفر کے ارادہ سے گھر سے چلے۔ چنانچہ حضرت عمر ؓ، آپ کے صاحبزادے حضرت عبداللہ بن عمر ؓ اور جلیل القدر تابعی حضرت سوید بن غفلہ ؒ کے اقوال سے اس کی صراحت بھی ہوگئی اور معلوم ہوا کہ نماز میں قصر کے لیے مسافت سفر تین دن ورات کا سفر ہے جیسا کہ حدیث نمبر ۶-۷-۸ سے ظاہر ہے۔ مگر جس زمانہ میں قافلے پیادہ یا اونٹوں وغیرہ پر چلا کرتے تھے۔ اس زمانہ میں اس مسافت کا اندازہ لگانا آسان تھا موٹر ریل اور ہوائی جہاز کے اس دور میں تین دن کی پیدل مسافت کا اندازہ لگانا بہت مشکل ہے شاید آئندہ اس سے بھی زیادہ تیز رفتاری کا زمانہ آئے۔ لہٰذا احکام شرح میں سہولت کے پیش نظر اب میلوں کی تعیین ضروری ہے چنانچہ محققین علماء احناف نے ۴۸ میل کو مسافت قصر قرار دیا ہے جیسا کہ یہ ائمہ ثلاثہ حضرت امام مالک، حضرت امام احمد اور ایک روایت کے مطابق حضرت امام شافعی ؒ کا بھی مسلک ہے اور مندرجہ بالا احادیث وآثار بھی اس کے موید ہیں۔ آنحضرت ﷺ سے مسافت سفر کی تحدید چار برد = ۱۶ فرسخ = ۴۸ میل ثابت ہو رہی ہے جیسا کہ حدیث نمبر ۱۵ سے ظاہر ہے اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عباس ؓ کے اقوال واعمال سے بھی مسافت سفر کی تحدید چار برد = ۱۶ فرسخ = ۴۸ میل ہی ثابت ہو رہی ہے جیسا کہ حدیث نمبر ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴ سے واضح ہے، حضرت امام مالک، حضرت ابوبکر بن ابی شیبہ، حضرت امام بخاری، حضرت امام بیہقی ؒ سب یہی نقل کر رہے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ

بن عباس رضی اللہ عنہ کا عمل اور فتویٰ اسی پر تھا کہ مسافت قصر اڑتالیس میل ہے۔

رہی وہ روایت جو صاحب شمع محمدی نے نقل کی ہے اس کے کئی جواب ہیں۔

جواب نمبر۱:

اس روایت کا مطلب یہ نہیں کہ صرف تین میل کے سفر میں قصر فرما لیتے تھے بلکہ مطلب یہ ہے کہ سفر تو تین میل سے زیادہ کا ہوتا تھا لیکن تین میل یا تین فرسخ ہی کے فاصلہ پر قصر پڑھنا شروع کر دیتے تھے۔

جواب نمبر۲:

اس روایت میں تین میل کا ذکر بھی ہے اور تین فرسخ کا بھی راوی کو شک ہے۔ علی التعیین تین فرسخ یا تین میل کیسے ثابت ہو سکتے ہیں جس سے مولانا جوناگڑھی نو میل کے نظریہ کا تعین کر لیا ہے۔

اعتراض نمبر۱۰۱:

سینے پر ہاتھ باندھنا

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن وائل بن حجر قال صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فوضع يده اليمنى على اليسرى على صدره.

(صحیح ابن خزیمة وبلوغ المرام)

یعنی رسول اللہ ﷺ نماز میں اپنا داہنا ہاتھ اپنے بائیں ہاتھ پر اپنے سینے پر باندھتے تھے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس کا منکر ہے چنانچہ ہدایہ جلد اول کتاب الصلوٰۃ باب صفۃ الصلوٰۃ ص۸۲ میں ہے۔ **ويعتمد بيده اليمنى على اليسرى تحت السرة** یعنی دائیں ہاتھ سے بایاں ہاتھ تھام لے ناف کے نیچے۔ اب دیکھیں موجودہ حنفی اس حدیث کو مانتے ہیں؟ یا اپنی فقہ کو؟ (شمع محمدی ص۱۱۶، ظفر المبین حصہ دوم ۴۹)

جواب:

صاحب شمع محمدی نے اپنی دلیل نقل کی ہے۔ احناف کے دلائل کا ذکر نہیں کیا ہم پہلے احناف کے دلائل ذکر کرتے ہیں بعد میں اس روایت کا جواب عرض کریں گے۔

احناف کے دلائل:

(۱) **اخبرنا حجاج بن حسان قال سمعت ابا مجلز او سألته قال قلت كيف يضع قال يضع باطن كف يمينه على ظاهر كف شماله ويجعلهما اسفل من السرة. (مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۹۱)**

حجاج بن حسان فرماتے ہیں کہ میں ابومجلز سے سنا یا ان سے پوچھا کہ نماز میں ہاتھ کیوں کر باندھے جائیں؟ انہوں نے فرمایا کہ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کے اندر کے حصہ کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کے اوپر کے حصہ پر رکھے اور دونوں ہاتھ ناف کے نیچے باندھے۔

(۲) **عن ابراهيم قال يضع يمينه على شماله في الصلوٰة تحت السرة. (مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۹۱)**

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ نمازی نماز میں دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے رکھے۔

(۳) **عن ابراهيم النخعي انه كان يضع يده اليمنٰى على يده اليسرٰى تحت السرة.**

(کتاب الآثار للامام ابی حنیفة بروایت الامام محمد ص۲۸)

حضرت امام نخعی سے مروی ہے کہ وہ اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے رکھتے تھے۔

(٤) عن علقمة بن وائل بن حجر عن ابيه قال رأيت النبی صلی الله عليه وسلم يضع يمينه علی شماله فی الصلوٰة تحت السری.

(مصنف ابن ابی شيبة ج١ ص٣٩٠)

حضرت علقمہ بن وائل اپنے والد وائل بن حجر سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا میں نے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیکھا کہ آپ نماز میں اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے رکھتے تھے۔

(٥) عن ابی جحيفة ان عليا قال السنة وضع الكف علی الكف فی الصلوٰة تحت السرة.

(ابوداؤد نسخة ابن الاعرابی، بيهقی ج٢ ص٣١، مسند احمد ج١ ص١١٠، مصنف ابن ابی شيبة ١ ص٣٩١، دار قطنی ج١ ص٢٨٦)

حضرت ابوجحیفہ سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا نماز میں ہتھیلی پر ہتھیلی ناف کے نیچے رکھنا مسنون ہے۔

(٦) عن ابی وائل قال قال ابو هريرة رضی الله عنه اخذ الاكف علی الاكف فی الصلوٰة تحت السرة.

(ابوداؤد نسخة ابن الاعرابی ومحلی ابن حزم ج٣ ص٣٠)

حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نماز میں ہتھیلیوں کو ہتھیلیوں پر ناف کے نیچے رکھا جائے۔

(٧) عن علی قال ثلٰثة من اخلاق الانبياء تعجيل الافطار وتاخير السحور ووضع الاكف تحت السرة فی الصلاة.

(منتخب كنز العمال برمسند احمد ج٦ ص٣٥٠)

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تین چیزیں انبیاء علیہم السلام کے اخلاق میں سے ہیں
(١) افطار جلدی کرنا (٢) سحری دیر سے کھانا (٣) ہتھیلی کو ہتھیلی پر ناف کے نیچے رکھنا

(٨) عن انس قال ثلث من اخلاق النبوة تعجيل الافطار وتاخير السحور ووضع اليد اليمنٰی علی اليسری فی الصلوٰة تحت السرة.

(محلی ابن حزم ج٣ ص٣٠)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تین چیزیں نبوت کے اخلاق میں سے ہیں۔
(١) افطار جلدی کرنا (٢) سحری دیر سے کھانا (٣) اور دورانِ نماز دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے رکھنا۔

قال ابن قدامة الحنبلی

"وروی ذالك عن علی وابی هريرة وابی مجلز والنخعی والثوری واسحاق لما روی عن علی انه قال من السنة وضع اليمين علی الشمال تحت السرة رواه الامام احمد وابوداؤد وهذا ينصرف الی سنة النبی صلی الله عليه وسلم." (المغنی ج١ ص٤٧٢)

ابن قدامہ حنبلی فرماتے ہیں۔

ناف کے نیچے ہاتھ باندھنے کی روایت حضرت علی، حضرت ابوہریرہ، حضرت ابومجلز، ابراہیم نخعی، سفیان ثوری اور اسحٰق بن راہویہ سے مروی ہے کیوں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سنت میں سے ہے دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھنا ناف کے نیچے، روایت کیا اس حدیث کو امام احمد بن حنبل اور ابوداؤد نے اور سنت سے مراد نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سنت ہے۔

رہی وہ روایت جو صاحب شمع محمدی نے نقل کی ہے اس کے کئی جواب ہیں۔

جواب نمبر١:

یہ روایت نہ بخاری کی اور نہ مسلم کی اور نہ ہی صحاح ستہ کی کسی کتاب کی، صاحب شمع

محمدی نے حافظ ابن حجر عسقلانی مقلد امام شافعی کی کتاب بلوغ المرام سے نقل کی ہے یہ کتاب بے سند ہے اور حافظ صاحب آٹھویں صدی کے شافعی محدث ہیں ان کی تقلید کرتے ہوئے صاحب شمع محمدی نے نقل کی ہے۔ صاحب شمع محمدی نے خود صحیح ابن خزیمہ دیکھی بھی نہیں کیوں کہ اس زمانہ میں صحیح ابن خزیمہ مطبوعہ نہیں تھی۔ اب صحیح ابن خزیمہ چھپ چکی ہے۔ ہر آدمی اس کی سند دیکھ سکتا ہے۔ اس کی سند میں ایک راوی ہے۔ مومل ابن اسماعیل ہے جس پر محدثین نے بہت سخت جرح کی ہے۔

صحیح ابن خزیمہ کی پہلی چار جلدوں کا ترجمہ خود غیر مقلدین نے شائع کیا ہے۔

اس حدیث کے حاشیہ میں مترجم لکھتے ہیں۔

(۴۷۹) اس کی اسناد ضعیف ہے کیوں کہ مؤمل وہ ابن اسماعیل ہیں جو کہ برے حافظہ والے ہیں۔ (صحیح ابن خزیمة مترجم جلد اول ص٤٥٤)

اس مسئلہ پر کافی کتابیں اور رسالے شائع ہو چکے ہیں تفصیل ان میں دیکھ لی جائے خاص کر علامہ ظہیر احسن شوق نیموی حنفی صاحب آثار السنن کا رسالہ جو اس بحث میں کافی عمدہ ہے۔

اعتراض نمبر۱۰۲:

بلند آمین کہنا

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن وائل بن حجر قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم قرأ غیر المغضوب علیه ولا الضالین فقال امین مدها صوته.

(مشکوٰة نظامی ص٦٣)

یعنی رسول اللہ ﷺ نے غیر المغضوب علیهم ولا الضالین پڑھ کر باآواز بلند

آمین کہی۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن افسوس کہ حنفی اس حدیث کو نہیں مانتے، ہدایہ ص۸۷ میں لکھا ہے ویخفونها یعنی آمین کو پست آواز سے مخفی پوشیدہ کہے۔ دیکھیں اب ہمارے حنفی بھائی مذہب پر رہتے ہیں یا حدیث پر آتے ہیں۔ (شمع محمدی ص۱۱۸)

جواب:

جوناگڑھی نے اپنی مطلب کی حدیث ذکر کردی اور حنفی مسلک کے دلائل کا ذکر نہیں کیا۔ ہم یہاں پر پہلے حنفی مسلک کے دلائل نقل کریں گے۔ بعد میں اس حدیث کا جواب عرض کریں گے۔

حنفی مسلک کے دلائل:

قال الله تعالٰی: قَدْ اُجِیْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا. (الآیة:١:٨٩)

قبول ہو چکی دعا تمہاری۔

اخرج ابو الشیخ عن ابی هریرة رضی الله عنه قال کان موسٰی علیه السلام اذا دعا امن هارون علی دعائه یقول امین.

ابو الشیخ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام جب دعا کرتے تو ہارون علیہ السلام آمین کہتے۔

اخرج ابن جریر عن ابن زید رضی الله عنه قال کان هارون علیه السلام یقول آمین فقال الله قد اجیبت دعوتکما فصار التامین دعوة صار شریکه فیها. (الدر المنثور فی التفسیر بالماثور ج٣ ص٣١٥)

ابن جریر نے ابن زید سے روایت کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہارون علیہ السلام (چونکہ موسیٰ علیہ السلام کی دعا پر) آمین کہتے تھے اس لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: قد اجیبت دعوتکما قبول ہو چکی دعا تمہاری لہٰذا آمین کہنا بھی دعا ہوا جس میں ہارون علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ شریک ہوئے۔

عن انس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعطیت آمین فی الصلاة وعند الدعاء لم یعط احد قبلی الا ان یکون موسی کان موسی یدعو وهارون یومن فاختموا الدعاء بآمین فان الله یستجیبه لکم.

(تفسیر القرآن العظیم للامام ابن الکثیر ج۱ ص۳۱)

حضرت انس فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے آمین عطا کی گئی ہے۔ نماز میں بھی اور دعا کے وقت بھی یہ مجھ سے پہلے کسی کو نہیں ملی سوائے موسیٰ علیہ السلام کے کہ وہ دعا مانگتے تھے اور ہارون علیہ السلام آمین کہتے تھے لہٰذا تم لوگ دعا کو آمین کے ساتھ ختم کیا کرو۔ اللہ تعالیٰ تمہاری دعا کو قبول فرمائیں گے۔

قال عطاء آمین دعاء (بخاری ج۱ ص۱۰۷)

حضرت عطاء بن ابی رباح فرماتے ہیں کہ آمین دعا ہے۔

وقال الله تعالیٰ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً.

تم لوگ اپنے پروردگار سے دعا کیا کرو عاجزی ظاہر کر کے اور چپکے چپکے۔

وقال تعالیٰ: اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا. (۱۹:۳)

جب کہ انہوں نے اپنے رب کو پوشیدہ طور پر پکارا۔

روی القرطبی عن مجاهد وجعفر الصادق وهلال بن یساف ان آمین اسم من اسماء الله تعالیٰ. (تفسیر القرآن العظیم ج۱ ص۳۱)

امام قرطبی نے حضرت مجاہد، امام جعفر صادق اور ہلال بن یساف رحمہم اللہ سے روایت کیا

کہ آمین اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔

قال الله تعالیٰ: وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ. (۷: ۲۰۵)

اور یاد کرتا رہ اپنے رب کو اپنے دل میں گڑگڑاتا ہوا اور ڈرتا ہوا اور ایسی آواز سے جو پکار کر بولنے سے کم ہو۔

۱. عن ابی هریرة قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یعلمنا یقول لا تبادروا الامام اذا کبر فکبروا اذا قال ولا الضالین فقولوا آمین واذا رکع فارکعوا واذا قال سمع الله لمن حمده فقولوا اللهم ربنا لك الحمد.

(مسلم ج۱ ص۱۷۷)

حضرت ابو ہریرہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمیں تعلیم دیتے ہوئے فرماتے تھے کہ امام پر سبقت نہ کرو جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو، جب وہ رکوع کرے تو تم بھی رکوع، جب وہ سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم اللہم ربنا لک الحمد کہو۔

۲. عن ابی موسی الاشعری (فی حدیث طویل) ان رسول الله صلی الله علیه وسلم خطبنا فبین لنا سنتنا وعلمنا صلوتنا فقال اذا صلیتم فاقیموا صفوفکم ثم لیؤمکم احدکم فاذا کبر فکبروا واذا قال غیر المغضوب علیهم ولا الضالین فقولوا آمین یجبکم الله الحدیث.

(مسلم ج۱ ص۱۷٤)

حضرت ابوموسیٰ اشعری ایک طویل حدیث میں روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں خطبہ دیا اس میں آپ نے سنتیں بیان فرمائیں اور نماز (باجماعت) کا طریقہ سکھلایا آپ نے فرمایا جب تم نماز پڑھنے لگو تو پہلے صفیں قائم کرو، پھر تم میں سے ایک تمہاری

امامت کرائے جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو۔ اللہ تعالیٰ تمہاری دعا قبول فرمائیں گے۔

۳ عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا قال القاری غیر المغضوب علیہم و لا الضالین فقال من خلفہ آمین فوافق قولہ قول اہل السماء غفر لہ ما تقدم من ذنبہ. (مسلم ج۱ ص۱۷۶)

حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب قرأت کرنے والے (امام) نے غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہا۔ اور اس کے مقتدی نے آمین کہا پس مقتدی کا آمین کہا آسمان والوں (فرشتوں) کی آمین کہنے کے موافق ہو جائے تو اس کے پچھلے سارے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

٤ عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قال الامام غیر المغضوب علیہم و لا الضالین فقولوا آمین فان الملائکۃ تقول آمین وان الامام یقول آمین فمن وافق تامینہ تامین الملائکۃ غفر لہ ما تقدم من ذنبہ.

(مسند احمد ج۲ ص۲۳۳، نسائی ج۱ ص۱۰۷، دارمی ج۱ ص۲۸۸، صحیح ابن خزیمۃ ج۱ ص۲۸۹)

حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب امام غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو کیوں کہ فرشتے بھی آمین کہتے ہیں اور امام بھی آمین کہتا ہے پس جس کی آمین فرشتوں کی آمین کے موافق ہوگی اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

۵ عن الحسن ان سمرۃ بن جندب وعمران بن حصین تذاکر فحدث سمرۃ بن جندب انہ حفظ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سکتتین سکتۃ اذا کبر وسکتۃ اذا فرغ من غیر المغضوب علیہم و لا

الضالین فحفظ سمرۃ وانکر علیہ عمران بن حصین فکتبا فی ذالک الی ابی بن کعب فکان فی کتابہ الیہما او فی ردہ علیہما ان سمرۃ قد حفظ.

(ابوداؤد ج۱ ص۱۱٤، ترمذی ج۱ ص۵۹)

حضرت حسن سے مروی ہے کہ حضرت سمرہ بن جندب اور حضرت عمران بن حصین کا آپس میں مذاکرہ ہوا۔ حضرت سمرہ نے بیان کیا کہ انہوں نے آنحضرت ﷺ کا (نماز میں) دو مرتبہ خاموش ہونا یاد رکھا ہے۔ ایک جب کہ آپ تکبیر تحریمہ کہہ چکتے دوسرے جب آپ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پڑھ کر فارغ ہوتے۔ حضرت عمران بن حصین نے اس کا انکار کیا۔ پھر ایسا ہوا کہ ان دونوں حضرات نے یہ مسئلہ پوچھنے کے لیے حضرت ابی بن کعب کو لکھا۔ حضرت ابی بن کعب نے اپنے جوابی خط میں لکھا کہ سمرہ نے صحیح یاد رکھا ہے۔

٦ عن وائل بن حجر قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما قرأ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین قال آمین واخفی بہا صوتہ الحدیث. (مسند احمد ج٤ ص۳۱٦)

حضرت وائل بن حجر فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں نماز پڑھائی جب آپ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پڑھ چکے تو آمین کہا اور آمین کہتے ہوئے آپ نے اپنی آواز آہستہ کردی۔

۷ عن وائل بن حجر قال صلیت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فسمعتہ حین قال غیر المغضوب علیہم ولا الضالین قال آمین واخفی بہا صوتہ الحدیث. (دار قطنی ج۱ ص۳۳٤)

حضرت وائل بن حجر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی، میں نے سنا کہ جب آپ نے غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہا تو آپ نے آمین کہا اور آمین کہتے ہوئے آپ نے اپنی آواز آہستہ کردی۔

۸ علقمة بن وائل يحدث عن وائل (وقد سمعت من وائل) انه صلى مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما قرأ غير المغضوب عليهم ولا الضالين قال آمين خفض بها صوته الحديث.

(منحة المعبود فی ترتیب مسند الطیالسی ابی داؤد ص۹۲)

حضرت علقمہ بن وائل اپنے والد حضرت وائل سے حدیث بیان کرتے ہیں (حضرت علقمہ کے شاگرد کہتے ہیں کہ میں نے خود حضرت وائل کی زبانی بھی سنا ہے) کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی۔ جب آپ نے غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پڑھا تو آپ نے آمین کہا اور آمین کہتے ہوئے آپ نے اپنی آواز پست کردی۔

۹ عن علقمة بن وائل عن ابيه انه صلى مع النبى صلى الله عليه وسلم حين قال غير المغضوب عليهم ولا الضالين قال آمين يخفض بها صوته. (مستدرك حاكم ج۲ ص۲۳۲)

حضرت علقمہ بن وائل اپنے والد حضرت وائل سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی علیہ السلام کے ساتھ نماز پڑھی جب آپ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہہ چکے تو آمین کہا اور آمین کہتے ہوئے آپ نے اپنی آواز پست رکھی۔

۱۰ علقمة بن وائل يحدث عن وائل وقد سمعته من وائل انه صلى مع رسول الله صلى الله عليه فلما قرأ غير المغضوب عليهم ولا الضالين قال آمين خفض بها صوته. (بيهقى ج۲ ص۵۷)

حضرت علقمہ بن وائل حضرت وائل سے حدیث نقل کرتے ہیں (حضرت علقمہ کے شاگرد کہتے ہیں کہ میں نے خود حضرت وائل کی زبانی بھی سنا ہے) کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی۔ جب آپ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پڑھا تو آپ نے آمین کہا اور آمین کہتے ہوئے اپنی آواز پست کردی۔

۱۱ عن علقمة بن وائل عن ابيه ان النبى صلى الله عليه وسلم قرأ غير المغضوب عليهم ولا الضالين فقال آمين وخفض بها صوته.

(ترمذی ج۱ ص۵۸)

حضرت علقمہ بن وائل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی علیہ السلام نے (نماز میں) غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پڑھا تو آپ نے آمین کہا اور آمین کہتے ہوئے اپنی آواز پست کردی۔

حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما آہستہ آواز سے آمین کہتے تھے:

۱ عن ابراهيم قال قال عمر اربع يخفين عن الامام التعوذ وبسم الله الرحمن الرحيم وآمين واللهم ربنا لك الحمد.

(كنز العمال ج۸ ص۲۷٤)

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ امام چار چیزوں کو آہستہ کہے۔ (۱) اعوذ بالله (۲) بسم الله (۳) آمين (٤) اللهم ربنا لك الحمد.

۲ روى ابو معمر عن عمر بن الخطاب انه قال يخفى الامام اربعا التعوذ بسم الله الرحمن الرحيم وآمين وربنا لك الحمد.

(البنايه فى شرح الهدايه ج۱ ص٦۲۰)

حضرت ابو معمر (حضرت ابراہیم نخعی کے استاذ) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا امام چار چیزوں کو آہستہ کہے۔ (۱) اعوذ بالله (۲) بسم الله (۳) آمين (٤) ربنا لك الحمد.

۳ وروينا عن عبدالرحمن بن ابى ليلى ان عمر بن الخطاب قال يخفى الامام اربعا التعوذ و بسم الله الرحمن الرحيم وآمين وربنا لك الحمد. (محلى ابن حزم ج۲ ص۲۰٦)

(ابن حزم کہتے ہیں کہ) ہم نے روایت کیا ہے عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ امام چار چیزوں کو آہستہ کہے۔(۱) اعوذ باللہ (۲)بسم اللہ (۳) آمین (٤) ربنا لك الحمد.

٤ عن ابی وائل قال کان عمرو علی لا یجهران بسم الله الرحمن الرحیم ولا بالتعوذ ولا بالتامین.

(شرح معانی الآثار للطحاوی ج۱ ص ۱۱۰)

ابووائل کہتے ہیں کہ حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما نہ تو بسم اللہ اور اعوذ باللہ اونچی آواز سے پڑھتے تھے اور نہ ہی آمین اونچی آواز سے کہتے تھے۔

٥ عن ابی وائل قال لم یکن عمرو علی یجهران بسم الله الرحمن الرحیم ولا بآمین. (الجوهر النقی ج۱ ص٤٨)

حضرت ابووائل کہتے ہیں کہ حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما نہ تو بسم اللہ اونچی آواز سے پڑھتے تھے اور نہ ہی آمین اونچی آواز سے سنتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بھی آہستہ آواز سے آمین کہتے تھے:

٦ عن ابی وائل قال کان علی وابن مسعود لا یجهران بسم الله الرحمن الرحیم ولا بالتعوذ ولا بآمین. (معجم طبرانی ج۹ ص۲٦٣)

حضرت ابووائل کہتے ہیں کہ حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما نہ تو اعوذ باللہ، بسم اللہ اونچی آواز سے پڑھتے تھے۔اور نہ آمین اونچی آواز سے کہتے تھے

٧ عن علقمة والاسود کلیهما عن ابن مسعود قال یخفی الامام ثلاثا التعوذ وبسم الله الرحمن الرحیم وآمین.

(محلّٰی بن حزم ج۲ ص۲۰٦)

حضرت علقمہ اور اسود دونوں حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت کرتے ہیں کہ آپ

نے فرمایا امام تین چیزوں کو آہستہ آواز سے کہے۔(۱) اعوذ باللہ (۲) بسم اللہ (۳) آمین۔

حضرت ابراہیم نخعی خود بھی آہستہ آواز سے آمین کہتے تھے اور فتویٰ بھی آمین کے آہستہ آواز سے کہنے کا دیتے تھے:

٨ عن ابراهیم قال خمس یخفین سبحانك اللهم وبحمدك والتعوذ وبسم الله الرحمن الرحیم وآمین واللهم ربنا لك الحمد.

(مصنف عبدالرزاق ج۲ ص٨٧، مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص٥٣٦)

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ پانچ چیزیں آہستہ کہی جاتی ہیں(۱) سبحانك اللهم وبحمدك (۲) اعوذ بالله (۳) بسم الله (٤) آمین (٥) ربنا لك الحمد.

٩ عن ابراهیم قال اربع یخفیهن الامام بسم الله الرحمن الرحیم الاستعاذة وآمین واذا قال سمع الله لمن حمده قال ربنا لك الحمد.

(مصنف عبدالرزاق ج۲ ص٨٧، مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص٥٣٦)

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ امام چار چیزوں کو آہستہ آواز سے کہے۔(۱) بسم الله (۲) اعوذ بالله (۳) آمین (٤) سمع الله لمن حمده کے بعد ربنا لك الحمد.

١٠ عن ابراهیم انه کان یسر آمین.

(مصنف عبدالرزاق ج۲ ص٩٦)

حضرت ابراہیم نخعی سے مروی ہے کہ وہ آمین سراً کہتے تھے۔

حضرت امام شعبی اور حضرت ابراہیم تیمی بھی آہستہ آواز سے آمین کہتے تھے:

١١ قال الطبری وروی ذالك عن ابن مسعود وروی عن النخعی والشعبی وابراهیم التیمی کانوا یخفون بآمین. (الجوهر النقی ج۲ ص٥٨)

امام ابن جریر طبری فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود سے بھی یہی مروی ہے اور

روایت کیا گیا ہے کہ امام نخعی، امام شعبی اور ابراہیم تیمی بھی آمین آہستہ آواز سے ہی کہتے تھے۔

حضرت سفیان ثوری کا مسلک بھی آمین آہستہ آواز سے کہنے کا ہے:

۱۲ وقال سفیان الثوری وابو حنیفة یقولها الامام سرًا ذهبوا الی تقلید عمر بن الخطاب وابن مسعود رضی الله عنهما.

(محلی ابن حزم ج۳ ص۲۰٦)

حضرت سفیان ثوری اور حضرت امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ امام آمین سراً کہے اس میں انہوں نے حضرت عمر اور حضرت عبداللہ بن مسعود کی تقلید کی ہے۔

حضرت امام ابوحنیفہ کا مسلک یہ ہے کہ امام اور مقتدی دونوں آہستہ آواز سے آمین کہیں:

اخبرنا ابو حنیفة عن حماد عن ابراهیم قال اربع یخافت بهن الامام سبحانك اللهم وبحمدك والتعوذ من الشیطن الرجیم وبسم الله الرحمن الرحیم وآمین قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة.

(کتاب الآثار للامام ابی حنیفة بروایت الامام محمد ص۲۲)

(امام محمد فرماتے ہیں) ہمیں خبر دی حضرت امام ابوحنیفہ نے بروایت حماد حضرت امام نخعی سے انہوں نے فرمایا کہ امام چار چیزوں کو آہستہ آواز سے کہے۔(۱) سبحانك اللهم وبحمدك (۲) اعوذ بالله (۳) بسم الله (٤) آمین. امام محمد فرماتے ہیں اسی کو ہم لیتے ہیں اور یہی قول ہے حضرت امام ابوحنیفہ کا۔

قال النووی وقال ابو حنیفة والثوری یسرون بالتامین وکذا قاله مالك فی الماموم الخ (المجموع شرح المهذب ج۳ ص۳۷۳)

امام نووی فرماتے ہیں کہ حضرت امام ابوحنیفہ اور حضرت سفیان ثوری کا قول ہے کہ مقتدی آمین سراً کہیں مقتدی کے بارے میں حضرت امام مالک کا بھی یہی قول ہے۔

امام فخر الدین محمد بن عمر رازی شافعی م٦٠٦ کی تحقیق:

قال ابو حنیفة رحمه الله اخفاء التامین افضل وقال الشافعی رحمه الله اعلانه افضل واحتج ابو حنیفة علی صحة قوله قال فی قوله آمین وجهان احدهما انه دعاء والثانی انه من اسماء الله فان کان دعاء وجب اخفاؤه لقوله تعالی (ادعوا ربکم تضرعا وخفیة) وان کان اسما من اسماء الله تعالی وجب اخفاؤه لقوله تعالی (واذکر ربك فی نفسك تضرعا وخیفة) فان لم یثبت الوجوب فلا اقل من الندبیته ونحن بهذا القول نقول.

(تفسیر الکبیر للامام الفخر الرازی ج١٤ ص١٣١)

امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ آمین آہستہ آواز سے کہنا افضل ہے اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ اونچی آواز سے کہنا افضل ہے، امام ابوحنیفہ نے اپنے قول کی صحت پر استدلال کرتے ہوئے فرمایا کہ آمین کی دو حیثیتیں ہیں: ایک تو یہ کہ آمین دعا ہے، دوسری یہ کہ آمین اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے، اگر آمین دعا ہے تو پھر اس کا اخفا واجب ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔**(ادعوا ربکم تضرعا وخفیة)**

تم لوگ اپنے پروردگار سے دعا کیا کرو، تذلل ظاہر کر کے اور چپکے چپکے، اور اگر آمین اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے تو بھی اس کا اخفاء واجب ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے**(واذکر رب فی نفسك تضرعا وخیفة)**

اور یاد کرتا رہ اپنے رب کو اپنے دل میں گڑگڑاتا ہوا اور ڈرتا ہوا اگر اخفاء کا وجوب ثابت نہ بھی ہو تو کم از کم مندوب ومستحب ہونا تو ثابت ہوتا ہی ہے اور ہم بھی یہی قول کرتے ہیں (کہ آمین آہستہ ہی کہنی چاہیے)

رہی وہ روایت جو صاحب شمع محمدی نے نقل کی ہے۔اس کے کئی جواب ہیں۔

جواب نمبرا:

اگر یہ روایت تسلیم بھی کر لی جائے تو ہمارا ہاں اس کا مفہوم یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے بعض اوقات امت کو تعلیم دینے کے لیے بلند آواز سے آمین کہی ہوگی لیکن اس حدیث پر عام حالات میں عمل نہیں کیا گیا۔

ہماری اس بات کی تائید حضرت وائل بن حجر کی ایک ضعیف روایت سے ہوتی ہے۔ جس میں وہ فرماتے ہیں کہ

حضور اکرم ﷺ نے ولا الضالین پڑھنے کے بعد بلند آواز سے آمین کہی اور اس کا مقصد محض ہمیں تعلیم دینا تھا۔(کتاب الاسماء والکنی، حافظ ابو بشر الدولابی)

نیز اس کی تائید حضرت وائل کی اس روایت سے بھی ہوئی جس میں وہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے آہستہ آواز سے آمین کہی (یہ روایت احناف کے دلائل میں پہلے گزر چکی ہے) جس کا مطلب یہی ہے کہ حضور ﷺ نے مواظبت کے ساتھ آمین بالجہر پر عمل نہیں کیا۔

باقی صاحب شمع محمدی کا احناف کے اس مسئلہ کو حدیث کے خلاف کہنا تو کسی طرح بھی درست نہیں ہے۔

اعتراض نمبر۱۰۳:

سورہ فاتحہ پڑھنا

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوۃ شریف نظامی ص۶۳ میں ہے کہ نبی ﷺ نے ایک مرتبہ صبح کی نماز پڑھائی، فارغ ہو کر مقتدیوں سے دریافت فرمایا کیا تم اپنے امام کے پیچھے پڑھا کرتے ہو؟ مقتدیوں

ے عرض کیا کہ ہاں حضور ﷺ پڑھا کرتے ہیں آپ نے فرمایالا تفعلوا الا بفاتحة الکتاب فانه لا صلوة لمن لم یقرأ بها.

یعنی سوائے الحمد شریف کے اور کچھ نہ پڑھو۔کیوں کہ بغیر الحمد شریف کے نماز نہیں ہوتی۔ یہ حدیث بالکل صاف ہے مقتدیوں کو اللہ کے رسول ﷺ فرماتے ہیں کہ جب تم میرے پیچھے نماز پڑھو اور میں بلند آواز سے قرأت پڑھوں، پھر بھی تم الحمد کا پڑھنا نہ چھوڑو اگر الحمد نہ پڑھو گے تو تمہاری نماز نہیں ہوگی۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن افسوس کہ حنفیہ اس حدیث کو نہیں مانتے ان کی کتاب ہدایہ ص۱۰۰ میں لکھا ہے ولا یقرأ المؤتم خلف الامام یعنی مقتدی امام کے پیچھے نہ پڑھے۔دیکھیں اب ہمارے حنفی بھائی حدیث کو مانتے ہیں؟ یا فقہ ہی پر جمے رہتے ہیں؟ نمازیں چھوڑنی اور مذہب رکھنا کسے پسند ہوگا؟(شمع محمدی ص۱۱۸، ظفر المبین حصہ دوم ص۱۳۷)

جواب:

افسوس کہ صاحب شمع محمدی نے حنفیہ کے دلائل کا ذکر ہی نہیں کیا ہم پہلے حنفیہ کے دلائل قرآن وسنت صحابہ کرام، تابعین عظام ائمہ مجتہدین اور سلف صالحین سے نقل کرتے ہیں پھر صاحب شمع محمدی نے جو حدیث نقل کی ہے اس کا جواب بھی عرض کریں گے۔

حنفیہ کے دلائل

قرآن سے دلیل:

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (اعراف:۲۰۴)

اور جب قرآن پڑھا جائے تو اس کی طرف کان لگائے رہو اور چپ رہو تا کہ تم پر رحم

ہو۔

اس آیت کی تفسیر مفسرین سے ملاحظہ فرمائیں۔

۱...... عن یسیر بن جابر قال صلی ابن مسعود رضی الله عنه فسمع ناسا یقرؤن مع الامام فلما انصرف قال اما آن لکم ان تفقهوا اما آن لکم ان تعقلوا واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا کما امرکم الله.

(تفسیر طبری ج۹ ص۱۱۰)

حضرت یسیر بن جابر ؒ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ نے نماز پڑھی اور چند آدمیوں کو امام کے ساتھ قرأت کرتے سنا۔ جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا کیا وہ وقت ابھی نہیں آیا کہ تم سمجھ اور عقل سے کام لو جب قرآن کریم کی قرأۃ ہوتی ہو تو تم اس کی طرف توجہ کرو اور خاموش رہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم دیا ہے۔

۲...... عن ابن عباس فی قوله تعالیٰ واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا یعنی فی الصلوٰة المفروضة. (کتاب القرأة البیهقی ص۸۸)

حضرت ابن عباس سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد (واذا قرئ القرآن الایة) کے متعلق مروی ہے کہ یہ فرض نماز کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

۳...... عن ابن عمر قال کانت بنو اسرائیل اذا قرأت ائمتهم جاوبوهم فکره الله ذالك لهذه الامة قال واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا.

(الدر المنثور فی التفسیر بالماثور ج۳ ص۱۵۶)

حضرت عبداللہ بن عمر ؓ فرماتے ہیں کہ بنی اسرائیل کے امام جب قرأت کرتے تھے تو بنی اسرائیل ان کی مجاوبت کرتے تھے اللہ تعالیٰ نے یہ کام اس امت کے لیے ناپسند فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ جب قرآن پڑھا جائے تو اس کی طرف کان لگائے رہو اور چپ رہو۔

۴...... عن عبدالله بن المغفل فی هذه الآیة واذا قرئ القرآن فاستمعوا

له وانصتوا قال فی الصلوٰة. (کتاب القرأة للبیهقی ص۸۷)

حضرت عبداللہ بن مغفل ؓ آیت کریمہ (واذا قرئ القرآن) کے متعلق فرماتے ہیں کہ یہ نماز کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

قال ابن تیمیة الحرانی وذکر احمد بن حنبل الاجماع علی انها نزلت فی ذالك (فی الصلوٰة) وذکر الاجماع علی انه لا تجب القرأة علی المأموم حال الجهر. (فتاویٰ کبری ج۲ ص۱۶۸)

ابن تیمیہ فرماتے ہیں کہ امام احمد بن حنبل نے اس بات پر اجماع ذکر کیا ہے کہ یہ آیت (واذا قرئ القرآن الآیة) نماز کے بارے میں نازل ہوئی ہے نیز اس پر بھی اجماع نقل کیا ہے کہ جب امام اونچی آواز سے قرأت کر رہا ہو تو مقتدی پر قرأت واجب نہیں ہے۔

۵...... عن ابی موسی الاشعری قال ان رسول الله صلی الله علیه وسلم خطبنا فبین لنا سنتنا وعلمنا صلوتنا فقال اقیموا صفوفکم ثم لیؤمکم احدکم فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا واذ قال غیر المغضوب علیهم ولا الضالین فقولوا آمین. (مسلم ج۱ ص۱۷۴)

حضرت ابوموسیٰ اشعری ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں خطاب فرمایا اور سنت کے مطابق زندگی بسر کرنے کی تلقین فرمائی اور نماز کا طریقہ بتلایا اور یہ فرمایا کہ نماز پڑھنے سے قبل اپنی صفوں کو درست کرلو، پھر تم میں سے ایک تمہارا امام بنے، جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ قرأت کرے تو تم خاموش رہو اور جب وہ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو۔

۶...... عن ابی موسیٰ قال علمنا رسول الله صلی الله علیه وسلم قال اذا قمت الی الصلوٰة فلیؤمکم احدکم واذا قرأ الامام فانصتوا.

(مسند احمد ج۴ ص۴۱۵)

حضرت ابوموسیٰ اشعری ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں نماز سکھائی، فرمایا کہ جب تم نماز پڑھنے کھڑے ہو تو تم میں سے ایک تمہارا امام بنے اور جب وہ امام قرأت کرے تو تم خاموش رہو۔

۷...... عن حطان بن عبدالله ان ابا موسیٰ قال خطبنا رسول الله صلی الله علیه وسلم فعلمنا سنتنا وبین لنا صلوٰتنا فقال اذا کبر الامام فکبروا واذا قرأ فانصتوا. (صحیح ابی عوانة ج۲ ص۱۳۳)

حضرت حطان بن عبداللہ سے مروی ہے کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری ؓ نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ نے ہم سے خطاب کیا اور سنت کی تعلیم دی اور نماز کا طریقہ بتلایا اور فرمایا کہ جب امام تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب امام قرأت کرے تو تم خاموش رہو۔

۸...... عن ابی موسیٰ الاشعری قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا قرأ الامام فانصتوا واذا قال غیر المغضوب علیهم ولا الضالین فقولوا آمین. (صحیح ابی عوانة ج۲ ص۱۳۳)

حضرت ابوموسیٰ اشعری ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب امام قرأت کرے تو تم خاموش رہو اور جب وہ غیر المغضوب علیهم ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو۔

۹...... عن ابی موسیٰ الاشعری قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا قرأ الامام فانصتوا فاذا کان عند القعدة فلیکن اول ذکر احدکم التشهد. (ابن ماجة ص۶۱)

حضرت ابوموسیٰ اشعری ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب امام قرأت کرے تو تم خاموش رہو پھر جب قعدہ میں بیٹھے تو تم میں سے ہر ایک کا پہلا ذکر تشہد ہونا چاہیے۔

۱۰...... عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم انما جعل الامام لیؤتم به فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا واذا قال سمع الله لمن حمده فقولوا اللهم ربنا لك الحمد. (نسائی ج۱ ص۱۰۷)

حضرت ابوہریرہ ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا امام اس لیے مقرر کیا جاتا ہے کہ اس کی اقتدا کی جائے سو جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ قرأت کرے تو تم خاموش رہو اور جب وہ سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم اللهم ربنا لک الحمد کہو۔

۱۱...... عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم انما الامام لیؤتم به فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا. (نسائی ج۲ ص۱۰۷)

حضرت ابوہریرہ ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا امام اس لیے مقرر کیا جاتا ہے کہ اس کی اقتدا کی جائے سو جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ قرأت کرے تو تم خاموش رہو۔

۱۲...... عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم انما جعل الامام لیؤتم به فاذا کبر فکبروا قرأ فانصتوا واذا قال غیر المغضوب علیه ولا الضالین فقولوا آمین الحدیث. (ابن ماجة ص۶۱)

حضرت ابوہریرہ ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا امام اس لیے مقرر کیا جاتا ہے کہ اس کی اقتدا کی جائے سو جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ قرأت کرے تو تم خاموش رہو اور جب وہ غیر المغضوب علیهم ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو۔

۱۳...... عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال انما الامام لیؤتم به فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا واذا قال ولا الضالین فقولوا آمین، الحدیث. (مسند احمد ج۲ ص۳۷۶)

حضرت ابوہریرہ ؓ سے مروی ہے کہ امام اسی لیے (مقرر) ہوتا ہے کہ اس کی اقتد

کی جائے سو جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ قرأت کرے تو تم خاموش رہو اور جب وہ ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو۔

۱۴...... عن انس ان النبی صلی الله علیه وسلم قال اذا قرأ الامام فانصتوا. (کتاب القرأ للبیهقی ص۱۱۳)

حضرت انس سے مروی ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جب امام قرأت کرے تو تم خاموش رہو۔

۱۵...... عن عمر بن الخطاب رضی الله عنه قال صلی رسول الله صلی الله علیه وسلم یوما صلوٰة الظهر فقرأ معه رجل من الناس فی نفسه فلما قضٰی صلاته قال هل قرأ معی منکم احد قال ذالك ثلثا فقال له الرجل نعم یا رسول الله انا کنت اقرأ بسبح اسم رب الاعلیٰ قال مالی انازع القرآن اما یکفی احدکم قرء اة امامه انما جعل الامام لیؤتم به فاذا قرأ فانصتوا.

(کتاب القرأة للبیهقی ص۱۱٤)

حضرت عمر بن خطاب فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک ظہر کی نماز پڑھائی تو ایک صاحب اپنے جی ہی جی میں آپ کے ساتھ قرأت کرنے لگے نماز پوری ہوئی تو حضور علیہ السلام نے پوچھا کہ کیا تم میں سے کسی نے میرے ساتھ قرأت کی ہے۔ تین دفعہ آپ نے یہ سوال کیا، ایک صاحب بولے جی ہاں یا رسول اللہ میں سبح اسم ربک الاعلیٰ پڑھ رہا تھا۔ آپ نے فرمایا کیا ہو گیا کہ مجھے قرآن کی قرأت میں کشمکش میں ڈالا جاتا ہے کیا تمہیں امام کی قرأۃ کافی نہیں ہے۔ امام تو بنایا ہی اس لیے جاتا ہے کہ اس کی اقتدا کی جائے لہٰذا جب وہ قرأت کرے تو تم خاموش رہا کرو۔

۱۶...... عن عطاء الخراسانی قال کتب عثمان رضی الله عنه الی معاویة رحمه الله اذا قمتم الی الصلوٰة فاستمعوا وانصتوا فانی سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول للمنصت الذی لا یسمع مثل اجر السامع

المنصت. (کتاب القرأة للبیهقی ص۱۱۵)

حضرت عطاء خراسانی فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو تو اس کی طرف کان لگائے رہو اور خاموش رہو کیوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص خاموش رہے اور اسے سنائی نہ دے اس کے لیے ایسا ہی اجر ہے جیسا اس شخص کے لیے جسے سنائی دے اور وہ خاموش رہے۔

۱۷...... عن علی رضی الله عنه قال سأل رجل النبی صلی الله علیه وسلم اقرأ خلف الامام ام انصت قال لا بل انصت فانه یکفیك.

(کتاب القرأة للبیهقی ص۱۶۳)

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی علیہ السلام سے پوچھا کہ میں امام کے پیچھے قرأت کروں یا خاموش رہوں آپ نے فرمایا خاموش رہو کیوں کہ تمہیں امام کی قرأت ہی کافی ہے۔

۱۸...... عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم انصرف من صلاة جهر فیها بالقرأة فقال هل قرأ معی منکم احد آنفا فقال رجل نعم انا یا رسول الله قال فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم انی اقول مالی انازع القرآن فانتهی الناس عن القرأة مع رسول الله صلی الله علیه وسلم فیما جهر فیه رسول الله صلی الله علیه وسلم حین سمعوا ذالك من رسول الله صلی الله علیه وسلم. (مؤطا امام مالك ص۶۹)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک جہری نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا کیا تم میں سے کسی نے ابھی میرے ساتھ قرأت کی ہے؟ ایک صاحب بولے جی ہاں یا رسول اللہ میں نے قرأت کی ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جبھی تو میں (اپنے جی میں) کہہ رہا تھا کہ میرے ساتھ قرآن کریم کی

قرأت کی منازعت کیوں ہو رہی ہے اس ارشاد کے بعد جن نمازوں میں آپ جہر سے قرأت کیا کرتے تھے لوگوں نے آپ کے پیچھے قرأت ترک کر دی۔

۱۹...... ثنا سفیان بن عیینة عن الزهری عن ابن اکیمة قال سمعت ابا هریرة یقول صلّی النبی صلی الله علیه وسلم باصحابه صلاة نظن انها الصبح فقال هل قرأ منکم من احد قال رجل انا قال انی اقول مالی انازع القرآن. (ابن ماجة ص٦١)

ابن اکیمہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہؓ کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی علیہ السلام نے ایک مرتبہ صحابہ کرام کو نماز پڑھائی۔ ہمارا خیال ہے کہ وہ صبح کی نماز تھی۔ آپ نے فرمایا کیا تم میں سے کسی نے قرأت کی ہے۔ ایک صاحب بولے میں نے کی ہے۔ آپ نے فرمایا میں بھی کہوں کہ میرے ساتھ قرآن کریم کی قرأت میں منازعت کیوں کی جا رہی ہے۔

۲۰...... ثنا معمر عن الزهری عن ابن اکیمة عن ابی هریرة قال صلی بنا رسول الله صلی الله علیه وسلم فذکر نحوه وزاد فیه قال فسکتوا بعد فیما جهر فیه الامام. (ابن ماجة ص٦١)

معمر بروایت زہری ابن اکیمہ سے روایت کرتے ہیں اور اکیمہ حضرت ابو ہریرہؓ سے کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ہمیں نماز پڑھائی۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے آگے پہلی حدیث کی طرح ذکر کیا اور اس میں یہ زیادہ ہے کہ آپ نے فرمایا کہ لوگوں نے اس کے بعد ان نمازوں میں خاموشی اختیار کر لی جن نمازوں میں امام جہر سے قرأت کرتا۔

۲۱...... عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم انصرف من صلاته جهر فیها بالقرأة فقال هل قرأ معی احد منکم آنفا فقال رجل نعم یا

رسول الله عن القرأة مع رسول الله صلی الله علیه وسلم فیما یجهر فیه رسول الله صلی الله علیه وسلم من الصلوٰة بالقرأة حین سمعوا ذالك من رسول الله صلی الله علیه وسلم. (ترمذی ج۱ ص۷۱)

حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک جہری نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا کیا تم میں سے کسی نے ابھی میرے ساتھ قرأت کی ہے؟ ایک صاحب بولے جی ہاں یا رسول اللہ آپ نے فرمایا جبھی تو میں (اپنے دل میں) کہہ رہا تھا کہ میرے ساتھ قرآن کریم کی قرأت میں منازعت کیوں کی جا رہی ہے۔ اس ارشاد کے بعد جن نمازوں میں آپ جہر سے قرأت کیا کرتے تھے۔ لوگوں نے آپ کے پیچھے قرأت ترک کر دی تھی۔

۲۲...... عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم انصرف من صلاة جهر فیها بالقرأة فقال هل قرأ معی احد منکم آنفا فقال رجل نعم یا رسول الله قال انی اقول مالی انازع القرآن قال فانتهی الناس عن القرأة مع رسول الله صلی الله علیه وسلم فیما جهر فیه من الصلوٰة حین سمعوا ذالك من رسول الله صلی الله علیه وسلم. (ابوداؤد ج۱ ص۱۲۰)

حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک جہری نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا کیا تم میں سے کسی نے ابھی میرے ساتھ قرأت کی ہے؟ ایک صاحب بولے جی ہاں یا رسول اللہ آپ نے فرمایا جبھی تو میں کہوں کہ قرآن کریم کی قرأت میں مجھ سے منازعت کیوں کی جا رہی ہے۔ اس ارشاد کے بعد جن نمازوں میں آپ جہر سے قرأت کیا کرتے تھے۔ لوگوں نے آپ کے پیچھے قرأت ترک کر دی تھی۔

۲۳...... عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم انصرف من صلاة جهر فیها بالقرأة فقال هل قرأ معی احد منکم آنفا قال رجل نعم یا رسول الله قال انی اقول مالی انازع القرآن قال فانتهی الناس عن القرأة فیما

جهر فيه رسول الله صلى الله عليه بالقرأة من الصلوٰة حين سمعوا ذالك.

(نسائی ج۱ ص۱۰۶)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک جہری نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا کیا تم میں سے کسی نے ابھی میرے ساتھ قرأت کی ہے؟ ایک صاحب بولے جی ہاں یارسول اللہ۔ آپ نے فرمایا جبھی تو میں کہوں کہ قرآن کریم کی قرأت میں مجھ سے منازعت کیوں کی جارہی ہے۔ اس ارشاد کے بعد جن نمازوں میں آپ جہر سے قرأت کیا کرتے تھے۔ لوگوں نے آپ کے پیچھے قرأت ترک کردی تھی۔

۲۴...... عن عمران بن حصين ان رسول الله صلى الله عليه وسلم صلى الظهر فجعل رجل يقرأ خلفه بسبح اسم ربك الاعلى فلما انصرف قال ايكم قرأ او ايكم القارى قال رجل انا فقال قد ظننت ان بعضكم خالجنيها. (مسلم ج۱ ص۱۷۲)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے ظہر کی نماز پڑھی تو ایک صاحب آپ کے پیچھے سبح اسم ربک الاعلیٰ پڑھنے لگے۔ جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا تم میں سے کس نے قرأت کی ہے یا تم میں سے کون قاری ہے۔ ایک صاحب بولے میں۔ آپ نے فرمایا مجھے خیال ہوا کہ تم میں سے کوئی مجھے غلجان میں ڈال رہا ہے۔

۲۵...... عن عمران بن حصين قال صلى النبى صلى الله عليه وسلم صلى الظهر فقرأ رجل خلفه بسبح اسم ربك الاعلى فلما صلى قال من قرأ بسبح اسم ربك الاعلىٰ قال رجل انا فقال قد علمت ان بعضكم خالجنيها. (نسائی ج۱ ص۱۰۶)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی علیہ السلام نے ظہر کی نماز پڑھی ایک

صاحب نے آپ کے پیچھے سبح اسم ربک الاعلیٰ پڑھی جب آپ نماز پڑھ چکے تو فرمایا سبح اسم ربك الاعلىٰ کس نے پڑھی ہے ایک صاحب بولے میں نے آپ نے فرمایا میں نے جانا تم میں سے کوئی مجھے قرأت میں الجھا رہا ہے۔

۲۶...... عن عمران بن حصين ان النبى صلى الله عليه وسلم صلى صلاة الظهر او العصر ورجل يقرأ خلفه فلما انصرف قال ايكم قرأ بسبح اسم ربك الاعلىٰ قال رجل من القوم انا ولم ارد بها الا الخير فقال النبى صلى الله عليه وسلم قد عرفت ان بعضكم قد خالجنيها.

(نسائی ج۱ ص۱۰۶)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی علیہ السلام نے ظہر یا عصر کی نماز پڑھی۔ ایک صاحب آپ کے پیچھے قرأت کرنے لگے۔ جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا تم میں سے کس نے سبح اسم ربک الاعلیٰ پڑھی ہے۔ ایک صاحب بولے میں نے اور میری نیت ثواب کے سوا کچھ نہ تھی۔ آپ نے فرمایا میں نے جانا کہ تم میں سے کوئی مجھے قرآن کی قرأت میں الجھا رہا ہے۔

۲۷...... عن عبدالله بن بحينه و كان من اصاب رسول الله صلى الله عليه وسلم ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال هل قرأ احد منكم معى آنفا قالوا نعم قال انى اقول مالى انازع القرآن فانتهى الناس عن القرأة معه حين قال ذالك. (مسند امام احمد ج۵ ص۳۴۵)

حضرت عبداللہ بن بحینہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تم میں سے کسی نے ابھی میرے ساتھ قرأت کی ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کیا جی ہاں۔ آپ نے ارشاد فرمایا تب ہی تو میں (دل میں) کہہ رہا تھا کہ میرے ساتھ قرآن کریم کی قرأت میں منازعت اور کشمکش کیوں کی جارہی ہے۔ آپ نے جب یہ فرمایا تو لوگوں نے آپ کے

ساتھ قرأت ترک کردی۔

۲۸...... عن عبداللہ (بن مسعود) قال کانوا یقرؤن خلف النبی علیه السلام فقال خلطتم علی القرآن.

(الجوهر النقی ج۲ ص۱۶۶، طحاوی ج۱ ص۱۴۹)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ لوگ نبی علیہ السلام کے پیچھے قرأت کر رہے تھے۔آپ نے ارشاد فرمایا تم نے مجھ پر قرآن مجید کی قرأت خلط ملط کردی ہے۔

۲۹...... عن جابر بن عبداللہ قال صلی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم باصحابه الظهر والعصر فلما انصرف قال من قرأ خلفی بسبح اسم ربك الاعلیٰ فلم یتکلم احد فردد ذالك ثلاثا فقال رجل انا یا رسول اللہ قال لقد رأیتك تخالجنی او قال تنازعنی القرآن من صلی منکم خلف امام فقرأته له قرأة. (کتاب القرأة للبیهقی ص۱۲۵)

حضرت جابر بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام کو ظہر یا عصر کی نماز پڑھائی۔آپ جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا میرے پیچھے سبح اسم ربک الاعلیٰ کس نے پڑھی ہے؟ کوئی نہ بولا آپ نے تین دفعہ یہ سوال کیا، ایک صاحب بولے میں نے یا رسول اللہ آپ نے فرمایا میں نے دیکھا کہ تو مجھے قرأت قرآن کے متعلق خلجان میں ڈال رہا ہے یا فرمایا کہ کش مکش میں ڈال رہا ہے۔تم میں سے جو بھی امام کے پیچھے نماز پڑھے تو امام کی قرأت ہی اس کی قرأت ہے۔

۳۰...... عن جابر بن عبداللہ ان رجلا قرأ خلف النبی صلی اللہ علیه وسلم فی الظهر او العصر فاویٰ الیه رجل فنهاه فلما انصرف قال اتنهانی ان اقرأ خلف النبی صلی اللہ علیه وسلم فتذاکرا ذالك حتی سمع النبی صلی اللہ علیه وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم من صلی خلف

الامام فان قرأته له قرأة. (کتاب القرأة للبیهقی ص۱۲۶)

حضرت جابر بن عبداللہ سے مروی ہے کہ ظہر یا عصر کی نماز میں ایک شخص نے نبی علیہ السلام کے پیچھے قرأت کی، اثناء نماز میں ایک آدمی نے اشارہ سے اس کو قرأت سے منع کیا، جب نماز سے فارغ ہوئے تو قرأت کرنے والے نے منع کرنے والے سے کہا کہ تم مجھے نبی علیہ السلام کے پیچھے قرأت کرنے سے کیوں روکتے ہو؟ وہ دونوں یہ باتیں کر رہے تھے کہ نبی علیہ السلام نے ان کی گفتگو سن لی اور ارشاد فرمایا جو شخص امام کے پیچھے نماز پڑھتا ہو اس کے لیے امام کی قرأت ہی کافی ہے۔

۳۱...... عن جابر بن عبداللہ عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال من صلی خلف الامام فان قرأة الامام له قرأة. (مؤطا امام محمد ص۹۵)

حضرت جابر بن عبداللہ نبی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں۔آپ نے فرمایا جس نے امام کے پیچھے نماز پڑھی تو امام کی قرأۃ ہی اس کی قرأت ہے۔

۳۲...... عن جابر عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال من کان له امام فقرأته له قرأة. (مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۲۷۷)

حضرت جابر نبی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں۔آپ نے فرمایا جس شخص نے امام کی اقتدا کی تو امام کی قرأۃ ہی مقتدی کی قرأت ہے۔

۳۳...... عن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم من کان له الامام فقرأته الامام له قرأة.

(مسند احمد بن منیع بحواله فتح القدیر ج۱ ص۲۹۵)

حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے امام کی اقتدا کی تو امام کی قرأۃ ہی مقتدی کی قرأت ہے۔

۳۴...... عن جابر بن عبداللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم

قال من کان له امام فقرأته الامام له قرأة. (کتاب القرأة للبیهقی ص۱۳۸)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے امام کی اقتدا کی تو امام کی قرأۃ ہی مقتدی کی قرأت ہے۔

۳۵..... عن عبدالله بن شداد بن الهاد قال ام رسول الله صلی الله علیه وسلم فی العصر قال فقرأ رجل خلفه فغمزه الذی یلیه فلما ان صلی قال لم غمزتنی قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم قد امك فکرهت ان تقرأ خلفه فسمعه النبی صلی الله علیه وسلم فقال من کان له امام فان قرأته له قرأة. (مؤطا امام محمد ص۹۸)

حضرت عبداللہ بن شداد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے عصر کی نماز میں امامت کرائی اور ایک شخص نے آپ کے پیچھے قرأت کی، جو نمازی اس کے ساتھ کھڑا تھا۔ اس نے اس کا ذرا بدن دبایا تا کہ یہ قرأت سے باز آ جائے جب نماز ہو چکی تو اس نے کہا کہ تم نے مجھے کیوں دبایا تھا؟ منع کرنے والے نے کہا کہ چونکہ حضور علیہ السلام آگے قرأت کر رہے تھے۔ میں نے مناسب نہ سمجھا کہ تم بھی قرأت کرو۔ نبی علیہ السلام نے دونوں باتیں سن کر ارشاد فرمایا جس نے امام کی اقتداء کی تو امام کی قرأت ہی مقتدی کی قرأت ہے۔

۳۶..... عن ابی الدرداء قال سئل رسول الله صلی الله علیه وسلم افی کل صلاة قرأة قال نعم فقال رجل من الأنصار وجبت هذه فقال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم وکنت اقرب القوم الیه ما اری الامام اذا ام القوم الا کفاهم. (دار قطنی ج۱ ص۳۳۲)

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جناب رسالتمآب ﷺ سے سوال کیا گیا، کیا ہر نماز میں قرأت ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں، ایک انصاری بولے پھر تو قرأت ضروری ہو گئی، حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تمام اہل مجلس میں رسول اللہ ﷺ کے قریب میں تھا۔

آپ نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا میں تو یہی جانتا ہوں کہ امام کی قرأت مقتدیوں کو کافی ہے۔

۳۷..... عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال من کان له امام فقرأة الامام له قرأة. (کتاب القرأة ص۱۷۰)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے امام کی اقتدا کی تو امام کی قرأت ہی مقتدی کی قرأت ہے۔

۳۸..... عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من کان له امام فان قرأة الامام له قرأة. (کتاب القرأة للبیهقی ص۱۵۶)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جس کے لیے امام ہو تو امام کی قرأۃ ہی اس کی قرأۃ ہے۔

۳۹..... عن ابن عباس عن النبی صلی الله علیه وسلم قال تکفیك قرأة الامام خافت او جهر. (دار قطنی ج۱ ص۳۳۱)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نبی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا تجھے امام کی قرأۃ کافی ہے چاہے وہ آہستہ آواز سے قرأت کرے یا اونچی آواز سے۔

۴۰..... عن انس بن مالك ان النبی صلی الله علیه وسلم قال من کان له امام فقرأة الامام له قرأة. (کتاب القرأة للبیهقی ص۱۵۳)

۴۱..... عن انس قال صلی رسول الله صلی الله علیه وسلم باصحابه ثم اقبل بوجهه فقال اتقرءون والامام یقرأ فسکتوا فسألهم ثلثا فقالوا انا لنفعل قال فلا تفعلوا. (طحاوی ج۱ ص۱۵۰ و کتاب القرأة للبیهقی ص۱۵۱)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ صحابہ کرام کو نماز پڑھائی (نماز سے فارغ ہو کر) آپ صحابہ کرام کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کیا تم قرأت

کرتے ہو جب کہ امام قرأت کر رہا ہوتا ہے۔ صحابہ کرام چپ رہے، آپ نے تین بار یہی سوال کیا تو صحابہ کرام بولے کہ ہم ایسا کرتے ہیں آپ نے فرمایا ایسے مت کرو۔

٤٢...... عن النواس بن سمعان قال صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم صلاة الظهر وكان عن يميني رجل من الانصار فقرأ خلف النبي صلى الله عليه وسلم وعلى يساري رجل من مزينة يلعب بالحصا فلما قضي صلوته قال من قرأ خلفي قال الانصاري انا يا رسول الله قال فلا تفعل من كان له امام فان قرأة الامام له قرأة وقال للذي يلعب بالحصا هذا حظك من صلوتك. (كتاب القرأة للبيهقي ص١٧٦)

نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ظہر کی نماز پڑھی۔ میری دائیں طرف ایک انصاری صحابی تھے۔ انہوں نے نبی علیہ السلام کے پیچھے قرأت کی اور میری بائیں جانب قبیلہ مزینہ کے ایک صاحب تھے جو کنکریوں سے کھیل رہے تھے۔ جب حضور علیہ السلام نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے پوچھا کہ میرے پیچھے کس نے قرأت کی ہے۔ انصاری بولے میں نے یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا ایسا مت کرو کیوں کہ جو امام کی اقتدا کرے تو امام کی قرأت ہی مقتدی کی قرأت ہوتی ہے، جو صاحب کنکریوں سے کھیل رہے تھے ان سے فرمایا تمہیں نماز سے یہی حصہ ملا ہے۔

٤٣...... عن يحيى بن عبدالله بن سالم العمري ويزيد بن ابي عياض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من كان منكم له امام فائتم به فلا يقرأن معه فان قرأته له قرأة. (كتاب القرأة للبيهقي ص١٨٣)

یحیٰ بن عبداللہ اور یزید بن ابی عیاض سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے جس کے لیے امام ہو اور وہ اس امام کی اقتدا کرے تو مقتدی اس کے ساتھ ہرگز قرأت نہ کرے کیوں کہ امام کی قرأت ہی اس کی قرأت ہے۔

٤٤...... عن جابر بن عبدالله عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال من صلى ركعة فلم يقرأ فيها بام القرآن فلم يصل الا وراء الامام.
(طحاوى ج١ ص ١٤٩، مصنف عبدالرزاق ج١ ص١٢٠)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا جس نے نماز کی کوئی رکعت پڑھی اور اس میں سورہ فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز نہیں ہوئی مگر یہ کہ وہ امام کے پیچھے ہو۔

٤٥...... عن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل صلوة لا يقرأ فيها بام الكتاب فهي خداج الا وراء الامام.
(كتاب القرأة للبيهقي ص١٣٦، دار قطني ج١ ص٣٢٧)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر وہ نماز جس میں سورہ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہے سوائے اس نماز کے جو امام کے پیچھے پڑھی گئی ہو۔

٤٦...... عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل صلاة لا يقرأ فيها بفاتحة الكتاب فلا صلاة له الا وراء الامام.
(كتاب القرأة للبيهقي ص١٧٣)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نماز میں سورہ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ نہیں ہوتی سوائے اس نماز کے جو امام کے پیچھے پڑھی گئی ہو۔

٤٧...... عن بلال قال امرني رسول الله صلى الله عليه وسلم ان لا اقرأ خلف الامام. (كتاب القرأة للبيهقي ص١٧٥)

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ میں امام کے پیچھے قرأت نہ کروں۔

٤٨...... عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما كان

صلاۃ یجهر فیها الامام بالقرأۃ فلیس لاحد ان یقرأ معه.

(کتاب القرأۃ للبیهقی ص۱۲۲)

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نماز میں امام جہر سے قرأت کرتا ہو اس میں کسی کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ امام کے ساتھ قرأت کرے۔

۴۹...... عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل صلاة لا يقرأ فيها بام الكتاب فهى خداج الا صلاة خلف الامام.

(کتاب القرأۃ للبیهقی ص۱۷۱)

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر وہ نماز جس میں سورہ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہوتی ہے سوائے اس نماز کے جو امام کے پیچھے پڑھی جائے۔

۵۰...... عن الشعبی قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا قرأة خلف الامام. (دار قطنی ج۱ ص۳۲۰)

امام شعبی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا امام کے پیچھے قرأت جائز نہیں۔

۵۱...... عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ لَمَّا مَرِضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَضَهُ الَّذِي مَاتَ فِيهِ، كَانَ فِي بَيْتِ عَائِشَةَ، فَقَالَ ادْعُوا لِي عَلِيًّا قَالَتْ عَائِشَةُ نَدْعُو لَكَ أَبَا بَكْرٍ؟ قَالَ ادْعُوهُ قَالَتْ حَفْصَةُ يَا رَسُولَ اللَّهِ نَدْعُو لَكَ عُمَرَ؟ قَالَ ادْعُوهُ قَالَتْ أُمُّ الْفَضْلِ يَا رَسُولَ اللَّهِ نَدْعُو لَكَ الْعَبَّاسَ؟ قَالَ نَعَمْ، فَلَمَّا اجْتَمَعُوا رَفَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ، فَنَظَرَ فَسَكَتَ، فَقَالَ عُمَرُ قُومُوا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ جَاءَ بِلَالٌ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلَاةِ، فَقَالَ مُرُوا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ رَقِيقٌ حَصِرٌ وَمَتَى لَا يَرَاكَ يَبْكِي، وَالنَّاسُ يَبْكُونَ، فَلَوْ أَمَرْتَ عُمَرَ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَخَرَجَ أَبُو بَكْرٍ فَصَلَّى بِالنَّاسِ، فَوَجَدَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَفْسِهِ خِفَّةً، فَخَرَجَ يُهَادَى بَيْنَ رَجُلَيْنِ، وَرِجْلَاهُ تَخُطَّانِ فِي الْأَرْضِ، فَلَمَّا رَآهُ النَّاسُ سَبَّحُوا بِأَبِي بَكْرٍ فَذَهَبَ لِيَسْتَأْخِرَ، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْ مَكَانَكَ، فَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ عَنْ يَمِينِهِ، وَقَامَ أَبُو بَكْرٍ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ يَأْتَمُّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالنَّاسُ يَأْتَمُّونَ بِأَبِي بَكْرٍ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَأَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْقِرَاءَةِ مِنْ حَيْثُ كَانَ بَلَغَ أَبُو بَكْرٍ. الحديث

(ابن ماجة ص۸۸، طحاوی ج۱ ص۲۷۶، مسند احمد ج۱ ص۲۲۲، دار قطنی ج۱ ص۲۹۸)

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرض وفات میں مبتلا ہوئے تو عائشہؓ کے گھر تھے۔ عائشہؓ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ہم آپ کے لئے ابوبکرؓ کو بلائیں۔ حفصہؓ نے عرض کیا ہم آپ کے لئے عمرؓ کو بلائیں۔ ام الفضلؓ نے عرض کیا ہم آپ کے لئے عباسؓ کو بلائیں؟ فرمایا ٹھیک ہے۔ جب سب جمع ہو گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سر مبارک اٹھا کر دیکھا اور خاموش ہو گئے تو عمرؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے اٹھ جائیں۔ پھر بلالؓ نے حاضر ہو کر اطلاع دی کہ نماز کا وقت ہو گیا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوبکرؓ سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں تو عائشہؓ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ابوبکرؓ مرد رقیق القلب اور کم گو ہیں اور جب آپ کو نہ دیکھیں گے تو رونے لگیں گے اور لوگ بھی رونے لگیں گے۔ لہٰذا اگر آپ عمرؓ کو حکم دیں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں (تو بہتر ہوگا) سو حضرت ابوبکرؓ تشریف لائے اور لوگوں کو نماز پڑھانے لگے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو طبیعت ہلکی محسوس ہوئی تو آپ دو مردوں کے سہارے باہر تشریف لائے اور آپ کے پاؤں زمین پر گھسٹ رہے تھے۔ جب لوگوں نے آپ صلی

اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ کو متوجہ کرنے کے لئے سُبْحَانَ اللّٰہِ کہا وہ پیچھے ہٹنے لگے تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو اشارہ سے فرمایا کہ اپنی جگہ ٹھہرے رہو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آ کر ان کی دائیں طرف بیٹھ گئے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے رہے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتداء کر رہے تھے اور لوگ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اقتداء کر رہے تھے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہیں سے قرآت شروع فرمائی جہاں ابوبکر پہنچے تھے۔

۵۲..... عن ابی هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا قال القارى غير المغضوب عليهم ولا الضالين فقال من خلفه آمين فوافق قوله قول اهل السماء غفرله من تقدم من ذنبه. (مسلم ج۱ ص۱۷۶)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب قاری غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہتا ہے اور اس کے پیچھے اس کا مقتدی آمین کہتا ہے اور مقتدی کا قول اہل آسمان کے قول کے موافق ہو جاتا ہے تو اس کے پچھلے تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

۵۳..... عن ابی هريرة عن النبی صلى الله عليه وسلم قال اذا امن القارى فامنوا فان الملائكة تؤمن فمن وافق تامينه تامين الملائكة غفرله من تقدم من ذنبه. (بخاری ج۲ ص۹۴۷، نسائی ج۱ ص۱۰۷، ابن ماجة ص۶۱))

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جب قاری آمین کہے تو تم بھی آمین کہو کیوں کہ ملائکہ بھی آمین کہتے ہیں پس جس کی آمین ملائکہ کی آمین کے موافق ہو جاتی ہے اس کے پچھلے تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

۵۴..... عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قال الامام غير المغضوب عليهم ولا الضالين فقولوا آمين وان الامام يقول

امين فمن وافق تامينه تامين الملائكة غفرله من تقدم من ذنبه.
(نسائی ج۱ ص۱۰۷، دارمی ج۱ ص۲۲۸، مسند احمد ج۲ ص۲۳۳)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب امام غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو کیوں کہ فرشتے بھی آمین کہتے ہیں اور امام بھی آمین کہتا ہے سو جس کی آمین ملائکہ کی آمین کے موافق ہو جاتی ہے تو اس کے پچھلے تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

۵۵..... عن الحسن عن ابی بكرة انه انتهى الى النبى صلى الله عليه وسلم وهو راكع فركع قبل ان يصلى الى الصف فقال زادك الله حرصا ولا تعد. (بخاری ج۱ ص۱۰۸)

حضرت حسن بصری، حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ جب نبی علیہ السلام کے پاس (مسجد نبوی ﷺ میں) پہنچے تو آپ رکوع میں جا چکے تھے چنانچہ یہ صف میں ملنے سے پہلے ہی رکوع میں چلے گئے (اور آہستہ آہستہ چلتے چلتے صف میں مل گئے) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ تجھے نیکی کرنے پر اور حریص کرے پھر ایسا نہ کرنا۔

۵۶..... عن انس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم وابو بكر وعمر و عثمان يفتتحون القرأة بالحمد لله رب العالمين.
(ترمذی ج۱ ص۵۷، ابوداؤد ج۱ ص۱۱۴، نسائی ج۱ ص۱۰۴)

حضرت انس فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ، حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان رضی اللہ عنہم قرأۃ الحمد للہ رب العالمین سے شروع کرتے تھے۔

۵۷..... عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يفتتح الصلوٰة بالتكبير والقرأة بالحمد لله رب العالمين. الحديث
(ابوداؤد ج۱ ص۱۱۴

حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نماز اللہ اکبر کہہ کر شروع فرماتے تھے اور قرأت الحمد للہ رب العالمین سے۔

۵۸ ..... عن عبادة بن الصامت يبلغ به النبي صلى الله عليه وسلم قال لا صلاة لمن لم يقرأ بفاتحة الكتاب فصاعدا قال سفيان لمن يصلي وحده.

(ابو داؤد ج۱ ص۱۱۹)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نبی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ اس شخص کی نماز جائز نہیں جو سورہ فاتحہ کے ساتھ مزید کچھ اور نہ پڑھے۔ حضرت سفیان بن عیینہ فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کا یہ حکم اس شخص کے لیے جو اکیلا نماز پڑھ رہا ہو۔

قال الامام الترمذي واما احمد بن حنبل فقال معنى قول النبي صلى الله عليه وسلم لا صلوٰة لمن لم يقرأ بفاتحة الكتاب اذا كان وحده.

(ترمذی ج۱ ص۷۱)

امام ترمذی فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کے فرمان کہ اس کی نماز جائز نہیں جو سورہ فاتحہ کے ساتھ قرأت نہ کرے کے متعلق حضرت امام احمد بن حنبل کا کہنا ہے کہ یہ اس وقت ہے جب کہ کوئی اکیلا نماز پڑھ رہا ہو۔

خلفائے راشدین امام کے پیچھے قرأت کرنے سے منع کرتے تھے:

عبدالرزاق عن عبدالرحمن بن زيد بن اسلم عن ابيه قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن القرأة خلف الامام قال واخبرني اشياخنا ان عليا قال من قرأ خلف الامام فلا صلاة له قال واخبرني موسى بن عقبة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم وابو بكر وعمر وعثمان كانوا ينهون عن القرأة خلف الامام. (مصنف عبدالرزاق ج۲ ص۱۳۹)

امام عبدالرزاق عبدالرحمن بن زید سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ

رسول اللہ ﷺ نے امام کے پیچھے قرأت کرنے سے منع فرمایا ہے۔ عبدالرحمن بن زید فرماتے ہیں مجھے بہت سے مشائخ نے خبر دی ہے کہ حضرت علی کا ارشاد ہے کہ جس نے امام کے پیچھے قرأت کی اس کی نماز نہیں ہوئی اور موسیٰ بن عقبہ نے مجھے خبر دی ہے کہ رسول اللہ ﷺ، حضرت ابو بکر، حضرت عمر، حضرت عثمان رضی اللہ عنہم امام کے پیچھے قرأت کرنے سے منع فرماتے تھے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا بیان:

۱. عن نافع وانس بن سيرين قال قال عمر بن الخطاب تكفيك قرأة الامام. (مصنف ابن ابي شيبة ج۱ ص۳۷۶)

امام نافع اور انس بن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت عمر نے فرمایا تمہیں امام کی قرأت کافی ہے۔

۲. عن القاسم بن محمد قال قال عمر بن الخطاب رضي الله عنه لا يقرأ خلف الامام جهرا ولم يجهر. (كتاب القرأة للبيهقي ص۱۸۴)

حضرت قاسم بن محمد فرماتے ہیں کہ حضرت عمر نے فرمایا کہ امام کے پیچھے قرأت نہ کی جائے امام جہر کرے یا نہ کرے۔

۳. اخبرنا محمد بن عجلان ان عمر بن الخطاب قال ليت في فم الذي يقرأ خلف الامام حجرا. (مؤطا امام محمد ص۹۸)

محمد بن عجلان سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب نے فرمایا کہ کاش کہ جو شخص امام کے پیچھے قرأت کرتا ہے اس کے منہ میں پتھر ڈال دیئے جائیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فرمان:

۱. عن عبدالرحمن بن ابي ليلى قال قال علي بن ابي طالب رضي الله

عنه من قرأ خلف الامام فقد اخطأ الفطرة.

(دار قطنی ج۱ ص۳۳۲، مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۲۷٦)

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت علیؓ نے فرمایا جس نے امام کے پیچھے قرأت کی اس نے فطرت کو کھودیا۔

۲. عن داود بن قیس عن محمد بن عجلان قال قال علی من قرأ مع الامام فلیس علی الفطرة.

(مصنف عبدالرزاق ج۲ ص۱۳۸، طحاوی ج۱ ص۱۵۰)

محمد عجلان فرماتے ہیں کہ حضرت علی نے فرمایا جس نے امام کے ساتھ قرأت کی وہ فطرة (اسلام کے طریقہ) پر نہیں ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا قول وعمل:

۱. عن أبی وائل قال جاء رجل الٰی عبدالله (بن مسعود) فقال یا ابا عبد الرحمن اقرأ خلف الامام؟ قال انصت للقرآن فان فی الصلوٰة شغلا وسیکفیك ذلك الامام.

(مصنف عبدالرزاق ج۲ ص۱۳۸، مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۲۷٦، کتاب القرأة للبیهقی ص۱٤٦، مؤطا امام محمد ص۹٦)

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے پاس ایک شخص نے آکر سوال کیا کہ کیا میں امام کے پیچھے قرأت کرسکتا ہوں؟ آپ نے فرمایا (قرأة) کے وقت خاموش رہو کیوں کہ نماز میں امام قرأة میں مشغول ہے اور تمہیں امام کی قرأة کافی ہے۔

۲. عن علقمة بن قیس ان عبدالله بن مسعود کان لا یقرأ خلف الامام فیما یجهر فیه وفیما یخافت فیه فی الاولیین ولا فی الاخریین، الحدیث.

(موطا امام محمد ص۹٦)

حضرت علقمہ بن قیس سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ امام کے پیچھے قرأت نہیں کیا کرتے تھے نہ جہری نمازوں میں نہ سری نمازوں میں نہ پہلی رکعتوں میں نہ دوسری رکعتوں میں۔

۳. عن علقمة عن عبدالله قال لان اعض علی جمرا لغضا احب الی من ان اقرأ خلف الامام.

(کتاب القرأة للبیهقی ص۱٤٥، موطا امام محمد ص۹۸)

حضرت علقمہ سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا مجھے جنڈ درخت کے جلتے کوئلوں کو منہ میں لے لینا اس سے زیادہ پسند ہے کہ میں امام کے پیچھے قرأت کروں۔

٤. عن علقمة عن ابن مسعود قال لیت الذی یقرأ خلف الامام ملئی فوه ترابا. (طحاوی ج۱ ص۱۵۰، مصنف عبدالرزاق ج۲ ص۱۳۸)

حضرت علقمہ سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا کاش کہ امام کے پیچھے قرأت کرنے والے کا منہ مٹی سے بھر دیا جائے۔

۵. عن عبدالله بن مسعود انه قال یا فلان لا تقرأ خلف الامام الا ان یکون اماما لا یقرأ. (مجمع الزوائد ج۲ ص۱۱۰)

حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا اوفلاں امام کے پیچھے قرأت نہ کیا کر الا یہ کہ کوئی ایسا امام ہو جو قرأت نہ کرتا ہو۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا قول وعمل:

۱. مالك عن نافع ان عبدالله بن عمر کان اذا سئل هل یقرأ احد خلف الامام قال اذا صلی احدکم خلف الامام فحسبه قرأة الامام واذا صلی وحده فلیقرأ قال وکان عبدالله بن عمر لا یقرأ خلف الامام.

(موطا امام مالك ص٦٨)

امام مالک بواسطہ نافع حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ جب آپ سے سوال کیا جاتا کہ کیا کوئی امام کے پیچھے قرأت کرسکتا ہے تو آپ فرماتے کہ تم میں سے کوئی جب امام کے پیچھے نماز پڑھے تو اسے امام کی قرأت ہی کافی ہے اور جب اکیلا نماز پڑھے تو قرأت کرلیا کرے۔ نافع فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما امام کے پیچھے قرأت نہیں کیا کرتے تھے۔

٢. عن نافع عن ابن عمر قال قال من صلى خلف الامام كفته قرأته.

(موطا امام محمد ص٩٤)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جو شخص امام کے پیچھے قرأت کرے اس کے لیے امام کی قرأت ہی کافی ہے۔

٣. عن ابن عمر انه سئل عن القرأة خلف الامام قال تكفيك قراة الامام. (موطا امام محمد ص٩٤)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے امام کے پیچھے قرأت کرنے کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا تمہیں امام کی قرأت ہی کافی ہے۔

٤. عن انس بن سيرين قال سألت ابن عمر اقرأ مع الامام فقال انك لفخم البطن تكفيك قراة الامام.

(مصنف عبدالرزاق ج٢ ص١٤٠، كتاب القرأة للبيهقي ص١٥٧)

حضرت علامہ ابن سیرین فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر سے سوال کیا کہ کیا میں امام کے ساتھ قرأت کرسکتا ہوں۔ آپ نے فرمایا تم تو بڑے موٹے پیٹ کے ہو تمہیں امام کی قرأت ہی کافی ہے۔

٥. عن ابن عمر كان ينهى عن القرأة خلف الامام.

(مصنف عبدالرزاق ج٢ ص١٤٠)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما امام کے پیچھے قرأت کرنے سے منع فرمایا کرتے تھے۔

٦. عن القاسم بن محمد قال كان ابن عمر لا يقرأ خلف الامام جهرا ولم يجهر، الحديث. (كتاب القرأة للبيهقي ص١٨٤)

قاسم بن محمد فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر امام کے پیچھے قرأت نہیں کیا کرتے تھے خواہ امام اونچی آواز سے قرأت کرے یا نہ کرے۔

٧. عن عبيد الله بن مقسم انه سأل عبدالله بن عمر وزيد بن ثابت وجابر بن عبدالله فقالوا لا تقرؤا خلف الامام في شيء من الصلوٰت.

(طحاوی ج١ ص١٥٠)

عبیداللہ بن مقسم سے مروی ہے کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر، زید بن ثابت اور جابر بن عبداللہ سے امام کے پیچھے قرأت کے بارے میں سوال کیا تو ان حضرات نے فرمایا کسی بھی نماز میں امام کے پیچھے قرأت نہ کرو۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کا قول وعمل:

١. عن عطاء بن يسار انه قال اخبره انه سأل زيد بن ثابت عن القرأة مع الامام فقال لا قرأة مع الامام في شيء.

(مسلم ج١ ص٢١٥، نسائی ج١ ص١١١)

حضرت عطاء بن یسار سے مروی ہے کہ انہوں نے حضرت زید بن ثابت سے امام کے ساتھ قرأت کرنے کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا امام کے ساتھ کسی نماز میں کوئی قرأت نہیں کی جاسکتی۔

٢. عن زيد بن ثابت قال لا يقرأ خلف الامام ان جهر ولا ان خافت.

(مصنف ابن ابی شیبة ج١ ص٣٧٦)

حضرت زید بن ثابت فرماتے ہیں کہ امام کے پیچھے قرأت نہ کی جائے نہ جب کہ امام

جہر سے قرأت کرے اور نہ جب کہ وہ آہستہ آواز سے قرأت کرے۔

۳. عن ابن ذکوان عن زید بن ثابت و ابن عمر کانا لایقرأن خلف الامام. (مصنف عبدالرزاق ج۲ ص۱۴۰)

ابن ذکوان سے مروی ہے کہ حضرت زید بن ثابت اور حضرت عبداللہ بن عمر دونوں امام کے پیچھے قرأت نہیں کرتے تھے۔

٤. عن موسی بن سعد بن زید بن ثابت یحدثه عن جده انه قال من قرا خلف الامام فلا صلاة له.

(موطا امام محمد ۱۰۰، مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۷۶، مصنف عبدالرزاق ج۲ ص۱۳۷)

حضرت زید بن ثابت کے پوتے موسیٰ بن سعد سے مروی ہے کہ ان کے دادا حضرت زید بن ثابت نے فرمایا کہ جس نے امام کے پیچھے قرأت کی اس کی نماز نہیں ہوئی۔

۵. عن موسی بن سعد عن ابن زید بن ثابت عن ابیه زید بن ثابت قال من قرأ وراء الامام فلا صلاة له. (کتاب القرأة للبیهقی ص۱۸۵)

حضرت موسیٰ بن سعد اپنے والد سے اور وہ اپنے والد حضرت زید بن ثابت سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا جس نے امام کے پیچھے قرأت کی اس کی نماز نہیں ہوئی۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا فرمان:

۱. اخبرنا داود بن قیس الفراء المدنی اخبرنی بعض ولد سعد بن ابی وقاص انه ذکر له ان سعدا قال وددت ان الذی یقرأ خلف الامام فی فیه جمرة. (موطا امام محمد ص۹۸)

امام محمد فرماتے ہیں کہ ہمیں خبر دی داود بن قیس فرا مدنی نے کہ حضرت سعد بن ابی وقاص کے کسی بیٹے نے ان سے ذکر کیا کہ حضرت سعد بن ابی وقاص نے فرمایا میرا جی چاہتا

ہے کہ جو شخص امام کے پیچھے قرأت کرتا ہے اس کے منہ میں انگارہ ہو۔

۲. عن ابی بخاد عن سعد قال وددت ان الذی یقرأ خلف الامام فی فیه جمرة. (مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۷۶)

حضرت سعد بن ابی وقاص فرماتے ہیں کہ میرا جی چاہتا ہے کہ جو امام کے پیچھے قرأت کرتا ہے اس کے منہ میں انگارہ ہو۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا فرمان:

۱. عن ابی حمزة قال قلت لابن عباس اقرأ والامام بین یدی فقال لا. (طحاوی ج۱ ص۱۵۱)

ابوحمزہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عباس سے پوچھا کہ کیا میں اس صورت میں قرأت کر سکتا ہوں کہ امام میرے آگے ہو۔ آپ نے فرمایا نہیں۔

حضرت علقمہ بن قیس م ۶۸ھ کا قول و عمل:

عن ابراهیم قال ما قرأ علقمة بن قیس قط فیما یجهر فیه ولا فیما لا یجهر فیه ولا فی الرکعتین الاخریین ام القرآن ولا غیرهما خلف الامام. (کتاب الآثار بروایت امام محمد ص۲۲)

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ علقمہ بن قیس نے امام کے پیچھے کبھی کسی نماز میں قرأت نہیں کی، نہ جہری نمازوں میں نہ سری میں (نہ پہلی رکعتوں میں) اور نہ پچھلی رکعتوں میں نہ سورہ فاتحہ اور نہ کوئی اور سورۃ۔

عن ابراهیم النخعی عن علقمة بن قیس قال لان اعض علی جمرة احب الی من ان اقرأ خلف الامام. (موطا امام محمد ص۹۸)

حضرت ابراہیم نخعی سے روایت ہے کہ حضرت علقمہ بن قیس نے فرمایا کہ انگارہ منہ میں

لےلوں یہ مجھے زیادہ محبوب ہے بہ نسبت اس کے امام کے پیچھے قرأت کروں۔

عن معمر عن ابی اسحاق ان علقمة بن قیس قال وددت ان الذی یقرأ خلف الامام ملیء فوه قال احسبه ترابا اورضفا.

(مصنف عبدالرزاق ج۲ ص۱۳۹)

ابواسحاق سے مروی ہے کہ حضرت علقمہ بن قیس نے فرمایا۔ میرا جی چاہتا ہے کہ جو امام کے پیچھے قرأت کرتا ہے اس کا منہ بھر دیا جائے۔ ابواسحٰق کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ آپ نے فرمایا تھا کہ اس کا منہ مٹی سے یا آگ کے انگارے سے بھر دیا جائے۔

حضرت عمرو بن میمون م۷۴ھ کا فرمان:

عن مالك بن عمارة قال سألت لا ادری کم رجل من اصحاب عبدالله کلهم یقولون لا یقرأ خلف امام منهم عمرو بن میمون.

(مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۷۷)

مالک بن عمارہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود کے بے شمار اصحاب اور تلامذہ سے جن میں عمرو بن میمون بھی ہیں امام کے پیچھے قرأت کرنے کے متعلق سوال کیا تو ان سب نے جواب دیا کہ امام کے پیچھے قرأت نہیں کرنی چاہیے۔

حضرت اسود بن یزید م۷۵ھ کا فرمان:

عن ابراهیم قال قال الاسود لان اعض جمرة احب الی من ان اقرأ خلف الامام اعلم انه یقرأ. (مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۷۶)

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ حضرت اسود بن یزید نے فرمایا کہ میں اس بات کو زیادہ پسند کرتا ہوں کہ اپنے منہ میں آگ کی چنگاری ڈال لوں بجائے اس کے کہ میں امام کے پیچھے قرأت کروں جب کہ مجھے علم ہے کہ وہ پڑھتا ہے۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا قول وعمل:

۱. مالك عن ابی نعیم وهب بن کیسان انه سمع جابر بن عبدالله یقول من صلی رکعة لم یقرأ فیها بام القرآن فلم یصل الا وراء الامام.

(موطا امام مالك ص۶۶، ترمذی ج۱ ص۷۱)

حضرت امام مالک ابونعیم وہب بن کیسان سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت جابر بن عبداللہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس شخص نے نماز پڑھی اور اس میں سورہ فاتحہ نہیں پڑھی تو گویا اس نے نماز ہی نہیں پڑھی الا یہ کہ امام کے پیچھے ہو۔

۲. عن جابر قال لا یقرأ خلف الامام.

(مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۷۶)

حضرت جابر بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ امام کے پیچھے قرأت نہ کی جائے۔

۳. عن عبید الله بن مقسم قال سألت جابر بن عبدالله اتقرأ خلف الامام فی الظهر والعصر شیئا فقال لا. (مصنف عبدالرزاق ج۲ ص۱۴۱)

حضرت عبیداللہ بن مقسم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر سے پوچھا کہ کیا آپ ظہر وعصر میں امام کے پیچھے کچھ پڑھتے ہیں۔ آپ نے فرمایا نہیں۔

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کا فرمان:

عن کثیر بن مرة عن ابی الدرداء قال قام رجل فقال یا رسول الله افی کل صلوة قرآن قال نعم فقال رجل من القوم وجب هذا فقال ابوالدرداء یا کثیر وانا الی جنبه لا اری الامام اذا ام القوم الا قد کفاهم.

(طحاوی ج۱ ص۱۴۸، دار قطنی ج۱ ص۳۳۲، مسند احمد ج۶ ص۴۴۸)

حضرت کثیر بن مرہ سے مروی ہے کہ حضرت ابو درداء نے فرمایا ایک صاحب اٹھے اور کہنے لگے یا رسول اللہ کیا ہر نماز میں قرأت ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں، لوگوں میں سے ایک صاحب بولے کہ پھر تو قرأت واجب ہوگئی۔ حضرت ابو درداء فرماتے ہیں کہ اے کثیر میں اس کے پہلو ہی میں تھا۔ میں نے کہا میرا خیال تو یہی ہے کہ جب امام لوگوں کی امامت کرتا ہے تو اس کی قرأت ہی لوگوں کو کافی ہوتی ہے۔

عن ابراهیم عن الاسود قال وودت ان الذی یقرأ خلف الامام ملئ فوه ترابا. (مصنف عبدالرزاق ج۲ ص۱۳۸)

حضرت اسود بن یزید فرماتے ہیں کہ میں اس کو پسند کرتا ہوں کہ جو شخص امام کے پیچھے قرأت کرتا ہے اس کا منہ مٹی سے بھر دیا جائے۔

حضرت سوید بن غفلہ م۸۱ھ کا فرمان:

عن الولید بن قیس قال سألت سوید بن غفلة اقرأ خلف الامام فی الظهر والعصر قال لا. (مصنف ابن ابی شیبة ج۱)

ولید بن قیس فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سوید بن غفلہ سے سوال کیا کہ ظہر اور عصر کی نماز میں امام کے پیچھے قرأت کر سکتا ہوں فرمایا نہیں۔

حضرت سعید بن مسیّب م۹۴ھ کا فرمان:

عن قتادة عن ابن المسیب قال انصت للامام.

(مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۷۷)

حضرت سعید بن مسیب نے فرمایا کہ امام کے پیچھے بالکل خاموشی اختیار کرو۔

حضرت سعید بن جبیر م۹۴ھ کا فرمان:

عن ابی بشر عن سعید بن جبیر قال سالته عن القرأة خلف الامام قال

لیس خلف امام قرأة. (مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۷۷)

ابو بشر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن جبیر سے سوال کیا کہ کیا امام کے پیچھے قرأت کی جا سکتی ہے؟ فرمایا کہ امام کے پیچھے کسی قسم کی قرأت نہیں کی جا سکتی۔

حضرت ابراہیم نخعی م۹٦ھ کا فرمان:

(۱) عن مغیرة عن ابراهیم انه کان یکره القرأة خلف الامام وکان یقول تکفیك قرأة الامام. (مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۷۷)

حضرت مغیرہ سے مروی ہے کہ حضرت ابراہیم نخعی امام کے پیچھے قرأت کرنے کو مکروہ سمجھتے تھے اور فرماتے تھے کہ تجھے امام کی قرأت ہی کافی ہے۔

(۲) عن ابراهیم قال ان اول من قرأ خلف الامام رجل اتهم.
(مؤطا امام محمد ص۹۸)

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ اول وہ شخص جس نے امام کے پیچھے قرأت کی وہ ایسا آدمی تھا جس پر بدعتی ہونے کا الزام لگایا گیا تھا۔

(۳) عن ابراهیم قال الذی یقرأ خلف الامام شاق.
(مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۷۷)

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ جو شخص امام کے پیچھے قرأت کرتا ہے وہ فاسق ہے۔

(٤) عن ابراهیم قال اول ما احدثوا القرأة خلف الامام وکانوا لا یقرؤن. (الجوهر النقی ج۲ ص۱٦۹)

حضرت ابراہیم نخعی نے فرمایا کہ لوگوں نے امام کے پیچھے قرأت کرنے کی بدعت ایجاد کی ہے اور وہ (صحابہ کرام اور تابعین) امام کے پیچھے قرأت نہیں کیا کرتے تھے۔

حضرت محمد بن سیرین م۱۱۰ھ کا فرمان:

عن محمد قال لا اعلم القرأة خلف الامام من السنة.

(مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۷۷)

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ میں امام کے پیچھے قرأت کرنے کو سنت نہیں جانتا۔

حضرت امام ابوحنیفہ م۱۵۰ھ کا مسلک:

قال محمد لا قرأة خلف الامام فيما جهر فيه ولا فيما لم يجهر وبذالك جاء ت عامة الآثار وهو قول ابى حنيفة. (موطا امام محمد ص۹٤)

امام محمد فرماتے ہیں کہ امام کے پیچھے قرأت جائز نہیں نہ جہری نمازوں میں نہ سری نمازوں میں اس کی تائید میں عام آثار وارد ہوئے ہیں اور یہی حضرت امام ابوحنیفہ کا قول ہے۔

حضرت امام مالک م۱۷۹ھ امام احمد بن حنبل م۲۴۱ھ امام زہری م۱۲۵ھ سفیان ثوری م۱۶۱ھ سفیان بن عیینہ م۱۹۸ھ اور اسحٰق بن راہویہ م۲۳۸ھ رحمۃ اللہ علیہم کا مسلک:

وجملة ذالك ان القرأة غير واجبة على المأموم فيما جهر به الامام ولا فيما اسر به نص عليه احمد فى رواية الجماعة وبذالك قال الزهرى والثورى وابن عيينة ومالك وابو حنيفة واسحاق.

(مغنى ابن قدامة ج۱ ص٥٦٦)

خلاصہ کلام یہ ہے کہ مقتدی پر قرأت واجب نہیں ہے نہ جہری نمازوں میں نہ سری میں۔ امام احمد نے صراحت کے ساتھ یہ بیان کیا ہے جیسا کہ علماء کی ایک جماعت نے ان سے نقل کیا ہے اور امام زہری، سفیان ثوری، سفیان بن عیینہ، امام مالک، امام ابوحنیفہ اور اسحٰق بن راھویہ بھی اسی کے قائل ہیں۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی م۶۱ھ کا فرمان:

وكذالك ان كان ماموما ينصت الى قرأة الامام ويفهمها.

(غنية الطالبين مترجم ص٥٩٢)

ایسے ہی اگر نماز پڑھنے والا مقتدی ہے تو اس کو امام کی قرأت کے لیے خاموش رہنا چاہیے اور اس کی قرأت کو سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

علامہ ابن تیمیہ م۷۲۸ھ کا فیصلہ:

فالنزاع من الطرفين لكن الذين ينهون عن القرأة خلف الامام جمهور السلف والخلف ومعهم الكتاب والسنة الصحيحة والذين اوجبوها على المأموم فحديثهم ضعفه الائمة.

(تنوع العبادات ص۸٦ بحواله احسن الكلام ص١٦٥)

مسئلہ زیر بحث میں نزاع تو طرفین سے ہے لیکن جو لوگ امام کے پیچھے قرأت سے منع کرتے ہیں وہ جمہور سلف وخلف ہیں، اور ان کے ہاتھ میں کتاب اللہ اور سنت صحیحہ ہے اور جو لوگ امام کے مقتدی کے لیے قرأت کو واجب قرار دیتے ہیں ان کی حدیث کو ائمہ حدیث نے ضعیف قرار دیا ہے۔ (ماخوذ: حدیث اور اہل حدیث ۲۹۹ تا ۳۴۴ تک)

رہی وہ روایت جو صاحب شمع محمدی نے نقل کی ہے اس کے کئی جواب ہیں۔

جواب نمبر۱:

ناظرین صاحب شمع محمدی نے حدیث کا ترجمہ مکمل درج نہیں فرمایا۔

ہم پہلے اس حدیث کا مشکوٰۃ شریف سے مکمل ترجمہ نقل کرتے ہیں جس سے آپ کو خود معلوم ہو جائے گا کہ واقع صاحب شمع محمدی نے ترجمہ نقل کرنے میں خیانت سے کام لیا ہے۔

مکمل ترجمہ اس طرح ہے۔

حضرت عبادہ بن صامت سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ فجر کی نماز میں رسول اللہ ﷺ کے پیچھے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے جب قرأۃ شروع کی تو آپ ﷺ کے

لیے پڑھنا مشکل ہو گیا۔ پھر جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا کہ شاید تم اپنے امام کے پیچھے قرأت کیا کرتے ہو؟ ہم نے عرض کیا جی ہاں۔ اے اللہ کے رسول۔ آپ ﷺ نے فرمایا سوائے سورۃ فاتحہ کے کچھ نہ پڑھا کرو اس لیے کہ جو آدمی سورہ فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز نہیں ہوتی۔

(رواہ ابوداود والترمذی وللنسائی معناہ وفی روایۃ لابی داود قال وانا اقول مالی ینازعنی القرآن فلا تقرأ او بشیء من القرآن اذا جهرت الا بام القرآن)

ابوداؤد، ترمذی، نسائی نے یہ روایت بالمعنی نقل کی ہے اور ابوداؤد شریف کی ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ جب ہی تو میں کہتا تھا کہ کیا ہو گیا کہ جو قرأت مجھ پر مشکل ہو رہی ہے جب میں قرأت جہر کے ساتھ کروں تو تم لوگ سوائے سورۃ فاتحہ کے اور کچھ نہ پڑھا کرو۔

ناظرین آپ نے مکمل حدیث کا ترجمہ پڑھ لیا۔ اس مکمل ترجمہ سے چند باتیں معلوم ہوئی۔

(۱) آپ کے پیچھے اگر کسی نے پڑھا تھا تو آپ کے حکم سے نہیں بلکہ اپنی مرضی سے پڑھا تھا۔ اگر آپ کا حکم ہوتا تو آپ کو پوچھنے کی ضرورت ہی نہیں تھی۔

(۲) اس کے پڑھنے سے آپ پر پڑھنا مشکل ہو گیا۔

(۳) قرآن مجید کی ۱۱۴ سورتیں ہیں اس حدیث کے مطابق آپ نے ۱۱۳ سورتیں تو پڑھنے سے منع فرما دیا یعنی ایک سو تیرہ (۱۱۳) میں تو آپ کا اور ہمارا نظریہ ایک ہو گیا کہ مقتدی ۱۱۳ سورتیں نہیں پڑھے گا۔ اب صرف سورہ فاتحہ کا مسئلہ رہ گیا۔

(۴) امام نسائی نے یہ روایت بالمعنی نقل کی ہے۔ اس عبارت سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ حدیث بالمعنی بیان کرنا درست ہے اور حدیث بالمعنی محدثین نے بیان بھی کی ہے اور اپنی

کتابوں میں نقل بھی کرتے ہیں۔

یہاں تک تو صرف یہ بتایا گیا ہے کہ صاحب شمع محمدی نے اس لیے مکمل ترجمہ نہیں لکھا تھا کہ اس حدیث میں یہ باتیں بھی تھیں۔ اب حدیث کا جواب ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) یہ حدیث حضرت ابوہریرہ کی حدیث کے خلاف ہے جو اسی فصل میں اس حدیث کے بعد آ رہی ہے اس میں ہے۔

پھر لوگ حضور اکرم ﷺ کے ساتھ ان نمازوں میں قرأت سے باز رہے جن میں بلند قرأت کی جاتی تھی جب سے حضور ﷺ کا یہ فرمان سنا۔ (مشکوٰۃ)

اس حدیث میں جہری نمازوں میں مقتدی کو مطلقاً قرأت سے منع کر دیا گیا۔

جواب نمبر۲:

یہ روایت قرآن اور احادیث اور صحابہ کرام کے ارشادات کے خلاف ہے جن میں امام کے پیچھے مطلق خاموشی کا حکم دیا گیا ہے جیسا کہ احناف کے دلائل میں گزرا۔

جواب نمبر۳:

اس حدیث کے متعلق امام ترمذی نے فرمایا کہ زیادہ صحیح یہ ہے کہ اس میں صرف اتنا ہے **لا صلوۃ لمن یقرأ بفاتحۃ الکتاب** یعنی اس میں مقتدی کا ذکر نہیں لہٰذا یہ حدیث ناقابل عمل ہے۔

جواب نمبر۴:

یہ حکم ابتداء پر محمول ہے ابتداءً لوگ اپنی مرضی سے امام کے پیچھے سورہ فاتحہ پڑھ لیتے تھے بعد میں (جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا جب نماز میں قرآن کی قرأت ہو رہی ہو تو خاموش ہو کر توجہ سے ساتھ سنو۔ میں یہ حکم منسوخ کر دیا گیا۔

جواب نمبر۵:

اس حدیث کے آخری الفاظ بظاہر صاحب شمع محمدی کے خلاف ہیں۔ کیوں کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ جہری نماز میں میرے پیچھے صرف الحمد پڑھا کرو اور اخفاء کی نماز میں الحمد اور سورۃ سب کچھ پڑھ لیا کرو۔ حالانکہ صاحب شمع محمدی اور ان کی جماعت کے دوسرے حضرات بھی مقتدی کو سورۃ پڑھنے کی اجازت نہیں دیتے۔ تفصیل کے لیے دیکھئے۔

(خاتمة الکلام از مولانا فقیر اللہ صاحب)

اعتراض نمبر۱۰۴:

خطبہ ہوتے ہوئے سنتیں پڑھنے کا حکم

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

صحیح بخاری صحیح مسلم میں ہے رسول خدا ﷺ فرماتے ہیں

اذا جاء احدکم والامام یخطب فلیرکع رکعتین ولیتجوز فیھما.

یعنی جمعہ کے دن امام کے خطبے کی حالت میں جو آئے وہ بھی ہلکی سی دو رکعت پڑھ لے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن افسوس صحیح حدیث کو حنفی مذہب نہیں مانتا۔ ہدایہ ص۱۵۱ میں ہے **اذا خرج الامام یوم الجمعة ترك الناس الصلاة والكلام.**

مطلب یہ ہے کہ خطبہ ہوتے ہوئے کوئی آئے تو وہ دو رکعت نماز نہ پڑھے۔ دیکھیں اب حدیث وفقہ کے مقابلے کے وقت موجودہ حنفی بھائی کس فوج میں بھرتی ہوتے ہیں۔ یہ نمازی بنتے ہیں یا بے نمازی؟ (شمع محمدی ص۱۱۹، ظفر المبین حصہ دوم ص۶۵)

جواب:

یہ مسئلہ پہلے مسئلہ نمبر۱۴ (جمعہ کے خطبے کے وقت کی نماز کا مسئلہ) کے تحت گزر چکا ہے۔ اس کا وہاں پر مفصل جواب دیا گیا ہے وہاں پر ہی ملاحظہ فرمائیں۔

جوناگڑھی نے ویسے ہی نمبر زیادہ کرنے کے لیے یہاں عنوان بدل دیا۔

اعتراض نمبر۱۰۵:

رفع الیدین کی حدیث

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوٰۃ نظامی ص۵۹ میں ہے **ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم کان یرفع یدہ حذو منکبیه اذا افتتح الصلوٰة واذا کبر للرکوع واذا رفع رأسه من الرکوع رفعھما کذالك.**

یعنی نبی کریم ﷺ جب کبھی نماز کو شروع کرتے اور جب رکوع میں جاتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے رفع الیدین کیا کرتے تھے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس صاف صحیح اور صریح حدیث کو نہیں مانتا چنانچہ ہدایہ جلد اول ص۹۲ میں ہے **ولا یرفع یدیه الا فی التکبیر والاولی.** یعنی پہلی تکبیر کے سوا پھر اور رفع الیدین نہ کرے۔ کہیے صلوٰۃ محمدی پڑھوائیے گا یا نماز حنفی؟

(شمع محمدی، ص۱۲۰، فتح المبین علی رد مذاہب المقلدین ص۱۳۴)

جواب:

صاحب شمع محمدی نے حنفی مذاہب کے دلائل کا ذکر بالکل نہیں کیا اور اپنے مذہب کی

حدیث لکھ دی ہم پہلے حنفی مذہب کے دلائل ذکر کرتے ہیں پھر اس حدیث کا جواب بھی عرض کریں گے ان شاء اللہ۔

حنفی مذہب کے دلائل

دلیل نمبر۱:

عن الزہری عن سالم عن ابیہ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا افتتح الصلوٰۃ رفع یدیہ حتی یحاذی بہما وقال بعضہم حذو منکبیہ واذا اراد ان یرکع بعد ما یرفع رأسہ من الرکوع لا یرفعہما وقال بعضہم ولا یرفع بین السجدتین والمعنی واحد.

(صحیح ابی عوانۃ ج۲ ص۹)

حضرت امام زہری، حضرت سالم سے اور وہ اپنے والد حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ نماز شروع کرتے تو رفع یدین کرتے...... مونڈھوں تک اور جب آپ ارادہ فرماتے کہ رکوع کریں اور رکوع سے سر اٹھا لینے کے بعد آپ رفع یدین نہ کرتے بعض راویوں نے کہا ہے کہ آپ دونوں سجدوں کے درمیان بھی رفع یدین نہ کرتے۔ مطلب سب راویوں کی روایت کا ایک ہی ہے۔

دلیل نمبر۲:

اخبرنی سالم بن عبد اللہ عن ابیہ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا افتتح الصلوٰۃ رفع یدیہ حذو منکبیہ واذا اراد ان یرکع بعد ما یرفع رأسہ من الرکوع فلا یرفع ولا بین السجدتین.

(مسند حمیدی ج۲ ص۲۷۷)

امام زہری فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت سالم بن عبداللہ نے اپنے والد حضرت عبداللہ بن عمر کے حوالے سے خبر دی کہ انہوں نے فرمایا میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ نماز شروع کرتے تو رفع یدین کرتے مونڈھوں تک اور جب رکوع میں جانے کا ارادہ فرماتے اور رکوع سے سر اٹھا لیتے تو پھر رفع یدین نہ کرے اور نہ دونوں سجدوں کے درمیان کرتے۔

دلیل نمبر۳:

عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یرفع یدیہ اذا افتتح الصلوٰۃ ثم لا یعود. (خلافیات بیہقی بحوالہ نصب الرایہ ج۱ ص۴۰۴)

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نماز شروع فرماتے وقت رفع یدین کرتے، پھر نہ کرتے۔

دلیل نمبر۴:

عن سالم بن عبداللہ عن ابیہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یرفع یدیہ حذو منکبیہ اذا افتتح التکبیر للصلوٰۃ.

(المدونۃ الکبریٰ ج۱ ص۶۹)

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ رفع یدین کرتے تھے مونڈھوں تک جب کہ آپ نماز کی تکبیر تحریمہ کہتے تھے۔

دلیل نمبر۵:

عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ترفع الایدی فی سبعۃ مواطن افتتاح الصلوٰۃ واستقبال البیت والصفا والمروۃ والموقفین وعند

الحجر. (نصب الرایه ج۱ ص۳۹۰)

حضرت عبداللہ بن عمر سے مروی ہے نبی علیہ السلام نے فرمایا رفع یدین سات مقامات پہ کیا جائے۔ نماز کے شروع میں، بیت اللہ کی زیارت کے وقت، صفا ومروہ پر، عرفات اور مزدلفہ میں وقوف کے وقت اور رمی جمار کے وقت۔

دلیل نمبر ۶:

عن علقمة قال قال عبد الله بن مسعود الا اصلی بکم صلوة رسول الله صلی الله علیه وسلم فصلی فلم یرفع یدیه الا فی اول مرة وفی الباب عن البراء بن عازب قال ابو عیسی حدیث ابن مسعود حدیث حسن وبه یقول غیر واحد من اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم والتابعین وهو قول سفیان واهل الکوفة. (ترمذی ج۱ ص۵۹)

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا کیا میں تمہیں حضور علیہ السلام جیسی نماز پڑھ کر نہ دکھاؤں؟ چنانچہ آپ نے نماز پڑھی اور پہلی مرتبہ (تکبیر تحریمہ کے وقت) رفع یدین کرنے کے علاوہ کسی اور جگہ رفع یدین نہیں کیا، اور ترک رفع یدین کے باب میں حضرت براء بن عازب سے بھی حدیث مروی ہے۔ امام ترمذی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود کی حدیث حسن ہے اور بے شمار اہل علم صحابہ کرام اور تابعین اسی کے (یعنی صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کرنے کے) قائل ہیں اور یہی حضرت سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا قول ہے۔

دلیل نمبر ۷:

عن علقمة قال قال عبدالله بن مسعود الا اصلی بکم صلٰوة رسول الله صلی الله علیه وسلم قال فصلی فلم یرفع یدیه الا مرة واحدة.

(ابوداود ص۱۰۹)

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا کیا میں تمہیں رسول اللہ ﷺ جیسی نماز پڑھ کر نہ دکھاؤں حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ آپ نے نماز پڑھی اور ایک مرتبہ (تکبیر تحریمہ کے وقت) کے علاوہ رفع یدین نہیں کیا۔

دلیل نمبر ۸:

عن عبد الله قال الا اخبرکم بصلٰوة رسول الله صلی الله علیه وسلم قال فقام فرفع یدیه فی اول مرة ثم لم یعد. (نسائی ج۱ ص۱۱۷)

حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ کیا میں رسول اللہ ﷺ کی نماز کی خبر نہ دوں (حضرت علقمہ آپ کے شاگرد) کہتے ہیں کہ آپ کھڑے ہوئے اور آپ نے پہلی مرتبہ (تکبیر تحریمہ کے وقت) رفع یدین کیا پھر نہیں کیا۔

دلیل نمبر ۹:

عن عبدالله انه قال الا اصلی بکم صلٰوة رسول الله صلی الله علیه وسلم فصلی فلم یرفع یدیه الا مرة واحدة. (نسائی ج۱ ص۱۲۰)

حضرت عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کیا میں تمہیں رسول اللہ ﷺ جیسی نماز پڑھ کر نہ دکھاؤں چنانچہ آپ نے نماز پڑھی اور صرف ایک مرتبہ (تکبیر تحریمہ کے وقت) رفع یدین کیا۔

دلیل نمبر ۱۰:

عن علقمة قال قال ابن مسعود الا اصلی لکم صلٰوة رسول الله صلی الله علیه وسلم قال فصلی فلم یرفع یدیه الا مرة.

(مسند احمد ج۱ ص۳۸۸ وص ۴۴۲)

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا کیا میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی طرح نماز پڑھ کر نہ دکھاؤں چنانچہ آپ نے نماز پڑھی اور صرف ایک مرتبہ رفع

یدین کیا۔

دلیل نمبر ۱۱:

عن عبداللہ قال الا اریکم صلٰوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلم یرفع یدیہ الا مرۃ. (مصنف ابن ابی شیبۃ ج۱ ص۲۳۶)

حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا کیا میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی طرح نماز پڑھ کر نہ دکھاؤں (چنانچہ آپ نے نماز پڑھی اور) صرف ایک مرتبہ رفع یدین کیا۔

دلیل نمبر ۱۲:

عن عبداللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان یرفع یدیہ فی اول تکبیرۃ ثم لا یعود. (شرح معانی الآثار للطحاوی ج۱ ص۱۵٤)

حضرت عبداللہ بن مسعود نبی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ صرف پہلی تکبیر کے موقع پر رفع یدین کرتے تھے پھر نہیں کرتے تھے۔

دلیل نمبر ۱۳:

عن علقمۃ قال قال عبداللہ یعنی ابن مسعود لاصلین بکم صلٰوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فصلی فلم یرفع یدیہ الا مرۃ واحدۃ.

(السنن الکبری للبیھقی ج۲ ص۷۸)

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا میں تمہیں ضرور بضرور رسول اللہ ﷺ جیسی نماز پڑھ کر دکھاؤں گا۔ حضرت علقمہ کہتے ہیں کہ آپ نے نماز پڑھی اور صرف ایک مرتبہ رفع یدین کیا۔

دلیل نمبر ۱۴:

ابو حنیفۃ عن حماد عن ابراھیم عن الاسود ان عبداللہ بن مسعود

رضی اللہ عنہ کان یرفع یدیہ فی اول التکبیر ثم لا یعود الی شیء من ذالک ویأثر ذالک عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم.

(جامع المسانید ج۱ ص۳۵۵)

حضرت امام ابوحنیفہ، حضرت حماد سے اور وہ حضرت ابراہیم نخعی سے اور وہ حضرت اسود سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود پہلی تکبیر میں رفع یدین کرتے تھے اور اس کے بعد نماز میں کسی اور جگہ رفع یدین نہیں کرتے تھے اور وہ اس عمل کو رسول اللہ ﷺ سے نقل کرتے تھے۔

دلیل نمبر ۱۵:

عن البراء ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا افتتح الصلٰوۃ رفع یدیہ الی قریب من اذنیہ ثم لا یعود. (ابوداؤد ج۱ ص۱۰۹)

حضرت براء بن عازب سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز شروع فرماتے تو کانوں کے قریب تک رفع یدین کرتے پھر (کسی جگہ) نہ کرتے۔

دلیل نمبر ۱۶:

عن البراء بن عازب قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا کبر لافتتاح الصلٰوۃ رفع یدیہ حتی یکون ابھاماہ قریبا من شحمتی اذنیہ ثم لا یعود. (شرح معانی الآثار للطحاوی ج۱ ص۱۵٤)

حضرت براء بن عازب سے مروی ہے کہ نبی علیہ السلام جب نماز شروع کرنے کے لیے تکبیر کہتے تو رفع یدین کرتے یہاں تک کہ آپ کے انگوٹھے کانوں کی لو کے قریب ہو جاتے پھر نہیں کرتے تھے۔

دلیل نمبر ۱۷:

عن البراء انہ رأی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین افتتح الصلٰوۃ

رفع یدیه حتی حازی بهما اذنیه ثم لم یعد الی شیء من ذالك حتی فرغ من صلوته. (دار قطنی ج۱ ص۲۹۳)

حضرت براء بن عازب سے مروی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ نے نماز شروع کی تو رفع یدین کیا یہاں تک کہ آپ دونوں ہاتھ کانوں تک لے گئے پھر آپ نے کسی اور مقام پر رفع یدین نہیں کیا حتی کہ آپ نماز سے فارغ ہو گئے۔

دلیل نمبر۱۸:

عن البراء بن عازب ان النبی صلی الله علیه وسلم کان اذا افتتح الصلٰوة رفع یدیه ثم لا یرفعهما حتی یفرغ.

(مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۲۳۶)

حضرت براء بن عازب سے مروی ہے کہ نبی علیہ السلام جب نماز شروع کرتے تو رفع یدین کرتے پھر نماز سے فارغ ہونے تک کسی مقام پر بھی رفع یدین نہ کرتے۔

دلیل نمبر۱۹:

عن البراء بن عازب قال رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم رفع یدیه حین افتتح الصلٰوة ثم لم یرفعهما حتی انصرف.

(ابو داود ج۱ ص۱۰۹)

حضرت براء بن عازب فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ نے نماز شروع کی تو رفع یدین کیا پھر نماز سے فارغ ہونے تک کسی اور جگہ نہیں کیا۔

دلیل نمبر۲۰:

عن ابی هریرة قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا دخل فی الصلاة رفع یدیه مدًا. (ابو داؤد ج۱ ص۱۱۰)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز میں داخل ہوتے تو خوب ہاتھ دراز کر کے رفع یدین کرتے۔

دلیل نمبر۲۱:

عن محمد بن عمرو بن عطاء انه کان جالسا مع نفر من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم فذکرنا صلٰوة النبی صلی الله علیه وسلم فقال ابو حمید الساعدی انا کنت احفظکم لصلٰوة رسول الله صلی الله علیه وسلم رایته اذا کبر جعل یدیه حذو منکبیه واذا رکع امکن یدیه من رکبتیه ثم هصر ظهره فاذا رفع رأسه استوٰی حتی یعود کل فقار مکانه واذا سجده وضع یدیه غیر مفترش ولا قابضهما واستقبل باطراف اصابع رجلیه القبلة فاذا جلس فی الرکعتین جلس علی رجله الیسری ونصب الیمنی فاذا جلس فی الرکعة الآخرة قدم رجله الیسری ونصب الاخری وقعد علی مقعدته الحدیث. (بخاری ج۱ ص۱۱٤)

حضرت محمد بن عمرو بن عطاء سے مروی ہے کہ وہ حضور علیہ السلام کے بہت سے صحابہ کرام کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے، فرماتے ہیں کہ ہم نے نبی علیہ السلام کی نماز کا تذکرہ کیا تو ابو حمید ساعدی کہنے لگے میں رسول اللہ ﷺ کی نماز کو تم سب سے زیادہ یاد رکھنے والا ہوں، میں نے آپ کو دیکھا کہ جب آپ تکبیر تحریمہ کہتے تو اپنے دونوں ہاتھ مونڈھوں کے برابر لے جاتے، اور جب رکوع کرتے تو اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر جما دیتے پھر اپنی کمر مبارک جھکا کر سر اور گردن کے برابر کر دیتے پھر رکوع سے سر اٹھا کر سیدھے کھڑے ہو جاتے حتی کہ آپ کی کمر کی ہر پسلی اپنی جگہ پر آ جاتی اور جب سجدہ کرتے تو دونوں ہاتھ زمین پر اس طرح رکھتے کہ نہ بانہوں کو بچھاتے نہ سمیٹ کر پہلو سے لگا دیتے اور پاؤں کی انگلیوں کی نوکیں قبلے کی طرف رکھتے پھر جب دو رکعتوں پر بیٹھتے تو بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھتے اور دایاں

پاؤں کھڑا رکھتے پھر جب آخری رکعت میں بیٹھتے تو بایاں پاؤں آگے کرتے اور دائیں پاؤں کو کھڑا کر کے سرین کے بل بیٹھتے۔

دلیل نمبر۲۲:

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ غَنْمٍ، أَنَّ أَبَا مَالِكٍ الْأَشْعَرِيَّ جَمَعَ قَوْمَهُ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ الْأَشْعَرِيِّينَ اجْتَمِعُوا وَاجْمَعُوا نِسَائَكُمْ، وَأَبْنَائَكُمْ أُعَلِّمْكُمْ صَلَاةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِي صَلَّى لَنَا بِالْمَدِينَةِ فَاجْتَمَعُوا، وَجَمَعُوا نِسَائَهُمْ وَأَبْنَاءَهُمْ، فَتَوَضَّأَ وَأَرَاهُمْ كَيْفَ يَتَوَضَّأُ، فَأَحْصَى الْوُضُوءَ إِلَى أَمَاكِنِهِ حَتَّى لَمَّا أَنْ فَاءَ الْفَيْءُ، وَانْكَسَرَ الظِّلُّ قَامَ، فَأَذَّنَ فَصَفَّ الرِّجَالَ فِي أَدْنَى الصَّفِّ، وَصَفَّ الْوِلْدَانَ خَلْفَهُمْ، وَصَفَّ النِّسَاءَ خَلْفَ الْوِلْدَانِ، ثُمَّ أَقَامَ الصَّلَاةَ، فَتَقَدَّمَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ وَكَبَّرَ، فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَسُورَةٍ يُسِرُّهُمَا، ثُمَّ كَبَّرَ فَرَكَعَ فَقَالَ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ ثَلَاثَ مِرَارٍ، ثُمَّ قَالَ سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، وَاسْتَوَى قَائِمًا، ثُمَّ كَبَّرَ، وَخَرَّ سَاجِدًا، ثُمَّ كَبَّرَ فَرَفَعَ رَأْسَهُ، ثُمَّ كَبَّرَ فَسَجَدَ، ثُمَّ كَبَّرَ فَانْتَهَضَ قَائِمًا، فَكَانَ تَكْبِيرُهُ فِي أَوَّلِ رَكْعَةٍ سِتَّ تَكْبِيرَاتٍ، وَكَبَّرَ حِينَ قَامَ إِلَى الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ أَقْبَلَ إِلَى قَوْمِهِ بِوَجْهِهِ، فَقَالَ احْفَظُوا تَكْبِيرِي، وَتَعَلَّمُوا رُكُوعِي وَسُجُودِي؛ فَإِنَّهَا صَلَاةُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِي كَانَ يُصَلِّي لَنَا كَذَا السَّاعَةِ مِنَ النَّهَارِ الحديث.

(مسند احمد ج۵ ص۳۴۳)

حضرت عبدالرحمٰن بن غنم فرماتے ہیں کہ حضرت ابو مالک اشعری نے اپنی قوم کو جمع کر کے فرمایا اے اشعری قوم جمع ہو جاؤ اور اپنی عورتوں اور بچوں کو بھی جمع کر لو تا کہ میں تمہیں نبی علیہ السلام کی نماز سکھا دوں جو آپ ہمیں مدینہ طیبہ میں پڑھایا کرتے تھے، پس آپ نے وضو کیا اور انہیں دکھلایا کہ کیسے وضو کیا جاتا ہے آپ نے خوب اچھی طرح سے پانی اعضاء

وضو تک پہنچایا حتی کہ جب سایہ ظاہر ہو گیا تو آپ نے کھڑے ہو کر اذان دی، امام سے قریب تک مردوں نے صف باندھی، ان کے پیچھے بچوں نے اور بچوں کے پیچھے عورتوں نے، پھر اقامت ہوئی اور آپ نماز پڑھانے کے لیے آگے بڑھ گئے۔ آپ نے رفع یدین کیا اور تکبیر (تحریمہ) کہی، پھر سورہ فاتحہ اور اس کے ساتھ دوسری سورت دونوں کو آہستہ سے پڑھا پھر تکبیر کہہ کر رکوع کیا اور تین مرتبہ سبحان اللہ وبحمدہ کہا، پھر سمع اللہ لمن حمدہ کہتے ہوئے سیدھے کھڑے ہو گئے پھر تکبیر کہہ کر سجدہ سے سر اٹھایا پھر تکبیر کہہ کر دوسرا سجدہ کیا پھر تکبیر کہہ کر کھڑے ہو گئے۔ اس طرح پہلی رکعت میں آپ کی چھ تکبیریں ہوئیں۔ آپ نے دوسری رکعت کے لیے اٹھتے وقت بھی تکبیر کہی پھر نماز پوری کر کے اپنے قبیلے والوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا میری تکبیروں کو یاد کر لو اور میرا رکوع وسجود دیکھ لو کیوں کہ یہ رسول اللہ ﷺ کی وہ نماز ہے جو آپ ہمیں دن کے اس حصے میں پڑھایا کرتے تھے۔

دلیل نمبر۲۳:

عن عباد بن الزبیر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا افتتح الصلاۃ رفع یدیہ فی اول الصلاۃ ثم لم یرفعهما فی شیء حتی یفرغ.

(خلافیات بیهقی بحواله نصب الرایه ج۱ ص۴۰۴)

حضرت عباد بن زبیر سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز شروع فرماتے تھے تو ابتدا نماز میں رفع یدین کرتے تھے پھر نماز میں کہیں بھی رفع یدین نہیں کرتے تھے حتی کہ آپ نماز سے فارغ ہو جاتے۔

دلیل نمبر۲۴:

عن جابر بن سمرۃ قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال مالی اراکم رافعی ایدیکم کانها اذناب خیل شمس اسکنوا فی

الصلوٰة. (مسلم ج۱ ص۱۸۱)

حضرت جابر بن سمرہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ حجرہ مبارک سے نکل کر ہمارے پاس تشریف لائے اور ہمیں رفع یدین کرتے ہوئے پا کر فرمایا کہ مجھے کیا ہو گیا ہے میں تمہیں اس طرح رفع یدین کرتے ہوئے پاتا ہوں جیسے بدکے ہوئے گھوڑوں کی دمیں اٹھی ہوئی ہوں، نماز میں سکون اختیار کرو۔

دلیل نمبر ۲۵:

عن جابر بن سمرة قال خرج علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم ونحن يعنى رافعوا ايدينا فى الصلوٰة فقال مابالهم رافعين ايديهم فى الصلوٰة كانها اذناب الخيل الشمس اسكنوا فى الصلوٰة.

(نسائی ج۱ ص۱۳۳)

حضرت جابر بن سمرہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ حجرہ مبارک سے نکل کر ہمارے پاس تشریف لائے اس حال میں کہ ہم نماز کے اندر رفع یدین کر رہے تھے، آپ نے فرمایا انہیں کیا ہو گیا کہ نماز کے اندر اس طرح رفع یدین کر رہے ہیں جیسے بدکے ہوئے گھوڑوں کی دمیں اٹھی ہوئی ہوں نماز کے اندر سکون اختیار کرو۔

دلیل نمبر ۲۶:

عن ابن عباس عن النبى صلى الله عليه وسلم قال لا ترفع الايدى الا فى سبعة مواطن حين يفتتح الصلوٰة وحين يدخل المسجد الحرام فينظر الى البيت وحين يقوم على الصفا وحين يقوم على المروة وحين يقف مع الناس عشية عرفة وبجمع والمقامين حين يرى الجمرة.

(معجم طبرانی کبیر، نصب الرایه ج۱ ص۳۹۰)

حضرت عبداللہ بن عباس نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا رفع یدین نہ کیا جائے مگر سات مقامات میں جب نماز شروع کی جائے اور جب مسجد حرام میں داخل ہوتے ہوئے بیت اللہ پر نظر پڑے اور جب صفا و مروہ پر کھڑا ہو اور عرفات میں بعد از زوال جب لوگوں کے ساتھ وقوف کرے اور مزدلفہ میں وقوف کے وقت اور جمرتین کی رمی کرتے وقت۔

خلفاء راشدین صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کرتے تھے:

عن عبدالله قال صليت مع النبى صلى الله عليه وسلم ومع ابى بكر ومع عمر رضى الله عنهما فلم يرفعوا ايديهم الا عند التكبيرة الاولىٰ فى افتتاح الصلوٰة، قال اسحٰق به ناخذ فى الصلوٰة كلها.

(دار قطنی ج۱ ص۲۹۵، بیهقی ج۲ ص۷۹)

حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ، حضرت ابوبکر، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ نماز پڑھی ہے۔ ان سب نے رفع یدین نہیں کیا مگر پہلی تکبیر کے وقت نماز کے شروع میں، محدث اسحٰق بن ابی اسرائیل کہتے ہیں کہ ہم بھی اسی کو اپناتے ہیں پوری نماز میں۔

عن علقمة انه قال صليت خلف عبدالله بن مسعود فلم يرفع يديه عند الركوع وعند رفع الراس من الركوع فقلت له لم لا ترفع يديك فقال صليت خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم وخلف ابى بكر وعمر فلم يرفعوا ايديهم الا فى التكبيرة التى تفتتح بها الصلوٰة.

(بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع ج۱ ص۲۰۷)

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود کے پیچھے نماز پڑھی تو انہوں نے رکوع میں جاتے اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین نہیں کیا۔ میں۔ نے پوچھا

کہ آپ رفع یدین کیوں نہیں کرتے تو آپ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ، حضرت ابو بکر اور حضرت عمر کے پیچھے نماز پڑھی ہے ان سب نے رفع یدین نہیں کیا مگر اسی تکبیر میں جس سے نماز شروع ہوتی ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین نہیں کرتے تھے:

عن الاسود قال صليت مع عمر فلم يرفع يديه في شيء من صلوٰة الا حين افتتح الصلوٰة الحديث. (مصنف ابن ابی شيبة ج۱ ص۲۳۷)

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر کے ساتھ نماز پڑھی تو انہوں نے نماز میں کسی جگہ بھی رفع یدین نہیں کیا سوائے ابتداء نماز کے۔

عن الاسود قال رأيت عمر بن الخطاب يرفع يديه في اول تكبيرة ثم لا يعود. (شرح معانی الآثار للطحاوی ج۱ ص۱۵٦)

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے آپ صرف پہلی تکبیر کے وقت رفع یدین کرتے تھے پھر نہیں کرتے تھے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین نہیں کرتے تھے:

عن عاصم بن كليب عن ابيه ان عليا كان يرفع يديه في اول تكبيرة من الصلوٰة ثم لا يرفع بعد. (شرح معانی الآثار للطحاوی ج۱ ص۱۵٤)

حضرت عاصم بن کلیب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی نماز کی پہلی تکبیر میں رفع یدین کرتے تھے پھر اس کے بعد رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

عن عاصم بن كليب عن ابيه ان عليا كان يرفع يديه اذا افتتح الصلوٰة ثم لا يعود. (مصنف ابن ابی شيبة ج۱ ص۲۳٦)

حضرت عاصم بن کلیب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی نماز شروع

کرتے وقت رفع یدین کرتے تھے پھر (اس کے بعد) نہیں کرتے تھے۔

عن عاصم بن كليب الجرمي عن ابيه و كان من اصحاب علي ان علي بن ابي طالب كرم الله وجهه كان يرفع يديه في التكبيرة الاولٰى التي يفتتح بها الصلوٰة ثم لا يرفعهما في شيء من الصلاة. (موطا امام محمد ص۹۰، بیهقی ج۳ ص۸۹)

حضرت عاصم بن کلیب اپنے والد سے جو حضرت علی کے شاگردوں میں سے ہیں روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی نماز کی صرف پہلی تکبیر میں رفع یدین کرتے تھے جس سے نماز شروع ہوتی ہے پھر اس کے بعد نماز کے کسی حصے میں رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود بھی تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین نہیں کرتے تھے:

عن ابراهيم عن عبدالله انه كان يرفع يديه في اول ما يستفتح ثم لا يرفعهما. (مصنف ابن ابی شيبة ج۱ ص۲۳٦)

حضرت ابراہیم نخعی سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود نماز کے شروع میں رفع یدین کرتے تھے پھر نہیں کرتے تھے۔

عن ابراهيم قال كان عبدالله لا يرفع يديه في شيء من الصلوٰة الا في الافتتاح. (شرح معانی الآثار للطحاوی ج۱ ص۱۵٦)

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود نماز کے کسی حصے میں رفع یدین نہیں کرتے تھے سوائے شروع کے۔

عن ابراهيم عن ابن مسعود كان يرفع يديه في اول شيء ثم لا يرفع بعد. (مصنف عبدالرزاق ج۲ ص۷۱)

حضرت ابراہیم نخعی سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود نماز کے شروع میں رفع یدین کرتے تھے پھر اس کے بعد نہیں کرتے تھے۔

حضرت ابو ہریرہ ؓ بھی تکبیر تحریمہ کے وقت ہی رفع یدین کرتے تھے:

اخبرنا مالك اخبرني نعيم المجمر وابو جعفر القاري ان اباهريرة كان يصلي بهم فكبر كلما خفض ورفع قال ابو جعفر القاري وكان يرفع يديه حين يكبر ويفتتح الصلوٰة.

(موطا امام محمد ص۸۸، کتاب الحجة ج۱ ص۹۵)

حضرت امام محمد فرماتے ہیں کہ ہمیں خبر دی امام مالک نے اور امام مالک فرماتے ہیں کہ مجھے خبر دی نعیم المجمر اور ابو جعفر القاری دونوں نے کہ حضرت ابو ہریرہ ان کو نماز پڑھاتے تھے تو ہر اونچ نیچ میں تکبیر کہتے تھے، ابو جعفر القاری کہتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رفع یدین نماز کے شروع میں تکبیر تحریمہ کے وقت کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عمر ؓ کا تکبیر تحریمہ کے وقت ہی رفع یدین کرنا:

عن مجاهد قال صليت خلف ابن عمر فلم يكن يرفع يديه الا في التكبيرة الاولىٰ من الصلوٰة. (شرح معاني الآثار للطحاوي ج۱ ص۱۵۵)

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر کے پیچھے نماز پڑھی تو انہوں نے رفع یدین نہیں کیا مگر نماز کی پہلی تکبیر میں۔

عن مجاهد قال ما رأيت ابن عمر يرفع يديه الا في اول ما يفتتح.

(مصنف ابن ابي شيبة ج۱ ص۲۳۷)

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر کو ابتداء نماز کے علاوہ رفع یدین کرتے ہوئے کبھی نہیں دیکھا۔

عن عبدالعزيز بن حكيم قال رأيت ابن عمر يرفع يديه حذا اذنيه في اول تكبيرة افتتاح الصلوٰة ولم يرفعهما فيما سوىٰ ذالك.

(موطا امام محمد ص۹۰)

عبدالعزیز بن حکیم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر کو دیکھا کہ وہ ابتداءِ نماز میں پہلی تکبیر کے وقت رفع یدین کرتے تھے کانوں کے برابر اس کے علاوہ رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن زبیر کے صاحبزادے حضرت عباد کا فرمان:

وفي المواهب اللطيفة واخرج البيهقي في خلافياته عن الحاكم بسنده الى حفص بن غياث عن محمد بن ابي يحيىٰ قال صليت الى جنب عباد بن عبدالله بن الزبير قال فجعلت ارفع يدي في كل رفع ووضع قال يا ابن اخي رأيتك ترفع في كل رفع وخفض وان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا افتتح الصلوٰة رفع يديه في اول صلوٰة ثم لم يرفعهما في شيء حتى فرغ. (بسط اليدين لنيل الفرقدين ص۵۳)

حضرت محمد بن یحییٰ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عباد بن عبداللہ بن زبیر کے پہلو میں نماز پڑھی تو میں ہر اونچ نیچ میں رفع یدین کرتا رہا، حضرت عباد نے فرمایا اے میرے بھتیجے میں نے تمہیں دیکھا ہے کہ تم ہر اونچ نیچ میں رفع یدین کر رہے تھے حالانکہ رسول اللہ ﷺ نماز کی ابتدا میں ہی فقط رفع یدین کرتے تھے، پھر نماز سے فارغ ہونے تک کہیں اور رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ کے اصحاب وتلامیذ ابتدا نماز کے علاوہ رفع یدین نہیں کرتے تھے:

عن شعبة عن ابي اسحاق قال كان اصحاب عبدالله واصحاب علي لا يرفعون ايديهم الا في افتتاح الصلوٰة قال وكيع ثم لا يعودون.

(مصنف ابن ابي شيبة ج۱ ص۲۳۶)

حضرت ابواسحٰق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے اصحاب وشاگرد صرف نماز کی ابتدا میں رفع یدین کرتے تھے، حضرت وکیع فرماتے ہیں کہ پھر اس کے بعد کسی مقام پر رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

حضرت ابواسحاق، امام شافعی اور ابراہیم نخعی تینوں ابتداء نماز کے علاوہ رفع یدین نہیں کرتے تھے:

قال عبدالملك ورأيت الشعبي وابراهيم وابا اسحاق لا يرفعون ايديهم الا حين يفتتحون الصلوٰة. (مصنف ابن ابي شيبة ج١ ص٢٣٧)

حضرت عبدالملک بن ابجد فرماتے ہیں کہ میں نے امام شعبی، ابراہیم نخعی اور ابواسحاق سبیعی کو دیکھا ہے یہ لوگ ابتداء نماز کے علاوہ رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

عن اشعث عن الشعبي انه كان يرفع يديه في اول التكبير ثم لا يرفعهما. (مصنف ابن ابي شيبة ج١ ص٢٣٦)

امام شعبی سے مروی ہے کہ وہ تکبیر تحریمہ کے وقت ہی رفع یدین کرتے تھے پھر نہیں کرتے تھے۔

اخبرنا حصين ومغيرة عن ابراهيم انه كان يقول اذا كبرت في فاتحة الصلوٰة فارفع يديك ثم لا ترفعهما فيما بقي.

(مصنف ابن ابي شيبة ج١ ص٢٣٦)

حضرت حصین اور مغیرہ، حضرت ابراہیم نخعی سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے تھے کہ جب تو نماز کے شروع میں تکبیر (تحریمہ) کہے تو رفع یدین کر پھر باقی نماز میں رفع یدین نہ کر۔

عن حصين ومغيرة عن ابراهيم قال لا ترفع يديك في شيء من الصلوٰة

الا في الافتتاحة الاولى. (مصنف ابن ابي شيبة ج١ ص٢٣٦)

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ تو ابتداء نماز کے علاوہ باقی کسی جگہ بھی نماز میں رفع یدین نہ کر۔

حضرت اسود بن یزید اور حضرت علقمہ بھی ابتداء نماز کے علاوہ رفع یدین نہیں کرتے تھے:

عن جابر عن الاسود وعلقمة انهما كانا يرفعان ايديهما اذا افتتحا ثم لا يعودان. (مصنف ابن ابي شيبة ج١ ص٢٣٦)

حضرت جابر سے مروی ہے کہ حضرت اسود بن یزید اور حضرت علقمہ نماز کے شروع میں رفع یدین کرتے تھے پھر نہیں کرتے تھے۔

حضرت قیس بن ابی حازم بھی ابتداء نماز کے علاوہ رفع یدین نہیں کرتے تھے:

عن اسماعيل قال كان قيس يرفع يديه اول ما يدخل في الصلوٰة ثم لا يرفعهما. (مصنف ابن ابي شيبة ج١ ص٢٣٦)

حضرت اسماعیل فرماتے ہیں کہ حضرت قیس بن ابی حازم ابتداء نماز میں رفع یدین کرتے تھے پھر اس کے بعد نہیں کرتے تھے۔

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ بھی صرف ابتداء نماز میں ہی رفع یدین کرتے تھے:

عن سفيان بن مسلم الجهني قال كان ابن ابي ليلى يرفع يديه اول شيء اذا كبر. (مصنف ابن ابي شيبة ج١ ص٢٣٧)

حضرت سفیان بن مسلم جہنی فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ صرف ابتداء نماز میں رفع یدین کرتے تھے جب تکبیر کہتے تھے۔

حضرت خیثمہ بھی صرف ابتداء نماز میں ہی رفع یدین کرتے تھے:

عن الحجاج عن طلحة عن خيثمة وابراهيم قال كانا لا يرفعان ايديهم الا بدء الصلوٰة. (مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۲۳۶)

حضرت طلحہ فرماتے ہیں کہ حضرت خیثمہ اور حضرت ابراہیم نخعی دونوں رفع یدین نہیں کرتے تھے مگر نماز کے شروع میں۔

حضرت سفیان ثوری بھی صرف تکبیر تحریمہ کے وقت ہی رفع یدین کے قائل ہیں:

قال الامام الترمذی وهو قول سفیان واهل الکوفة.
(ترمذی ج۱ ص۵۹)

امام ترمذی فرماتے ہیں کہ اور اسی کے (کہ صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کیا جائے پھر نہیں) قائل ہیں حضرت سفیان ثوری اور اہل کوفہ۔

محدث اسحاق ابن ابی اسرائیل بھی صرف تکبیر تحریمہ کے وقت ہی رفع یدین کے قائل تھے:

قال اسحاق به ناخذ فی الصلاة کلها. (دار قطنی ج۱ ص۲۹۵)

محدث اسحاق بن ابی اسرائیل فرماتے ہیں کہ ہم بھی اسی کو (کہ رفع یدین ابتداء نماز میں تکبیر تحریمہ کے وقت ہی کیا جائے) اپناتے ہیں تمام نماز میں۔

حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک:

قال محمد السنة ان يكبر الرجل فی صلوٰته كلما خفض وكلما رفع

واذا انحط للسجود كبروا اذا انحط للسجود الثانی كبر فاما رفع اليدين فی الصلوٰة فانه يرفع يديه حذو الاذنين فی ابتداء الصلوٰة مرة واحدة ثم لا يرفع فی شیء من الصلوٰة بعد ذالك وهذا كله قول ابی حنيفة.

(موطا امام محمد ص۸۸)

حضرت امام محمد فرماتے ہیں سنت یہ ہے کہ نمازی اپنی نماز میں ہر اٹھتے بیٹھتے تکبیر کہے جب پہلے سجدے میں جائے تو تکبیر کہے جب دوسرے سجدے میں جائے تو تکبیر کہے، رہا رفع یدین تو وہ ابتداء نماز میں صرف ایک مرتبہ کانوں تک کرے اس کے بعد نماز میں کسی جگہ بھی رفع یدین نہ کرے اور یہ سب حضرت امام ابوحنیفہ کا قول ہے۔

حضرت امام مالک رحمہ اللہ کا مسلک:

(قال) وقال مالك لا اعرف رفع اليدين فی شیء من تكبير الصلوٰة لا فی خفض ولا فی رفع الا فی افتتاح الصلوٰة. (المدونة الكبریٰ ص۶۸)

امام مالک فرماتے ہیں کہ میں نے نہیں جانا رفع یدین کو نماز کی کسی بھی تکبیر میں جھکتے ہوئے نہ اٹھتے ہوئے سوائے ابتداء نماز کے۔

المالكية قالوا رفع اليدين حذو المنكبين عند تكبيرة الاحرام مندوب وفيما عدا ذالك مكروه. (الفقه علی المذاهب الاربعة ج۱ ص۲۵۰)

مالکیہ کہتے ہیں کہ رفع یدین مونڈھوں تک تکبیر تحریمہ کے وقت مستحب ہے اس کے علاوہ مکروہ ہے۔

ترک رفع یدین پر اہل مدینہ کا اجماع:

قال ابن القيم من اصول مالك اتباع عمل اهل المدينة وان خالف الحدث. (بدائع الفوائد ج۴ ص۳۲)

امام ابن قیم فرماتے ہیں کہ حضرت امام مالک کے اصول میں سے ہے کہ وہ اہل مدینہ کے عمل کی اتباع کرتے ہیں اگرچہ وہ حدیث کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔

قال ابن رشد المالکی فمنهم من اقتصر به علی الاحرام فقط ترجیحا لحدیث عبدالله بن مسعود وحدیث البراء بن عازب وهو مذهب مالك لموافقة العمل به. (بداية المجتهد ج١ ص٩٧)

ابن رشد مالکی فرماتے ہیں کہ کچھ فقہاء نے رفع یدین کرنے کو صرف تکبیر تحریمہ کے وقت منحصر کیا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت براء بن عازب کی احادیث کی ترجیح دیتے ہوئے اور یہی مذہب ہے امام مالک کا بھی کیوں کہ اہل مدینہ کا عمل اسی کے موافق ہے۔

ترک رفع یدین پر اہل کوفہ کا اجماع:

قال الامام الترمذی وبه یقول غیر واحد من اهل العلم من اصحابه النبی صلی الله علیه وسلم والتابعین وهو قول سفیان واهل الکوفة.

(ترمذی ج١ ص٥٩)

امام ترمذی فرماتے ہیں کہ بے شمار اہل علم صحابہ کرام اور تابعین عظام اسی کے (صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کرنے کے) قائل ہیں اور یہی حضرت سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا قول ہے۔

قال الامام محمد بن نصر المروزی لا نعلم مصرا من الامصار ترکوا باجمعهم رفع الیدین عند الخفض والرفع الا اهل الکوفة.

(التعلیق الممجد ص٩١)

امام محمد بن نصر مروزی فرماتے ہیں کہ شہروں میں سے کسی شہر کے متعلق ہم نہیں جانتے کہ وہاں کے رہنے والوں نے اجماعاً سر جھکاتے اور سر اٹھاتے وقت رفع یدین چھوڑ دیا ہو

سوائے اہل کوفہ کے۔

قال ابن رشد المالکی فذهب اهل الکوفة ابو حنیفة وسفیان الثوری وسائر فقهائهم الی انه لا یرفع المصلی یدیه الا عند تکبیرة الاحرام فقط.

(بداية المجتهد ج١ ص٩٦)

ابن رشد فرماتے ہیں کہ اہل کوفہ حضرت امام ابوحنیفہ، حضرت سفیان ثوری اور وہاں کے تمام فقہاء اس طرف گئے ہیں کہ نمازی تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین نہ کرے۔

ترک رفع یدین پر فقہاء کا اجماع:

ثنا ابوبکر بن عیاش قال ما رأیت فقیهًا قط یفعله یرفع یدیه فی غیر التکبیرة الاولی. (شرح معانی الآثار للطحاوی ج١ ص١٥٦)

حضرت ابوبکر بن عیاش فرماتے ہیں کہ میں نے ہرگز کسی فقیہ کو بھی پہلی تکبیر کے علاوہ رفع یدین کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔

کسی بھی مقام پر رفع یدین کے واجب نہ ہونے پر اجماع:

قال النووی اجمعت الامة علی استحباب رفع الیدین عند تکبیرة الاحرام واختلفوا فیما سواها ...... واجمعوا علی انه لا یجب شیء من الرفع. (نووی شرح مسلم ج١ ص١٦٨)

امام نووی فرماتے ہیں کہ اس بات پر اجماع ہے کہ تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کرنا مستحب ہے اس کے علاوہ میں اختلاف ہے...... اور اس پر بھی اجماع ہے کہ رفع یدین کسی مقام پر بھی واجب نہیں۔

مذکورہ بالا احادیث وآثار اور اقوال ائمہ مجتہدین سے درج ذیل امور ثابت ہوئے۔

(١) تکبیر تحریمہ کہتے وقت دونوں ہاتھوں کو کانوں تک اٹھانا مسنون ہے۔

(۲) حضور علیہ السلام صرف تکبیر تحریمہ کے وقت ہی رفع یدین کیا کرتے تھے چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت براء بن عازب اور حضرت عباد بن زبیر وغیرہ آپ سے اسی عمل کو نقل فرماتے ہیں۔ حضرت ابوحمید ساعدی نے بہت سے صحابہ کرام کی موجودگی میں فرمایا مجھے حضور علیہ السلام کی نماز تم سب سے زیادہ یاد ہے، پھر آپ نے حضور علیہ السلام کی نماز کی کیفیت ذکر فرمائی، اس میں آپ نے صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کرنے کا ذکر فرمایا۔ جیسا کہ بخاری شریف کی حدیث سے واضح ہے۔

اسی طرح حضرت ابو مالک اشعری نے اپنے قبیلے کے لوگوں کو اکٹھا کیا اور فرمایا میں تمہیں حضور علیہ السلام کی نماز سکھلاتا ہوں۔

رہی وہ روایت جو صاحب شمع محمدی نے نقل کی ہے۔ اس کے کئی جواب ہیں۔

جواب نمبر ۱:

صاحب شمع محمدی نے یہ حدیث مکمل نقل نہیں کی اور نہ یہ ظاہر کیا ہے یہ حدیث کس صحابی نے روایت کی ہے۔

ناظرین یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمر نے روایت کی ہے۔

جواب نمبر ۲:

اس حدیث کے آخری الفاظ ہیں **وکان لا یفعل ذالك فی السجود** اور رسول اللہ ﷺ سجدوں میں ایسا نہیں کرتے تھے۔ جب کہ حضرت عبداللہ بن عمر سے سجدوں میں بھی رفع یدین کرنا ثابت ہے۔

ملاحظہ فرمائیں:

حضرت عبداللہ بن عمر جب نماز میں داخل ہوتے تو رفع یدین کرتے اور جب رکوع کرتے اور جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے اور جب سجدہ کرتے تو رفع یدین کرتے۔

(المحلی ابن حزم ج٤ ص٩٣ مسئلہ نمبر ٤٤٢)

حضرت ابن عمر سے روایت ہے کہ بے شک آپ ﷺ رفع یدین کرتے جب رکوع کرتے اور جب سجدہ کرتے۔ **(اثبات رفع الیدین ص ۸۱ خالد گھرجاکھی)**

ان کے علاوہ بھی اور بہت سی روایات ہیں جن میں سجدوں کے درمیان رفع یدین کرنا ثابت، صاحب شمع محمدی نے یہ روایات ذکر نہیں کیں۔

جواب نمبر ۳:

عبداللہ بن عمر کا اپنا عمل ان روایات کے خلاف ہے۔

(دیکھئے طحاوی شریف ج ۱ ص ۱۵۵)

جواب نمبر ۴:

یہ روایت منسوخ ہے۔

جواب نمبر ۵:

ہم نے اوپر حضرت عبداللہ بن عمر کی صحیح روایات نقل کی ہیں جن میں واضح طور پر موجود ہے کہ آپ پہلی مرتبہ رفع یدین کرتے تھے پھر نہیں کرتے تھے۔ (زیادہ تفصیل کے لیے دیکھئے۔ (تحقیق حدیث عبداللہ بن عمر، مصنف ریحان جاوید)

اعتراض نمبر ۱۰۶:

جلسہ استراحت

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان فی وتر من صلوته لم ینهض حتی یستوی قاعدًا. (اخرجه البخاری) یعنی جب حضور ﷺ پہلی یا تیسری رکعت کے بعد کھڑا ہونا چاہتے تو بغیر اچھی طرح بیٹھے ہوئے کھڑے نہ ہوتے۔ یہ صحیح اور صریح

حدیث ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض تے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا۔ ان کی ہدایہ ص۹۲ میں ہے **ولا یقعد** یعنی اس موقعہ پر نہ بیٹھے۔ کہو حنفی بھائیو کس کی مانو گے؟ اور کس کی چھوڑو گے؟

(شمع محمدی ص۱۲۱، ظفر المبین حصہ اول ص۱۱۵)

جواب:

صاحب شمع محمدی یہاں پر بھول گئے ہیں وہ یہ مسئلہ شمع محمدی میں مسئلہ نمبر۲۰ میں نقل کر چکے ہیں یہاں پر پھر دوبارہ نقل کر دیا ہے۔ اور ہم نے اس کا جواب آفتاب محمدی بجواب شمع محمدی ص۱۲۳ میں تفصیل کے ساتھ دے دیا ہے۔

اعتراض نمبر۱۰۷، ۱۰۸:

ظہر عصر کی نماز کا محمدی اور حنفی وقت

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم امنى جبرائيل عند البيت مرتين فصلى بى الظهر حين زالت الشمس وكانت قدر الشراك وصلى بى العصر حين صار ظل كل شىء مثله

(رواه ابوداود والترمذى مشكوة ص٥٩ جلد اول باب المواقيت)

یعنی آنحضرت ﷺ کی امامت حضرت جبرئیل علیہ السلام نے بیت اللہ شریف میں کی اور ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جب سورج ڈھل کر بقدر ایک تسمہ کے اس کا سایہ ظاہر ہو گیا اور عصر کی نماز اس وقت پڑھائی۔ جب کہ ہر چیز کا سایہ اس کے برابر ہو گیا۔

ناظرین یہ حدیث آپ کے سامنے ہے اس میں صاف موجود ہے کہ عصر کی نماز کا وقت وہ ہے کہ جب کہ ہر چیز کا سایہ اس کے برابر ہو جائے یہی نماز عصر کا شروع اور نماز ظہر کا آخر وقت ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا وہ کہتا ہے **واخر وقتها عند ابى حنيفة اذا صار ظل كل شىء مثليه ...... واول وقت العصر اذا خرج وقت الظهر.**

(هدايه جلد اول ص٦٤ باب المواقيت)

یعنی امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک ظہر کا آخری وقت اور عصر کا اول وقت وہ ہے جب ہر چیز کا سایہ اس سے دگنا ہو جائے۔ سنا آپ نے؟ ایک کے دو ہو گئے حدیث میں ہے کہ ایک گونہ سایہ ہونے سے ظہر کا وقت جاتا رہا حنفی مذہب میں ہے نہیں گیا۔ حدیث میں ہے ایک گنا سایہ ہونے پر عصر کا وقت شروع ہو گیا۔ حنفی مذہب میں ہے نہیں ہوا۔ رسول اللہ ﷺ ظہر کے وقت کے نکلنے اور عصر کے وقت کے آنے کا انداز بتلائیں کہ جب سورج کا چڑھتا ہوا اور بڑھتا ہوا سایہ سوائے اصلی سائے کے ہر چیز کے برابر ہو جائے۔ حنفی مذہب کہے یہ ٹھیک نہیں بلکہ جب ہر چیز سے دگنا ہو جائے۔ کہو حنفی دوستو اب آپ کا کیا فیصلہ ہے نمازوں کے اوقات کا صحیح علم خدا کے بھیجے ہوئے نبی کو تھا؟ یا ان کے ایک امتی کو؟

(شمع محمدی ص۱۲۶، ظفر المبین حصہ دوم ص۱۷۶، احادیث نبویہ اور فقہ حنفیہ ص۲۱، اختلاف امت کا المیہ ص۶۰، سبیل الرسول ص۲۴۴، معیار الحق ص)

جواب:

یہ کوئی نیا اعتراض نہیں اس سے پہلے بھی غیر مقلدین کرتے رہے اور احناف کی طرف سے اس کے مفصل اور مدلل جوابات بھی شائع ہوتے رہے۔ مولانا محمد حسین بٹالوی (وکیل

اہل حدیث) نے بھی اپنے اشتہار میں یہ مسئلہ ذکر کیا تھا اور اس کا جواب شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن دیوبندی نے ادلہ کاملہ میں دیا تھا۔ ہم یہاں پر اس مسئلہ کو تو ذرا تفصیل سے لکھتے ہیں تا کہ حقیقت اچھی طرح واضح ہو جائے۔

اس مسئلہ میں ائمہ اربعہ کا اختلاف:

ظہر کا اول وقت بالاتفاق زوال سے شروع ہوتا ہے اور استواء شمس کے وقت ہر چیز کا جو سایہ ہوتا ہے وہ فیءِ زوال (اصلی سایہ) کہلاتا ہے اس کے پہچاننے کا طریقہ یہ ہے کہ ہموار زمین میں کوئی سیدھی لکڑی یا کیل گاڑ دی جائے۔ زوال سے پہلے اس کا جو سایہ ہوگا وہ تدریجاً گھٹتا رہے گا پھر یا تو بالکل ختم ہو جائے گا یا کچھ باقی رہے گا اور گھٹنا بند ہو جائے گا یہی باقی ماندہ سایہ فیءِ زوال (اصلی سایہ) ہے پھر وہ دوسری جانب بڑھنا شروع ہوگا۔ جوں ہی بڑھنا شروع ہو سمجھ لینا چاہیے کہ زوال شمس ہو گیا، اور ظہر کا وقت شروع ہو گیا، اور ظہر کا وقت کب تک باقی رہتا ہے اور عصر کا وقت کب سے شروع ہوتا ہے اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ یعنی امام مالک، امام شافعی اور امام احمد اور صاحبین یعنی امام ابو یوسف اور امام محمد کے نزدیک ظہر کا وقت ہوتا ہے۔ جب ہر چیز کا سایہ فیءِ زوال کو منہا کرنے کے بعد اس چیز کے بقدر ہو جائے۔ اصطلاح میں اس کو ایک مثل (مانند) کہتے ہیں اور اس کے بعد فوراً عصر کا وقت شروع ہوتا ہے دونوں وقتوں کے درمیان مشہور قول کے مطابق نہ تو کوئی حد فاصل ہے نہ وقت مشترک۔

اور امام اعظم سے اس سلسلہ میں چار روایتیں منقول ہیں۔

(۱) ظاہر روایت میں ظہر کا وقت دو مثل پر ختم ہوتا ہے اور اس کے بعد فوراً عصر کا وقت شروع ہوتا ہے یہی مفتیٰ بہ قول ہے علامہ کاسانی نے بدائع الصنائع (ج ۱ ص ۱۲۳) میں لکھا ہے کہ یہ قول ظاہر روایت میں صراحۃً مذکور نہیں ہے امام محمد نے صرف یہ لکھا ہے کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک عصر کا وقت دو مثل کے بعد (یعنی تیسرے مثل سے) شروع ہوتا ہے ظہر کا

وقت کب ختم ہوتا ہے اس کی تصریح امام محمد نے نہیں کی ہے۔

(۲) امام اعظم کا دوسرا قول وہی ہے جو ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کا ہے امام طحاوی نے اس کو اختیار کیا ہے اور صاحب در مختار نے لکھا ہے کہ آج کل لوگوں کا عمل اسی پر ہے اور اس پر فتویٰ دیا جاتا ہے اور سید احمد دحلان شافعی نے خزانۃ المفتین اور فتاویٰ ظہیریہ سے امام صاحب کا اس قول کی طرف رجوع نقل کیا ہے۔ (دیکھئے فیض الباری ج ۲ ص ۹۵) مگر ہماری کتابوں میں یہ رجوع ذکر نہیں کیا گیا بلکہ اس قول کو حسن بن زیادہ لولوی کی روایت قرار دیا گیا ہے اور سرخسی نے مبسوط میں اس کو بروایت امام محمد ذکر کیا ہے اور صاحب در مختار نے جو اس قول کو مفتیٰ بہ کہا ہے۔ اس کو علامہ شامی نے رد کیا ہے۔

(۳) امام اعظم سے تیسری روایت یہ ہے کہ مثل ثانی مہمل وقت ہے یعنی ظہر کا وقت ایک مثل پر ختم ہو جاتا ہے اور عصر کا وقت دو مثل کے بعد شروع ہوتا ہے اور دوسرا مثل نہ ظہر کا وقت ہے نہ عصر کا، یہ اسد بن عمرو کی روایت ہے امام اعظم رحمہ اللہ سے۔

(۴) اور چوتھا قول عمدۃ القاری شرح بخاری میں یہ ذکر کیا گیا ہے کہ ظہر کا وقت دو مثل سے کچھ پہلے ختم ہو جاتا ہے اور عصر کا وقت دو مثل کے بعد شروع ہو جاتا ہے۔ امام کرخی نے اس قول کی تصحیح کی ہے۔ (فیض الباری ج ۲ ص ۹۵)

یہاں تک تو ائمہ کے اختلاف کی بات تھی۔ اب آتے ہیں حدیث کی طرف۔ حدیث میں ہے کہ پہلے دن ظہر کی نماز زوال ہوتے ہی پڑھائی تھی اور عصر کی نماز ایک مثل پر پڑھائی تھی اور دوسرے دن ظہر کی نماز ایک مثل پر پڑھائی تھی یعنی ٹھیک اسی وقت جس وقت پہلے دن عصر کی نماز پڑھائی تھی۔ (لوقت العصر بالامس) اور عصر کی نماز دو مثل پر پڑھائی تھی۔

یہ روایت متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مروی ہے۔ ابو داؤد، ترمذی میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے جو روایت مروی ہے اس میں **لوقت العصر بالامس** کا لفظ ہے۔ یہ

روایت ترمذی ونسائی میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ اور ابن راہویہ نے اپنی مسند میں حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کی ہے۔ نیز یہ روایت صحیحین میں بھی ہے مگر مجمل ہے یعنی اوقاتِ صلوٰۃ کی اس میں تفصیل نہیں ہے۔ (نصب الرایہ ج ۱ ص ۲۲۱_۲۲۳)

روایت کا مفاد:

اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک مثل تک ظہر کا وقت شروع ہوتا ہے اور دونوں وقتوں کے درمیان نہ تو کوئی مہمل وقت ہے نہ مشترک اس روایت کو ائمہ ثلاثہ اور صاحبین نے لیا ہے البتہ امام مالک رحمہ اللہ مثل اول کے آخر میں مقیم کے لیے چار رکعت کے بقدر اور مسافر کے لیے دو رکعت کے بقدر مشترک وقت مانتے ہیں یعنی اس میں ظہر کی نماز بھی پڑھی جا سکتی ہے اور عصر کی نماز بھی کیوں کہ حضرت جبرائیل نے پہلے دن جس وقت عصر کی نماز پڑھائی ٹھیک اسی وقت میں دوسرے دن ظہر کی نماز پڑھائی تھی علامہ دردیر کی شرح صغیر میں ہے۔

واشترکت الظهر والعصر فی آخر القامة بقدر اربع رکعات فیکون آخر وقت الظهر واول وقت العصر.

ظہر اور عصر شریک ہیں مثل اول کے آخر میں چار رکعت کے بقدر (شرح صادی میں ہے کہ یہ حالت حضر میں ہے اور حالت سفر میں دو رکعت کے بقدر ہے) لہٰذا مثل اول کا آخر ظہر کا آخری وقت اور عصر کا اول (ابتدائی) وقت ہے۔ (بلغه السالك ج۱ ص ۸۳)

مگر ابن حبیب مالکی اشتراک کے قائل نہیں ہیں اور ابن العربی مالکی تو فرماتے ہیں کہ

تالله ما بينهما اشتراك ولقد زلت فيه اقدم العلماء. (حواله سابق)

خدا کی قسم دونوں وقتوں کے درمیان مشترک وقت نہیں ہے اور واقعہ یہ ہے کہ اس مسئلہ میں علماء (مالکیہ) کے پیر پھسل گئے ہیں۔

اور جمہور لوقت العصر بالامس کی تاویل یہ کرتے ہیں کہ یہ بات راوی نے تقارب زمانین کی وجہ سے کہی ہے ورنہ حقیقت میں پہلے دن جس وقت عصر کی نماز شروع کی تھی

دوسرے دن اس سے ذرا پہلے ظہر کی نماز پوری کر دی تھی، دونوں دن دونوں نمازیں ایک ہی وقت میں نہیں پڑھی تھیں۔ کیوں کہ آیت کریمہ **ان الصلوة کانت علی المؤمنین کتابا موقوتا** یقیناً نماز مسلمانوں پر فرض ہے اور وقت کے ساتھ محدود ہے۔ سے یہ بات واضح ہے کہ ہر نماز کا وقت الگ الگ ہے اشتراک نہیں ہے۔

دوسری روایت:

یہ ہے کہ ایک شخص نے حضور اکرم ﷺ سے نماز کے اوقات دریافت کیے آپ ﷺ نے اس شخص کو ٹھہرایا اور دو دن نماز پڑھا کر عملی طور پر اوقات نماز کی تعلیم دی اس روایت میں ہے کہ پہلے دن حضور اکرم ﷺ نے ظہر کی نماز زوال ہوتے ہی پڑھائی اور عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب سورج سفید اور بلند تھا اور دوسرے دن ظہر کی نماز بہت زیادہ ٹھنڈی کر کے پڑھائی اور عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب سورج آخر وقت میں پہنچ گیا تھا۔

یہ روایت مسلم شریف میں حضرت بریدہ سے مروی ہے اور مسلم شریف ہی میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص سے یہ روایت بھی مروی ہے کہ ظہر کا وقت شروع ہوتا ہے جب سورج ڈھل جائے اور آدمی کا سایہ اس کے برابر ہو جائے، پھر ظہر کا وقت باقی رہتا ہے عصر کا وقت آنے تک اور عصر کا وقت باقی رہتا ہے سورج کے زرد ہونے تک۔

(مسلم ج۱ ص ۲۲۳)

روایت کا مفاد:

اس روایت سے اوقات صلوٰۃ کی کوئی واضح حد بندی نہیں ہوتی البتہ اس میں یہ جملہ ہے کہ دوسرے دن حضور اکرم ﷺ نے ظہر کی نماز بہت زیادہ ٹھنڈی کر کے پڑھائی۔ اس سے کچھ ایسا سمجھ میں آتا ہے کہ شاید مثل ثانی میں پڑھائی ہو۔ کیوں کہ مشاہدہ یہ ہے کہ مثل اول کے ختم تک موسم ٹھنڈا نہیں ہوتا۔ علاوہ ازیں اس حدیث کے جو الفاظ حضرت عبداللہ بن

عمرو سے مروی ہیں کہ ظہر کا وقت شروع ہوتا ہے جب سورج ڈھل جائے اور آدمی کا سایہ اس کے برابر ہو جائے، اس سے تو یہ بات صاف سمجھ میں آتی ہے کہ مثل ثانی بھی ظہر کا وقت ہے۔

تیسری روایت:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا گشتی فرمان ہے جو آپ نے اپنے گورنروں کے نام جاری کیا تھا اس میں آپ نے لکھا تھا کہ ظہر کی نماز پڑھو جب سایہ ایک ہاتھ ہو جائے یہاں تک کہ وہ سایہ ایک مثل ہو جائے، اور عصر کی نماز پڑھو در آں حالیکہ سورج بلند، چمکدار اور صاف ہو، اور عصر کے بعد غروب آفتاب سے پہلے سوار دو یا تین فرسخ کا سفر کر سکے۔

(موطا امام مالک ص ۱۳)

روایت کا مفاد:

یہ روایت بھی اس باب میں صریح نہیں ہے کہ ظہر کا وقت ایک مثل پر ختم ہو جاتا ہے، بظاہر روایت سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ یہ مستحب اوقات کا بیان ہے کیوں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ظہر کی نماز پڑھنے کا حکم اس وقت دیا ہے جب کہ سایہ ایک ہاتھ ہو جائے حالانکہ ظہر کا وقت زوال ہی سے شروع ہو جاتا ہے۔ نیز عصر جس وقت میں پڑھنے کا حکم دیا وہ اس بات کا واضح قرینہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے اس فرمان کے ذریعہ لوگوں کو مستحب اوقات کی تعلیم دی ہے، حقیقی اوقات نہیں بتائے۔

چوتھی روایت:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے کہ ایک شخص نے آپ سے نماز کے اوقات پوچھے تو حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا:

انا اخبرك صل الظهر اذا كان ظلك مثلك والعصر اذا كان ظلك مثليك.

(یہ روایت موطا مالک ص ۳ اور موطا محمد ص ۴۲ میں ہے، یہ دونوں کتابیں در حقیقت ایک ہی ہیں، یحییٰ بن یحییٰ جمودی کی روایت موطا مالک کے نام سے مشہور اور امام محمد بن حسن الشیبانی کی روایت موطا محمد کے نام سے مشہور ہے۔)

سن میں تجھے بتاتا ہوں ظہر کی نماز پڑھ جب تیرا سایہ تیرے برابر ہو جائے اور عصر کی نماز پڑھ جب تیرا سایہ تیرے دو مثل ہو جائے۔

روایت کا مفاد.

یہ روایت صریح ہے کہ ظہر کا وقت ایک مثل کے بعد بھی باقی رہتا ہے کیوں کہ جب ظہر کو ایک مثل پر پڑھنے کا حکم دیا اور عصر کو دو مثل پر تو اب مثل ثانی عصر کا وقت تو ہو ہی نہیں سکتا، لامحالہ ظہر ہی کا وقت ہوگا، یہ اگرچہ ابو ہریرہ کا ارشاد ہے مگر چونکہ مقادیر مدرک بالعقل نہیں ہے اس لیے اس کو لامحالہ حکماً مرفوع ماننا ہوگا۔

پانچویں روایت:

حضرت ابوذر غفاری کی ہے جو صحیحین میں ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ تھے جب ظہر کا وقت ہوا تو مؤذن نے اذان دینے کا ارادہ کیا حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ابھی وقت کو ٹھنڈا ہونے دو، کچھ دیر بعد پھر مؤذن نے اذان دینے کا ارادہ کیا تو حضور ﷺ نے پھر ارشاد فرمایا کہ ابھی وقت کو ٹھنڈا ہونے دو، حتی راینا فیء التلول (یہاں تک کہ ہم نے ٹیلوں کا سایہ دیکھ لیا) پھر حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ گرمی کی شدت جہنم کے پھیلاؤ سے ہے، لہٰذا جب گرمی سخت ہو تو ظہر کی نماز ٹھنڈی کر کے پڑھا کرو۔

اس حدیث کو امام بخاری نے کتاب الاذان میں بھی ذکر کیا ہے وہاں یہ الفاظ ہیں کہ (حتی ساوی الظل التلول) "یہاں تک کہ سایہ طول میں ٹیلوں کے برابر ہو گیا"۔

روایت کا مفاد:

اس روایت سے یہ امر واضح ہوتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے اس سفر میں ظہر کی نماز بالیقین مثل ثانی میں بلکہ مثل ثانی کے بھی آخر میں پڑھی ہے۔ کیوں کہ ٹیلوں کے سایہ کا ظاہر ہونا بلکہ ٹیلوں کے سایہ کا طول میں ٹیلوں کے برابر ہونا مثل اول میں ممکن ہی نہیں ہے، جس کو تردد ہو وہ مشاہدہ کر کے اپنا شک دور کر سکتا ہے۔

چھٹی روایت:

بخاری شریف کی ہے جو مشکوٰۃ شریف کے بالکل آخری باب (**باب ثواب هذه الامة**) کے بالکل شروع میں ہے، جس میں حضور اکرم ﷺ نے اپنی امت کی مدت عمر اور یہود و نصاریٰ کی مدت عمر مثال سے سمجھائی ہے کہ

"ایک شخص نے صبح سے دوپہر تک ایک ایک قیراط طے کر کے مزدور رکھے اور دوپہر میں ان کو ان کی اجرت دے کر رخصت کر دیا پھر دوپہر سے عصر تک کے لیے ایک ایک قیراط طے کر کے دوسرے مزدور رکھے عصر کے وقت ان کو بھی ان کی اجرت دے کر رخصت کر دیا، پھر عصر سے غروب آفتاب تک کے لیے اور مزدور رکھے اور ان کی اجرت دو دو قیراط طے کی جب انہوں نے کام پورا کیا اور ان کو ان کی دگنی اجرت دی گئی۔

یہ مثال بیان کر کے حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تم لوگ وہ مزدور ہو جنہوں نے عصر سے مغرب تک کام کیا ہے لہٰذا تمہیں ڈبل مزدوری ملے گی، اس پر یہود و نصاریٰ ناراض ہو گئے اور انہوں نے کہا کہ کام ہم نے زیادہ کیا اور مزدوری ہمیں کم ملی، اللہ تعالیٰ نے ان سے پوچھا کہ کیا میں نے تمہارا کچھ حق مارا ہے؟ انہوں نے جواب دیا نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا تو میں اپنی مہربانی جس پر چاہوں کروں۔"

روایت کا مفاد:

اس روایت کے اشارہ سے بھی یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ ظہر کا وقت دو مثل تک رہتا

ہے کیوں کہ اس روایت کا حاصل یہ ہے کہ امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی مدت عمل کم ہے اور یہود و نصاریٰ کی مدت عمل زیادہ ہے یہود کی مدت عمل کا زیادہ ہونا تو بدیہی ہے کیوں کہ وہ صبح سے دوپہر تک ہے اسی طرح نصاریٰ کی مدت عمل امت محمدیہ کی مدت عمل سے بدیہی طور پر زیادہ اسی وقت ہو سکتی ہے جب عصر کا وقت رہے اگر ظہر کا وقت مثل اول کے ختم تک مانا جائے تو نصاریٰ اور امت محمدیہ دونوں کی مدت عمل میں کوئی واضح تفاوت نہیں رہتا۔ الغرض یہ روایت اگر عقل سلیم ہو تو اس بات کی صاف دلیل ہے کہ ظہر کا وقت مثل ثانی کے ختم تک رہتا ہے۔

امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی مختلف روایات کے سلسلہ میں احناف کے مختلف نقطہ نظر:

بحث کے شروع میں امام اعظم کی چار روایتیں بیان کی گئی ہیں۔

(۱) ظہر کا وقت مثل ثانی کے ختم تک رہتا ہے اور عصر کا وقت مثل ثالث کی ابتداء سے شروع ہوتا ہے۔ یہ ظاہر روایت ہے۔

(۲) ظہر کا وقت مثل اول کے ختم تک رہتا ہے اور عصر کا وقت مثل ثانی کی ابتدا سے شروع ہوتا ہے۔ یہی جمہور کا بھی مذہب ہے۔

(۳) مثل ثانی پورا مہمل وقت ہے۔

(۴) مثل ثانی کے آخر میں تھوڑا وقت مہمل ہے۔

امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی ان مختلف روایتوں کے سلسلہ میں احناف کے تین نقطہ نظر ہیں۔

پہلا نقطہ نظر:

یہ ہے کہ تمام روایات باہم متعارض ہیں لہٰذا غور کر کے آخری روایت متعین کی جائے اور مقدم روایات کو منسوخ قرار دیا جائے۔ صاحب **خزانۃ المفتیین** اور صاحب فتاویٰ ظہیریہ نے یہی صورت اختیار کی ہے۔ چنانچہ انہوں نے دوسرے قول کی طرف امام صاحب کا رجوع کرنا نقل کیا ہے اور اس کو آخری قول قرار دیا ہے۔ مگر کتب مذہب میں یہ رجوع معروف نہیں ہے۔ اس لیے عام طور پر یہ نقطہ نظر تسلیم نہیں کیا جاتا۔

دوسرا نقطہ نظر:

یہ ہے کہ موافقت جمہور یا قوت دلیل کی بنا پر کسی ایک قول کو ترجیح دی جائے چنانچہ امام طحاوی اور صاحب درمختار نے موافقت جمہور کے پیش نظر دوسرے قول کو ترجیح دی ہے اور یہ فرمایا ہے کہ اسی پر لوگوں کا عمل ہے اور اسی پر فتویٰ دیا جاتا ہے۔ اور شارح منیۃ علامہ ابراہیم حلبی اور علامہ ابن عابدین شامی اور مفتیان دار العلوم دیوبند نے قوت دلیل کی بنا پر پہلے قول کو ترجیح دی ہے۔ جو ظاہر روایت ہے۔ علامہ شامی صاحب درمختار پر رد کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ

''صاحب درمختار نے جو فرمایا ہے کہ امام اعظم کی دوسری روایت اظہر ہے۔ حدیث جبرائیل کی وجہ سے اور حدیث جبرائیل اس مسئلہ میں نص ہے۔ یہ فرمانا صحیح نہیں ہے کیوں کہ امام اعظم کے قول کے کافی دلائل موجود ہیں۔ اور امام اعظم کی دلیل کی کمزوری ظاہر نہیں ہوئی ہے بلکہ امام صاحب کے دلائل قوی ہیں جیسا کہ مطولات اور شرح منیہ کے مطالعہ سے یہ بات معلوم کی جاسکتی ہے اور علامہ ابن نجیم مصری نے البحر الرائق میں یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ امام صاحب کا قول چھوڑ کر صاحبین کا قول یا ان میں سے کسی ایک کا قول کسی ضرورت ہی کی وجہ سے اختیار کیا جاسکتا ہے مثلاً امام صاحب کی دلیل کمزور ہو یا تعامل امام صاحب کے قول کے خلاف ہو جیسے کہ مزارعت کا مسئلہ، محض مشائخ کے یہ کہہ دینے سے کہ فتویٰ صاحبین کے قول پر ہے امام صاحب کا قول نہیں چھوڑا جاسکتا۔

(شامی ج۱ ص۲٦٤)

تیسرا نقطہ نظر:

یہ ہے کہ امام صاحب کے اقوال میں تطبیق دی جائے اور یوں کہا جائے کہ ظہر کا وقت ایک مثل تک تو بالیقین رہتا ہے، اور مثل ثانی کے ختم تک رہنے کا احتمال ہے اور عصر کا وقت

مثل ثالث سے بالیقین شروع ہوتا ہے مگر مثل ثانی سے شروع ہونے کا احتمال ہے لہٰذا احتیاط اس میں ہے کہ ایک مثل ختم ہونے سے پہلے ظہر کی نماز نہ پڑھ سکے تو پھر مثل ثانی میں پڑھ لے اس سے تاخیر نہ کرے اور اس کو ادا کہا جائے قضا نہیں کہا جائے گا اسی طرح اگر کسی مجبوری میں جیسا کہ حاجیوں کو حرمین شریفین میں یہ مجبوری پیش آتی ہے کوئی شخص مثل ثانی میں عصر کی نماز پڑھ لے تو اس کو بھی صحیح کہا جائے گا یعنی ذمہ فارغ ہو جائے گا مگر ظہر اور عصر دونوں کو مثل ثانی میں پڑھنا شریعت کے منشا کے خلاف ہے۔ شریعت کا منشا یہ ہے کہ دونوں نمازوں کے درمیان فصل ہونا چاہیے اور یہ فصل عام حالات میں کم از کم ایک مثل کے بقدر ہونا چاہیے۔ اور مخصوص حالات میں اس سے کم بھی ہوسکتا ہے۔

اور وقت مہمل سے امام صاحب کی مراد یہی عملی اہمال ہے یعنی دونوں نمازوں کے درمیان فصل کرنا۔

حضرت قدس سرہ (شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن رحمہ اللہ) کا نقطہ نظر غالباً یہی ہے چنانچہ ایضاح الادلہ میں حضرت ارشاد فرماتے ہیں کہ

''وقت مابین المثلین (یعنی مثل ثانی) کو بوجہ تعارض روایات نہ بالیقین وقت ظہر میں داخل کر سکتے ہیں نہ وقت عصر میں یا یوں کہیے کہ ایک وجہ سے ظہر میں داخل ہے تو دوسرے طور سے عصر میں، تو اب بوجہ احتیاط حضرت امام صاحب نے ظاہر الروایت میں وقت مذکور (مثل ثانی) وقت ظہر میں شامل کر دیا تا کہ کوئی صلوٰۃ عصر وقت مذکور (مثل ثانی) میں ادا کر کے ادائے صلوٰۃ قبل الوقت کے احتمال میں نہ پڑ جائے، اور وقت یقینی کو ترک کر کے وقت محتمل میں صلوٰۃ عصر کو ادا نہ کرے۔

رہی صلوٰۃ ظہر، اس کا وقت یعنی گو ایک مثل تک ہے لیکن اگر کسی ضرورت یا غفلت کی وجہ سے کسی کو صلوٰۃ مذکور (ظہر کی نماز) وقت یقینی میں ادا کرنے کا اتفاق نہ ہوا تو اب یہی چاہیے کہ مابین المثلین (مثل ثانی) ہی میں اس کو ادا کر لے کیوں کہ یہ وقت گو وقت محتمل

ہے تاہم اور اوقات سے تو عمدہ ہے یہاں احتمال ادا تو ہے اور اوقات میں تو یہ بھی نہیں بلکہ بالیقین قضاء محض ہے۔

بالجملہ مطلب ظاہر الروایت یہ ہے کہ وقت مابین المثلین کا بوجہ معروضہ (مذکورہ وجہ کی بنا پر) وقت ظہر میں شمار کرنا مناسب ہے کیوں کہ وقت عصر میں داخل کرنے سے ادائے صلوٰۃ قبل الوقت کا احتمال باقی ہے۔

یہ مطلب نہیں کہ وقت مذکور (مثل ثانی) بالیقین وقت ظہر میں داخل ہے اور جیسا بقائے ظہر مثل تلک یقینی ہے بعینہ ایسا ہی مثلین تلک وقت ظہر باقی رہتا ہے، بلکہ وقت ظہر یقینی تو مثل تلک ہے اور ابتدائے عصر بالیقین مثلین سے ہوتا ہے اور درمیان کا وقت بوجہ روایات مختلفہ دونوں امر کا محتمل ہے۔ (ص ۱۵۵، ۱۵۶، فخریہ)

حضرت قدس سرہ نے یہ نقطہ نظر دو وجہ سے اپنایا ہے ایک اس وجہ سے کہ مثلین تک وقت ظہر کے باقی رہنے کی کوئی صریح روایت نہیں ہے، اس لیے احتمال ہے کہ مثل ثانی عصر کا وقت ہو اور دوسری وجہ یہ ہے کہ امامت جبرئیل والی حدیث کی تاریخ معلوم ہے وہ اس وقت کی روایت ہے جب پانچ نمازیں فرض ہوئی تھیں یعنی اسلام کے بالکل دور اول کی روایت ہے، اور باقی تمام روایتیں مابعد کی ہیں اس لیے احتمال ہے کہ مثل اور مثلین کے معاملہ میں نسخ ہوا ہو، یعنی عصر کا وقت کٹ کر مثلین سے کر دیا گیا ہو اور ظہر کا وقت بڑھا کر مثلین تک کر دیا ہو، لہٰذا مثل ثانی میں شک پیدا ہو گیا کہ وہ عصر کا وقت رہا یا نہیں؟ اس لیے احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ عصر کی نماز مثل ثانی کے بعد پڑھی جائے تاکہ بالیقین ذمہ فارغ ہو جائے اگر مثل ثانی میں عصر کی نماز پڑھی جائے گی تو آخری تین روایتوں کی بنا پر کھٹکا رہے گا کہ شاید نماز وقت سے پہلے پڑھی گئی ہو اور ذمہ فارغ نہ ہوا ہو۔

رہا ظہر کا معاملہ تو اگر وہ مثل اول میں ادا کی گئی ہے تب تو وہ بالیقین ادا ہو گئی اور اگر مثل ثانی میں پڑھی گئی ہے تب بھی ذمہ فارغ ہو جائے گا۔ کیوں کہ امامت جبرئیل والی حدیث

کے پیش نظر اگر ظہر کی نماز ادا نہ ہو گی تو قضا ہو جائے گی اور قضا سے بھی ذمہ فارغ ہو جاتا ہے۔

الغرض جمہور نے جو مؤقف اختیار کیا ہے وہ اولاً تو مبنی بر احتیاط نہیں اور ثانیاً ان کے مذہب کے مطابق آخری تین روایتوں کو ترک کرنا لازم آتا ہے، اور امام اعظم نے ایسا طریقہ اختیار فرمایا ہے کہ اس میں احتیاط بھی ہے اور تمام روایتوں پر عمل بھی ہو جاتا ہے۔

فجزاہ اللہ تعالیٰ خیرا و اثابہ بما ھو اھلہ. آمین.

جمہور کے پاس بھی کوئی قطعی دلیل نہیں ہے:

جمہور کا مستدل یعنی امام جبرئیل والی حدیث قطعی دلیل نہیں ہے کیوں کہ اس میں نسخ کا احتمال ہے اور یہ احتمال بے دلیل نہیں ہے بلکہ آخری تین روایتوں کی بنا پر احتمال پیدا ہوا ہے دلیل کے قطعی ہونے کے لیے ضروری ہے کہ کوئی ایسی نص پیش کی جائے جس سے دائماً حضور اکرم ﷺ کا مثل ثانی میں عصر پڑھنا ثابت ہوتا ہو یا کم از کم ایسی تصریح پیش کی جائے کہ حضور اکرم ﷺ کا آخری عمل مثل ثانی میں عصر پڑھنے کا تھا اور ایسی تصریحات جمہور کے پاس نہیں ہے۔

احناف کے دلائل

پہلی حدیث:

عن عبداللہ بن رافع ام سلمۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ سأل ابا ھریرۃ عن وقت الصلوۃ فقال ابو ھریرۃ انا اخبرك صلی الظھر اذا کان ظلك مثلك والعصر اذا کان مثلیك.

عبداللہ بن رافع جو آنحضرت ﷺ کی بی بی ام سلمہ کے مولیٰ ہیں انہوں نے ابو ہریرہ سے نماز کا وقت پوچھا کہا ابو ہریرہ نے میں بتاؤں تجھ کو نماز پڑھ ظہر کی جب سایہ تیرا تیرے

برابر ہو جائے اور عصر کی جب سایہ تیرا تجھ سے دونا ہو۔

(موطا امام مالك مترجم علامه وحيد الزمان غير مقلد ص۲۰، ۲۱)

دوسری حدیث:

عبدالله بن بن رافع مولی ام سلمة زوج النبی صلی الله علیه وسلم عن ابی هریرة انه ساله عن وقت الصلوٰة فقال ابوهریرة انا اخبرك صل الظهر اذا كان ظلك مثلك والعصر اذا كان ظلك مثليك.

عبداللہ بن رافع جو حضور اکرم ﷺ کی زوجہ ام سلمہ کے آزاد کردہ غلام ہیں انہوں نے حضرت ابو ہریرہ سے نماز کے اوقات کے بارے میں دریافت کیا تو حضرت ابو ہریرہ نے کہا میں تمہیں بتلاتا ہوں۔ظہر کی نماز ادا کرو جب تمہارا سایہ تمہارے برابر ہو جائے اور نماز عصر جب تمہارا سایہ تم سے دوگنا ہو جائے۔(موطا امام محمد مترجم ص۲۷)

تیسری حدیث:

عن ام سلمة قالت كان رسول الله صلی الله علیه وسلم اشد تعجیلا للظهر منكم وانتم اشد تعجیلا للعصر منه.

(ترمذی ص۵۱، مسند احمد ج۶ ص۲۸۹)

ام المومنین حضرت ام سلمہ کہتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ تو ظہر کی نماز تم سے جلدی پڑھتے تھے اور تم لوگ عصر کی نماز کو آنحضرت ﷺ سے جلدی پڑھتے ہو۔

چوتھی حدیث:

رافع بن خدیج ان رسول الله صلی الله علیه وسلم كان یأمرهم بتاخیر العصر. (بیهقی ج۱ ص۴۴۳، هامشه الجوهر النقی ج۱ ص۴۴۱)

حضرت رافع بن خدیج کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ لوگوں کو حکم دیتے تھے وہ عصر کی

نماز کو مؤخر کر کے پڑھیں۔

پانچویں حدیث:

عن الاعمش قال كان اصحاب عبدالله بن مسعود يعجلون الظهر ويؤخرون العصر. (مصنف عبدالرزاق ج۱ ص۵۴۰)

حضرت عبداللہ بن مسعود کے ساتھی اور شاگرد ظہر کی نماز جلدی پڑھتے تھے اور عصر کی نماز تاخیر سے پڑھتے تھے۔

چھٹی حدیث:

عن ابی هريرة انه كان يؤخر العصر حتى اقول قد اصفرت الشمس.

(مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۲۷)

سوار بن شبیب کہتے ہیں حضرت ابو ہریرہ عصر کو اتنا مؤخر کر کے پڑھتے تھے کہ میں یہ خیال کرتا تھا شاید سورج زرد ہو گیا ہے۔

ساتویں حدیث:

علی بن شیبان قال قدمنا علی رسول الله صلی الله علیه وسلم المدینة فكان یؤخر العصر ما دامت الشمس بیضاء نقیة.

(ابو داؤد ج۱ ص۵۹، ابن ماجة ص۴۸)

علی بن شیبان کہتے ہیں کہ ہم لوگ مدینہ میں آنحضرت ﷺ کے پاس آئے تو آپ عصر کی نماز مؤخر کر کے پڑھتے تھے جب تک سورج سفید اور صاف ہوتا ہے (زرد ہونے سے پہلے)۔

آٹھویں حدیث:

عن ابراهیم قال كان من قبلكم اشد تعجیلا للظهر واشد تاخیر

للعصر منکم. (مصنف عبدالرزاق ج۱ ص۵٤٠)

حضرت ابراہیم نخعی کہتے ہیں تم سے پہلے لوگ ظہر کی نماز کو تمہاری بہ نسبت جلدی پڑھتے اور عصر کی نماز کو تم سے زیادہ مؤخر کرتے تھے۔

مولانا جونا گڑھی نے جو حدیث نقل کی ہے اس میں کئی خیانتیں کی ہیں۔

خیانت نمبر۱:

حدیث آدھی نقل کی ہے۔

خیانت نمبر۲:

اس حدیث کی سند میں ایک راوی عبدالرحمٰن بن الحارث ضعیف ہے۔

(میزان الاعتدال ج۲ ص۵۵٤)

مگر مولانا جونا گڑھی نے اس کا ذکر تک نہیں کیا۔

خیانت نمبر۳:

متن حدیث میں مرتین (دو مرتبہ) کے الفاظ موجود تھے اور خود مولانا جونا گڑھی نے نقل بھی کیے ہیں مگر ان کا ترجمہ قصداً نہیں کیا۔ ترجمہ اس لیے نہیں کیا کہ جب عوام کو اس بات کا علم ہوگا کہ جبرائیل علیہ السلام نے دو مرتبہ نماز پڑھائی ہے تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پہلے دن کا ذکر مولانا جونا گڑھی نے نقل کر دیا مگر دوسرے دن کا ذکر نہ کیا کیوں کہ وہ ان کے مسلک کے خلاف تھا اس میں عصر کی نماز کا وقت مثلین پر ہے۔

خیانت نمبر۴:

اور حدیث کے آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں ثم التفت الی فقال یا محمد هذا وقت الانبیاء من قبلك والوقت بين هذين الوقتين. "پھر میری طرف متوجہ ہوا کہا اے محمد یہ آپ سے پہلے نبیوں کا وقت ہے اور وقت ان دو وقتوں کے درمیان ہے۔" (

الفاظ مولانا جونا گڑھی نے نقل نہیں کیے)

نوٹ:

ہم نے اپنے دلائل میں کئی حدیثیں نقل کر دی ہیں اگر کسی کو زیادہ تفصیل درکار ہو تو تنویر الحق مصنفہ نواب قطب الدین محدث دہلوی کا صفحہ ۳۴ تا ۵۰ تک ملاحظہ فرمائیں۔

اعتراض نمبر۱۰۹:

لڑکی لڑکے کے پیشاب کا حکم

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن لبابة بنت الحارث ...... قال صلى الله عليه وسلم انما يغسل من بول الانثى وينضح من بول الذكر. (رواه احمد وابوداؤد وابن ماجة، مشكوة جز اول ص۵۲، باب تطهير النجاسات) یعنی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لڑکیوں کا ہی پیشاب دھویا جاتا ہے اور لڑکوں کے پیشاب پر تو چھینٹا دے لینا کافی ہے۔

یہ حدیث بہت صاف ہے کہ دودھ پیتے چھوٹے بچوں کے جو غذا نہ کھاتے ہوں پیشاب میں شریعت نے فرق کیا ہے لڑکیوں کا پیشاب دھونا ضروری ہے اور لڑکوں کے پیشاب پر صرف پانی کا چھینٹا دے لینا کافی ہے۔ حضور ﷺ کا فرمان بھی یہی ہے اور اسی پر سید الطاہرین ﷺ کا عمل بھی رہا۔ ام قیس بنت محصن کے چھوٹے بچے نے آپ ﷺ کی گود میں پیشاب کر دیا تو آپ نے یہی کیا۔ (بخاری و مسلم) حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے آپ کی گود میں پیشاب کر دیا تو بھی آپ نے یہی کیا۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب نہ تو اس فعل رسول ﷺ پر خوش نہ اس فرمان رسول پر عامل اس کا فیصلہ

ہے کہ بول الصبی الذی لم یطعم فکذالک (عینی شرح ہدایہ نو لکشور جلد اول ص [illegible] [illegible] سے بھی معلوم ہوا کہ بچہ ... بڑے آدمیوں کے پیشاب کی طرح نجس ہے مطلب یہ ہے کہ ایسے بچے کے پیشاب پر صرف چھینٹا دے دینا کافی نہیں۔ اب ہمارے دوست ہمیں بتائیں کہ اس اختلاف میں ہم کس طرف ہوں۔ آیا حدیث کی طرف یا عینی والے کی طرف۔ (شمع محمدی ص ۱۳۰، ظفر المبین حصہ اول ص ۶۰)

جواب نمبر ۱:

حنفیہ کا استدلال اول تو ان تمام احادیث سے ہے جن میں پیشاب سے بچنے کی تاکید کی گئی ہے۔ اور اسے نجس قرار دیا گیا ہے یہ احادیث عام ہیں اور ان میں کسی خاص بول کی تخصیص نہیں۔

جواب نمبر ۲:

دوسرے امام صاحب کا مسلک خاص لڑکے کے پیشاب کے بارے میں بھی احادیث کے بالکل مطابق ہے کیوں کہ روایات میں جہاں لڑکے کے پیشاب پر پانی چھڑکنے کے الفاظ ملتے ہیں وہاں پانی بہانے اور پانی ڈالنے کے الفاظ بھی آئے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں۔

حدیث نمبر ۱:

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے حسن رضی اللہ عنہ یا حسین رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم ﷺ کے پیٹ پر پیشاب کر دیا تو آپ ﷺ نے پانی منگوا کر پیشاب والی جگہ کے اوپر بہا دیا۔

(طحاوی ج ۱ ص ۷۴، فتح الباری ج ۱ ص ۳۲۶، بحوالہ معجم اوسط للطبرانی)

ابن حجر نے اس روایت کی سند کو صحیح قرار دیا ہے۔ (فتح الباری)

حدیث نمبر ۲:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے پاس ایک بچے کو لایا گیا اور

اس نے آپ کے کپڑوں پر پیشاب کر دیا۔ آپ نے فرمایا اس کے پیشاب پر پانی بہاؤ۔

(طحاوی ج ۱ ص ۷۳، بخاری کتاب الوضوء ج ۱ ص ۳۵، باب حکم بول الغلام)

حدیث نمبر ۳:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک شیر خوار بچہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لایا گیا اس نے آپ ﷺ کی گود میں پیشاب کر دیا آپ ﷺ نے پانی منگا کر اس جگہ بہا دیا۔ (مسلم باب حکم بول الطفل، بخاری باب بول الصبیان ج ۱ ص ۳۵)

حدیث نمبر ۴:

حضرت ام کرز خزاعیہ بیان کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں ایک بچہ لایا گیا اور اس نے آپ ﷺ پر پیشاب کر دیا تو آپ ﷺ نے اس پر پانی بہانے کا حکم دیا۔

(الفتح الربانی علامہ ساعاتی کتاب الطہارت فصل فی بول غلام الجاریۃ)

حدیث نمبر ۵:

ام قیس بنت محصن کی ایک روایت میں آتا ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اپنے ایک کم سن بچہ کو لے گئیں جو ابھی کھانے کی عمر کو نہیں پہنچا تھا اس بچے نے رسول اللہ ﷺ کی گود میں پیشاب کر دیا، رسول اللہ ﷺ نے پانی منگا کر اس کپڑے پر بہا دیا، البتہ اس کو زیادہ (یعنی بہت زیادہ رگڑ رگڑ کر) کوشش سے نہیں دھویا۔

(مسلم باب حکم بول الطفل، کشف الستار عن زوائد البزار ج ۱ ص ۳۰ تلخیص الحبیر ج ۱ ص ۱۰۶)

حنفیہ کا بھی یہی مذہب ہے کہ لڑکے کے پیشاب کا دھونا واجب ہے مگر بہت زیادہ مبالغہ کرنے کی ضرورت نہیں جیسا کہ لڑکی کے پیشاب میں مبالغہ کی ضرورت ہے۔

حدیث نمبر ۶:

ام الفضل سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا لڑکے کے پیشاب پر پانی بہا دیا جائے اور لڑکی کے پیشاب کو (اچھی طرح) دھولیا جائے۔

(طحاوی کتاب الطهارة ج۱ ص۶۸، باب حکم بول الغلام)

اکثر روایات میں پانی بہانے کا ذکر ہے۔ چھڑکنے اور بہانے میں فرق صاف ظاہر ہے کہ پانی بہا کر کپڑے کو ہلکا پھلکا دھولیا جاتا ہے جب کہ محض چھڑکنے سے یہ مقصد حاصل نہیں ہوتا۔

ناظرین ہم نے حنفی مسلک کے دلائل بھی نقل کر دیئے جن سے معلوم ہوا کہ دونوں طرح کی روایتیں موجود ہیں۔ حنفی مسلک کو حدیث کے خلاف کہنا بالکل غلط ہے۔ اب رہی ان دونوں قسم کی روایات میں تطبیق دینا تو حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی نے جو تطبیق دی ہے وہ ہم نقل کرتے ہیں۔ حافظ صاحب فرماتے ہیں کہ پانی چھڑکنے اور بہانے کی روایتیں ایک دوسرے کے خلاف نہیں بلکہ ان کا مطلب یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے پہلے کپڑے پر ہلکے سے چھینٹے مارے اور پھر اس پر پانی بہا دیا۔ (فتح الباری ج۱ ص۳۲۷)

اعتراض نمبر ۱۱:

جمعہ کے دن صبح کی نماز میں مخصوص سورتیں

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن ابی هريرة قال كان النبی صلی الله عليه وسلم يقرأ فی الفجر يوم الجمعة بالم تنزيل فی الركعة الاولی وفی الثانية هل اتی علی الانسان.

(متفق عليه مشكوة ج۱ ص۸۰ باب القرأة فی الصلوٰة) یعنی رسول اللہ ﷺ جمعہ کے دن کی صبح کی فرض نماز کی پہلی رکعت میں سورہ الم سجدہ اور دوسری میں ہل اتی پڑھا کرتے تھے بلکہ طبرانی کی حدیث میں ہے یدیم ذالک اسی پر آپ کی ہیشگی رہی۔ یہ حدیث کسی شرح و بسط کی محتاج نہیں۔ ظاہر ہے کہ حضور ﷺ کی عادت یہی تھی مسنون طریقہ یہی ہے کہ جمعہ کی صبح کی نماز کے فرضوں میں یہ سورتیں برابر پڑھی جائیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس حدیث کو نہیں مانتا بلکہ وہ کہتا ہے کہ ایسا کرنا مکروہ ہے چنانچہ ہدایہ جلد اول ص۱۰۰ باب القرأة میں لکھا ہے۔ (ويكره ان يوقت بشیء من القرآن لشیء من الصلوات) یعنی کسی نماز کے لیے قرآن کی کسی سورت کو مقرر کر لینا مکروہ ہے۔ اسی ہدایہ کی شرح فتح القدیر میں اسی فقرے کے نیچے لکھا ہے كالسجدة والانسان لفجر الجمعة) یعنی سورہ الم سجدہ اور ہل اتی کا جمعہ کے دن کی صبح کی فرض نماز کی دونوں رکعتوں میں پڑھتے رہنا یہ مکروہ ہے۔ کہو حنفی بھائیو اب کیا سوچا؟ آیا یہ سمجھ کر کہ رسول اللہ ﷺ ایک مکروہ کام کیا کرتے تھے؟ تم اسے نہ کرو گے؟ یا فقہا کے اس فتوے کو مکروہ رکھ کر سنت نبوی پر عمل رکھو گے؟ (شمع محمدی ص۱۳۱، ظفر المبین حصہ دوم ص۱۷۲)

جواب:

فقہ حنفی میں اس مسئلہ میں تفصیل ہے صاحب شمع محمدی نے صرف لفظ مکروہ تو لکھ دیا اور اس کی وجہ نہیں لکھی۔ کہ کب مکروہ ہوگا اور کس طرح مکروہ کا حکم لگے گا۔ اس مسئلہ میں جمعہ کے دن فجر کی نماز والی حدیث تو لکھ دی مگر آپ ﷺ نے پوری پوری سورہ بقرہ، آل عمران، نساء بھی تو نماز میں پڑھی ہے، ان احادیث کا بالکل ذکر نہیں کیا اور جمعہ کی نماز، عید کی نماز، جمعہ کی رات کی مغرب کی نماز، اور ہر نماز کی ہر رکعت میں ہمیشہ قل ہو اللہ احد پڑھنا بھی صاحب مشکوٰۃ نے بخاری کے حوالہ سے نقل کیا ہے۔ کیا ان احادیث پر غیر مقلدین کا عمل

ہے۔ ہم نے غیر مقلدین کی کسی بھی مسجد میں کسی امام کو ہر رکعت میں ہمیشہ قل ہو اللہ احد پڑھتے نہیں دیکھا۔ جب کہ یہ حدیث بخاری کی ہے تو یہاں پر نبی کریم ﷺ کی مخالفت لازم نہیں آتی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ہدایت دے۔

ہدایہ کی عبارت کا صحیح مفہوم:

مفتی عبدالرحیم قاسمی لکھتے ہیں۔

مسئلہ یہ ہے کہ کسی بھی نماز کے لیے قرآن کریم کے کسی خاص حصے کا پڑھنا لازم اور ضروری نہیں ہے کہ اگر اس نماز میں اس حصے کو نہ پڑھا جائے گا تو نماز ہی درست نہیں ہوگی۔ کیوں کہ قرأت قرآن کے سلسلے میں جو آیت ہے یعنی **(فاقروا ما تیسر من القرآن)** وہ مطلق ہے اور **المطلق یجری علی اطلاقہ** کے پیش نظر پورے قرآن میں سے کہیں سے بھی قرأت کرنے سے نماز ہو جائے گی۔

لہٰذا قرآن کے کسی بھی حصے کو خاص کرنا درست نہیں ہے۔

اسی طرح کسی نماز کے لیے کسی سورت کو مثلاً مغرب کی نماز کے لیے معوذتین (یعنی فلق اور الناس) کو متعین کر کے پڑھنا (یعنی ان کے علاوہ دوسری سورۃ پڑھنا ہی نہیں) بھی مکروہ ہے کیوں کہ اس میں دو خرابیاں لازمی آتی ہیں۔ ① اس کے علاوہ باقی قرآن کا ترک ② یہ وہم پیدا ہوتا ہے کہ اس حصے کا پڑھنا افضل ہے اور بقیہ کا پڑھنا افضل نہیں ہے۔ جب کہ جواز صلاۃ کے لیے پورا قرآن پڑھنا یکساں ہے اور نماز میں تو کسی بھی حصے کو دوسرے پر فوقیت یا فضیلت حاصل نہیں ہے۔ **(احسن الھدایہ ج۲ ص۹۵، ۹۶)**

ہدایہ کی مکمل عبارت اور اس کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں

ولیس فی شیء من الصلوات قرأۃ سورۃ بعینھا لا یجوز غیرھا لاطلاق ماتلونا ویکرہ ان یوقت بشیء من القرآن لشیء من الصلوات لما فیہ من ھجر الباقی وایھام التفضیل.

اور نہیں ہے کسی نماز میں کوئی معین سورت پڑھنا کہ اس کے علاوہ جائز نہ ہو بدلیل مطلق ہونے اس آیت کے جو ہم نے تلاوت کی اور مکروہ ہے یہ کہ مقرر کرلے قرآن کا کوئی حصہ کسی نماز کے لیے کیوں کہ اس میں باقی قرآن کا چھوڑنا اور مقرر کردہ کو فضیلت دینے کا وہم لازم آتا ہے۔

تشریح:

مولانا محمد حنیف گنگوہی لکھتے ہیں:

قولہ ولیس بشیء الخ یہاں دو مسئلے ہیں جن میں سے ایک **ولیس فی شیء من الصلوات** ہے اور دوسرا **ویکرہ ان یوقت** ہے اور بظاہر ان دونوں کا مفاد حکم گو ایک ہی معلوم ہوتا ہے لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہے بلکہ یہ دونوں وضعاً اور بیاناً ہر دو اعتبار سے متغایر ہیں، وضعاً تو اس لیے کہ پہلا مسئلہ مسائل قدوری میں سے ہے اور دوسرا مسئلہ مسائل جامع صغیر میں سے ہے اور صاحب ہدایہ نے اس کا التزام کیا ہے کہ جب روایتیں مختلف ہوں تو دونوں کو ذکر کرتے ہیں اور بیاناً اس لیے کہ پہلے مسئلہ کا مطلب یہ ہے کہ کسی نماز میں ادائیگی قرأت کے لیے کوئی سورت معین ہو کر فرض نہیں کہ اس سورت کے علاوہ کوئی دوسری سورت جائز نہ ہو۔ اس میں امام شافعی کے مذہب سے احتراز ہے کہ وہ جواز صلوٰۃ کے لیے قرأت فاتحہ کو معین کرتے ہیں اور دوسرے مسئلہ کا مطلب یہ ہے کہ نمازی کا قرآن کی کسی سورت (**مثلاً الم سجدہ اور ھل اتی الانسان وغیرہ**) کو کسی نماز کے لیے اس طرح مقرر کرنا کہ اس میں وہی سورت پڑھنا واجب ہے مکروہ ہے۔ (عنایہ)

پھر اس مسئلہ کے حکم اور اس کی علت کے بارے میں فقہاء کی عبارتیں مختلف اور اس کی تحقیق میں ان کے اقوال متناقض ہیں اس لیے یہاں اس کی تفصیل ضروری ہے۔ سو جاننا چاہیے کہ امام محمد نے جامع صغیر میں لکھا ہے **یکرہ ان یوقت الرجل شیئاً من القرآن لشیء من الصلوٰۃ** کہ نمازی کا قرآن کے کسی حصہ کو کسی نماز کے لیے مقرر کرلینا مکروہ ہے

اب اس کی علت کیا ہے؟

صدر شہید نے شرح جامع صغیر میں کہا ہے۔ لان فیہ ھجر الباقی کہ اس میں باقی قرآن کا ہجر (چھوڑنا) لازم آتا ہے اور یہ مکروہ ہے لقولہ تعالیٰ وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا یعنی ضدی معاندین نے جب کسی طرح نصیحت پر کان نہ دھرا تب پیغمبر علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں شکایت کی کہ خداوند میری قوم نہیں سنتی انہوں نے قرآن جیسی عظیم الشان اور قابل قدر کتاب کو بالکل مہجور و متروک کر چھوڑا ہے۔

صاحب ہدایہ نے اس علت کے ساتھ وایہام التفضیل بھی ذکر کیا ہے کہ اس میں ایہام تفضیل بھی ہے یعنی یہ وہم ہوتا ہے کہ فضیلت اسی سورت کو حاصل ہے دوسری کو نہیں۔ حالانکہ یہ بھی غلط ہے۔

صاحب نہایہ نے امام طحاوی اور اسبیجابی کا قول نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں (ھذا الذی ذکرنا اذا اراہ حتما واجبا لایجری غیرھا او رأی القرأۃ بغیرھا مکروھۃ اما لو قرأھا فی تلک الصلوۃ تبرکا بقرأۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم او تأسیا بہ او لاجل التیسیر فلا کراھۃ فی ذلک لکن یشترط ان یقرأ غیرھا احیانًا لئلا یظن الجاھل الغبی انہ لا یجوز غیر ذالک وغالب العوام علی الاعتقاد بطلان الصلوۃ تبرک سورہ الم تنزیل السجدۃ وما یحملھم علی ھذا الا التزام الشافعیۃ قرأۃ سورۃ السجدہ انتھی. (ومثلہ فی خزا المفتین)

یعنی مذکورہ حکم اس وقت ہے جب اسی کا پڑھنا حتمی واجب سمجھے اس طرح کہ اس کے سوا جائز نہیں یا یہ سمجھے کہ اس سورت کے سوا اور کچھ پڑھنا مکروہ ہے لیکن اگر کوئی سورت اس لیے مقرر کر لے کہ وہ اس پر آسان ہے یا آنحضرت ﷺ نے اس کو پڑھا ہے یا تبرک کے طور پر مقرر کر لیا تو کراہت نہ ہوگی بشرطیکہ کبھی کبھی اس کے علاوہ بھی پڑھ لے تاکہ عوام جاہلوں کو یہ گمان نہ جم جائے کہ اس نماز کے لیے اس سورت کی قرأت مقرر ہے دوسری جائز نہیں چنانچہ شافعیہ نے جو سورہ سجدہ کا نماز جمعہ و فجر میں بوجہ سنت کے التزام کیا ہے اس سے اکثر عوام میں یہ اعتقاد بیٹھ گیا کہ اس وقت میں یہی مخصوص ہے حتی کہ اس کے بغیر جائز نہیں۔

ان عبارات کا حاصل یہ نکلا کہ کراہت تعیین دوامی کی علت کے سلسلہ میں چار قول ہیں۔

اول یہ کہ تعیین کی صورت میں باقی قرآن کا ہجر لازم آتا ہے۔

دوم یہ کہ اس میں ایہام تفضیل ہے۔

سوم یہ کہ ہجر باقی اور ایہام تفضیل دونوں ہیں۔

چہارم یہ کہ معین کردہ سورت کے علاوہ عدم جوازِ صلاۃ کا اعتقاد ہوتا ہے۔

اب اگر علت مانی جائے تو کسی نماز کے لیے کوئی سورت ہمیشہ کے لیے مقرر کرنا اس وقت مکروہ ہوگا جب کسی اور نماز میں بھی اس سورت کے علاوہ نہ پڑھے اس لیے کہ اگر کسی خاص نماز کے لیے کوئی سورت معین کرے اور اس نماز کے علاوہ دیگر نمازوں میں دیگر سورتیں پڑھے تو اس صورت میں باقی قرآن کا ہجر لازم نہیں آتا اور اگر دوسری علت مانی جائے تو مداومت علی الاطلاق مکروہ ہوگی دیگر سورت پڑھے یا نہ پڑھے۔ اور تیسری علت اگر مجموع من حیث المجموع معتبر ہو تو اس کا حال اول کا سا ہوگا اور اگر ان میں سے ہر ایک مستقلاً معتبر ہو تو یہ علت ثانی کی طرح ہوگی اور چوتھی علت پر مداومت اس وقت مکروہ ہوگی جب مقرر کردہ سورت کے علاوہ عدم جواز صلوٰۃ کا اعتقاد ہو۔

اسی اختلاف کی طرح ایک دوسرا اختلاف ہے اور وہ یہ کہ ہر جمعہ کے روز نماز میں سورہ سجدہ اور سورہ دہر کی مداومت مکروہ ہے یا نہیں؟ سو جو لوگ تعلیل رابع کے قائل ہیں ان کے یہاں مکروہ نہیں ہے بشرطیکہ اعتقاد مذکور سے خالی ہو اور جو لوگ تعلیل اول کے قائل ہیں وہ بھی مکروہ نہیں کہتے جب کہ دیگر نمازوں میں دیگر سورتیں پڑھتا ہو، لیکن جو لوگ تعلیل ثانی اور تعلیل ثالث کے قائل ہیں ان دونوں فرقوں کے نزدیک مداومت مذکورہ علی الاطلاق مکروہ

ہے اسی اختلاف پر یہ بات متفرع ہوتی ہے کہ مسئلہ مذکورہ ہمارے اور شوافع کے درمیان اختلافی ہے یا اتفاقی؟ سو قول رابع پر تو مسئلہ اتفاقی قرار پاتا ہے اور باقی اقوال پر اختلافی ہوتا ہے اور یہ مشہور بھی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس مسئلہ میں ہمارے اور شوافع کے درمیان کوئی اختلاف نہیں اور مسئلہ کی اصل علت یہ ہے کہ اس میں شارع کی تعیین کے بغیر اپنی طرف سے ایک چیز کو معین کرنا لازم آتا ہے جو بالیقین مکروہ ہے۔

(غاية السعايه ج٢ ص٤١٦، ٤١٧)

اعتراض نمبر ۱۱۱:

نماز جمعہ کی مخصوص سورتیں

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن عبيد الله بن ابي رافع قال استخلف مروان ابا هريرة على المدينة وخرج الى مكة فصلى لنا ابو هريرة الجمعة فقرأ سورة الجمعة في السجدة الاولى وفي الآخرة اذا جاءك المنافقون. فقال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرأ بهما يوم الجمعة. (رواه مسلم مشكوة جلد اول ص٨٠، باب القرأة) یعنی حضرت ابو ہریرہؓ جب مدینے شریف کے حاکم تھے آپ نے جمعہ پڑھایا اور پہلی رکعت میں سورہ جمعہ اور دوسری میں سورہ منافقون پڑھی اور فرمایا آنحضرت ﷺ ان سورتوں کی اس نماز میں تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ پس صحابہ کے نزدیک تو یہ مسنون اس کا ثبوت حضور ﷺ کے فعل سے موجود اور مسلم شریف جیسی صحیح کتاب گواہ۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب کے نزدیک یہ مکروہ چنانچہ اسی ہدایہ کی یہی شرح فتح القدیر ہدایہ کی اسی

مندرجہ بالا عبارت کے تحت میں لکھتا ہے والجمعة والمنافقين للجمعة یعنی سورہ جمعہ اور سورہ منافقون کا تقرر جمعہ کی نماز کے لیے کرنا مکروہ ہے۔ اب محمدی کے ناظرین اپنا فیصلہ سنائیں کہ محمدی رہیں گے یا فتح القدیر والے بنیں گے؟

(شمع محمدی ص١٣٢، ظفر المبین حصہ دوم ص١٧٢)

جواب:

اس مسئلہ کی کچھ تفصیل تو مسئلہ نمبر ۱۱۰ میں گزر چکی ہے کچھ یہاں پر نقل کرتے ہیں۔ کسی نماز میں خاص کسی سورہ کو پڑھنا اور یہ اعتقاد بھی رکھنا کہ اس طرح کرنا ہی ضروری ہے۔ اس کے خلاف کرنا جائز نہیں یا سنت کے خلاف ہے۔ اور اس کی یہ نماز سنت کے مطابق نہیں ہو گی۔ تو ہم غیر مقلدین سے پوچھتے ہیں کہ آپ کے نزدیک ایسا اعتقاد کر کے یہ عمل کرنا درست ہے۔ ہمارے نزدیک ایسا اعتقاد کرنا درست نہیں اگر اس کو ایسا ہی ضروری سمجھے گا تو پھر مکروہ ہوگا۔ ہدایہ میں جو مکروہ کا حکم لکھا ہے وہ ایسے عمل کے متعلق لکھا ہے۔ بعض چیزیں صرف مباح ہوتی ہیں یا زیادہ سے زیادہ مستحب کے درجہ میں ہوتی ہیں جب ان کو فرض اور واجب یا سنت موکدہ کی طرح سمجھ لیا جائے اور نہ کرنے والے پر اعتراض کیا جائے تو یہ دین میں ایک غیر فرض کو فرض بنانا ہے۔ اس لیے پھر ایسے کام پر مکروہ کا حکم کیا جائے گا ورنہ نہیں۔

اگر کوئی یہ اعتقاد نہیں رکھتا صرف اس لیے پڑھتا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے پڑھی ہے تو حنفی مذہب میں جائز ہے۔

نماز میں قرأت کے مسئلہ میں روایات مختلف ہیں صرف ایک کو نقل کر کے باقی کا ذکر نہ کرنا درست نہیں۔ ہم یہاں پر کچھ مختلف روایات نقل کرتے ہیں۔ تاکہ مسئلہ سمجھنے میں آسانی ہو۔

صاحب شمع محمدی نے یہ حدیث تو نقل کر دی کہ آپ نے پہلی رکعت میں سورہ جمعہ اور دوسری رکعت میں سورہ منافقون پڑھی۔ دوسری احادیث کا ذکر نہیں کیا جس میں جمعہ کی نماز

میں سبح اسم ربک الاعلیٰ اور ھل اتٰک حدیث الغاشیہ پڑھنے کا ذکر تھا۔

حدیث:

حضرت نعمان بن بشیر سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ عید الاضحیٰ، عید الفطر اور جمعہ کی نماز میں سبح اسم ربک الاعلیٰ اور ھل اتٰک حدیث الغاشیہ پڑھا کرتے تھے۔ اور حضرت نعمان بن بشیر فرماتے ہیں کہ جب عید اور جمعہ دونوں ایک ساتھ جمع ہو جاتے تو آپ ﷺ نماز عید اور نماز جمعہ دونوں میں یہی دونوں سورتوں کو پڑھا کرتے تھے۔ (مشکوٰۃ باب القرأۃ)

ناظرین اس حدیث میں ہے کہ آپ سبح اسم ربک الاعلیٰ اور ھل اتٰک حدیث الغاشیہ پڑھتے تھے اور جو حدیث صاحب شمع محمدی نے نقل کی ہے۔ اس میں ہے کہ سورہ جمعہ اور منافقون پڑھتے تھے تو ان دونوں میں سے ضروری پڑھنا کون سی ہوں گی۔ ہمارے نزدیک دونوں پڑھنی جائز ہیں مگر فرض یا واجب نہیں قرآن کا جو حکم ہے وہ عام ہے۔ حنفی مذہب میں نماز کے اندر مطلق قرأت فرض ہے۔ کسی خاص سورہ کا پڑھنا فرض نہیں ہے۔ البتہ جائز ہے۔ غیر مقلدین بھی خود ان احادیث پر عمل نہیں کرتے جن میں خاص خاص سورتیں پڑھنے کا ذکر آیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں بعض احادیث۔

نماز ظہر کی قرأت

حدیث:

حضرت جابر بن سمرہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ظہر کی نماز میں سورۃ واللیل اذا یغشٰی پڑھا کرتے تھے اور دوسری ایک روایت میں مذکور ہے سورہ سبح اسم ربک الاعلیٰ پڑھا کرتے تھے۔ اور عصر کی نماز میں بھی اسی قدر پڑھتے تھے اور فجر کی نماز میں اس سے طویل قرأت کرتے تھے۔ (مشکوٰۃ باب القرأۃ)

نماز مغرب کی قرأت

حدیث:

حضرت جبیر بن مطعم سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو مغرب کی نماز میں سورہ طور پڑھتے ہوئے سنا ہے۔ (بخاری، مسلم، مشکوٰۃ، باب القرأۃ)

اس حدیث سے اگر کوئی یہ ثابت کرے کہ مغرب کی نماز میں سورہ طور ہی پڑھنا ضروری اور سنت ہے۔ دوسری سورتوں کی قرأت سنت کے خلاف ہے۔ کیا اس کی یہ بات درست ہوگی۔ کیا تمام غیر مقلدین اس حدیث پر عمل کرتے ہیں۔

حدیث:

سیدہ ام فضل بنت حارث فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو نماز مغرب میں سورۃ مرسلات تلاوت فرماتے ہوئے سنا ہے۔ (بخاری، مسلم، مشکوٰۃ باب القرأۃ)

نماز عشاء میں قرأت

حدیث:

حضرت براء بن عازب سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو عشاء کی نماز میں سورہ والتین والزیتون پڑھتے سنا ہے۔ اور میں نے آپ ﷺ سے کسی کی اچھی آواز نہیں سنی۔ (بخاری، مسلم، مشکوٰۃ باب القرأۃ)

فجر کی نماز میں قرأت

حدیث:

حضرت جابر بن سمرہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فجر کی نماز میں سورہ ق والقرآن المجید اور اس جیسی کوئی اور سورت پڑھتے تھے۔ (مشکوٰۃ باب القرأۃ)

حدیث:

حضرت عمرو بن حریث سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ نے فجر کی نماز میں واللیل اذا عسعس کی تلاوت کی۔ (مسلم، مشکوٰۃ باب القرأۃ)

حدیث:

حضرت عبداللہ بن سائب سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں مکہ مکرمہ میں فجر کی نماز پڑھائی اور سورۃ المومنین کی قرأت شروع کی جب آپ حضرت موسیٰ، حضرت ہارون اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام کے ذکر پر پہنچے تو آپ کو کھانسی شروع ہو گئی پھر آپ ﷺ رکوع میں چلے گئے۔ (مسلم، مشکوٰۃ باب القرأۃ)

نمازِ عید کی قرأت

نمازِ عید کی قرأت کے متعلق بھی روایات مختلف میں بعض اوپر نقل ہو چکی ہیں۔

حدیث:

حضرت عبید اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب نے حضرت ابو واقد لیثی سے سوال کیا کہ رسول اللہ ﷺ عید الاضحیٰ اور عید الفطر کی نماز میں کیا پڑھتے تھے انہوں نے جواب دیا کہ رسول اللہ ﷺ ان دونوں نمازوں میں سورۃ ق والقرآن المجید اور سورہ اقتربت الساعۃ پڑھا کرتے تھے۔ (مسلم باب القرأۃ)

فجر کی سنتوں کی قرأت

حدیث:

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ فجر کی سنتوں میں قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ احد پڑھتے تھے۔ (مسلم، مشکوٰۃ باب القرأۃ)

حدیث:

حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فجر کی سنتوں میں سورۃ بقرہ کی یہ آیت قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا اور سورۃ آل عمران کی یہ آیت قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ پڑھتے تھے۔
(مسلم، مشکوٰۃ باب القرأۃ)

نمازِ مغرب کی قرأت

حدیث:

حضرت عائشہ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مغرب کی نماز میں سورہ اعراف تقسیم کر کے دونوں رکعتوں میں پڑھی ہے۔ (مشکوٰۃ، باب القرأۃ فصل ثانی)

اس حدیث سے مغرب کی نماز میں مکمل سورہ اعراف پڑھنا ثابت ہو رہا ہے۔ اور یہ روایت نسائی، مسند احمد، ابو داؤد کی ہے۔ کیا اس روایت کے پیش نظر مغرب کی نماز میں سورۃ اعراف پڑھنا فرض ہو جائے گا۔ اگر کوئی اس حدیث پر عمل نہ کرے تو اس کی نماز خلاف سنت ہو گی۔

حدیث:

حضرت معاذ بن عبداللہ جہنی سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ جہنی کے ایک آدمی نے مجھ سے بیان کیا کہ اس نے رسول اللہ ﷺ کو فجر کی دونوں رکعتوں میں سورہ اذا زلزلت الارض پڑھتے سنا الحدیث۔ (مشکوٰۃ باب القرأت فصل ثالث)

حدیث:

حضرت عروہ بن زبیر سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت ابوبکر نے فجر کی نماز میں دونوں رکعتوں میں سورہ بقرہ کی تلاوت کی۔

(موطا امام مالک، مشکوٰۃ باب القرأۃ فصل ثالث)

حدیث:

حضرت فرافصہ بن عمیر حنفی سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے سورہ یوسف حضرت عثمان سے سن سن کر یاد کی ہے۔ کیوں کہ وہ اس سورت کو نماز فجر میں کثرت سے پڑھا کرتے تھے۔ (موطا امام مالک، مشکوٰۃ باب القرأۃ فصل ثالث)

حدیث:

حضرت عامر بن ربیعہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت عمر کے پیچھے فجر کی نماز پڑھی انہوں نے دونوں رکعتوں میں سورہ یوسف اور سورہ حج کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرتے تھے۔ (موطا امام مالک، مشکوٰۃ باب القرأۃ فصل ثالث)

نماز مغرب کی قرأۃ

حدیث:

حضرت عبداللہ بن عتبہ بن مسعود سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مغرب کی نماز میں سورہ حم دخان کو پڑھا۔ (نسائی مشکوٰۃ باب القرأۃ)

ناظرین یہ مختلف روایات صرف ایک کتاب مشکوٰۃ سے نقل کی ہیں اگر دیگر کتب میں تلاش کی جائیں تو بہت جمع ہوسکتی ہیں۔ ان روایات سے حنفی مذہب ہی کی فوقیت ثابت ہوتی ہے کہ کسی نماز میں کسی سورہ کو خاص نہیں کرنا چاہیے نماز میں قرآن کی قرأۃ فرض ہے کسی سورۃ خاص کی فرض نہیں اگر کوئی پڑھے تو صرف جائز ہے۔ اور مقتدی پر وہ بھی نہیں۔

اعتراض نمبر ۱۱۲:

سجدہ سے انکار

(یعنی سورہ حج میں دو سجدے ہیں یا ایک)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن عقبة بن عامر قال قلت يا رسول الله صلى الله عليه وسلم فضلت سورة الحج بان فيها سجدتين قال نعم ومن لم يسجدهما فلا يقرأهما.

(ابوداؤد، مشکوٰۃ جلد اول ص۹۳، کتاب الصلوٰۃ باب سجود القرآن)

یعنی رسول اللہ ﷺ سے حضرت عقبہ نے کہا کہ حضور سورہ حج کو یہ فضیلت دی گئی ہے کہ اس میں دو سجدے تلاوت کے ہیں آپ نے فرمایا ہاں اور جو یہ سجدے نہ کرے وہ انہیں نہ پڑھے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب سورہ حج میں سجدہ تلاوت دو نہیں مانتا وہ کہتا ہے **والاولی من الحج** یعنی سورہ حج کا پہلا سجدہ کرے۔ پس جسے اللہ تعالیٰ نے دو سجدوں کے ساتھ فضیلت دی تھی اس سے ایک سجدہ ہی کم کر دیا گیا۔ کہیے اب حنفی بھائیو! آپ کیا کریں گے؟ ایک سجدے کے قائل ہوکر دوسرے سجدے کا انکار فقہ کی تعلیم کے ماتحت؟ یا دونوں سجدوں کا اقرار حدیث کی تعلیم کے مطابق۔ (شمع محمدی ص۱۳۲)

جواب:

سجدہ تلاوت کے متعلق روایات مختلف ہیں اس لیے محدثین میں اختلاف پیدا ہوا کہ سجدہ تلاوت کتنے ہیں اور کہاں کہاں ہیں۔ قرآن وسنت اور صحابہ کرام کی تعلیمات کی روشنی میں امام ابوحنیفہ کے نزدیک کل سجدہ چودہ ہیں۔ جن کی تفصیل اس طرح ہے:

نمبر	سورۃ	آیت
نمبر۱	سورۃ اعراف	آیت نمبر۲۰۶
نمبر۲	سورۃ الرعد	آیت نمبر۱۵
نمبر۳	سورۃ النحل	آیت نمبر۵۰

نمبر۴	سورۃ الاسراء	آیت نمبر۱۰۹
نمبر۵	سورۃ مریم	آیت نمبر۵۸
نمبر۶	سورۃ حج کا پہلا سجدہ	آیت نمبر۱۸
نمبر۷	سورۃ الفرقان	آیت نمبر۶۰
نمبر۸	سورۃ النمل	آیت نمبر۲۶
نمبر۹	سورۃ السجدہ	آیت نمبر۱۵
نمبر۱۰	سورۃ ص	آیت نمبر۲۴
نمبر۱۱	سورۃ حم السجدہ	آیت نمبر۳۸
نمبر۱۲	سورۃ النجم	آیت نمبر۶۲
نمبر۱۳	سورۃ الانشقاق	آیت نمبر۲۱
نمبر۱۴	سورۃ العلق	آیت نمبر۱۹

حنفی مسلک کے دلائل ملاحظہ فرمائیں۔

حدیث:

حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہم دونوں قرآن کریم کے سجدات کو ان سورتوں میں شمار کرتے تھے۔ سورہ اعراف، رعد، نحل، بنی اسرائیل (یعنی الاسراء) مریم، (والحج اولہا) حج میں پہلا سجدہ، فرقان، طس (یعنی النمل) الم تنزیل (یعنی سجدہ)، ص، حم السجدہ۔ (مصنف عبدالرزاق ج۳ ص۳۳۵)

اس حدیث سے ۱۱ مقام پر سجدہ ثابت ہوا۔

نمبر۱۲ سورۃ النجم میں سجدہ کا ثبوت۔

حدیث:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ نبی

کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ نجم تلاوت کی اور سجدہ ادا کیا اور آپ کے ساتھ تمام لوگوں نے بھی سجدہ کیا۔ (بخاری ج۱ ص۱۴۶، مسلم ج۱ ص۲۱۵، طحاوی ج۱ ص۲۰۷)

اس حدیث سے سورۃ النجم میں سجدہ کا ثبوت ہوا اور سجدوں کی تعداد ۱۲ ہوگئی۔

نمبر۱۳ اور نمبر۱۴ یعنی سورہ انشقاق اور سورۃ اقرأ میں سجدے کا ثبوت۔

حدیث:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ اذا السماء انشقت اور سورۃ اقرء میں سجدہ تلاوت ادا کیا۔ (مسلم ج۱ ص۲۱۵)

ناظرین ہم نے چودہ سجدے دلائل سے ثابت کر دیے ہیں۔

اب خاص یہ بات ثابت کرنی ہے کہ سورہ حج میں سجدہ ایک ہے۔

حدیث نمبر۱:

ہم نے اوپر جو حدیث حضرت عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن عمر مصنف عبدالرزاق ج۳ ص۳۳۵ کے حوالہ سے نقل کی ہے اس میں صراحت موجود ہے کہ یہ دونوں حضرت سورہ حج میں پہلے سجدہ ہی مانتے تھے۔

حدیث نمبر۲:

حضرت سعید بن مسیب اور حسن بصری کہتے ہیں کہ سورہ حج میں ایک ہی سجدہ ہے اور وہ پہلا ہے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج۲ ص۱۲)

حدیث نمبر۳:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ سورہ حج میں پہلا سجدہ تلاوت مؤکدہ ہے اور دوسرا سجدہ تعلیم ہے یعنی اس میں نماز کے سجدہ کی تعلیم دی گئی ہے۔ (طحاوی ج۱ ص۲۱۳، مصنف عبدالرزاق ج۳ ص۲۴۲)

حدیث نمبر ۴:

امام محمد فرماتے ہیں۔

اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سورۃ حج میں صرف پہلا سجدہ کرتے تھے اور اسی پر ہمارا عمل ہے اور یہی امام ابوحنیفہ کا قول ہے۔(**موطا امام محمد باب: سجود القرآن**)

حدیث نمبر ۵:

حضرت عبداللہ بن عباس، سعید بن جبیر، ابراہیم نخعی، جابر بن یزید سے بھی یہ بات منقول ہے کہ سورۃ حج میں صرف پہلا سجدہ ہی ہے۔(مصنف ابن ابی شیبہ ج ۲ ص ۱۲)

رہی وہ روایت جو صاحب شمع محمدی نے نقل کی ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ روایت ضعیف ہے۔

امام ترمذی فرماتے ہیں۔ **لیس اسنادہ بالقوی**

کہا ابوعیسیٰ نے اس حدیث کی اسناد قوی نہیں ہے۔(ترمذی، باب فی السجدۃ فی الحج)

اعتراض نمبر ۱۱۳:

وجوب سجدہ تلاوت

(سورہ نجم میں سجدے کا حکم)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن زید بن ثابت قال قرأت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والنجم فلم یسجد فیھا. (متفق علیہ، مشکٰوۃ جلد اول ص ۹۳، کتاب الصلوٰۃ باب سجود القرآن) یعنی رسول اللہ ﷺ نے سورہ والنجم حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے سنی اور سجدہ تلاوت نہیں کیا۔ یہ حدیث واضح دلیل ہے کہ سجدہ تلاوت واجب نہیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب کہتا ہے **والسجدۃ واجبۃ فی ھذہ المواضع علی التالی والسامع (ھدایہ کتاب الصلوٰۃ جلد ۱ ص ۱۴۳، باب فی سجدۃ التلاوۃ)** یعنی ان تمام جگہ سجدہ تلاوت واجب ہے قرأت کرنے والے پر بھی اور سننے والے پر بھی۔ یاد رہے کہ ان وجوب کی جگہوں میں اسی ہدایہ میں سورۃ والنجم کے سجدے کا بھی ذکر ہے۔ کہیے حنفی بھائی اب کیا فتویٰ دیں گے۔(شمع محمدی ص ۱۳۳)

جواب:

یہاں پر دو مسئلے ہیں ایک یہ کہ سجدہ تلاوت واجب ہے دوسرے سورۃ النجم میں بھی سجدہ ہے۔

حنفی مذہب کے دلائل:

سجدہ کی آیات تین قسم کی ہیں۔

پہلی قسم جن میں سجدہ کا امر ہے جیسا کہ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ (**العلق**) اور مطلق امر وجوب کے لیے ہے۔

دوسری قسم جن میں سجدہ سے کفار کے استنکاف کا ذکر ہے جیسا کہ وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ (**انشقاق**) کفار کی مخالفت واجب ہے۔

تیسری قسم جن میں انبیاء علیہم السلام کے سجدہ کا ذکر ہے جیسا کہ اس آیت میں ذکر ہے إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُ الرَّحْمَٰنِ خَرُّوا سُجَّدًا وَبُكِيًّا (**مریم:۵۸**) اور انبیاء علیہم السلام کی اقتدا لازم ہے جیسا کہ قرآن میں ہے أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ **(انعام:۹۰)**

حدیث نمبر۱:

حضرت ابو ہریرہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جب بندہ آیت سجدہ تلاوت کرتا اور سجدہ کرتا ہے تو شیطان روتا ہوا بھاگتا ہے اور کہتا ہے افسوس ابن آدم کو سجدہ کا حکم دیا گیا اس نے سجدہ کیا تو اس کے لیے تو جنت ہے اور مجھے سجدہ کا حکم دیا گیا میں نے انکار کیا تو میرے لیے دوزخ ہے۔

(ابن ماجة باب سجود القرآن، مسلم ج۱ ص۶۱)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ابن آدم مامور بالسجود ہے اور مطلق امر وجوب کے لیے آتا ہے۔

حدیث نمبر۲:

حضرت ابن عباس سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے والنجم کا سجدہ کیا اور آپ کے ساتھ مسلمانوں اور مشرکوں اور جن اور انس نے سجدہ کیا۔

(بخاری باب سجدة النجم ص۱۴۶ حدیث نمبر۱۰۷۱، مسلم باب سجود التلاوة)

حدیث نمبر۳:

حضرت عبداللہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے سورۃ النجم پڑھی پس آپ نے سجدہ کیا اور اس میں قوم کے ہر شخص نے سجدہ کیا۔

(بخاری، باب سجدة النجم)

حدیث نمبر۴:

حضرت ابن عمر سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ آیت سجدہ کو پڑھتے اور ہم آپ کے پاس ہوتے تھے آپ سجدہ کرتے تو ہم بھی سجدہ کرتے پھر رش ہوتا

حتی کہ کسی کو اپنی پیشانی رکھنے کے لیے جگہ نہ ملتی جس پر وہ سجدہ کرتا۔

(بخاری، باب ازدحام الناس اذا قرأ الامام السجدة)

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ سجدہ واجب ہے اور سننے والوں پر بھی واجب ہے اسی لیے تو سننے کے بعد تمام لوگ سجدہ کرتے تھے یہاں تک کہ سجدہ کے لیے جگہ باقی نہیں رہتی تھی۔

علامہ ابوالحسن علی بن خلف ابن بطال مالکی قرطبی متوفی ۴۴۹ھ لکھتے ہیں۔ تمام شہروں کے فقہاء کا اس پر اجماع ہے کہ جب تلاوت کرنے والا آیت سجدہ کی تلاوت کرے تو جو اس کے پاس بیٹھا ہوا آیت سجدہ کو سن رہا ہو، اس پر واجب ہے کہ اس کے سجدہ کے ساتھ وہ بھی سجدہ کرے۔ حضرت عثمان نے کہا: جو آیت سجدہ کو سنے اس پر بھی سجدہ کرنا واجب ہے۔

(شرح ابن بطال ج۳ ص۵۹)

ناظرین ہم نے سجدہ کا واجب ہونا بھی ثابت کر دیا اور سورۃ النجم میں سجدہ کا ثبوت بھی دے دیا۔ اس مسئلہ کو حدیث کے خلاف کہنا درست نہیں ہے رہی وہ روایت جو صاحب شمع محمدی نے نقل کی ہے۔ اس کے کئی جواب ہیں۔

پہلا جواب:

اس روایت میں سورۃ النجم میں سجدہ نہ کرنے کا ذکر ہے مگر دوسری روایات جو ہم اوپر نقل کر آئے ہیں ان میں النجم میں سجدہ کرنے کا ذکر موجود ہے۔

دوسرا جواب:

سجدہ تلاوت فوراً ادا کرنا واجب نہیں بعد میں کرنا بھی جائز ہے اس روایت سے صرف یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ نے فوراً سجدہ نہیں کیا۔ یہ کہاں ثابت ہوتا کہ آپ ﷺ نے بعد میں بھی نہیں کیا۔

تیسرا جواب:

امام طحاوی فرماتے ہیں کہ ممکن ہے حضرت زید بن ثابت نے اس وقت آیت سجدہ پڑھی ہو جس وقت میں سجدہ کرنا جائز نہ ہو اس لیے آپ نے اس وقت سجدہ نہیں کیا۔

چوتھا جواب:

یہ بھی احتمال ہے کہ آپ اس وقت باوضو نہ ہوں۔

لہٰذا اگر یہ تطبیق دے دی جائے تو دونوں قسم کی روایات کا آپس میں جو ٹکراؤ ہے وہ ختم ہو جاتا ہے۔ محدثین نے اور بھی کئی جواب دیئے ہیں۔

بہر حال بات یہ ہے کہ حنفی مسلک کسی طرح بھی حدیث کے خلاف نہیں ہے۔

اعتراض نمبر۱۱۴:

کفن چور پر مہربانی

(یعنی کفن چور پر حد نہیں)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن ابی سلمة ابی هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فی السارق ان سرق فاقطعوا يده. (رواه فی شرح السنة، مشکوٰه ج۲ ص۲۱٤، کتاب الحدود باب قطع السرقة) یعنی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ چور کا ہاتھ کاٹ دو۔ پہلے ہی حدیث گزر چکی ہے کہ پاؤ دینار یعنی تین درہم کی چوری پر چور کا ہاتھ کاٹ دینا چاہیے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

حنفی مذہب جہاں چوری کی چیز کی اتنی مقدار کو نہیں مانتا۔ وہاں بہت سے چوروں کو بھی اس حکم میں داخل نہیں کرتا۔ مثلاً وہ کہتا ہے لا قطع علی النباش یعنی کفن چور پر حد نہیں اس کا ہاتھ نہ کاٹنا چاہیے۔ ملاحظہ ہو حنفی مذہب کی فقہ کی اول نمبر کتاب ہدایہ جلد دوم ص۵۲۱، کتاب السرقہ) پس فرمائیے آپ کفن چوروں کا ساتھ دیں گے، یا حدیث رسول کا؟

(شمع محمدی ص۱۳۳)

جواب:

صاحب شمع محمدی یہ کہنا چاہتے ہیں کہ حدیث میں کفن چور کی سزا ہاتھ کاٹنا ہے اور فقہ حنفی میں کوئی سزا نہیں۔ اور جو حدیث نقل کی ہے اس میں کفن چور کا ذکر تک نہیں ہم پہلے فقہ حنفی سے چوری کی سزا نقل کرتے ہیں پھر کفن چور کی سزا کے متعلق کچھ عرض کریں گے۔

فقہ حنفی میں چوری کی سزا:

(۱) قدوری میں ہے۔

جب کوئی عاقل بالغ کسی محفوظ جگہ سے دس درہم چرائے خواہ وہ سکہ دار ہوں یا بے سکہ ہوں یا دس درہم کی کوئی چیز ہو تو اس پر قطع (یعنی اس کا ہاتھ کاٹنا) واجب ہے۔

(اشراق نوری ترجمہ قدوری ص۳۲۵)

قدوری کے علاوہ فقہ حنفی کی دیگر کتابوں میں چوری کی سزا موجود ہے۔ صرف صفحات لکھ دیتے ہیں ملاحظہ فرمائیں:

(۲) احسن المسائل اردو ترجمہ کنز الدقائق ص۱۸۶

(۳) شرح وقایہ اردو کتاب السرقہ ۱۹۰، ۱۹۱

(۴) اشرف الہدایہ ترجمہ ہدایہ جلد نمبر۶ ص۵۴۷ کتاب السرقہ

(۵) التسہیل الضروری المسائل القدوری اردو ص۴۵۷ سرقہ کا بیان

(۶) تفسیر معارف القرآن جلد نمبر ۳ ص ۱۲۹، ۱۳۰، سورہ مائدہ آیت نمبر ۳۸ کی تفسیر ملاحظہ فرمائیں۔

(۷) اسلامی فقہ جلد ۳ ص ۷۸ باب حد سرقہ

(۸) خلاصہ مسند امام اعظم ص ۲۲۰

(۹) موطا امام محمد کتاب الحدود فی السرقہ

(۱۰) کتاب الآثار کی شرح المختار باب الحد من قطع الطریق اوسرق ص ۴۶۶

(۱۱) اسلامی حدود باب چوری کی سزا (مولانا متین ہاشمی)

ناظرین ہم نے علماء نے احناف کی گیارہ کتب سے حوالہ جات سے پیش کیے ہیں کہ فقہ حنفی میں چوری کی سزا موجود ہے۔ اور ہے بھی وہ جو قرآن اور سنت میں موجود ہے۔ صاحب شمع محمدی نے جو حدیث پیش کی ہے۔ یہ حدیث جب ہمارے خلاف ہوتی جب ہم چوری کی سزا کا بالکل انکار کرتے۔ اب رہا کفن چوری کی سزا کا مسئلہ تو گزارش یہ ہے کہ صاحب شمع محمدی نے کوئی دلیل قرآن وسنت سے ایسی نقل نہیں کی جس میں صراحت کے ساتھ کفن چور کی سزا (حد) یعنی ہاتھ کاٹنا آئی ہو۔ دین اسلام میں اپنی مرضی نہیں ہے۔ شریعت نے جس جرم کی جو سزا شرائط اسلامیہ کی روشنی میں مقرر کی ہے وہ ہی ہے۔ بہت سے جرائم ایسے ہوتے ہیں جن پر شرعی حد نہیں ہوتی تعزیر ہوتی ہے۔ حد نہ ہونے سے یہ کیسے ثابت ہوا کہ اس جرم کی کوئی سزا ہی نہیں جب تعزیر موجود ہے تو سزا تو ہوئی اور بعض اوقات مجرم کو مال کا مالک معاف کر دیتا ہے جب مالک نے مجرم کو معاف کر دیا تو پھر سزا کا سوال ہی ختم ہو جاتا ہے۔

قرآن وسنت کی روشنی میں سارق (یعنی چور) کسے کہتے ہیں:

(۱) جو بھی کسی کا مال کا ناجائز طریقے سے لے لے، ضروری نہیں کہ اس کو سارق (چور) کہا جائے۔ جس نے امانت میں خیانت کی اس نے بھی غیر کا مال ناجائز طریقے سے

حاصل کیا ہے مگر اسے سارق نہیں کہا جاتا اور نہ ہی اس کا ہاتھ کاٹا جاتا ہے یعنی اس پر حد نافذ نہیں ہوتی مگر یہ حرکت غلط ہے اس کی سزا قاضی تجویز کرے گا جیسے تعزیر کہیں گے۔

(۲) جو سود سے دوسرے کا مال حاصل کرے اس نے بھی غیر کا مال ناجائز طریقے سے حاصل کیا ہے مگر اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جاتا۔

بہت سے ایسے واقعات حدیث کی کتابوں میں موجود ہیں جن پر چور کا ہاتھ نہیں کاٹا گیا کہ وہ شریعت اسلامیہ کی روشنی میں سارق نہیں بنتا جب تک قرآن وسنت کی روشنی میں کسی شخص پر ایسا جرم عائد نہیں ہوتا جس کی وجہ سے اس کا ہاتھ کاٹا جائے فقہ حنفی کیسے اجازت دے سکتی ہے۔

حدیث نمبر۱:

رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

لیس علی خائن ولا منتحب ولا مجتطس قطع خیانت کرنے والے پر لٹیرا پن سے مال لینے والے پر اور جھپٹا مار کے مال لینے والے پر ہاتھ کاٹنا نہیں ہے۔

(مشکوٰۃ باب قطع السرقہ فصل ثانی ص ۳۱۳، ترمذی کتاب الحدود ص ۱۸۷، ابو داؤد کتاب السرقہ ج ۲ ص ۲۴۷، ابن حبان العلل ج ۱ ص ۴۵۰، نسائی سرقہ ج ۲ ص ۲۶۱، ابن ماجہ ج ۲ ص ۶۷)

حدیث نمبر۲:

رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

لا قطع فی ثمر معلق ولا فی حریسة جبل

درخت پر لگے پھل میں ہاتھ نہ کاٹا جائے اور نہ پہاڑوں پر چرنے والے جانور میں۔

(مشکوٰۃ باب قطع السرقة فصل ثانی موطا امام مالك كتاب الحدود)

حدیث نمبر۳:

حضرت بسر بن ابواء ارطاہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا **لا قطع الایدی فی السفر** سفر میں ہاتھ نہ کاٹے جائیں۔(**نسائی باب القطع فی السفر**)

حدیث نمبر۴:

بسر بن ارطاۃ سے روایت ہے کہا انہوں نے کہ سنا میں نے نبی کریم ﷺ سے کہ آپ فرماتے تھے کہ ہاتھ نہ کاٹے جاویں جہاد میں۔

(ترمذی باب ما جاء ان لا یقطع الایدی فی العزو)

حدیث نمبر۵:

حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں گھٹیا چیز کی چوری کرنے پ (چورکا) ہاتھ نہ کاٹا جاتا تھا۔(**مصنف ابن ابی شیبة**)

حدیث نمبر۶:

عبداللہ بن یسار فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے پاس ایک ایسا آدمی لایا گیا جس نے مرغی چرائی تھی حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اس کا ہاتھ کاٹنے کا ارادہ کیا تو سلم بن عبدالرحمٰن نے ان سے فرمایا کہ حضرت عثمان نے فرمایا کہ پرندہ چوری کرنے میں قطع (ہاتھ کاٹنا) نہیں۔(**مصنف ابن ابی شیبة، مصنف عبدالرزاق**)

حدیث نمبر۷:

ابن ابی شیبہ نے سائب بن یزید کے اس قول کو نقل کیا ہے کہ میں نے کسی کو نہیں دیکھا ہے کہ پرندوں کے عوض اس کا ہاتھ کاٹا گیا ہو۔

حدیث نمبر۸:

امام بیہقی نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کا قول نقل کرتے ہوئے کہا ہے کہ کبوتروں کی

چوری پر قطع ید نہیں ہے۔

امام بیہقی یہ قول نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ ابوالدرداء کا مطلب یہ ہے کہ یہ وہ پرندے اور کبوتر ہیں جو محروز نہ ہوں۔

سنن الکبریٰ بیہقی کتاب الحدود ونصب الرایہ کتاب الحدود ج۳ ص ۳۶۵، مرقات جلد نمبر۷، ص ۱۵۷ تا ص ۱۵۹۔

ان احادیث وآثار سے ثابت ہوا کہ مطلقاً کسی کا مال ناجائز طریقے سے حاصل کرنے والا سارق (چور) نہیں ہے کہ اس پر حدِ سرقہ لگا کر اس کا ہاتھ کاٹ دیا جائے۔ اگرچہ ان صورتوں میں وہ گناہ گار ہوگا اور اس کے لیے کوئی دوسری سزا معین کی جا سکتی ہے جو قاضی کرے گا اس کو تعزیر کہیں گے۔

لہٰذا احادیث وآثار کی روشنی میں ہمیں سرقہ (چوری) کی ایسی تعریف کرنا پڑے گی۔ جو جامع مانع ہو اور اس لحاظ سے جو سارق ہو اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا اور کفن چور کا ہاتھ کاٹنے کے بارے میں جو حدیث بیان کی جاتی ہے وہ سخت قسم کی منکر ہے امام بیہقی نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے، اس کی سند میں بشر بن حازم ہے جو کہ مجہول ہے ان کے علاوہ اور بہت سی علتیں اس میں پائی جاتی ہیں۔

اعتراض نمبر۱۱۵:

چوروں کی ہمدردی

(یعنی کعبۃ اللہ اور مسجد حرام کے دروازے چرانے پر حد نہیں)

صاحب شمع محمدی نقل کرتے ہیں

اسی حدیث کو اور نمبر۶ کی حدیث کو تین درہم کی قیمت کا مال چرانے والے کا ہاتھ کاٹ دو دوبارہ پڑھ جائیے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

اور پھر حنفی مذہب کے اس مسئلے پر بھی ہدایہ جلد دوم کے ص ۵۲۰ کتاب السرقہ میں نظر ڈالیے کہ **ولا یقطع فی ابواب المسجد الحرام** یعنی کعبۃ اللہ شریف مسجد حرام کے کواڑ کوئی چرالے جائے تو اس کے ہاتھ نہ کاٹنے چاہئیں۔ کہو حنفی بھائیو! چوروں کا ساتھ دو گے یا ان کے ہاتھ کاٹنے والوں کا؟ (شمع محمدی ص ۱۳۴)

جواب:

صاحب شمع محمدی کو پہلے چاہیے تھا کہ قرآن اور سنت سے چوری کی تعریف کرتے تاکہ عوام کو پتہ چلے کہ چوری کسے کہتے ہیں اور شرعی طور پر چور کون ہوتا ہے۔ پھر یہ بتانا چاہیے تھا کہ قرآن وسنت میں کتنے مال کی چوری پر ہاتھ کاٹا جاتا ہے اور اس مسئلہ میں احادیث میں اختلاف ہے یا نہیں۔ اس کے بعد یہ بھی واضح کرتے کہ آیا ہر صورت میں اس پر حد (یعنی ہاتھ کاٹنا ہی ضروری ہے) ہی نافذ ہوتی ہے اور کوئی دوسری سزا شریعت میں نہیں ہے اور اگر صاحب مال قاضی کی عدالت میں جانے سے پہلے پہلے اس کو معاف بھی کردے پھر بھی اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا۔

صاحب شمع محمدی نے ان میں سے کسی بات کی بھی وضاحت نہیں کی۔ اور عوام کو دھوکہ میں رکھا ہے ہم نے اس مسئلہ کی کچھ وضاحت مسئلہ نمبر ۱۱۴ میں کردی ہے۔ مختصراً یہاں پر بھی نقل کرتے ہیں۔ چوری کی تعریف میں اعتبار عوام کے خیال کا نہیں ہوتا اور نہ ہی کسی پنچائیت فیصلہ کا۔ بلکہ قرآن وسنت کی روشنی میں فقہاء نے جو تعریف کی ہے اس کا ہوتا ہے۔

چوری کی تعریف:

علامہ شوکانی غیر مقلد نے صاحب قاموس سے نقل کیا ہے۔

السرقة والاستراق المجيء مستترا لاخذ مال غيره من حرزٍ فهذا امام من ائمة اللغة جعل الحرز جزءا من مفهوم السرقة وكذا قال ابن الخطيب في تيسير البيان.

یعنی محفوظ جگہ سے کسی دوسرے کے مال کو چھپا کر لے جانے کو سرقہ کہتے ہیں پس یہ (یعنی صاحب قاموس) لغت کے اماموں میں سے امام ہے اور اس نے حرز یعنی محفوظ جگہ کو چوری کے مفہوم میں جزء قرار دیا ہے۔ اور اسی طرح ابن الخطیب نے تیسیر البیان میں کہا ہے۔ (نیل الاوطار ج۷ ص۱۲۷)

(۲) صاحب ہدایہ نے بھی ہدایہ شریف میں لکھا ہے۔

اور مسجد حرام کے دروازوں کو چرانے میں بھی قطع ید نہیں ہوگا کیوں کہ احراز معدوم ہے۔

آسان لفظوں میں سارق اسے کہتے ہیں جو کسی کا محفوظ مال محفوظ طریقہ سے لے لے اور وہ مال دس درہم تک کی مالیت کا ہو اور لینے والا، عاقل بالغ ہو تو اس کو سارق کہتے ہیں۔

علامہ وحید الزمان غیر مقلد لکھتے ہیں۔

من سرق مكلفا مختارا من حرز ربع دينار او ثلاثة دراهم فصاعدا.

(كنز الحقائق ص۱۰۷، نزل الابرار ج۲ ص۲۰٤)

جو شخص مکلف (عاقل بالغ) مختار اگر دینار کے چوتھائی یا تین دراہم یا اس سے زیادہ مقدار کی چوری کرے تو اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا۔

علامہ وحید الزمان نے سارق کے لیے جو شرائط ذکر کی ہیں وہ یہ ہیں۔

(۱) وہ عاقل بالغ ہو

(۲) مختار ہو

(۳) اور جو مال اس نے چوری کیا ہے اس کی مالیت کم از کم تین درہم ہو۔

نوٹ:

تین درہم یا دس درہم کی بحث الگ ہے امام ابوحنیفہ کے نزدیک دس درہم والی احادیث زیادہ قابل عمل ہیں۔

علامہ وحید الزمان دوسرے مقام پر لکھتے ہیں۔

ومن سرق مالا من مسجد او مدرسة او بیت موقوف فان لم یکن فیها حافظ لم یقطع. (نزل الابرار ج۲ ص۳۰۶)

اور جس نے مسجد یا مدرسہ یا کسی وقف کی گئی عمارت سے چوری کی پس اگر اس میں محافظ نہ ہو تو چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

اور اپنی دوسری کتاب کنز الحقائق ص۱۰۸ میں یوں بیان کیا ہے۔

کہ اگر ان مقامات میں محافظ ہو تو پھر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

یہاں پر علامہ صاحب نے حرز کی قید بھی لگائی ہے۔

اور یہ مسئلہ صرف حنفیوں کا ہی نہیں دوسرے ائمہ اور فقہاء کا بھی ہے۔

علامہ ابن الہمام حنفی فرماتے ہیں۔

اگر کسی نے کعبہ کا پردہ چوری کیا تو اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا اور یہ قول امام مالک، امام احمد کا ہے اور صحیح قول کے مطابق امام شافعی کا قول بھی یہی ہے۔

(فتح القدیر ج۴ ص۱۳۰)

علامہ ابن قدامہ حنبلی نے امام احمد کا یہی نظریہ المغنی ج۱۰ ص۲۸۶ میں نقل کیا ہے۔

جب ہاتھ کاٹنے اور شرعی سرقہ ثابت کرنے کے لیے محفوظ جگہ سے مال چھپا کر نکالنا غیر مقلدین کے نزدیک بھی شرط ہے تو پھر فقہاء احناف کا کون سا جرم ہے۔

اور محفوظ جگہ وہ ہوتی ہے جہاں پر کسی کا آنا جانا نہ ہو۔ اور مسجد اور بالخصوص مسجد الحرام بیت اللہ شریف میں آنے سے تو کسی کو نہیں روکا جا سکتا اس لیے یہ جگہ محرز نہیں اگر وہاں سے

کوئی مال لے جائے تو اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔ مگر اس کو تعزیر ضروری لگائی جائے گی۔ تا کہ اس کے جرم کی سزا اس کو مل جائے اور دوسروں کے لیے عبرت ہو۔

اگر غیر مقلدین کے پاس قرآن و سنت کی کوئی ایسی دلیل ہو جس میں خاص یہ مسئلہ ہو مسجد حرام کے دروازے چوری کرنے والے پر حد لگانا ہی ضروری ہے تو وہ ضرور پیش کریں جوناگڑھی نے تو پیش نہیں کی۔

اعتراض نمبر ۱۱۶:

حدیث کی چار صورتوں کی حنفی مذہب میں تبدیلی

(یعنی امام کی شرائط کا مسئلہ)

جوناگڑھی نے اس مسئلہ کے تحت ایک حدیث پیش کی ہے۔

عن ابی مسعود قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یؤم القوم اقرأهم کتاب الله تعالٰی فان کانو فی القراة سواء فاعلمهم بالسنة فان کانوا فی السنة سواء فاقدمهم هجرة فان کانوا فی الهجرة سواء فاقدمهم سنا. (رواه مسلم، مشکوٰة ج۱ ص۱۰۰، کتاب الصلوٰة باب الامامة) یعنی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ لوگوں کی امامت وہ کرائے جو سب سے زیادہ کتاب اللہ کا قاری ہو اگر قرأت میں سب برابر ہوں تو وہ جو سب سے زیادہ سنت کا عالم ہو۔ اگر عالم سنت میں بھی سب برابر کے ہوں تو وہ جو ہجرت میں سب سے پہلے ہو اگر ہجرت میں بھی سب برابر ہوں تو وہ جو عمر میں سب سے بڑا ہو الخ۔ اس حدیث اور صریح حدیث کے بالکل برخلاف جو عمارت چنی گئی ہے آپ اسے بھی معائنہ فرمالیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

حنفی مذہب کی کتاب ہدایہ جلد اول ص ۱۰۱ کتاب الصلوٰۃ باب الامامۃ میں ہے واولی الناس بالاماۃ اعلمھم بالسنۃ...... فان تساووا فاقرؤھم ...... فان تساووا فاورعھم ...... فان تساوو فاسنھم ...... یعنی امامت کا سب سے زیادہ مستحق وہ ہے جوسب سے زیادہ سنت کا عالم ہو اگر اس میں سب برابر ہوں تو وہ جوسب سے زیادہ کتاب اللہ کا قاری ہو اگر اس میں سب برابر ہوں تو وہ جوسب سے زیادہ پرہیزگار ہو اگر اس میں بھی سب برابر ہوں تو وہ جوسب سے بڑی عمر کا ہو۔

حنفی بھائیو! حدیث آپ کے سامنے ہے اس میں جو چار صورتیں رسول اللہ ﷺ نے بیان کی تھیں۔ ان سب کو الٹ پلٹ کر دیا۔ اب میں جناب سے پوچھتا ہوں کہ کیا اس کا حق کسی کو تھا کہ خدا کے رسول ﷺ کی تعلیم کو بدلے؟

آنحضرت ﷺ نے چار درجے بیان کر کے اس مسئلے کو ختم کر دیا تھا۔ اہل حدیث حدیث شریف کے مطابق انہی درجات پر اس مسئلے کو ختم کرتے ہیں۔ نہ وہ اس کے سوا اور درجے گھڑیں نہ اور صورتیں پیدا کریں۔ نہ اپنی طرف سے فتوے بازی کریں۔ لیکن یہ تو آپ نے دیکھ لیا کہ حدیث کی بتلائی ہوئی صورتوں کو مسخ کر دیا۔ اب آگے سنئے! میں اس مسئلے کی قدرے اور بھی تفصیل کر دوں۔

حدیث کی چار صورتیں دس ہوگئیں۔

تنویر الابصار متن درمختار میں ہے۔ والاحق بالامۃ لاعلم باحکام الصلوٰۃ ثم الاحسن تلاوۃ ثم الاورع ثم الاسن ثم الاحسن خلقا ثم الاحسن وجھا ثم الاشرف نسبا ثم الانضف ثوبا فان استووا یقرع او الخیار الی القوم

یعنی سب سے زیادہ حق دار امامت کا وہ ہے جوسب سے زیادہ احکام نماز کا جاننے والا ہو۔ پھر وہ جوسب سے اچھی تلاوت کرنے والا ہو، پھر وہ جوسب سے پہلے اسلام والا ہو، پھر وہ جوسب سے زیادہ شریف نسب والا ہو، پھر وہ جوسب سے زیادہ اچھی پوشاک والا ہو۔ اگر

ان تمام باتوں میں بھی برابری ہو تو پھر قرعہ اندازی کی جائے یا لوگوں کو اختیار ہے۔

ہدایہ کی عبارت آپ اوپر پڑھ آئے ہیں وہاں صورتیں تو چار ہی رکھی تھیں۔ لیکن حدیث میں جو صورتیں بیان ہوئی ہیں ان میں اپنا تصرف کر کے کہیں انہیں بدل دی تھیں کہیں ان کی جگہ بدل دی تھی۔ تنویر الابصار کی عبارت بھی آپ نے ملاحظہ فرمائی کہ حدیث میں چار کا بیان تھا یہاں چار کی دس بنائی گئیں۔ ہم اہل حدیث تو یہ مذہب رکھتے ہیں کہ حدیث پر بس کیا جائے نہ اس میں کمی کی جائے نہ زیادتی کی جائے نہ الٹ پلٹ کی جائے۔ ہمارا عقیدہ تو یہ ہے کہ جو قرآن وحدیث میں جس طرح ہے وہی اسی طرح اسلام ہے جو اس میں نہیں وہ اسلام میں نہیں جو بات حضور ﷺ نے نہیں بتلائی اور کسی اور اس کے بتلانے اور دوسروں کو اس کے ماننے کا منصب ہی نہیں۔ دوستو غور کرو۔ اگر مگر پر فرض کر لینے اور تصور کر لینے پر ہم نے فتوے چسپاں کرنے شروع کر دیئے تو یہ سلسلہ تو لامتناہی ہو جائے گا۔ جو صورتیں ہمارے فقہائے کرام بیان فرمائیں گے ان سب کے بعد بھی یہی سوال باقی رہ جائے گا کہ اگر ان سب میں برابری ہو تو؟ آخر فرمایئے تو سہی کہ پھر دین کیا ہوگا؟ ایک مذاق ہوگا وہ کبھی قیامت تک بھی مکمل نہ ہوگا نمونہ کا ایک مسئلہ موجود ہے۔ ہدایہ میں چار صورتیں تھیں تنویر میں دس ہوئیں ابھی اور آگے سنیئے۔

اب چار کی اکیس بن گئیں:

صاحب درمختار نے ان کے علاوہ اور بھی بہت سی زیادتی کی ہے۔ ضمناً جو قسمیں بڑھائی ہیں اور جن قیود کا اضافہ کیا ہے وہ ملاحظہ ہو ثم اصبحھم ای اسمحھم وجھا ثم اکثرھم حسبا پھر نمبر ۷ کے بعد بڑھاتے ہیں ثم الاحسن صوتا پھر بڑھایا ہے ثم الاحسن زوجۃ ثم الاکثر مالا ثم الاکثر جاھا پھر نمبر ۸ کے بعد بڑھاتے ہیں ثم الاکبر راسا والاصغر عضوا ثم المقیم علی المسافر ثم الحر الاصلی علی العتیق ثم المتیمم عن حدث علی المتیمم عن جنابت. اور

نمبر ۱۰ کے بعد لکھتے ہیں فان اختلفوا اعتبر اکثرھم یعنی پھر زیادہ روشن چہرے والا، پھر سب سے بڑھ کر حسب والا پھر سب سے زیادہ اچھی آواز والا پھر سب سے زیادہ حسین بیوی والا، پھر سب سے زیادہ مال دار، پھر سب سے بڑے مرتبے والا پھر بہت بڑے سر اور بہت چھوٹے عضو والا پھر مقیم مسافر پر پھر اصلی آزاد آزاد شدہ پر، پھر وضو کے قائم مقام جس نے تیمم کیا ہے، وہ غسل کے قائم مقام تیمم کرنے والے پر، پھر بھی اگر لوگوں میں اختلاف رہے تو اکثریت جس کی طرف دار ہو اسے امام بنایا جائے۔

تفصیلی نظر:

ناظرین کرام حدیث شریف آپ کے سامنے ہے جس میں صرف چار صورتیں ہیں یہاں اکیس تو صرف یہی ہو گئیں ابھی اور کتابوں میں اور بھی ہیں پھر ان میں عجیب عجیب اختلافات ہیں کوئی کسی کو آگے کرتا ہے کوئی کسی کو پس اتباع سنت تو یہ ہے کہ آپ وہیں ختم کر دیں۔ جہاں خدا کے رسول ﷺ نے ختم کیا اور تقلید شخصی یہ ہے کہ اسے بڑھاتے چلے جائیں اور رائے قیاس کے انبار لگاتے چلے جائیں۔ فرضی صورتیں بناتے اور ان کے احکام وضع کرتے چلے جائیں۔ رائے قیاس اور یہ موجودہ فقہ حدیث پر قناعت نہیں کرتا۔ شارع کے بیان کو کافی نہیں سمجھتا۔ شارع علیہ السلام نے انچ بھر بیان کیا تھا تو انہوں نے اسے گز بھر کر لیا۔ قول نبی پر اپنا قول تہ بہ تہ جماتے جماتے آخر قولِ نبی کو ان اقوال الناس نے بالکل ہی چھپا دیا۔ کتب حدیث کے صاف اور پاک مسئلے کی کتب فقہ میں بالکل کایا پلٹ گئی حدیث میں کچھ تھا یہاں کچھ ہو گیا۔ لکیر کا سانپ بن گیا۔ یہ ایک مسئلہ اور اس کے اوپر کے اور مسائل سب آپ کے سامنے ہیں۔ اب غور فرما کر نظریں ڈال کر خود ہی فیصلہ کیجیے کہ آپ کا دل حدیث کی طرف جھکتا ہے یا فقہ کی طرف؟ آپ کا جی اتباع سنت کی طرف مائل ہوتا ہے یا تقلید شخصی کی طرف؟ آپ شمع محمدی کو لیتے ہیں یا رائے کی رات کے اندھیرے کو؟ اپنی اپنی سمجھ ہے ہماری آواز سنو

میں بلبل نالاں ہوں گلزار محمد کا — آئینہ حیراں انوارِ محمد کا
بلبل ہے فدا گل پر شمع پہ پروانہ — ہے عشق مجھے دلدار محمد کا

(شمع محمدی ص ۱۳۲، ظفر المبین حصہ دوم ص ۵۹، فتح المبین علی رد مذاہب المقلدین ص ۱۳۷، اختلاف امت کا المیہ ص ۶۰، احادیث نبویہ اور فقہ حنفیہ ص ۱۶، ۵۱، مقلدین ائمہ کی عدالت میں ص ۲۱۴، سبیل الرسول ص ۲۴۰)

جواب:

جونا گڑھی کہتا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا امامت کا زیادہ حق دار بڑا قاری ہے۔ یہ حدیث تو نقل کر دی مگر آنحضرت ﷺ کا دوسرا فرمان کہ امامت کا زیادہ مستحق افقھھم فی الدین ہے جو دین کا بڑا فقیہ ہے پھر وہ جو بڑا قاری ہے۔

(مستدرک حاکم ج ۱ ص ۲۴۳، دار قطنی ج ۱ ص ۱۰۴)

کیا وجہ ہے کہ پہلی حدیث کو ماننے والا تو اہل حدیث کہلائے لیکن دوسری حدیث کو ماننے والا مخالف حدیث کہلائے کیا غیر مقلدین ایک ہی ایسی حدیث پیش کر سکتے ہیں جس میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہو کہ پہلی حدیث کو ماننا اور دوسری حدیث کو ماننے سے انکار کر دینا بلکہ اس کے ماننے والوں کو منکر حدیث کہنا جونا گڑھی کا فرض تھا کہ دونوں حدیثیں نقل کر کے ان میں تطبیق بیان کرتے لیکن اس کے لیے علم کی ضرورت ہے۔ ایسی احادیث میں تطبیق کے لیے فقہاء کی ضرورت ہوتی ہے اب سنئے فقہاء نے کیا تطبیق بیان فرمائی ہے۔

آنحضرت ﷺ کے صحابہ میں سب سے بڑے فقیہ حضرت ابو بکر صدیق ؓ تھے۔ سب سے بڑے قاری حضرت ابی بن کعب ؓ تھے کہ خود خدا تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو حکم دیا کہ ابی بن کعب سے قرآن سنو اور سب سے بڑے محدث حضرت ابو ہریرہ ؓ تھے۔ اب پوری امت کا اتفاق ہے کہ آنحضرت ﷺ نے آخری وقت اپنے مصلیٰ پر نہ بڑے محدث حضرت ابو ہریرہ ؓ کو امام بنا کر کھڑا کیا اور نہ ہی سب سے بڑے قاری حضرت ابی بن کعب کو امام

نماز بنایا۔ بلکہ آپ ﷺ نے سب سے بڑے فقیہ کو امام بنایا یہ فقہاء کا گھڑا ہوا مسئلہ نہیں بلکہ آنحضرت ﷺ کی آخری قولی اور فعلی سنت ہے۔ آپ ﷺ کے بعد خلافت راشدہ میں بھی امامت فقہاء کے سپرد ہی رہی۔ حضرت ابی بن کعب زیادہ سے زیادہ رمضان میں تراویح کی امامت کرایا کرتے تھے۔ مکہ مکرمہ کے مشہور تابعی مفتی حضرت عطاء بن ابی رباح فرماتے ہیں۔ (دور صحابہ وتابعین) میں یہی کہا جاتا تھا کہ امامت کا اول درجے پر مستحق بڑا فقیہ ہے دوسرے نمبر پر بڑا قاری۔ (کتاب الاُم للشافعی ج۱ ص ۱۴۰)

الغرض خیر القرون میں بھی بلانکیر اسی پر عمل جاری رہا۔ تو فقہ کا جو مسئلہ آنحضرت ﷺ کی قولی اور فعلی سنت خلفائے راشدین اور خیر القرون کے اجماع سے ثابت ہے اس کے بارہ میں یہ جھوٹ بولنا کہ فقہاء کے گھر کا بنایا ہوا ہے، غلط ہے۔

جونا گڑھی کو یہ شکوہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے تیسرے نمبر پر مہاجر کو رکھا تھا لیکن فقہاء نے اس مسئلہ کو بدل کر پرہیزگار کا لفظ رکھ دیا۔ یہاں بھی خالص فریب اور مغالطہ ہے ایک ہجرت وہ تھی جو مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کو ہو رہی تھی۔ اس کے بارہ میں تو آنحضرت ﷺ نے اعلان فرمادیا کہ لاہجرۃ بعد الفتح یعنی فتح مکہ کے بعد ہجرت ختم ہے۔ جب ہجرت کی یہ قسم ختم ہوگئی تو فقہاء نے جستجو کی کیا ہجرت کی کوئی قسم جاری بھی ہے تو انہیں آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد گرامی مل گیا کہ المهاجرين هجر الخطايا والذنوب.

(رواه الحاكم صححه)

یعنی وہ شخص بھی مہاجر ہے جو کبیرہ اور صغیرہ گناہوں کو چھوڑ دے۔ اس کی تفسیر فقہاء نے زیادہ پرہیزگار سے کر دی تو یہاں مرادِ رسول کو ہی بیان فرمایا ہے۔ جونا گڑھی کا یہ کہنا کہ یہ مسئلہ حدیث کے خلاف ہے۔ کتاب وسنت سے جہالت کی دلیل ہے۔

ہم نے حدیث قولی وفعلی اور اجماع سے ثابت کر دیا کہ بڑا فقیہ امامت کا مستحق ہے۔

فقہ کا مسئلہ تو حدیث سے ثابت ہو گیا اب امام جماعت غرباء اہل حدیث نے فتاویٰ

ستاریہ میں جو مسئلہ لکھا ہے کہ جو شخص بجو کو حلال نہ سمجھے اس کے پیچھے نماز جائز نہیں۔

(فتاویٰ ستاریہ)

آپ کے مفسر اور صحاح ستہ کے مترجم علامہ وحید الزمان نے لکھا ہے کہ ''رافضیوں اور خارجیوں کی اقتدا میں نماز جائز ہے۔'' (لغات الحدیث ج۸ ص ۹۸)

یہ دونوں مسئلے کس حدیث سے ثابت ہیں۔

نواب وحید الزمان نے لکھا ہے ''ایک شخص نے جماعت کرائی اور سلام کے بعد اعلان کیا کہ میں نے بے وضو نماز پڑھائی ہے تو نماز ہوگئی دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

(کنز الحقائق ص ۲۴)

نواب وحید الزمان لکھتے ہیں کہ ایک شخص نے نماز پڑھائی اور بعد میں بتایا کہ میں کافر ہوں تو نماز ہوگئی دہرانے کی ضرورت نہیں۔ (کنز الحقائق ص ۲۴)

جونا گڑھی نے پھر ایک اور فریب دیا ہے کہ فقہاء نے زیادہ صورتیں بیان کی ہیں، یہ مسائل ہیں حالانکہ یہ ایسا ہی فریب ہے جیسے منکرین حدیث کہا کرتے ہیں جو مسائل قرآن پاک میں نہیں اور احادیث میں زائد ہیں وہ غلط ہیں۔ حدیث معاذ میں صراحت ہے کہ جب مسئلہ صراحۃً کتاب اللہ شریف میں نہ ملے تب ہی سنت سے لیا جائے گا اور جب صراحۃً سنت سے نہ ملے تب ہی اجتہاد سے لیا جائے گا۔ اس لیے فقہ کے مسئلہ کو غلط ثابت کرنے کے لیے ہر مسئلہ کے خلاف جونا گڑھی کو حدیث صحیح صریح غیر معارض پیش کرنا چاہیے تھی۔

اگر ہر وہ مسئلہ جو قرآن یا حدیث میں صراحۃً منقول نہ ہو غلط ہے تو بھینس کا گوشت کھانا، دودھ پینا، گھی، مکھن، دہی، لسی، چمڑا استعمال کرنا نہ قرآن میں ہے اور نہ صحیح صریح حدیث میں کیا جونا گڑھی ان سب کے حرام ہونے کا فتویٰ دیں گے۔

اس وقت دنیا میں دو سو سے زائد چھوٹے چھوٹے جانور جن کی رگوں میں بہتا ہوا خون نہیں مگر حدیث پاک میں صرف مکھی کا ذکر آیا ہے کہ اگر پینے کی چیز میں گر جائے تو نکال کر

پھینک دو اور وہ چیز ناپاک نہیں۔ استعمال کرلو مگر فقہاء نے مکھی پر ہی چیونٹی، بھڑ، مچھر، جگنو،
ٹڈی، پسو، جوں، کھٹمل وغیرہ اس قسم کے دوسو سے زائد جانوروں کو قیاس کرلیا ہے۔ اب کوئی
یہ کہے کہ فقہاء نے ایک صورت سے دوسو صورتیں بیان کردیں تو یہ فقہ کا کمال ہے نہ کہ نقص۔
یہ بے چارے فقہ کو کیا سمجھیں۔

جوناگڑھی کو شکایت ہے کہ فقہاء نے یہ کیوں لکھا کہ امام خوش اخلاق ہو لیکن فقہ کے
اس مسئلہ کے خلاف اس نے نہ کوئی آیت پیش کی نہ حدیث۔

فقہاء کا کہنا ہے کہ حضرت ابوامامہ نے روایت بیان کی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا
کہ اگر تم چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہاری نمازیں قبول فرمائیں تو اپنا امام نیک لوگوں کو بناؤ۔
(رواہ ابن عساکر) اور فرمایا کہ نیکی خوش اخلاقی کا نام ہے۔ (احیاء العلوم) تو فقہ کا مسئلہ تو
حدیث سے ثابت ہوگیا۔

نیز بہت سی احادیث میں آتا ہے کہ نماز باجماعت میں جتنی تعداد زیادہ ہوگی اتنا
ثواب زیادہ ہوگا تو اگر امام خوش اخلاق ہوگا تو جماعت کی تعداد زیادہ ہوگی اور باعث اجر عظیم
ہوگا اور اگر امام بداخلاق ہوگا تو جماعت ٹوٹ جائے گی۔ خود اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وَلَوْ
كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ (آل عمران:۱۵۹) اے پیغمبر آپ
ترشی سے پیش آتے تو لوگ آپ سے کٹ جاتے۔ پس قیام جماعت کے لیے امام کا خوش
اخلاق ہونا ضروری ہوا۔

جوناگڑھی کو یہ شکایت ہے کہ فقہاء نے یہ کیوں لکھا ہے کہ امام خوبصورت چہرے والا ہونا
ضروری ہے اگر لامذہب صحیح حدیث پیش کرتے تو ہم تسلیم کرلیتے کہ واقعی فقہ کا یہ مسئلہ
حدیث صحیح صریح غیر معارض کے خلاف ہے۔

جوناگڑھی کو یہ بھی علم نہیں کہ بیہقی کی ایک ضعیف حدیث میں ہے کہ آنحضرت ﷺ
نے فرمایا ثم احسن وجھا پھر امام اس کو بناؤ جو خوب صورت چہرے والا ہو اور یہ ضعیف

حدیث کسی صحیح حدیث کے خلاف نہیں۔

جوناگڑھی نے یہ بھی نہ بتایا کہ چہرے کے خوبصورت ہونے سے فقہاء کا کیا مطلب
ہے ان کا کہنا ہے کہ خوبصورت چہرے والے سے مراد زیادہ تہجد پڑھنے والا ہے اور یہ بات
بھی ایک ضعیف حدیث سے ثابت ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا **من کثرت صلوته
باللیل حسن وجهه بالنهار** جو رات کو زیادہ نماز پڑھتا ہے اس کا چہرہ حسین و خوب
صورت ہوجاتا ہے۔ (شامی)

جوناگڑھی کو یہ بھی شکایت ہے کہ فقہاء نے یہ کیوں لکھا کہ امام شریف النسب ہونا
چاہیے لیکن اس کے خلاف بھی کوئی صحیح صریح غیر معارض حدیث پیش نہیں کرسکا۔

جوناگڑھی کو یہ بھی علم نہیں کہ حدیث پاک میں ہے **الناس معاون کمعاون
الذهب والفضة فخيارهم في الجاهلية خيارهم في الاسلام اذا فقهوا.**
(بخاری) یعنی لوگ سونے چاندی کی کان کی مانند ہیں جو جاہلیت میں نیک تھے وہ اسلام
میں بھی نیک ہیں جب کہ فقیہ بھی ہوں۔ یعنی فقہ کے ساتھ اگر شرافت نسب مل جائے تو
سونے پر سہاگہ ہے اور یہی کچھ فقہا فرمارہے ہیں۔

جوناگڑھی کو یہ بھی شکایت ہے کہ فقہاء نے یہ کیوں تحریر فرمایا کہ بہتر ہے کہ امام اچھی
آواز والا ہو۔ لیکن اس کے خلاف بھی یہ کوئی صحیح صریح غیر معارض حدیث پیش نہیں کرسکا۔

جوناگڑھی کو یہ بھی علم نہیں کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا **زینوا القرآن
باصواتکم فان الصوت الحسن یزید القرآن حسنا رواہ الحاکم وقال
صحیح** یعنی قرآن پاک کو خوش آوازی سے مزین کرو بے شک خوش آوازی قرآن پاک
کے حسن کو چار چاند لگادیتی ہے دیکھئے فقہاء کا بیان کردہ مسئلہ تو حدیث پاک سے ثابت ہو
گیا۔

جوناگڑھی کو یہ بھی شکایت ہے کہ فقہاء نے یہ کیوں تحریر فرمادیا کہ بہتر ہے کہ امام وہ ہو

جس کی بیوی خوبصورت ہو۔ اس کا فرض تھا کہ اس مسئلہ کا غلط ہونا کسی حدیث صحیح صریح غیر معارض سے ثابت کرتا۔

آنحضرت ﷺ نکاح کو نصف ایمان فرماتے ہیں اور خوبصورت بیوی کو جنت کا خزانہ، اسی لیے فقہاءؒ نے بھی تحریر فرمایا ہے کہ اگر امام کی بیوی خوبصورت ہوگی تو غالب یہی ہے کہ وہ اسی سے محبت کرے گا اور اپنے دل کو ناجائز تعلقات سے پاک رکھے گا اور وہ نیک اور خوبصورت بیوی نیکی اور پرہیزگاری میں اس کی مددگار ثابت ہوگی اور یہ بات کہ امام کی بیوی کیسی ہے اور امام کا تعلق اس کے ساتھ کیسا ہے، ہمسایہ اور رشتہ دار لوگوں کو اپنی عورتوں کے ذریعہ معلوم ہو جاتا ہے۔ یہ مراد نہیں کہ ہر شخص اپنی بیوی کے حسن کو لوگوں کے سامنے بیان کرے۔ (شامی)

جوناگڑھی کو اس سے بھی شکایت ہے کہ فقہاء نے یہ کیوں لکھا کہ بہتر ہے کہ امام مالدار اور مرتبے والا ہو لیکن اس کے خلاف بھی وہ کوئی صحیح صریح غیر معارض حدیث پیش نہیں کر سکا۔

فقہاء کا فرمان ہے کہ کثرت مال جب دین کے ساتھ جمع ہو تو اس سے قناعت اور عفت آتی ہے اور کثرت جاہ تکثیر جماعت کا باعث ہوتی ہے اور جماعت کا بڑا ہونا ہی اصل مقصد ہے تو جب یہ دونوں چیزیں اصل مقصد کے لیے مددومعاون ہوں گی تو ان کے مطلوب ہونے میں کون عقل مند شبہ کرے گا۔

جوناگڑھی کو یہ بھی شکایت ہے کہ فقہاء نے یہ کیوں تحریر فرمایا ہے کہ امام کے لیے بہتر ہے کہ اس کے کپڑے اور لباس اچھا ہو مگر اس کے خلاف بھی وہ کوئی صحیح صریح غیر معارض حدیث پیش نہیں کر سکا۔

فقہاء لکھتے ہیں کہ امام اگر میلے کچیلے کپڑوں میں رہے گا تو لوگ اس سے نفرت کریں گے اور جماعت کی کمی یا تفرقہ کا اندیشہ ہے اور حدیث پاک میں بھی آتا ہے ان اللہ جمیل

یحب الجمال (مسلم)
کہ اللہ تعالیٰ جمیل ہیں اور جمال کو پسند فرماتے ہیں اور اچھا لباس انسان کے جمال کو مزید اجاگر کر دیتا ہے۔

جوناگڑھی کو یہ بھی شکایت ہے کہ فقہاء نے یہ کیوں لکھا کہ امام کا جسم بھی متناسب ہونا بہتر ہے کیوں کہ اعضا جسم کا متناسب ہونا کمال عقل کی دلیل ہے۔ اس لیے امام کا سر بڑا ہو اور باقی اعضاء تناسب کے ساتھ چھوٹے ہوں کیوں کہ داناؤں کا قول ہے سر وڈے سرداراں دے تے وڈرے پیر گنواراں دے۔ اس کے خلاف بھی کوئی صحیح صریح غیر معارض حدیث پیش نہیں کر سکا۔

جوناگڑھی نے یہ مسئلہ لکھتے وقت یہ بھی خیانت کی کہ اس جملے سر بڑا اور عضو چھوٹے کا جو معنی خود فقہاء نے بیان کیا ہے یعنی کامل عقل والا ہو وہ بیان ہی نہیں کیا جو خالص مغالطہ اور فریب ہے۔

بعض غیر مقلد تو فقہاء کے اس بیان کیے ہوئے مطلب کو چھپانے کے ساتھ ساتھ اس کا نہایت غلط مطلب بیان کر کے عوام میں اشتعالی پیدا کیا کرتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ امام وہ ہے جس کا ذکر چھوٹا ہو حالانکہ فقہاء نے صاف اس کی تردید کی ہے کہ اس مطلب کا تو ذکر کرنا بھی جائز نہیں۔ جو جملہ تردید کے لیے نقل کیا گیا ہو۔ اس کو فقہ کی طرف منسوب کرنا ایسا ہی فریب ہے جیسے قرآن پاک میں عیسائیوں کی تردید کی گئی ہے۔ لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ھو المسیح ابن مریم وہ لوگ کافر ہیں جو مسیح بن مریم کو خدا مانتے ہیں اب کوئی عیسائی تردید نقل نہ کرے اور کہے قرآن میں لکھا ہے کہ ان اللہ ھو المسیح بن مریم بے شک مریم کا بیٹا مسیح خدا ہے تو ایسے فریب کی کوئی حد ہے۔

اسی طرح مقیم کو مسافر پر آزاد کو غلام پر وضو کو تیمم پر بہت سے احکام میں فضیلت حاصل ہے تو امام میں ان فضائل کا حصول مطلوب ہے ان کے خلاف بھی یہ لامذہب احادیث صحیحہ صریحہ غیر معارضہ پیش نہیں کر سکا۔

اعتراض نمبر ۱۱۷:

کلی کا مسئلہ

(کلی کرنے کے لیے الگ پانی لینا)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوٰۃ شریف جلد اول ص۴۵ باب سنن الوضوء میں حضرت عبداللہ بن زید بن عاصم رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ ﷺ کے وضو کے بیان میں مروی ہے کہ **فمضمض واستنشق من کف واحد** یعنی آپ نے ایک ہی چلو لے کر اسی سے کلی بھی کی اور ناک میں بھی پانی دیا۔ اور روایت میں ہے **فمضمض واستنشق واستنثر ثلاثا بثلاث غرفات من ماء** یعنی آپ نے تین چلو سے تین مرتبہ کلی بھی، ناک میں پانی بھی دیا اور ناک جھاڑی بھی۔ اور روایت کے الفاظ یہ ہیں **فمضمض واتنشق من کف واحدة فعل ذالك ثلاثا** اور روایت میں ہے **فمضمض واستنسر ثلاث مرات من غرفة واحدة** یعنی آپ نے ایک ہی چلو سے کلی بھی کی اور ناک بھی صاف کی۔ تین مرتبہ ایسا ہی کیا۔ یہ حدیث ناظرین کے سامنے ہے۔ صحیح ہے صاف ہے کہ ایک ہی چلو سے کلی بھی کرے اور ناک میں بھی پانی دے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا۔ چنانچہ ہدایہ جلد اول ص۶ میں ہے۔

وکیفیتهما ان یمضمض ثلثا یأخذ لکل مرة ماء جدیدا ثم یستنشق کذالك یعنی الگ الگ ایک چلو پانی سے تین مرتبہ کلی کرے اور پھر اس کے بعد اسی طرح تین مرتبہ ناک میں پانی دے۔ شرح وقایہ میں ہے **والمضمضة میاہ والاستنشاق**

بمیاہ یعنی کلی اور ناک میں پانی کے لیے الگ الگ پانی لے میں کئی مرتبہ لکھ چکا ہوں پھر بھی تحریر ہے کہ میرا مقصود اس مضمون سے یہ دکھانا ہے کہ حدیث ہے صحیح ہے لیکن چونکہ حنفی مذہب کی فقہ کی کتابوں میں اس کے خلاف ہے اس لیے اور محض اسی لیے حدیث پر لاکھوں حنفیوں میں سے ایک بھی عمل نہیں کرتا۔ بلکہ مذہب کی مضبوط اور پابندی کرانے والی بیڑیاں اسے حدیث پر عمل کرنے کی اجازت ہی نہیں دیتیں۔ یہ وصف اہل حدیث ہی میں ہے کہ اگر کسی کام کے کئی طریقے صحیح حدیثوں سے ثابت ہیں تو ان کے نزدیک سب جائز ہیں۔ پس اے حنفی بھائیو! آپ سے بھی التماس ہے کہ ان حدیثوں کو رد کرنے کا کیا عذر خدا کے سامنے پیش کرو گے؟ کیوں آج ہی سے تم بخاری مسلم کی اس حدیث پر عمل شروع نہ کر دو حنفیت کو چھوڑ دو اور حدیث کی طرف آ ؤ۔ یہ نہ کہو حنفی مذہب سچا اور حدیث کا مذہب غلط۔

(شمع محمدی ص۱۳۸)

جواب:

اس مسئلہ میں روایات مختلف ہیں۔ جونا گڑھی نے اپنی مرضی کی ایک روایت نقل کر دی اور حنفی مسلک کی دلیل ذکر نہیں کی۔ اور حنفی مسلک کو حدیث کے خلاف کہہ دیا۔

حنفی مسلک کے دلائل

حدیث نمبر ۱:

عن ابی وائل شقیق بن سلمة قال شهدت علی بن ابی طالب وعثمان بن عفان رضی الله عنهما توضأ ثلاثا ثلاثا وافرد المضمضة من الاستنشاق ثم قالا هکذا رأینا رسول الله صلی الله علیه وسلم توضأ. رواه ابن السکن فی صحاحه. (تلخیص الحبیر ج۱ ص۷۹)

ابو وائل شقیق بن سلمہ نے کہا، میں حضرت علی بن ابی طالب اور حضرت عثمان بن

عفان رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوا دونوں نے تین تین بار وضو کیا اور مضمضہ کو استنشاق سے علیحدہ کیا، پھر کہا ہم نے رسول اللہ ﷺ کو اس طرح وضو کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

اس حدیث کو ابن السکن نے اپنی صحاح میں بیان کیا ہے۔

حدیث نمبر۲:

عن ابی حیة قال رأیت علیا رضی الله عنه توضأ فغسل کفیه حتی انقاهما ثم مضمض ثلاثا واستنشق ثلاثا وغسل وجهه ثلاثا وذراعیه ثلاثا ومسح برأسه مرة ثم غسل قدمیه الی الکعبین ثم قام فأخذ فضل طهوره فشربه وهو قائم ثم قال احببت ان اریکم کیف کان طهور رسول الله صلی الله علیه وسلم.

(ترمذی ابواب الطهارت باب فی وضوء النبی صلی الله علیه وسلم کیف کان)

ابو حیہ نے کہا، میں نے حضرت علی کو دیکھا کہ انہوں نے وضو کیا پس اپنی دونوں ہتھیلیوں کو دھویا یہاں تک کہ انہیں خوب صاف کیا، پھر تین بار کلی کی اور تین بار ناک میں پانی ڈالا، تین بار چہرہ دھویا دونوں بازؤوں کو بھی تین بار دھویا اور ایک بار مسح کیا، پھر اپنے دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھوئے، پھر کھڑے ہو کر وضو کا بچا ہوا پانی لے کر اسے کھڑے کھڑے ہی پی لیا، پھر کہا میں نے بہتر سمجھا کہ تمہیں دکھاؤں رسول اللہ ﷺ کا وضو کیسا تھا۔

حدیث نمبر۳:

عن ابن ابی ملیکة قال رأیت عثمان بن عفان رضی الله عنه سئل عن الوضوء فدعا بماء فاتی بمیضاء فاصغاها علی یده الیمنی ثم ادخلها فی الماء فتمضمض ثلاثا واستنثر ثلاثا وغسل وجهه ثلاثا ثم غسل یده الیمنی

ثلاثا وغسل یده الیسری ثلاثا ثم ادخل یده فاخذ ماء فمسح براسه واذنیه فغسل بطونهما وظهورهما مرة واحدة ثم غسل رجلیه ثم قال این السائلون عن الوضوء هکذا رایت رسول الله صلی الله علیه وسلم یتوضأ.

(ابوداود کتاب الطهارة ج۱ ص۱۵ باب صفة وضوء النبی صلی الله علیه وسلم)

ابن ابی ملیکہ نے کہا، میں نے حضرت عثمان بن عفان کو دیکھا ان سے وضو کے بارے میں پوچھا گیا انہوں نے پانی منگوایا تو لوٹا پیش کیا گیا، انہوں نے اسے اپنے دائیں ہاتھ پر ڈالا پھر وہ ہاتھ پانی میں داخل کر کے تین بار کلی کی اور تین بار ناک جھاڑا اور تین بار اپنا چہرہ دھویا پھر اپنا دایاں ہاتھ تین بار اور بایاں ہاتھ تین بار دھویا پھر اپنا ہاتھ برتن میں ڈالا پانی لے کر اپنے سر اور کانوں کا مسح کیا دونوں کانوں کے اندرونی اور بیرونی حصہ کو ایک بار دھویا پھر اپنے دونوں پاؤں دھوئے اور کہا وضو کے بارہ میں پوچھنے والے کہاں گئے؟ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح وضو کرتے ہوئے دیکھا۔

حدیث نمبر۴:

وعن راشد بن نجیح ابی محمد الحمانی قال رایت انس بن مالک بالزاویة فقلت له اخبرنی عن وضوء رسول الله صلی الله علیه وسلم کیف کان فانه بلغنی انك کنت توضیئه قال نعم فدعا بوضوء فاتی بطست وقدح فوضع بین یدیه فاکفا علی یدیه من الماء وانعم غسل کفیه ثم تمضمض ثلاثا واستنشق ثلاثا وغسل وجهه ثلاثا ثم اخرج یده الیمنی فغسلها ثلاثا ثم غسل الیسری ثلاثا ثم مسح براسه مرة واحدة غیر انه امرهما علی اذنیه فمسح علیهما. رواه الطبرانی فی الاوسط وقال الهیثمی اسناده حسن. (المعجم الاوسط ج۳ ص۴۲۸، مجمع الزوائد ج۱ ص۲۳۱)

راشد بن نجیح ابو الحمد الحمانی نے کہا میں نے حضرت انس بن مالک کو زاویہ میں دیکھا تو ان سے کہا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کے بارہ میں بتایئے کہ وہ کس طرح تھا؟ تحقیق مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ انہیں وضو کراتے تھے انہوں نے کہا ہاں تو انہوں نے پانی منگایا ایک طشت اور پیالہ لایا گیا (جو کہ چھیلا گیا تھا جیسا چھیلا گیا تھا) ان کے سامنے رکھ دیا گیا تو انہوں نے اپنے ہاتھوں پر پانی ڈال کر دونوں ہاتھوں کو خوب اچھی طرح دھویا پھر تین بار کلی کی، تین بار ناک میں پانی ڈالا، اور تین بار چہرہ دھویا، پھر اپنا دایاں ہاتھ ڈال کر اسے تین بار دھویا، پھر بایاں ہاتھ تین بار دھویا اور اپنے سر کا ایک بار مسح کیا، البتہ انہوں نے ہاتھ اپنے دونوں کانوں پر پھیرے اور ان کا مسح کیا۔

اس حدیث کو طبرانی نے اوسط میں بیان کیا ہے اور اس کی سند حسن ہے۔

حدیث نمبر۵:

طلحہ بن مصرف نے روایت کی اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا آپ وضو کر رہے تھے اور آپ جدائی کرتے تھے کلی میں اور ناک میں پانی ڈالنے میں۔

(ابو داؤد باب فی الفرق بین المضمضة والاستنشاق)

ناظرین ان پانچ احادیث سے حنفی مسلک ثابت ہوتا ہے۔ رہی وہ روایت جو جونا گڑھی نے نقل کی ہے ہمارے نزدیک وہ بیان جواز پر محمول ہے۔

اعتراض نمبر ۱۱۸:

اونٹ کی قربانی میں ایجاد

(یعنی اونٹ کی قربانی میں دس آدمیوں کا شریک ہونا)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوٰۃ شریف جلد اول ص ۸۳۱ باب فی الاضحیہ میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے وہیں عید الاضحیٰ آ گئی تو ہم میں سے سات سات آدمی گائے میں شریک ہوئے اور اونٹ میں دس دس نے شریک ہو کر قربانی کی۔ یہ حدیث ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ میں موجود ہے۔ لفظ یہ ہیں **وفی البعیر عشرة**

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتے ہدایہ جلد چہارم ص ۴۲۸ کتاب الاضحیہ میں ہے او بدنة عن سبعة یعنی اونٹ میں سات آدمی شریک ہو سکتے ہیں۔ اس سے زیادہ نہیں۔ پس حدیث میں دس کی شرکت، حنفی مذہب اس کا منکر اب ہمارے حنفی بھائی بتلائیں کہ وہ دس پر خوش ہیں یا سات پر مگن ہیں؟ (شمع محمدی ص ۱۴۰)

جواب:

اس مسئلہ میں روایتیں دونوں قسم کی ہیں، جونا گڑھی نے اپنے مطلب کی روایت نقل کر دی اور دوسری روایات کا ذکر نہ کیا اور فقہ حنفی کے مسئلے کو حدیث کے خلاف کہہ دیا ہم یہاں پر پہلے وہ روایات نقل کرتے ہیں جن پر فقہ حنفی کا عمل ہے۔

فقہ حنفی کے دلائل

حدیث نمبر۱:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج کا تلبیہ کہتے ہوئے گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم اونٹ اور گائے میں سات سات آدمی شریک ہو جائیں۔ (مسلم، باب: جواز الاشتراك فی المهدی)

اس حدیث میں آنحضرت ﷺ نے اوٹ میں سات آدمی شریک ہونے کا حکم دیا

ہے اور جونا گڑھی نے جو حدیث نقل کی ہے۔ اس میں حکم موجود نہیں ہے۔ اب یہاں پر قول اور فعل کے درمیان تعارض آ گیا اور اصولیین کے نزدیک جب قولی اور فعلی حدیث کے درمیان تعارض آ جائے تو ترجیح قول کو ہوتی ہے جیسا کہ علامہ نووی شرح مسلم میں فرماتے ہیں کہ **تعارض القول والفعل والصحیح حینئذ عند الاصولیین ترجیح القول. (نووی شرح مسلم ج۱ ص۴۵۳)**

''جب قول اور فعل کا تعارض ہو تو اصولیین کے ہاں صحیح بات یہ ہے کہ ترجیح قول کو دی جاتی ہے۔''

حدیث نمبر۲:

جونا گڑھی نے ترمذی کے جس باب سے اونٹ میں دس آدمی شریک ہونے والی حدیث نقل کی ہے اسی میں اس حدیث کے فوراً بعد اونٹ میں سات آدمی شریک ہونے والی حدیث بھی موجود تھی جس کا ذکر انہوں نے نہیں کیا وہ یہ ہے۔

روایت ہے جابر رضی اللہ عنہ سے کہا انہوں نے ذبح کیا ہم نے قربانی میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حدیبیہ میں اونٹ سات آدمیوں کی طرف سے اور گائے سات آدمیوں کی طرف سے۔ (ترمذی مترجم علامہ بدیع الزمان ج ا ص ۵۶۵)

امام ترمذی کے طرز سے پتہ چلتا ہے کہ دس والی بات پہلے کی اور سات والی بعد کی۔ کیوں کہ محدثین کا یہ طریقہ ہے کہ پہلے زمانے کی حدیث پہلے ذکر کرتے ہیں اور ناسخ بعد میں۔ اس اصول سے معلوم ہوا کہ یہ حدیث منسوخ ہے۔

حدیث نمبر۳:

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج کیا سات آدمیوں کی طرف سے اونٹ کو نحر کیا اور سات آدمیوں کی طرف سے ہی گائے کی قربانی کی۔ (**مسلم شریف، باب: جواز الاشراك في الهدي**)

حدیث نمبر۴:

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم حج اور عمرہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے اور سات سات آدمی ایک قربانی میں شریک ہو گئے تھے۔ ایک شخص نے حضرت جابر سے دریافت کیا کہ جس طرح قربانی کے اونٹ میں شریک ہو سکتے ہیں کیا اسی طرح بعد کے خریدے ہوئے اونٹ میں بھی شرکت جائز ہے۔ انہوں نے کہا پہلے سے اور بعد میں خریدے ہوئے دونوں اونٹوں کا حکم ایک ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ حدیبیہ میں موجود تھے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہم نے ستر اونٹ ذبح کیے اور ہر اونٹ میں سات آدمی شریک ہوئے تھے۔ (**مسلم شریف، باب: اشتراك في الهدى**)

ہم نے فقہ حنفی کے مسئلہ کو چار احادیث سے ثابت کر دیا ہے، احادیث اور بھی ہیں مگر ماننے والے کے لیے یہ ہی کافی ہیں۔ رہی وہ روایت جو جونا گڑھی نے نقل کی ہے پہلے نمبر پر وہ منسوخ ہے اور دوسرے اس کی سند بھی ضعیف ہے۔ چنانچہ امام ترمذی اس کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں۔

اور حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حسن ہے غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اس کو مگر فضل ربی موسیٰ کی روایت سے۔ (ترمذی مترجم علامہ بدیع الزماں غیر مقلد ج ا ص ۵۶۵)

اعتراض نمبر ۱۱۹:

قربانی کی وسعت میں تنگی

(یعنی تمام گھر والوں کی طرف سے ایک قربانی کافی ہے)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوٰۃ شریف جلد اول ص ۱۲۹ باب العتیرہ میں مروی ہے کہ حضور ﷺ نے اپنے عرفات کے خطبے میں حجۃ الوداع والے سال فرمایا: اِنَّ اَهْلَ الْبَيْتِ فِيْ كُلِّ عَامٍ اَضْحِيَةً

یعنی ہر گھر والوں پر ہر سال ایک قربانی ہے۔ حاکم میں عبداللہ بن ہشام سے مروی ہے کہ آپ اپنے تمام گھر والوں کی طرف سے ایک بکری قربانی کرتے تھے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

حنفی مذہب اس کا منکر ہے۔ ہدایہ جلد۴ ص ۴۲۸ کتاب الاضحیہ میں ہے وَيَذْبَحُ عَنْ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ شَاةً الخ یعنی اپنے گھر والوں میں سے ہر ایک کی طرف سے ایک بکری کی قربانی کرے اب دیکھتے ہیں کہ موجودہ حنفی حکم حدیث کو لیتے ہیں یا حکم فقہ کو؟
(شمع محمدی ص ۱۴۰)

فقہ حنفی کا یہ حکم اس وقت ہے جب کہ سب کے سب اپنے مال کے مالک ہوں اور سارے صاحب نصاب بھی ہوں اور عموماً ایسا ہوتا ہے۔ مثلاً باپ پر قربانی واجب ہے اور اس کی بیوی کے پاس دونوں طرف کا زیور ہوتا ہے بعض ماں کے بچے امیر ہوتے ہیں وہ اپنی ماں کو الگ سے خرچہ دیتے ہیں جس کی وجہ سے ماں خود بھی صاحب نصاب ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں ماں پر الگ قربانی واجب ہوگی اور بیٹوں پر الگ بعض خاندانوں میں بیٹے اپنا الگ کاروبار کرتے ہیں اور الگ کھاتے پیتے ہیں مگر رہتے ایک ہی گھر میں ہیں۔ اور خود صاحب نصاب بھی ہوتے ہیں ایسی صورت میں سب پر اپنی الگ الگ قربانی واجب ہوگی۔ بعض دفعہ بیٹی ماں باپ سے بھی زیادہ امیر ہوتی ہے مگر رہتی اپنے باپ کے گھر میں ہی ہے۔ ایسی صورت میں اس پر الگ سے قربانی واجب ہوگی۔

ہاں اگر خاندان کا سربراہ ایک ہو سب کا مال و دولت ایک ہی آدمی کے ہاتھ میں ہو اور سب کا خزانہ اکٹھا ہو۔ بیوی اور بچے صاحب نصاب نہ ہوں تو ایسی صورت میں صرف گھر کے سربراہ جس پر صاحب مال ہونے کی وجہ سے قربانی واجب ہوئی ہے وہ اپنی طرف سے ایک قربانی کرے گا۔ اور ایسی ایک قربانی کو تمام اہل خانہ کی طرف سے قربانی کہہ سکتے ہیں۔

عقلی دلیل:

ہر مسلمان عاقل بالغ پر اسلام کے احکام الگ الگ عائد ہوتے ہیں۔ مثلاً

(۱) نماز سب پر الگ الگ فرض ہے تمام گھر والے اپنی اپنی نماز پڑھیں گے۔

(۲) روزہ بھی سب گھر والوں پر الگ الگ فرض ہے۔

(۳) زکوٰۃ بھی سب گھر والے اپنی اپنی ادا کریں گے۔ اگر وہ سب مال دار ہیں اور صاحب نصاب ہیں اسی طرح صدقہ فطر بھی ہر ایک پر الگ الگ واجب ہوگا۔

(۴) حج بھی ہر ایک اپنی طرف سے الگ الگ کرے گا۔

ایسے ہی قربانی بھی ہر مال دار صاحب نصاب اپنی اپنی کرے گا چاہے وہ ایک ہی گھر میں رہتے ہوں۔ بہت سے گھر اور خاندان ایسے ہیں کہ دادا پڑدادا بھی زندہ ہوتے ہیں اور ان کی اولادیں بھی اسی گھر میں رہتی ہیں تایا، چاچا، پھوپھی وغیرہ بھی دادا ہی کے مکان میں رہتے ہیں۔ وہ ایک ہی گھر کہلاتا ہے کیا ایسی صورت میں صرف ایک بکری قربانی کر دینے سے سب کی طرف سے ادا ہو جائے گی جب اس گھر میں اکثر صاحب نصاب ہوں۔

فقہ حنفی کے دلائل

حنفی مسلک کے دلائل میں ایسے تمام دلائل شامل ہیں، جن میں قربانی کی اہمیت اور فضیلت کا ذکر ہے۔ اور وہ ہر صاحب نصاب کے لیے ہیں جب تک کوئی ایسی وزنی دلیل ان کو چھوڑنے پر مجبور نہ کرے۔ جو حدیث نقل کی ہے وہ اس درجہ کی نہیں ہم پہلے اپنے دلائل نقل کرتے ہیں بعد میں اس حدیث کا جواب عرض کریں گے۔

قرآن حکیم میں قربانی کا ذکر کئی مقامات پر آیا ہے۔ پارہ نمبر ۲۳ سورۃ الصافات آیت نمبر ۹۹ تا ۱۰۸ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کے واقعہ کا ذکر موجود ہے۔ ہم یہاں پر صرف آیات کا ترجمہ نقل کرتے ہیں۔

پہلی آیت:

''اور ابراہیم کہنے لگے کہ میں تو اپنے رب کی طرف چلا جاتا ہوں وہ مجھ کو (اچھی جگہ) پہنچا ہی دے گا اے میرے رب مجھ کو ایک فرزند دے سو ہم نے ان کو حلیم المزاج فرزند کی بشارت دی سو جب وہ لڑکا ایسی عمر کو پہنچا کہ ابراہیم کے ساتھ چلنے پھرنے لگا تو ابراہیم نے فرمایا کہ برخوردار میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں تم کو (بامر الٰہی) ذبح کر رہا ہوں سو تم بھی سوچ لو کہ تمہاری کیا رائے ہے۔ وہ بولے کہ ابا جان آپ کو جو حکم ہوا ہے آپ (بلا تامل) کیجیے ان شاء اللہ آپ مجھ کو سہار کرنے والوں میں سے دیکھیں گے۔ غرض دونوں نے (خدا کے حکم کو) تسلیم کر لیا اور باپ نے بیٹے کو (ذبح کرنے کے لیے) کروٹ پر لٹایا اور (چاہتے تھے کہ گلا کاٹ ڈالیں اس وقت) ہم نے ان کو آواز دی کہ اے ابراہیم (شاباش ہے) تم نے خواب کو خوب سچ کر دکھایا (وہ وقت بھی عجیب تھا) ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں۔ حقیقت میں یہ تھا ہی بڑا امتحان اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اس کے عوض دے دیا اور ہم نے پیچھے آنے والوں میں یہ بات ان کے لیے رہنے دی۔

دوسری آیت:

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ

''اور (جتنے اہل شرائع گزرے ہیں ان میں سے) ہم نے ہر امت کے لیے قربانی کرنا اس غرض سے مقرر کیا تھا کہ وہ ان مخصوص چوپاؤں پر اللہ کا نام لیں جو اس نے ان کو عطا فرمائے تھے۔'' (الحج:۳۴)

تیسری آیت:

قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْيَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ

''تو کہہ کہ میری نماز اور میری قربانی اور میرا جینا اور مرنا اللہ ہی کے لیے ہے جو پالنے والا سارے جہان کا ہے۔ کوئی نہیں اس کا شریک اور یہی مجھ کو حکم ہوا ہے اور میں سب سے پہلے فرماں بردار ہوں۔ (انعام:۱۶۲،۱۶۳)

چوتھی آیت:

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ① فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ② (الکوثر:۱،۲)

''بے شک ہم نے دی تجھ کو کوثر سو نماز پڑھ اپنے رب کے آگے اور قربانی کر۔''

حدیث نمبر۱:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس کو قربانی کرنے کی طاقت ہو پھر وہ قربانی نہ کرے تو ہماری عیدگاہ میں حاضر نہ ہو۔

(سنن ابن ماجہ ابواب الاضاحی)

اس حدیث پر امام ابن ماجہ نے اس طرح باب باندھا ہے۔ **باب الاضاحی واجبة ھی امرہ**۔ قربانی واجب ہونے اور نہ ہونے کا باب۔ مسند احمد ج۲ ص۳۲۱، مستدرک حاکم جلد۴ ص۲۳۲، **سنن دار قطنی باب الصید الذبائح والاطعمة وغیر ذلک**)

امام حاکم نے اس حدیث کی اسناد کو صحیح قرار دیا ہے اور حافظ ذہبی نے ان کی تائید کی ہے۔ ملاحظہ ہو المستدرک ج۴ ص۲۳۱ تلخیص مستدرک حافظ ذہبی۔ یہ تلخیص مستدرک کے ساتھ ہی طبع شدہ ہے۔ شیخ البانی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں صحیح سنن ابن ماجہ ج۲ ص۱۹۹ مولانا شمس الحق عظیم آبادی غیر مقلد نے تعلیق المغنی شرح دار قطنی میں لکھا ہے۔ حدیث ابن ماجہ کے راوی کلہم صحیح بخاری کے راوی ہیں۔ مگر عبداللہ بن عیاش مسلم کا راوی ہے جس کی ایک حدیث مسلم میں ہے۔

اس حدیث میں آپ ﷺ نے ہر ایسے مسلمان شخص کو جو قربانی کی طاقت رکھتا ہو یہ

تنبیہ فرمائی ہے جو گھر کے تمام افراد مرد ہو یا عورت بیٹا ہو یا بیٹی سب کو شامل ہے۔ آپ نے کسی کو مستثنیٰ نہیں فرمایا اس لیے یہ حکم عام ہے۔

حدیث نمبر ۲:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عتیرہ سے منع فرمایا۔ عتیرہ ایک ذبیحہ تھا جسے لوگ رجب میں ذبح کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے اس عتیرہ سے منع کیا اور انہیں قربانی کرنے کا حکم دیا۔ (مسند بزار، مجمع الزوائد)

حدیث نمبر ۳:

جندب بن سفیان بجلی کہتے ہیں ہم نے ایک عید الاضحیٰ آنحضرت ﷺ کے ساتھ کی اس دن بعض لوگوں نے عید سے پہلے ہی قربانی کر لی جب آپ ﷺ نماز پڑھ کر تشریف لائے تو دیکھا کہ ان لوگوں نے نماز سے پہلے ہی قربانی کر لی ہے آپ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے نماز سے پہلے قربانی کی ہو وہ دوبارہ قربانی کرے جس نے قربانی نہ کی ہو وہ اب اللہ کا نام لے کر ذبح کرے۔

(بخاری، کتاب الذبائح والصید، باب قول النبی فلیذبح علی اسم اللہ، مسلم، کتاب الاضاحی، باب: وقتھا، النسائی، کتاب الضحایا، باب: ذبح الضحیة قبل الامام)

حدیث نمبر ۴:

ام بلال فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بھیڑ کے چھ ماہ کے بچے کی قربانی کرنے کا حکم دیا۔ (مجمع الزوائد ج ۴ ص ۱۹)

حدیث نمبر ۵:

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ابن آدم (یعنی

انسان) کا نحر اس دن (بقر عید کا دن) ایسا کوئی عمل نہیں جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک خون بہانے (یعنی قربانی کرنے) سے زیادہ محبوب ہو اور (قربانی کا) وہ ذبح کیا ہوا جانور قیامت کے دن اپنے سینگھ، بالوں اور کھروں کے ساتھ آئے گا اور قربانی کا خون اس سے پہلے کہ زمین پر گرے یعنی ذبح کرنے کا ارادہ کے وقت ہی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبول ہو جاتا ہے لہٰذا تم اس کی وجہ سے (یعنی قربانی کی وجہ سے) اپنے نفس کو خوش کرو۔

(سنن ترمذی، ابواب الاضاحی، باب: ما جاء فی فضل الاضحیة، سنن ابن ماجة، ابواب الاضاحی، باب: ثواب الاضحیة، سنن بیھقی ج۹ ص۲۶۱، مستدرك حاکم ج٤، ص۲۲۱، ۲۲۲، مشکوٰة ج۱ ص۱۲۸، مصنف عبدالرزاق ج٤ ص۳۸۸)

اس حدیث کے آخری الفاظ کا مطلب یہ ہے کہ جب تم نے جان لیا کہ اللہ تعالیٰ تمہاری قربانی کو قبول کرتا ہے اور اس کے بدلے تمہیں بہت زیادہ ثواب سے نوازتا ہے تو قربانی کرنے کی وجہ سے تمہارے اندر کسی قسم کی کوئی تنگی یا کراہت نہیں ہونی چاہیے بلکہ اس عظیم شہادت کی وجہ سے تمہارے نفس کو مطمئن اور تمہارے دل کو خوش ہونا چاہیے۔

(مظاہر حق جدید جلد اول ص ۹۵۴، دارالاشاعت کراچی)

جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ صرف ایک گھر میں اگر دس صاحب نصاب بھی ہوں تو صرف ایک ہی بکری کافی ہے تو وہ ان لوگوں کو اس عظیم ثواب سے محروم رکھنا چاہتے ہیں۔

حدیث نمبر ۶:

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعض اصحاب نے سوال کیا یا رسول اللہ! یہ قربانیاں کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا تمہارے باپ ابراہیم کی سنت ہیں (یعنی ابراہیم کا طریقہ ہے) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے سوال کیا یا رسول اللہ! پھر اس میں ہمارے لیے کیا ثواب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارے لیے: بال کے بدلے نیکی

ہے۔ صحابہ کرام نے سوال کیا: صوف (یعنی اون والے جانور کا بھی یہ ہی حکم ہے) آپ ﷺ نے فرمایا: اون کے ہر بال کے بدلے نیکی ہے۔

(مسند احمد، ج٤ ص٣٦٨، سنن ابن ماجه ابواب الاضاحی، باب: ثواب الاضحية، مستدرك حاكم ج٢ ص٣٨٩، سنن الكبرىٰ بيهقي ج٩ ص٢٦١، طبراني كبير حديث نمبر ٤٩٣٥، الترغيب والترهيب ج٢ ص١٥٤، مشكوة ص١٢٩)

حدیث نمبر۷:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ روپیہ جو بقرعید کے دن قربانی کے لیے خرچ کیا جائے اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب ہے۔

(مجمع الزوائد ج٤ ص٢٠، الترغيب والترهيب ج٢ ص١٥٥، دار قطني حديث نمبر ٢٨١٥، سنن الكبرىٰ بيهقي ج٩ ص٢٦١، طبراني كبير حديث نمبر ١٠٣٥)

حدیث نمبر۸:

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے خوش دلی کے ساتھ ثواب سمجھ کر قربانی کی وہ قربانی اس کے واسطے دوزخ سے حجاب بنے گی۔

(الترغيب والترهيب مترجم جلد اول دوسرا حصه ص٩٠١، طبراني كبير حديث نمبر ٢٦٧٠)

حدیث نمبر۹:

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اے لوگو! قربانی کرو اور ان کے خون بہانے کو ثواب سمجھو اگرچہ خون پر زمین گرتا ہے (یعنی تمہیں زمین پر گرتا نظر آتا

ہے) مگر بے شک وہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں ہوتا ہے۔

(مجمع الزوائد ج٤ ص٢٠، الترغيب والترهيب مترجم جلد اول دوسرا حصه ص٩٠١، طبراني اوسط حديث نمبر ٨٥٥٤)

حدیث نمبر۱۰:

عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے بیٹی فاطمہ اپنی قربانی کے پاس کھڑی ہو اس لیے اس کے خون کا پہلا قطرہ گرنے کے وقت تیرے تمام پچھلے گناہ بخش دیے جائیں گے اور آپ ﷺ نے فرمایا اے فاطمہ یہ دعا پڑھو اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے سوال کیا یا رسول اللہ! یہ اجر (گناہوں کی تلافی والا) ہمیں بھی ملے گا یا صرف آپ کے لیے یا آپ کی اہل بیت کے لیے خاص ہے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا (یہ اہل بیت کے ساتھ خاص نہیں) بلکہ یہ اجر تمام مسلمانوں کے لیے ہوگا۔

(مستدرك حاكم، جلد٤، ص٢٢٢، سنن الكبرىٰ بيهقي جلد٩ ص٢٨٣، طبراني كبير حديث نمبر ١٥٠٠٢، طبراني اوسط حديث نمبر ٢٦٠٩، مجمع الزوائد ج٤ ص٢٠، نصب الرايه ج٤ ص٥١٤)

حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے واقعہ والی یہ حدیث حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کے علاوہ کچھ الفاظ کی کمی بیشی کے ساتھ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے۔ دیکھیے (الترغيب والترهيب ج٢ ص١٥٤، المستدرك ج٥ ص١٤٧، مجمع الزوائد ج٤ ص٢٠، نصب الرايه ج٤ ص٥١٤ تا ٥١٦، سنن الكبرىٰ ج٩ ص٢٨٣، كنز العمال ج٥ ص٢٢١)

حدیث نمبر۱۱:

نرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کسی چیز میں

چاندی خرچ نہیں کی گئی جو اللہ تعالیٰ کو زیادہ پیاری ہو اس قربانی سے جو عید کے دن کی جائے۔

(الترغیب والترهیب مترجم جلد اول دوسرا حصه ۹۰۱)

ہم نے قربانی کے فضائل اور اس کی اہمیت قرآن وحدیث سے بیان کر دی ہے جو کہ ہر مسلمان کے لیے ہے جو قربانی کرنے کی طاقت رکھتا ہو وہ ضرور کرے اور اس اجر عظیم کو حاصل کرے، پیسہ آنے جانے والی چیز ہے مگر یہ وقت پھر ہاتھ نہیں آئے گا۔ حضور ﷺ نے ہر سال قربانی کی ہے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی قربانیاں کرتے تھے۔

اب رہی وہ روایت جو جوناگڑھی نے نقل کی ہے اس کے کئی جواب ہیں۔ مگر جواب عرض کرنے سے پہلے ہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جوناگڑھی نے حدیث نقل کرتے ہوئے بد دیانتی کی ہے۔

صاحب شمع محمدی کی بددیانتی:

جوناگڑھی نے ان اهل البیت فی کل عام اضحیة الخ تک کے الفاظ نقل کیے ہیں۔ جبکہ مکمل حدیث اس طرح ہے۔

وَعَتِيْرَةٌ هَلْ تَدْرُوْنَ مَا الْعَتِيْرَةُ هِيَ الَّتِيْ تُسَمُّوْنَهَا الرَّجَبِيَّةُ

رواه الترمذی وابوداؤد والنسائی وابن ماجة وقال الترمذی هذا حدیث غریب ضعیف الاسناد وقال ابوداؤد والْعَتِيْرَةَ مَنْسُوْخَةٌ

(مشکوٰة باب العتیرة الفصل الاول)

اور عتیرہ کرنا واجب ہے اور تم جانتے ہو عتیرہ کیا ہے؟ عتیرہ وہ ہے جسے تم رجبیہ کہتے ہو۔

ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ نے اس کو روایت کیا ہے۔

امام ترمذی نے فرمایا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے اور ضعیف الاسناد ہے، نیز ابوداؤد فرماتے ہیں کہ عتیرہ منسوخ قرار دیا جا چکا ہے۔

قارئین کرام! مکمل حدیث کا متن اس طرح ہے جوناگڑھی نے جو خیانت کی ہے وہ بھی آپ کے سامنے آ چکی ہے۔ صاحب مشکوٰۃ کا مکمل متن پڑھنے کے بعد دو باتیں سامنے آتی ہیں۔

نمبر۱...... کہ حدیث ضعیف ہے۔

نمبر۲...... یہ حدیث منسوخ ہے۔

اسی حدیث سے قرآن وسنت اور حضور اکرم ﷺ کا دائمی عمل اور صحابہ کرام کا عمل کس طرح چھوڑا جا سکتا ہے۔

اس حدیث کے دو جواب تو اوپر گزر گئے ہیں۔ پہلا یہ کہ یہ حدیث ضعیف ہے دوسرا یہ کہ یہ منسوخ ہے۔

تیسرا جواب:

اگر یہ حدیث ضعیف نہ بھی ہوتی تو پھر بھی قابل عمل نہ تھی کیوں کہ یہ آپ کے عمل کے خلاف ہے۔

نبی کریم ﷺ کا عمل مبارک

حدیث نمبر۱۲:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے سات اونٹ کھڑے کر کے اپنے ہاتھ سے نحر کیے۔ (بخاری، کتاب الحج، باب: من نحر بیده)

اس حدیث سے اکیلے صرف نبی کریم ﷺ کا سات اونٹ ذبح کرنا ثابت ہوا۔

حدیث نمبر۱۳:

امام مسلم نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی ایک لمبی حدیث نقل کی ہے۔ جو مسلم کے باب هجة النبی صلی الله علیه وسلم میں مذکور ہے اس میں آتا ہے۔

پھر آپ منیٰ گئے اور وہاں تریسٹھ اونٹوں کو اپنے ہاتھوں سے نحر (قربان) کیا پھر باقی اونٹ حضرت علی کو نحر کے لیے دیئے۔

(سنن ابوداؤد، کتاب المناسك، سنن ابن ماجة، کتاب المناسك)

اس حدیث میں آپ ﷺ کا اپنے ہاتھ سے ۶۳ تریسٹھ اونٹوں کی قربانی کرنا ثابت ہے۔

حدیث نمبر ۱۴:

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے سو اونٹوں کی قربانی کی آپ نے مجھے حکم دیا کہ میں ان کے گوشت کو تقسیم کروں پھر مجھے حکم دیا کہ میں ان کی جھولوں اور ان کی کھالوں کو تقسیم کروں۔ (بخاری، کتاب الحج، باب: یتصدق بجلال البدن)

اس حدیث میں آپ ﷺ کا اکیلے سو اونٹ ذبح کرنے کا ذکر ہے۔

حدیث نمبر ۱۵:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے قربانی کے دن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف سے ایک گائے ذبح کی۔ (مسلم، مشکوۃ باب الہدی)

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ آپ ﷺ اپنی قربانی بھی کرتے تھے اور اپنی بیوی کی طرف سے بھی کرتے تھے۔

سارے گھر کی طرف سے ایک قربانی کرنے والی روایت اس صحیح حدیث کے خلاف ہے۔

حدیث نمبر ۱۶:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر اپنی ازواج مطہرات کی طرف سے ایک گائے ذبح کی۔ (مسلم، مشکوۃ باب الہدی)

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ آپ ﷺ اپنی ازواج کی طرف سے قربانی کرتے

تھے۔

حدیث نمبر ۱۷:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی بیویوں کی طرف سے گائے ذبح کی۔ (بخاری، کتاب الاضاحی، باب: من ذبح ضحیة)

گائے ذبح کرنے کا ذکر کئی احادیث میں آیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

(بخاری ج۱ ص۲۲۱، ۲۲۲، مسلم ج۱ ص٤۲٤، مشکوۃ ص۲۲۱، بخاری ج۲ ص۷۲٤، نصب الرایہ ج٤ ص۵۰۹، مسند احمد ج۷ ص۳۹، ابن ماجة ص۲۲۳، ابوداؤد ج۱ ص۲٤٤، ابوداؤد ج۱ ص٤۲٤، ابن ماجة ص۲۲۳)

آپ ﷺ کا دو مینڈھوں کی قربانی دینا

حدیث نمبر ۱۸:

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے دو چت کبرے مینڈھوں کی قربانی دی میں نے دیکھا آپ اپنا پاؤں ان کے منہ کے ایک جانب رکھے ہوئے بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر اپنے ہاتھ سے ذبح فرما رہے تھے۔

(بخاری، کتاب الأضاحی، باب: من ذبح الأضاحی بیده، مسلم، کتاب الاضاحی، باب: استحبا الضحیة و ذبحها مباشرة بلا توکیل)

اس حدیث سے بھی ایک سے زیادہ قربانی کرنا ثابت ہوا۔

حدیث نمبر ۱۹:

حضرت حنش رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے بیان کیا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دو مینڈھوں کی قربانی کی ایک مینڈھا نبی کریم ﷺ کی طرف سے اور ایک مینڈھا اپنی طرف

سے اور فرمایا مجھے رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ میں ان کی طرف سے قربانی کروں۔ لہٰذا میں ہمیشہ ان کی طرف سے قربانی کرتا ہوں۔

(مسند احمد ج۲ ص۳۱۶، ۲۱۷، حدیث نمبر ۱۲۷۸، ابو داؤد، کتاب الضحایا، باب: الأضحیة عن المیت، الترمذی، کتاب الاضاحی، باب: فی الأضحیة بکبشین، مستدرك حاکم کتاب الأضاحی)

اس حدیث سے بھی دو قربانیاں کرنا ثابت ہوتا ہے۔

قرآن و سنت صحابہ کرام اور سلف صالحین کے عمل کے خلاف ایک منسوخ اور وہ بھی سخت ضعیف روایت پیش کرنا کوئی دانش مندی نہیں۔

اعتراض نمبر ۱۲۰:

حدیث کے نفل کو واجب کر دیا

(یعنی قربانی کا وجوب)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مسند احمد اور مستدرک حاکم میں فرمان رسول اللہ ﷺ ہے کہ ثَلٰثٌ هُنَّ عَلَیَّ فَرَائِضُ وَهُنَّ لَكُمْ تَطَوَّعٌ اَلْوِتْرُ وَالنَّحْرُ وَصَلٰوةُ الضُّحٰی یعنی تین کام ہیں جو مجھ پر تو فرض ہیں لیکن تمہارے لیے نفل ہیں وتر، قربانی اور نماز ضحیٰ، حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ باوجودیکہ میں تم سب سے زیادہ مال دار ہوں لیکن پھر بھی قربانی کو چھوڑ دیتا ہوں اس لیے کہ کہیں تم اسے واجب نہ جاننے لگو، حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما سے بھی یہی مروی ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا وہ کہتا ہے الاضحیة واجبة یعنی قربانی واجب ہے۔ (ہدایہ ج۴ ص۴۲۷) کتاب الاضحیہ، کہو حنفی بھائیو! اب تم آنحضرت ﷺ اور خلفاء راشدین کی مانو گے؟ یا حنفی مذہب کی؟ (شمع محمدی ص۱۴۱)

جواب:

جونا گڑھی احناف کی مخالفت میں اس قدر آگے بڑھ گئے تھے کہ ان کو اپنے مذہب کا بھی خیال نہیں رہا۔ جو حدیث نقل کی ہے اس میں تین چیزوں کا ذکر ہے۔ کہ وہ امت پر نفل ہیں۔

۱.....وتر:

جونا گڑھی نے یہاں پر یہ کہا ہے کہ امت پر وتر نفل ہیں۔ حالانکہ غیر مقلدین کی اکثر کتابوں میں وتر کے متعلق لکھا ہے کہ سنت ہیں۔ فقہ محمدیہ ص۵۶

۲.....قربانی:

جونا گڑھی نے قربانی کو بھی یہاں پر نفل کہا ہے۔ جب کہ غیر مقلدین کے نزدیک قربانی سنت ہے۔ (فقہ محمدیہ ص۷۹)

۳.....نماز ضحیٰ:

غیر مقلد کہتے ہیں کہ نماز اشراق اور نماز ضحیٰ ایک ہی نماز ہے۔ الگ سے نماز ضحیٰ نماز نہیں۔

پھر حضرت ابو مسعود، حضرت ابو بکر، حضرت عمر رضی اللہ عنہم کے حوالے دیتے ہیں۔ مگر ان کا ماخذ نہیں بتایا۔ مگر یہ بات جونا گڑھی کے اصول کے خلاف ہے جو انہوں نے طریق محمدی میں نقل کیا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اقوال دین میں حجت نہیں۔

اعتراض نمبر ۱۲۱:

سفر میں نماز جمع کرنے کا مسئلہ

یہ روایت ضعیف ہے۔ اس کی سند میں ابو جندب یحییٰ بن یحییٰ حدیث ضعیف اور مدلس ہے۔

راشدی صاحب کے نزدیک قربانی کرنا نفلی عبادت ہے جیسا کہ اس مسئلہ کی سرخی جوانہوں نے قائم کی ہے سے ثابت ہوتا ہے۔ غیر مقلدین کو خوش ہونا چاہیے کہ قربانی سے چھٹی ہوگئی۔ کیوں کہ نفلی عبادت کا انسان کو اختیار ہوتا ہے کہ کرو تو ثواب نہ کرو تو کوئی گناہ نہیں۔

حنفی مذہب کے دلائل

احناف کے ہاں ہر صاحب نصاب پر قربانی واجب ہے۔ فرض، واجب، رکن، سنت موکدہ، سنت غیر موکدہ، نفل وغیرہ کی اصلاحات فقہاء ومحدثین اور اصولیین نے وضع کی ہیں۔ قرآن وسنت اور نبی کریم ﷺ وصحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عمل مبارک کو دیکھ کر علماء نے آسانی کے لیے ہر ایک عمل کا حکم الگ الگ اپنی کتب میں لکھ دیا ہے۔ اور ان اصلاحات کا استعمال غیر مقلد بھی کرتے ہیں، قربانی کے واجب ہونے کا اقرار خود غیر مقلد علماء نے بھی کیا ہے ملاحظہ فرمائیں۔

مولانا محمد یونس دہلوی غیر مقلد لکھتے ہیں:

کہ علماء کا اختلاف ہے کہ قربانی واجب ہے کہ سنت مؤکدہ بہت سے علماء قربانی کو واجب بتاتے ہیں اور اس کے وجوب پر آیت فصل لربک وانحر سے استدلال کرتے ہیں لیکن جمہور علماء سنت موکدہ ہونے کے قائل ہیں لیکن جانبین کی دلیلوں پر غور کیا گیا تو معلوم ہوا کہ جو لوگ وجوب کے قائل ہیں ان کے دلائل مستحکم اور مضبوط ہیں۔ بدور الاہلہ میں طرفین کے

دلائل کی خوب تحقیق کی گئی ہے۔ انصاب کی بات یہ ہے کہ جسے قربانی کا اس قدر مقدور ہو کہ ایک بکرا یا مینڈھا یا بھیڑ خواہ نر ہو مادہ خرید سکتا ہے اسے قربانی کرنا واجب ہے۔

(دستور المتقی فی احکام النبی ص ١٥٦)

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ اور بعض دیگر ائمہ کرام یہ فرماتے ہیں کہ قربانی واجب ہے۔ امام نووی شافعی شرح مسلم ج ۲ ص ۱۳۵ میں اور قاضی شوکانی نیل الاوطار ج ۵ ص ۱۱۸ میں لکھتے ہیں قال الربیعة والاوزاعی وابو حنیفة واللیث هی واجبة علی الموسر وبه قال بعض المالکیة وقال النخعی واجبة علی الموسر الا الحاج.

علامہ بدر الدین البعلی الحنبلی مختصر الفتاویٰ المصریہ ج ۱ ص ۵۲۲ میں لکھتے ہیں:

وفی وجوب الاضحیة قولانا لاحمد ومالك وغیرهما. الخ

قربانی کے وجوب کے چند دلائل حسب ذیل ہیں:

اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو قربانی کرنے کا حکم دیا۔

فرمان باری تعالیٰ ہے:

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ

اپنے رب کے لیے نماز پڑھیے اور قربانی دیجیے (الکوثر: ۲)

علامہ ابن جوزی نے اللہ تعالیٰ کے فرمان وَانْحَرْ کی تفسیر میں پانچ اقوال نقل کیے ہیں اور ان میں سے پہلا قول یہ ہے کہ قربانی کے دن جانور ذبح کرو یہ قول حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، امام عطاء، امام مجاہد اور جمہور علمائے امت کا ہے۔

(زاد المیر فی علم التفسیر ج۹ ص ٢٤٩)

اکثر اصول کی کتابوں میں یہ اصول لکھا ہے والامر للوجوب یعنی جس چیز کا حکم اور امر ہو وہ کم از کم واجب ہوا کرتا ہے لہٰذا قربانی واجب ہوئی۔

فرمان باری تعالیٰ ہے

قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ

''تو کہہ کہ میری نماز اور میری قربانی اور میرا جینا اور مرنا اللہ ہی کے لیے جو پالنے والا سارے جہان کا ہے کوئی نہیں اس کا شریک اور یہی مجھ کو حکم ہوا ہے اور میں سب سے پہلے فرمانبردار ہوں۔ (الانعام:۱۶۲،۱۶۳)

اس آیت کریمہ میں بھی قربانی کا حکم دیا گیا ہے کیوں کہ اس آیت میں اُمِرْتُ کا لفظ ہے جس کا معنی یہی ہے کہ مجھے نماز اور قربانی کرنے کا امر ہوا ہے اور جس کا حکم اور امر ہو وہ اگر فرض نہ ہو تو واجب ہوا کرتا ہے۔ لہٰذا اس سے واضح ہوا کہ قربانی واجب ہے۔

حدیث نمبر۱:

ابن عمرؓ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ میں دس سال رہے اور ہر سال قربانی کرتے رہے۔

(ترمذی ابواب الاضاحی ج۱ ص۱۸۲)

اس حدیث سے واضح ہوا کہ آپ نے قربانی کرنے پر مواظبت کی ہے۔ اور یہ مواظبت وجوب پر دلالت کرتی ہے۔

علامہ ابن رشد مالکی بدایہ ج۱ ص۴۱۵ میں لکھتے ہیں:

انه لم یترك رسول الله صلی الله علیه وسلم الضحیة قط فیما روی عنه حتی فی السفر.

کیوں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے کبھی قربانی ناغہ نہیں کی یہاں تک کہ سفر میں بھی۔

حدیث نمبر۲:

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ [illegible] ﷺ نے فرمایا جس شخص میں

طاقت ہو اور پھر وہ قربانی نہ کرے تو وہ ہماری عیدگاہ کے پاس نہ آئے۔

(ابن ماجة، باب الاضاحی واجبة هی امره ص۲۳۲)

اس حدیث میں رسول اللہ ﷺ اس شخص کو تنبیہ فرما رہے ہیں (یعنی ناراضگی اور غصے کا اظہار فرما رہے ہیں) جو قربانی کرنے کی طاقت رکھنے کے باوجود قربانی نہ کرے۔ اتنی سخت تنبیہ نفل چھوڑنے پر نہیں کی جاتی۔ واجب چھوڑنے پر ہوا کرتی ہے تو اس سے روز روشن کی طرح واضح ہوا کہ قربانی واجب ہے۔

حدیث نمبر۳:

جندب بن سفیان بجلی کہتے ہیں

ہم نے ایک عید الاضحیٰ آنحضرت ﷺ کے ساتھ کی اس دن بعض لوگوں نے نماز عید سے پہلے ہی قربانی کر لی جب آپ نماز پڑھ کر تشریف لائے تو دیکھا کہ ان لوگوں نے نماز سے پہلے ہی قربانی کر لی ہے۔ آپ نے فرمایا جس شخص نے نماز سے پہلے قربانی کی ہو وہ دوبارہ قربانی کرے۔ جس نے قربانی نہ کی ہو وہ اب اللہ کا نام لے کر ذبح کرے۔

(بخاری ج۲ ص۸۳٤، کتاب الاضاحی، باب: من ذبح قبل الصلاة اعاد، مسلم ج۲ ص۱۰۰، کتاب الاضاحی، باب: وقتها)

اس روایت میں آنحضرت ﷺ کا واضح حکم ہے، قربانی کے اعادہ کا اس شخص کو جس نے نماز سے پہلے قربانی کی تھی۔

عید کی نماز سے پہلے شہر میں قربانی کرنا جائز نہیں تھا۔ آپ کا یہ حکم کرنا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ قربانی کرنا نفل نہیں بلکہ واجب ہے۔ ورنہ دوبارہ قربانی کرنے کا حکم دینے کا کوئی معنی نہیں۔

حدیث نمبر۴:

حضرت انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے عید الاضحیٰ کے دن فرمایا جس

نے نماز سے پہلے ذبح کرلیا ہو وہ دوسرا جانور ذبح کرے۔ الخ

(بخاری کتاب الاضاحی، باب: ما یشتھی من اللحم یوم النحر)

اس حدیث میں بھی دوبارہ کرنے کا حکم ہے اگر قربانی نفل ہوتی تو آپ دوبارہ کرنے کا حکم نہ دیتے آپ کا دوبارہ حکم دینا اس بات کی دلیل ہے کہ قربانی واجب ہے۔

حدیث نمبر ۵:

ام بلال رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بھیڑ کے چھ ماہ کے بچے کی قربانی کرنے کا حکم دیا۔ (مجمع الزوائد ج٤ ص١٩)

حدیث نمبر ٦:

روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہ رسول اللہ ﷺ نے دیں ان کو بکریاں کہ بانٹ دیویں اس کو حضرت کے صحابہ میں قربانی کے لیے سو باقی رہ گئی اس میں سے ایک عتود یا ایک جدی ° ذکر کیا میں نے رسول اللہ ﷺ سے سو فرمایا آپ ﷺ نے اس کی تم قربانی کردو۔

(ترمذی ابواب الاضاحی، باب: فی الجذع من الضان فی الاضاحی، جلد نمبر ١ ص١٨١)

ہم نے چھ روایات ایسی نقل کی ہیں جن میں امر موجود ہے اور امر وجوب کے لیے ہوتا ہے۔ علمائے کرام کے حوالہ ملاحظہ فرمائیں۔

امام ابوبکر جصاص رازی کا حوالہ:

یعنی جب اللہ تعالیٰ نے نسک کو صلوٰۃ کے ساتھ ملا کر بیان فرمایا تو اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ جہاں صلوٰۃ سے عید اور قربانی مراد ہے اور اس سے قربانی کا وجوب بھی ثابت ہوتا ہے کیوں کہ وبذلک امرت موجود ہے۔ اور امر سے وجوب ثابت ہوتا ہے۔

(احکام القرآن ج٣ ص٢٤)

امام شوکانی غیر مقلد کا حوالہ:

امر مطلق وجوب کے لیے آتا ہے جیسا کہ قاضی شوکانی فرماتے ہیں والامر ظاھر فی الوجوب نیل الاوطار ج٥ ص١١٩)

اعتراض نمبر ۱۲۱:

سفر میں نماز جمع کرنے کا مسئلہ

جوناگڑھی نے اس مسئلہ کے تحت ایک حدیث پیش کی ہے۔

عَنِ ابنِ عباس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یَجْمَعُ بَیْنَ صَلٰوۃِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ اِذَا کَانَ عَلٰی ظَهْرِ سَیْرٍ وَّیَجْمَعُ بَیْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَآءِ.

(رواہ البخاری، مشکوۃ ج١ ص١١٨، باب صلوٰۃ السفر)

یعنی ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جب حضور ﷺ سفر میں راستے ہی میں ہوتے تو ظہر عصر کو اور مغرب عشاء کی نماز کو جمع کر کے پڑھتے تھے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

حنفی مذہب اس کا قائل نہیں وہ کہتا ہے وَلَا یَجْمَعُ فَرضَانِ فِیْ وَقْتٍ بِلَا حَجٍّ.

(شرح وقایہ ج١ ص١٢٤، کتاب الصلوۃ) یعنی حج کے موقعہ کے سوا کسی اور وقت دو فرض نمازیں جمع کر کے نہیں پڑھنی چاہییں۔ کہو حنفیو! رخصتِ دین اور آسانی اسلام کو تم قبول کرو گے یا اپنے اگلوں کی طرح اسے دھکے ہی دو گے؟

(شمع محمدی ص١٤١، ظفر المبین حصہ اول ص١٢١، فتح المبین علی رد مذاہب المقلدین ص٥٥، اختلاف امت کا المیہ حصہ اول ص٦١، سبیل الرسول)

جواب:

دوفرض نمازوں کو جمع کرنے کے دوطریقے ہیں۔ (۱) جمع حقیقی (۲) جمع صوری، پھر جمع حقیقی کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) جمع تقدیم: ظہر کے وقت میں ظہر اور عصر کو اور مغرب کے وقت میں مغرب اور عشاء کو اکٹھا پڑھ لیا جائے۔

(۲) جمع تاخیر: عصر کے وقت میں ظہر اور عصر کو اور عشاء کے وقت میں مغرب اور عشاء کو اکٹھا پڑھ لیا جائے ان دونوں صورتوں میں ایک ایک نماز ضرور بے وقت پڑھنی پڑتی ہے۔

جمع صوری: ظہر کی نماز ظہر کے آخر وقت میں اور عصر کی نماز اس کے اول میں وقت میں پڑھ لی جائے۔ اسی طرح مغرب کی نماز آخر وقت میں غروبِ شفق سے پہلے اور عشاء کی نماز کو اول وقت میں غروبِ شفق کے فوراً بعد پڑھ لیا جائے۔ اس صورت میں ہر ہر نماز اپنے وقت میں پڑھی جاتی ہے کوئی نماز بے وقت نہیں پڑھی جاتی۔ اس لیے اس کو جمع حقیقی نہیں بلکہ صوری کہتے ہیں۔ یہ سفر میں بالاتفاق جائز ہے۔ اور جونا گڑھی نے جو بخاری کے حوالے سے حدیث نقل کی ہے اس سے یہی جمع صوری مراد ہے۔

امام ابوحنیفہ کا مسلک یہ ہے کہ حج کے موقع پر مزدلفہ اور عرفات کے سوا دو نمازوں کو ایک نماز کے وقت میں جمع کر کے پڑھنا درست نہیں۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے ہر نماز کا ایک متعین و محدود وقت مقرر کیا ہے اور اس کا منشا یہی ہے کہ ہر نماز کو اس کے اپنے وقت میں ادا کیا جائے۔

(۱) چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

''بے شک نماز مومنوں پر ایک مقررہ وقت کے اندر فرض کی گئی ہے۔'' (نساء:۱۰۳)

(۲) صحیح مسلم میں روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

''کسی نماز کا وقت اس وقت تک داخل نہیں ہوتا جب تک کہ دوسری نماز کا وقت نکل نہ جائے۔ (ج ا ص ۵۸)

(۳) ابوداوٗد کی روایت میں ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

''ظہر کا وقت اس وقت تک باقی رہتا ہے جب تک کہ عصر کا وقت نہ آجائے۔ (ج ا ص ۵۸)

(۴) ابوداوٗد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور طحاوی میں روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

''نیند کی حالت میں (نماز رہ جانے میں) کوتاہی نہیں ہے، کوتاہی تو بیداری کی حالت میں ہے کہ آدمی ایک نماز کو دوسری نماز تک مؤخر کر دے۔'' (ابوداوٗد ج ا ص ۶۳)

(۵) قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ انبیاء کی نیک اولاد اور پیروکاروں کے گزر جانے کے بعد ایسے لوگ آگئے کہ جنہوں نے نمازیں ضائع کرنا شروع کر دیں۔ (مریم:۵۹) اس کی تفسیر میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نمازیں ضائع کرنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ نمازوں کو اپنے اوقات سے مؤخر کر کے دوسرے اوقات میں پڑھا کرتے تھے۔ (عمدة القاری ومعالم التنزیل للبغوی)

نمازوں کے اوقات کی تعیین وتحدید تواتر سے ثابت ہے اور مندرجہ بالا قطعی دلائل سے ثابت ہے کہ نمازوں کے اپنے اوقات کو چھوڑ کر ان کو دوسری نمازوں کے اوقات تک موخر کرنا بالکل ناجائز ہے۔ اس سے صرف ایک استثناء رسول اللہ ﷺ کی سنت متواترہ سے ثابت ہے کہ حج کے موقع پر عرفات میں عصر کی نماز کو ظہر کے وقت میں اور مزدلفہ میں مغرب کی نماز کو عشاء کے وقت میں جمع کر کے پڑھا جائے۔ اس کے علاوہ کسی موقع پر حضور ﷺ نے دو نمازوں کو جمع نہیں کیا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جو آپ ﷺ کے سفر و حضر کے ساتھ اور افقہ الامت کے لقب سے ملقب ہیں' فرماتے ہیں:

''حضور ﷺ نے کوئی نماز اپنے وقت کے علاوہ کسی اور وقت میں نہیں پڑھی، مگر عرفہ اور مزدلفہ میں (حج کے موقع پر)۔''

رہی وہ روایت جو جونا گڑھی نے نقل کی ہے اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ نے بظاہر یہ نمازیں اکٹھی پڑھی ہیں ہم کہتے ہیں کہ یہ جمع حقیقی نہیں تھیں بلکہ جمع صوری ہیں کیوں کہ حضور ﷺ نے کوئی نماز اپنے وقت سے ہٹ کر نہیں پڑھی، بلکہ آپ ﷺ نے ان نمازوں میں ''جمع صوری'' کیا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حضور ﷺ نے ظہر کی نماز اس کے بالکل آخری وقت میں اور عصر کی نماز اس کے بالکل ابتدائی وقت میں ادا فرمائی۔ یہی معاملہ مغرب اور عشاء کا ہے۔ اس طرح بظاہر دونوں نمازیں جمع ہو گئیں، لیکن درحقیقت ہر نماز اپنے اپنے وقت میں ادا کی گئی۔ اس کے دلائل درج ذیل ہیں:

۱......صحیح بخاری میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

''میں نے حضور ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ کو سفر میں جلدی ہوتی تو آپ مغرب کی نماز کو مؤخر کر دیتے تھے، یہاں تک کہ مغرب اور عشاء کو جمع کر کے پڑھتے۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بیٹے سالم بیان کرتے ہیں کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو بھی جب سفر میں جلدی ہوتی تو وہ بھی ایسے ہی کرتے تھے۔ مغرب کی تین رکعتیں پڑھ کر سلام پھیر دیتے، پھر تھوڑا سا ٹھہر کر (تاکہ عشاء کے وقت کا دخول یقینی ہو جائے) عشاء کی نماز ادا کرتے تھے۔'' (ج۱ص۱۴۹)

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے اس طریقہ میں جمع صوری پر دلیل ملنے کا حافظ ابن حجر نے بھی اعتراف کیا ہے۔ (فتح الباری ج۲ص۴۶۵)

۲......سنن ابوداؤد میں روایت ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے مؤذن نے سفر کے دوران میں ان سے کہا کہ نماز پڑھ لیجیے۔ انہوں نے کہا ابھی چلتے رہو۔ پھر جب شفق غروب ہونے میں کچھ وقت رہ گیا تو انہوں نے اتر کر مغرب کی نماز پڑھی۔ پھر شفق غروب ہونے کا انتظار کیا اور اس کے بعد عشاء کی نماز ادا کی۔ پھر کہا کہ حضور ﷺ کو جب کسی وجہ سے جلدی

درپیش ہوتی تو اسی طرح کرتے تھے۔ جیسے میں نے کیا۔ (ج۱ص۱۷۱)

۳......صحیح مسلم میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ میں نے حضور ﷺ کے ساتھ (ظہر وعصر کی) آٹھ رکعتیں اکٹھی اور (مغرب وعشاء کی) سات رکعتیں اکٹھی پڑھی ہیں۔ (راوی کہتے ہیں) میں نے کہا: اے ابو الشعثاء میں گمان کرتا ہوں کہ حضور ﷺ نے ظہر کی نماز کو مؤخر کر کے اور عصر کی نماز کو معجل کر کے پڑھا۔ اسی طرح مغرب کی نماز کو مؤخر کر کے اور عشاء کی نماز کو معجل کر کے پڑھا۔ ابو الشعثاء نے کہا ہاں میرا بھی یہی گمان ہے۔ (ج۱ص۲۴۱)

۴......موطا امام محمد میں روایت ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے مملکت کے مختلف علاقوں کی طرف خط لکھا اور اس میں لوگوں کو منع کیا کہ وہ دو نمازوں کو جمع کریں اور ان کو خبر دی کہ دو نمازوں کو ایک وقت میں جمع کرنا کبیرہ گناہوں میں سے ہے۔ (ص۱۲۹،۱۳۰)

۵......عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مغرب اور عشاء کو جمع کیا کرتے تھے، اس طرح کہ مغرب کو اس کے آخری وقت میں جب کہ عشاء کو اس کے اول وقت میں ادا فرماتے۔ (مجمع الزوائد ج۲ص۱۵۹)

۶......ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ظہر وعصر اور مغرب و عشاء کو جمع کیا، اس طرح کہ مغرب کو مؤخر کیا اور عشاء کو معجل کیا اور اس طرح دونوں کو جمع کر کے پڑھا۔ (مجمع الزوائد ج۲ص۱۵۹)

۷......عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما حضور ﷺ کا فرمان نقل کرتے ہیں کہ جب تم میں سے کسی کو حاجت پیش آ جائے اور وہ چاہے کہ مغرب کو مؤخر اور عشاء کو معجل کر کے دونوں کو اکٹھا کر کے پڑھے تو وہ ایسا کر سکتا ہے۔ (اخرجہ ابن جریر، کنز العمال ج۴ص۱۱۷)

۸......امام حسن بصری رحمہ اللہ اور امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہمیں نبی کریم ﷺ کی سنت میں یہ معلوم نہیں کہ آپ نے سفر یا حضر میں دو نمازوں کو جمع کر کے پڑھا ہو مگر (حج کے

موقع پر) عرفہ میں جہاں ظہر اور عصر کو جمع کیا جاتا ہے اور مزدلفہ میں جہاں مغرب اور عشاء کو اکٹھا پڑھا جاتا ہے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج۲ ص۴۵۹، بیہقی ج۳ ص۱۶۹)

یہ روایات جمع بین الصلواتین کی روایتوں کو جمع صوری پر محمول کرنے میں بالکل صریح ہیں۔ علاوہ ازیں ترمذی میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے مدینہ میں کسی خوف یا بارش کی حالت کے بغیر ظہر وعصر اور مغرب وعشاء کو جمع کیا۔ (ج۱ ص۲۶) اس مضمون کی روایتیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ (مجمع الزوائد ج۲ ص۱۶۱) عبداللہ بن عمرو (مصنف عبدالرزاق ج۲ ص۵۵۶) اور جابر بن عبداللہ (طحاوی ج۱ ص۹۷) سے بھی مروی ہیں۔ ان روایات کو تمام اہل علم بالاتفاق جمع صوری پر محمول کرتے ہیں، کیوں کہ جن ائمہ کے نزدیک دو نمازوں کو حقیقتاً ایک وقت میں جمع کرنا جائز ہے ان کے نزدیک یہ اجازت عذر، مثلاً حالت سفر کے ساتھ مشروط ہے، جب کہ ان روایات میں تصریح ہے کہ مدینہ میں بغیر کسی عذر کے جمع بین الصلواتین کی گئی۔ چنانچہ جب ان روایات کو جمع صوری پر محمول کیا جاتا ہے تو کیا یہ بہتر نہیں ہے کہ باقی روایات کو بھی شریعت کے اصول کلیہ کی روشنی میں جمع صوری ہی پر محمول کیا جائے؟ بالخصوص جب کہ خود روایات ہی میں اس کی صراحت بھی موجود ہے؟

اعتراض نمبر۱۲۲:

مونڈھوں تک رفع الیدین کا انکار

محمد جوناگڑھی نے اس مسئلہ کے تحت ایک حدیث پیش کی ہے۔

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت میں دعویٰ کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی نماز کا تم سب سے زیادہ حافظ میں ہوں إِذَا كَبَّرَ جَعَلَ يَدَيْهِ حِذَاءَ مَنْكِبَيْهِ الخ

جب آپ تکبیر اولیٰ کہتے تو رفع الیدین کرتے اپنے مونڈھوں تک ہاتھ اٹھاتے الخ

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس حدیث کا منکر ہے وہ لکھتا ہے يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِإِبْهَامَيْهِ شَحْمَةَ أُذُنَيْهِ یعنی رفع الیدین اس طرح کرے کہ انگوٹھے کان کی لو کے برابر ہو جائیں۔ ملاحظہ ہو ہدایہ جلد اول ص۸۴ باب صفۃ الصلوٰۃ۔ حنفی دوستو اجازت دیجیے کہ میں یہاں کچھ آپ کو سمجھاؤں۔ دیکھو ہدایہ کے مصنف اس حدیث کو لائے ہیں جسے ہم نے یہاں وارد کی ہے۔ پھر کہتے ہیں یہ حدیث شافعی مذہب کے لیے ہے۔ اور ہمارے لیے اور حدیث ہے جس میں کانوں تک ہاتھ اٹھانا مروی ہے۔ ہم کہتے ہیں یہ تقسیم کیسی، یہ کون سا باپ دادے کا ورثہ بٹ رہا تھا کہ یہ میرا یہ تیرا۔ اس کے کیا معنی؟ کہ رسول اللہ ﷺ کی ایک حدیث تو شافعی عمل کریں۔ حنفیوں پر اس پر علم کرنا حرام ہو۔ اور دوسری پر حنفی عمل کریں شافعی کو اس پر عمل حرام ہو۔ اے حنفیو اور اے شافعیو تم سب امت رسول ہو کیوں خدا کے دین کے ٹکڑے ٹکڑے کرتے ہو؟ کیوں حدیث کے حصے کرتے ہو؟ کیوں سنت کی تقسیم کرتے ہو؟ کیوں کسی کا کفر کر کے کسی پر ایمان لاتے ہو؟ کیوں نہیں کہتے کہ یہ بھی سنت یہ بھی سنت یوں کرے خواہ یوں کرے۔

(شمع محمدی ص۱۴۲، ظفر المبین حصہ اول ص۱۰۴، اختلاف امت کا المیہ ص۶۱، سبیل الرسول ص۴۲۸)

جواب:

اس مسئلہ میں احادیث مختلف وارد ہوئی ہیں۔ احناف جن روایات سے استدلال کرتے ہیں وہ مندرجہ ذیل روایات ہیں۔

١۔عن البراء بن عازب قال كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا كبر رفع يديه حتى نرى ابهاميه قريبا من اذنيه. (مسند احمد ج٤ ص٣٠٣)

''حضرت براء بن عازب ؓ فرماتے ہیں کہ نبی علیہ السلام جب تکبیر (تحریمہ) کہتے تو اپنے دونوں ہاتھ اس قدر اٹھاتے کہ ہم آپ کے دونوں انگوٹھے کانوں کے قریب دیکھتے۔

٢۔عن البراء بن عازب قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم حين قام الى الصلوٰة فكبر ورفع يديه حتى ساوٰى بهما اذنيه ثم لم يعد.

(دار قطني ج١ ص١٩٤)

حضرت براء بن عازب ؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ نماز کے لیے کھڑے ہوئے تو آپ نے تکبیر (تحریمہ) کہی۔ اور دونوں ہاتھ اس قدر اٹھائے کہ کانوں کے برابر لے گئے پھر دوبارہ نہیں اٹھائے۔

٣۔عن البراء بن عازب قال كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا كبر لافتتاح الصلوٰة رفع يديه حتى يكون ابهاماه قريبا من شحمتي اذنيه.

(طحاوی ج١ ص١٣٥)

حضرت براء بن عازب ؓ فرماتے ہیں کہ نبی علیہ السلام جب تکبیر تحریمہ کہتے تو اپنے دونوں ہاتھ اس قدر اٹھاتے کہ دونوں انگوٹھے کانوں کی لو کے برابر ہو جاتے۔

٤۔عن انس قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم كبر فحاذى بابهاميه اذنيه ثم ركع حتى استقر كل مفصل منه وانحط بالتكبير حتى سبقت ركبتاه يديه، هذا اسناد صحيح على شرط الشيخين ولا اعرف له علة ولم يخرجاه.

(مستدرك حاكم ج١ ص٢٢٦، دار قطني ج١ ص٣٤٥، سنن كبرٰى بيهقي، ج٢ ص٩٩)

حضرت انس ؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ نے تکبیر کہی تو اپنے دونوں انگوٹھے کانوں کے برابر لے گئے۔ پھر آپ ﷺ نے رکوع کیا تو اس طرح سے کہ آپ ﷺ کا ہر جوڑ اپنی اپنی جگہ ٹھہر گیا، اور تکبیر کہہ کر کہ (سجدہ کے لیے) نیچے گئے تو آپ ﷺ کے دونوں گھٹنوں نے ہاتھوں پر سبقت کی (یعنی زمین پر پہلے دونوں گھٹنے رکھے پھر دونوں ہاتھ)

٥۔عن انس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا افتتح الصلوٰة كبر ثم رفع يديه حتى يحاذي ابهاميه اذنيه ثم يقول سبحانك اللهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالى جدك ولا اله غيرك.

(دار قطني ج١ ص٣٠٠)

حضرت انس ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز شروع فرماتے تو تکبیر کہتے پھر اپنے دونوں ہاتھ اس قدر اٹھاتے کہ دونوں انگوٹھے کانوں کے برابر ہو جاتے پھر آپ سبحانك اللهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالٰى جدك ولا اله غيرك پڑھتے۔

٦۔عن عبد الجبار بن وائل عن ابيه انه ابصر النبي صلى الله عليه وسلم حين قام الى الصلوٰة رفع يديه حتى كانتا بحيال منكبيه وحاذى بابهاميه اذنيه ثم كبر. (ابوداؤد ج١ ص١٠٥)

حضرت وائل بن حجر ؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی علیہ السلام کو دیکھا کہ جب آپ نماز کے لیے کھڑے ہوئے تو آپ نے دونوں ہاتھ مونڈھوں تک اٹھائے اور انگوٹھے کانوں کے برابر کیے پھر اللہ اکبر کہا۔

٧۔عن عبدالجبار بن وائل عن ابيه انه راى النبي صلى الله عليه وسلم اذا افتتح الصلوٰة رفع يديه حتى تكاد ابهاماه تحاذي شحمة اذنيه.

(نسائي ج١ ص١٠٢)

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے نبی علیہ السلام کو دیکھا کہ جب آپ ﷺ نے نماز شروع کی تو آپ نے دونوں ہاتھ اس قدر اٹھائے کہ دونوں انگوٹھے کانوں کی لو کے برابر ہو گئے۔

۸۔عن وائل بن حجر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا وائل بن حجر اذا صلیت فاجعل یدیک حذاء اذنیک والمرأۃ تجعل یدیھا حذا ثدیھا. (مجمع الزوائد ج۱ ص۱۸۲. معجم طبرانی کبیر ج۲۲ ص۱۸)

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ اے وائل بن حجر جب تم نماز پڑھنے لگو تو اپنے دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھاؤ، اور عورت اپنے دونوں ہاتھ پستانوں تک اٹھائے۔

۹۔وائل بن حجر اخبرہ قال قلت لانظرف الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیف یصلی قال فنظرت علیہ قام وکبر ورفع یدیہ حتی حاذتنا باذنیہ ثم وضع یدہ للھي علی ظھر کفہ السیریٰ والرسغ من الساعد.

(سنن کبریٰ ج۲ ص۲۸)

وائل بن حجر نے خبر دی وہ فرماتے ہیں میں نے کہا کہ ہم دیکھتے ہیں حضور ﷺ کی طرف کہ کیسے نماز پڑھتے ہیں۔ وائل فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا تو آپ ﷺ کھڑے ہوئے اور تکبیر کہی ہاتھ اٹھائے یہاں تک کہ کانوں کی لو تک برابر کیے۔ پھر دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ کی پشت پر رکھا اور رسغ بھی ساعد سے ہے۔

۱۰۔عن الحلکہ بن عمیر قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعلمنا اذ قمتم الی الصلوٰۃ فارفعوا یدیکم ولا تخالف آذنکم ثم قولوا اللہ اکبر سبحانک اللھم الی آخرہ

عمیر نے فرمایا کہ حضور ﷺ ہمیں تعلیم دیتے تھے کہ جب تم نماز کا ارادہ کرو تو اٹھاؤ

اپنے ہاتھوں کو لیکن کانوں کی مخالف نہ کرنا پھر اللہ اکبر کہو۔

(المعجم الکبیر طبرانی ج۳ ص۲۴۶)

مذکورہ احادیث مبارکہ سے ثابت ہو رہا ہے کہ مردوں کے لیے تکبیر تحریمہ کہتے وقت دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھانا مسنون ہے کیوں کہ اول تو حضور علیہ السلام کا عام معمول مبارک یہی تھا۔ دوسرے آپ نے دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھانے کا حکم بھی دیا ہے۔ جیسا کہ حدیث نمبر۸ سے واضح ہے۔ تیسرے اس طرح کانوں تک ہاتھ اٹھانے سے اس باب میں وارد تمام احادیث پر عمل ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"وذکر الطیبی ان الشافعی حین دخل مصر سئل عن کیفیۃ رفع الیدین عند التکبیر فقال یرفع المصلی یدیہ بحیث یکون کفاہ حذاء منکبیہ وابھاماہ حذاء شحمتی اذنیہ واطراف اصابعہ حذاء فروع اذنیہ لانہ جاء فی روایۃ یرفع الیدین الی المنکبین وفی روایۃ الی الاذنین وفی روایۃ الی فروع الاذنین فعمل الشافعی بما ذکرنا فی رفع الیدین جمعا بین الروایات الثلاث." (مرقاۃ المفاتیح ج۲ ص۲۵۴)

علامہ طیبی نے ذکر کیا ہے کہ جس وقت امام شافعی مصر تشریف لائے تو آپ سے سوال ہوا کہ تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھ کیسے اٹھائے جائیں۔ آپ نے فرمایا کہ نمازی اپنے دونوں ہاتھ اس طرح سے اٹھائے کہ اس کی دونوں ہتھیلیاں تو کندھوں کے برابر ہو جائیں اور انگوٹھے کانوں کی لو کے برابر ہو جائیں اور انگلیوں کے پورے کانوں کے اوپر کے حصے کے برابر ہو جائیں۔ کیوں کہ ایک روایت میں کندھوں تک اٹھانے کا ذکر ہے۔ دوسری میں کانوں تک اور تیسری میں کانوں کے اوپر کے حصے تک ہاتھ اٹھانے کا ذکر ہے۔ پس امام شافعی نے تینوں روایات پر عمل کرنے لیے تکبیر تحریمہ کہتے وقت رفع یدین میں ہمارے مذکور طریقہ کے مطابق عمل کیا۔

جوناگڑھی کا یہ کہنا کہ حنفی مونڈھوں تک رفع یدین کرنے کی حدیث کے منکر ہیں بالکل جھوٹ ہے۔ہم نے اس مسئلہ میں وارد تمام روایات میں تطبیق دے کر یہ نظریہ قائم کیا ہے۔ جوناگڑھی نے اور بہت سی غلط باتیں کی ہیں، مگر ہم ان کا جواب نہیں دیتے ہم یہاں پر صرف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ حنفی مسلک احادیث کے عین مطابق ہے۔احناف کے پاس کانوں تک ہاتھ اٹھانے کی بھی احادیث ہیں۔

اعتراض نمبر۱۲۳:

عورت مرد کی نماز میں تفریق

(عورت کا نماز میں مونڈھوں تک ہاتھ اٹھانے کا مسئلہ)

(نوٹ: مسئلہ نمبر۱۲۲، ۱۲۳، ۱۲۴، ۱۲۵، ان چاروں مسئلوں میں جوناگڑھی نے مرد اور عورت کی نماز میں تفریق کا مسئلہ چھیڑا ہے۔ہم ان شاء اللہ مسئلہ نمبر۱۲۵ کے بعد اس مسئلے پر مفصل روشنی ڈالیں گے۔) اصل میں مسئلہ ایک تھا کہ عورت مرد کی نماز میں بعض مسائل میں کچھ فرق ہے یا کہ نہیں۔مگر جوناگڑھی نے اس کو چار عنوانات سے پیش کیا ہے۔

مولانا جوناگڑھی حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اور لطف کی بات سنیے! حنفیوں کا فیصلہ ہے ہدایہ شریف کے اسی صفحے میں ہے وَالْمَرْاَۃُ تَرْفَعُ یَدَیْہَا حِذَاءَ مَنْکِبَیْہَا یعنی عورت اپنے مونڈھوں تک ہاتھ اٹھائے کیوں حنفی بھائیو! تم نے ابھی اوپر پڑھا ہے کہ حضور ﷺ اپنے مونڈھوں تک ہاتھ اٹھاتے تھے تو کیا آپ کی سنت عورتوں کے لیے لائقِ عمل اور مردوں کے لیے قابل ترک؟ پھر ہم کہتے ہیں یہاں تم نے اس حدیث کا خلاف کیا جو مشکوٰۃ شریف ص۷۵ جلد اول باب صفۃ الصلوٰۃ میں بحوالہ بخاری مسلم بروایت حضرت مالک بن حویرث منقول ہے کہ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا کَبَّرَ رَفَعَ یَدَیْہِ حَتّٰی یُحَاذِیَ بِہِمَا اُذُنَیْہِ یعنی حضور ﷺ رفع الیدین

کرتے ہوئے ہاتھ اپنے کانوں تک اٹھاتے تھے۔کیا اے حنفیو! حضور ﷺ تمہارے نزدیک ایک عورت تھے؟ نعوذ باللہ! حضور ﷺ سے دونوں باتیں مروی دونوں طریقے ثابت دونوں فعل صحیح لیکن تم نے خاص تقسیم کی۔گھر بیٹھے حصے بخرے کر لیے۔ایک مردوں کو دی ایک عورتوں کو دی۔اور بیچ میں وہ حد فاصل کھڑی کر دی کہ یہ اس کی حد میں نہ جائے وہ اس کی حد میں نہ آئے عورت کانوں تک ہاتھ نہ اٹھائے مرد مونڈھوں تک نہ اٹھائے۔سنت تو ہے لیکن اس سنت پر عمل فقط وہی کر سکتا ہے جو حنفی ہو کر مرد بھی ہو اور دوسری چیز بھی سنت تو ہے لیکن اس پر عمل وہی کر سکتی ہے جو حنفن ہو کر عورت بھی ہو۔تقلید کے شیدائیو! تم نے اس سنت رسول کے پھر یوں ٹکڑے بھی کیے کہ حنفی تو کانوں تک رفع الیدین کرے اور شافعی مونڈھوں تک، بس کرو شخصی تقلید کے فدائیو! اللہ کے رسول کو پورا مانو نہیں تو صاف انکار کر جاؤ۔کیوں مسلمانوں میں نئی نئی راہیں نکالتے ہو؟ کیوں خدا کے دین کو تنگ کرتے ہو؟ کیوں سنت کا بٹوارہ کرتے ہو؟ کیوں ایک کو مان کر ایک کو دھکے دیتے ہو؟ اللہ سے ڈرو خدا کے پورے دین کو مان لو۔(شمع محمدی ص۱۴۳، ظفر المبین حصہ اول ص۱۰۴ تا ۱۰۶)

جواب:

اس مسئلہ میں احناف کا استدلال مندرجہ ذیل احادیث سے ہے۔

۱۔عن وائل بن حجر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا وائل بن حجر اذا صلیت فاجعل یدیک حذاء اذنیک والمرأۃ تجعل یدیہا حذاء ثدییہا.

(مجمع الزوائد ج۱ ص۱۸۲، معجم طبرانی کبیر ج۲۲ ص۱۸، کنز العمال ج۷ ص۳۰۷)

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ اے وائل بن حجر جب تم نماز پڑھنے لگو تو اپنے دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھاؤ، اور عورت اپنے دونوں

ہاتھ پستانوں تک اٹھائے۔

امام بخاری نے ام درداء کا عمل نقل کیا ہے۔

۲۔ کانت ام درداء ترفع یدیها فی الصلوٰة حذو منکبیها.

(جزء رفع الیدین ص ۱۲)

حضرت ام درداء رضی اللہ عنہا کندھوں تک ہاتھ اٹھاتی تھیں۔

مشہور تابعی حضرت عطاء بن ابی رباح مکی کا فتویٰ

لا ترفع بذلك یدیها کالرجل (مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۲۳۹)

ہاتھ اٹھانے میں عورت مرد کی طرح نہیں۔

آپ اندازہ کریں کہ جونا گڑھی کی بات کہاں تک درست ہے اللہ کے پاک پیغمبر ﷺ نے اس مسئلہ میں خود مرد اور عورت کا فرق بتایا ہے۔ جب کہ جونا گڑھی نے کوئی ایسی حدیث پیش نہیں کی۔

اعتراض نمبر ۱۲۴:

عورت مرد کی نماز میں فرق

(عورت کا سینے پر ہاتھ باندھنے کا مسئلہ)

جونا گڑھی صاحب لکھتے ہیں:

یہی حال سینے کی حدیث میں بھی کیا ہے کہ حنفیوں نے تو کہا سینے پر ہاتھ نہ باندھے بلکہ ناف تلے ہاتھ باندھے شافعیہ نے کہا سینے پر ہاتھ باندھے ناف تلے نہ باندھے، پھر حنفیوں نے کہا کہ ہاں اگر عورت ہو تو وہ سینے پر باندھ لے۔ لیکن مرد ہے تو ہرگز نہ باندھے۔ اب فرمایئے کہ اگر حدیثیں دونوں ہیں اور دونوں ایک ہی قوت کی ہیں تو پھر شافعیوں اور حنفیوں نے بٹوارہ کیوں کرلیا؟ اور اگر ایک گری پڑی ضعیف اور ناقابل عمل ہے جیسے ناف تلے کی

روایت تو پھر اسے کیوں مانا؟ اور صحیح اور ثابت کو کیوں چھوڑا؟ پھر جب چھوڑا ہی تھا تو عورتوں کو ناف کے اوپر ہاتھ باندھنے کی ہدایت حنفیوں نے کیوں کی؟ کیا حدیث پر عمل کرنے کے لیے عورت ہونے کی بھی شرط ہے؟ یا کیا ان حضرات نے حضور ﷺ کی نسبت کوئی غلط رائے قائم کررکھی ہے؟ یا اس تقسیم کی کوئی اور دلیل ہے؟ کہ حنفی مرد ناف تلے ہاتھ رکھے۔ اور حنفن عورت سینے پر۔ حدیث میں تو صاف ہے عن وائل بن حجر رضی الله عنه قال صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى يَدِهِ الْيُسْرٰى عَلٰى صَدْرِهٖ. (اخرجه ابن خزیمة، بلوغ المرام ص ۲۱) یعنی حضور ﷺ نماز پڑھتے ہوئے اپنے بائیں ہاتھ پر دایاں ہاتھ رکھا کرتے تھے اور ہاتھ سینے پر باندھا کرتے تھے لیکن حنفی مذہب کہتا ہے يَعْتَمِدُ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى عَلَى الْيُسْرٰى تَحْتَ السُّرَّةِ یعنی ہاتھ ناف تلے باندھے۔ (شمع محمدی ص ۱۴۴)

اعتراض نمبر ۱۲۵:

ایسا ہی ایک اور فرق

(آخری قعدہ میں بیٹھنے کا مسئلہ)

جونا گڑھی صاحب مزید آگے لکھتے ہیں:

یہی رنگ اس حدیث میں بھی حنفی مذہب نے اختیار کیا ہے جو مشکوٰۃ شریف کی پہلی جلد کے ص ۷۵ پر بروایت حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ منقول ہے کہ فَاِذَا جَلَسَ فِي الرَّكْعَةِ الْاٰخِرَةِ قَدَّمَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَنَصَبَ الْاُخْرٰى وَقَعَدَ عَلٰى مَقْعَدَتِهٖ. (متفق علیه) یعنی جس التحیات کے بعد سلام پھیرنا ہوتا اس میں حضور ﷺ اس طرح بیٹھتے کہ بایاں پاؤں داہنی طرف نکال لیتے، دوسرا کھڑا کردیتے اور اپنی بائیں ران پر بیٹھ جاتے حنفی مذہب اس کا ہے تو منکر لیکن پھر حنفی عورت کو تعلیم دیتا ہے کہ جَلَسَتْ عَلٰى اِلْيَتِهَا

اَلْیُسْرٰی وَاَخْرَجَتْ رِجْلَیْهَا مِنَ الْجَانِبِ الْاَیْمَنِ یعنی عورت التحیات میں اس طرح بیٹھے کہ اپنے دونوں پاؤں دائیں طرف کو نکال لے اور اپنی بائیں ران پر بیٹھے کیوں دوستو! اس کے کیا معنی؟ کہ عورت ہو تو حدیث پر عمل کرلے اور مرد وہ جو حدیث پر عمل نہ کرے۔ فعل رسول ﷺ عورت مرد دونوں کے لیے ہے۔ ساری امت کو فرمان رسول ﷺ ہے کہ جس طرح مجھے نماز پڑھتے دیکھتے ہو تم بھی نماز پڑھو۔ پس ان تینوں مسئلوں میں خدا جانے حنفی مذہب نے حصے بخرے کیسے کیے ہیں؟ قرآن میں جاہلیت کے زمانے کی ایک قوم کا ایک رواج ہم پڑھا کرتے تھے کہ وہ کہتے ہیں مَا فِی بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا الخ یعنی ان مویشیوں کے پیٹ میں جو بچہ ہے وہ صرف مرد ہی کھا سکتے ہیں عورتوں کو حرام ہے پس مرد عورت کی تقسیم کی سند کہیں یہ آیت قرآنی تو نہیں؟

(شمع محمدی ص ۱۴۲ تا ۱۴۴، اختلاف امت کا المیہ ص ۶۱، ظفر المبین ص ۱۰۴ تا ۱۰۶ سبیل الرسول ۲۴۸ تا ۲۵۰)

مرد عورت کی نماز میں فرق پر تفصیلی بحث ملاحظہ فرمائیں۔

جواب:

جواب سے قبل ایک بات تمہیداً سمجھ لیں تا کہ فہم مراد میں آسانی ہو۔

کتاب وسنت میں تمام جزئی مسائل تصریحاً نہیں ہوتے بعض تنصیصاً ہوتے ہیں اور بعض تعلیلاً۔

مثال: قرآن پاک میں ہے کہ حیض والی عورت کے بارے میں سوال ہوا اس کا جواب تو اتنا ہی تھا کہ فاعتزلوا النساء عورتوں سے دور رہو لیکن اللہ تعالیٰ نے جواب سے پہلے ایک علت بیان فرمادی۔ قل ھو اذی کہہ دیجیے وہ ناپاکی ہے۔ اس میں ایک قاعدہ بتا دیا کہ حائضہ سے صحبت منع ہونے کی وجہ ناپاکی ہے۔ اب اسی علت سے نفاس کا حکم بھی معلوم ہو گیا کیوں کہ ناپاکی کی علت وہاں بھی پائی گئی اور اسی علت کی بنا پر نفاس کے تمام

مسائل کو حیض کے مسائل پر قیاس کر لیا گیا۔ مثلاً نفاس والی مسجد میں داخل نہ ہو، قرآن کو ہاتھ نہ لگائے۔ قرآن پاک کی تلاوت نہ کرے، نماز نہ پڑھے، روزہ نہ رکھے، مرد سے ہمبستر نہ ہو وغیرہ اگر آپ قیاس کو نہ مانیں تو نفاس والی عورت کے لیے قرآن پڑھنے، نماز، روزہ، صحبت وغیرہ کے بارے میں حضور ﷺ کا ایک ایک صریح حکم سنا دیں۔ بالکل اسی طرح عورت کی نماز کے بارے میں آنحضرت ﷺ نے دو قاعدے ارشاد فرما دیے

عن یزید بن ابی حبیب انه صلی اللہ علیه وسلم مر علٰی امرأتین تصلیان فقال اذا سجدتما فضما بعض اللحم الی الارض فان المرأة فی ذالك لیست کالرجل. (رواہ ابوداؤد فی مراسیله)

رسول اقدس ﷺ دو عورتوں کے پاس سے گزرے جو نماز پڑھ رہی تھیں تو آپ ﷺ نے فرمایا جب تم سجدہ کرو تو اپنا گوشت (جسم) زمین کے ساتھ چمٹا دو کیوں کہ عورت اس (نماز) میں مرد کی مثل نہیں۔

پہلا قاعدہ:

دیکھیے اس حدیث میں حضور ﷺ نے پہلا قاعدہ بتا دیا کہ عورت کی نماز مرد کی طرح نہیں۔ لیکن جونا گڑھی نے حضور ﷺ کے اس حکم کو نہیں مانا۔

عن ابن عمر مرفوعًا اذا جلست المرأة فی الصلوٰة وضعت فخذها علی فخذها الاخری فاذا سجدت الصقت بطنها علی فخذها کاستر ما یکون فان اللہ تعالٰی ینظر الیها ویقول یاملائکتی انی قد غفرتُ لها. رواہ ابن عدی والبیهقی کنز العمال ج٤ ص١١٧.

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جب عورت نماز میں بیٹھے تو اپنی ایک ران کو دوسری ران پر رکھے پھر جب سجدہ کرے تو اپنے پیٹ کو اپنے رانوں پر رکھے اور جتنا زیادہ ستر (پردہ پوشی) ہو سکے کرے اللہ تعالیٰ فرشتوں کو فرماتے ہیں گواہ رہو میں نے اس عورت کو بخش دیا۔

دوسرا قاعدہ:

اس حدیث میں آپ نے دوسرا قاعدہ ارشاد فرمادیا کہ عورت کی نماز کے مسائل میں سب سے زیادہ اہمیت ستر کی ہے۔ اس لیے جس حالت میں ستر زیادہ ہوگی وہی نماز عورت کی خدا کو زیادہ محبوب ہوگی اور ذریعہ مغفرت بنے گی۔ اس حدیث کی روشنی میں علمائے اہل سنت کہتے ہیں اصل میں عورت کی ستر کا مسئلہ ہے نماز میں جتنا بھی عورت کا ستر ہوگا بہتر ہے۔ اس حدیث کو پیش نظر رکھ کر مرد و عورت کا فرق واضح کیا گیا ہے۔

فرق کی بعض باتیں:

چنانچہ مرد کے لیے فرض نماز مسجد میں پڑھنا ضروری ہے۔

۱.....عورت کے لیے گھر میں نماز پڑھنا زیادہ ثواب ہے۔ (بوجہ ستر)

۲.....نماز باجماعت میں مرد کے لیے اول صف افضل ہے عورت کے لیے آخری صف افضل ہے۔ (بوجہ ستر)

۳.....نماز باجماعت میں امام کا وسط صف میں کھڑا ہونا بالاتفاق مکروہ ہے لیکن عورت وسط صف میں ہی کھڑی ہو۔ (بوجہ ستر)

۴.....آپ کے مرد ننگے سر نماز پڑھتے ہیں اور عورتیں ننگے سر نماز نہیں پڑھتیں۔

۵.....مرد ٹخنے اور آدھی پنڈلیاں ننگی کر کے نماز پڑھتے ہیں جب کہ عورتیں پنڈلیاں اور ٹخنے ڈھانپ کر نماز پڑھتی ہیں۔ بہر حال یہ شریعت مقدسہ کا کلیہ قاعدہ ہے کہ عورت نماز اس طرح ادا کرے جس میں ستر کا زیادہ سے زیادہ اہتمام ہو۔ اب آیئے اصل مسئلے کی طرف۔

آنحضرت ﷺ تکبیر تحریمہ میں دو طرح ہاتھ اٹھاتے رہے کبھی کانوں تک کبھی کندھوں تک پھر آپ ﷺ نے آخری عمر میں حضرت وائل رضی اللہ عنہ کو جب نماز سکھائی تو حکم دیا

کہ تم اپنے ہاتھ کانوں تک اٹھاؤ اور عورت چھاتیوں تک (اس حالت میں ہاتھوں کی انگلیاں کندھوں تک پہنچ جاتی ہیں) (رواہ الطبرانی) اب دیکھئے آنحضرت ﷺ نے خود بوجہ ستر عورت اور مرد کی نماز میں فرق کر دیا۔

ابو حنيفة عن نافع عن ابن عمر انه سئل كيف كان النساء يصلين على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم قال كن يتربعن ثم امرن ان يحتفزن.

(جامع المسانيد جلد ١، ص ٤٠٠)

حضرت عبداللہ بن عمر سے پوچھا گیا کہ عورتیں عہد رسالت میں نماز کیسے پڑھتی تھیں فرمایا وہ چار زانو بیٹھتی تھیں۔ پھر انہیں حکم دیا گیا کہ خوب سمٹ کر بیٹھیں۔

اب دیکھئے حدیث میں دو طرح بیٹھنا آتا تھا، ایک پاؤں کھڑا کر کے دوسرا بچھا کر بیٹھنا۔ اور سمٹ کر سرین پر بیٹھنا جسے تورک کہتے ہیں۔ عہد رسالت میں بوجہ تستر عورت کو نماز میں تورک کی طرح بیٹھنے کا حکم دے دیا گیا۔ جب کہ مرد پہلے طریقے پر ہی بیٹھتے رہے۔

عن علی قال اذا سجدت المرأة فلتحتفزوا لتضم فخذيها.

(رواه ابن ابی شيبة)

حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ عورت جب سجدہ کرے تو اس کو سمٹ کر سجدہ کرنا چاہیے اور سارے جسم کو ملا کر سجدہ کرنا چاہیے۔

دیکھئے اس طرح سجدہ کرنا مرد کے لیے بالاتفاق مکروہ ہے مگر عورت کے ستر کا اہتمام اسی میں زاید تھا اس لیے یہ حکم دیا گیا۔

اسی طرح ائمہ اربعہ کا اجماع اس پر ہے کہ عورت سینے پر ہاتھ باندھے۔ (**کتاب الفقه على مذاهب اربعه، در مختار ۱۸ ص۲۲۷، عالمگیری ج۱ ص۷۳**) اور اس اجماع کی بنیاد وہی قاعدہ ہے جو فقہا نے بیان کیا۔ **لانه استر لها (شرح نقايه ج۱ ص۷۳)** کہ اس میں ستر کا زیادہ اہتمام ہے۔

اوردوسری حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ تھی من السنة وضع الكف على الكف تحت السرة (احمد) نماز کا سنت طریقہ یہ ہے کہ ہتھیلی ہتھیلی پر رکھ کر ناف کے نیچے ہاتھ باندھے جائیں۔ اس سنت پر بھی عمل جاری رہا۔ دونوں قسم کی احادیث میں تطبیق صریح حدیث سے نہیں حدیث میں مذکور قاعدہ ستر کے مطابق بیان کردی گئی آپ کسی صحیح حدیث سے جو صریح ہو ان دونوں قسم کی احادیث پر عمل کرنے کا طریقہ بتادیں تو ہم یقیناً صریح کو علت پر ترجیح دیں گے اگر آپ صریح حدیث تطبیق کی پیش نہ کرسکیں تو مجتہد نے حدیث کی بیان کردہ علت کو سامنے رکھ کر دونوں قسم کی احادیث پر عمل کرنے کا جو طریقہ بتایا ہے اسے کیوں چھوڑا جائے۔

نوٹ:

اگر آپ ان دونوں قسم کی احادیث سے ایک کو صحیح دوسری کو ضعیف قرار دیں تو ان کا صحیح یا ضعیف ہونا حدیث صحیح صریح سے ثابت کریں کیوں کہ آپ کے نزدیک امتی کا قول شرعی دلیل نہیں۔ ہم امتیوں کے اجماع اور مجتہد کے ارشاد کو دلیل سمجھتے ہیں اس لیے مجتہد کی تطبیق کے مقابلہ میں کسی غیر مجتہد کی بات نہیں مانتے اور خیر القرون کے مجتہد کے مقابلہ میں مابعد خیر القرون کے کسی آدمی کی بات تسلیم نہیں کرتے کیوں کہ خیر القرون کی خیریت منصوص بالا احادیث ہے۔ (ماخوذ مجموعہ رسائل جلد نمبر۲)

مرد عورت کی نماز میں فرق کے متعلق دارالعلوم کراچی کا فتویٰ

استفتاء

خواتین کے طریقہ نماز کا ثبوت:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ لڑکی حنفی مذہب سے تعلق رکھتی ہے جس کی شادی غیر مقلد لڑکے سے ہوئی ہے۔ لڑکی کا شوہر اپنی حنفی بیوی سے کہتا ہے

کہ تم مردوں کی طرح نماز پڑھا کرو کیوں کہ عورتوں کی نماز کا طریقہ مردوں کی نماز کے طریقہ کے مطابق ہے۔ اور عورتوں کی نماز کا مردوں سے جدا ہونا ثابت نہیں تو اب پوچھنا یہ ہے کہ لڑکی کو غیر مقلد لوگوں کے طریقہ سے نماز پڑھنی چاہیے یا نہیں اگر اس کا شوہر ایسا حکم دے تو حنفی بیوی پر غیر مقلد شوہر کا حکم ماننا ضروری ہے یا نہیں؟ اور نیز حنفی مذہب میں عورت کی نماز کا طریقہ مردوں کی نماز کے طریقہ سے جدا ہونا احادیث سے ثابت ہے یا نہیں؟ مفصل اور مدلل جواب دے کر مطمئن فرمائیں۔ (المستفتی: شبیر احمد سانگھڑوی)

الجواب حامداً ومصلیاً:

مذکورہ صورت میں اہل حدیث شوہر کا اپنی حنفی بیوی کو مردوں کے طریقہ سے نماز پڑھنے پر مجبور کرنا جائز نہیں۔ کیوں کہ عورتوں کی نماز کا طریقہ بالکل مردوں کی نماز کی طرح ہونا صراحۃً ثابت نہیں بلکہ خواتین کا طریقہ نماز مردوں کے طریقہ سے جدا ہونا بہت سی احادیث اور آثار صحابہ وتابعین سے ثابت ہے اور چاروں ائمہ فقہ، امام اعظم ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی وامام احمد رحمہم اللہ اس پر متفق ہیں۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

حدیث نمبر۱:

عن ابن عمر رضي الله عنهما انه سئل كيف كان النساء يصلين على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم قال كن يتربعن ثم امرن ان يحتفزن.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا کہ خواتین حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں کس طرح نماز پڑھا کرتی تھیں تو انہوں نے فرمایا کہ پہلے چارزانو ہوکر بیٹھتی تھیں پھر انہیں حکم دیا کہ خوب سمٹ کر نماز ادا کریں۔ (جامع المسانيد ج۱ ص۴۰۰)

حدیث نمبر۲:

وعن وائل بن حجر رضي الله عنه قال قال لي رسول الله صلى الله عليه

وسلم یا وائل بن حجر اذا صلیت فاجعل یدیک حذاء اذنیک والمرأة تجعل یدیها حذاء ثدییها.

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے نماز کا طریقہ سکھلایا تو فرمایا کہ اے وائل بن حجر! جب نماز شروع کرو تو اپنے ہاتھ کانوں تک اٹھاؤ اور عورت اپنے ہاتھ چھاتیوں تک اٹھائے۔ (مجمع الزوائد ج۲ ص۱۰۳)

حدیث نمبر۳:

عن یزید ابن ابی حبیب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مر علی امراتین تصلیان فقال اذا سجدتما فضما بعض اللحم الی الارض فان المرأة لیست فی ذلک کالرجل.

رسول اللہ ﷺ دو عورتوں کے پاس سے گزرے جو نماز پڑھ رہی تھیں آپ ﷺ نے ان کو دیکھ کر فرمایا کہ جب تم سجدہ کرو تو تم اپنے جسم کے بعض حصوں کو زمین سے چمٹا دو اس لیے کہ اس میں عورت مرد کے مانند نہیں ہے۔(السنن للبیھقی ج۲ ص۲۲۳، اعلاء السنن بحوالہ مراسیل ابی داؤد ج۳ ص۱۹)

حدیث نمبر۴:

عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنھما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا جلست المرأة فی الصلاة وضعت فخذها علی فخذها الاخری واذا سجدت الصقت بطنها علی فخذیها کالستر ما یکون لها وان اللہ تعالٰی ینظر الیها ویقول یا ملائکتی اشهدکم انی قد غفرتُ لها.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ نماز کے دوران جب عورت بیٹھے تو اپنی ایک ران کو دوسری ران پر رکھے اور جب سجدہ میں جائے تو

اپنے پیٹ کو اپنی دونوں رانوں سے ملا لے اس طرح کہ اس سے زیادہ سے زیادہ ستر ہو سکے اور اللہ تبارک وتعالٰی اس کی طرف دیکھتے ہیں اور فرشتوں سے فرماتے ہیں کہ اے فرشتو! تم گواہ رہو میں نے اس عورت کی بخشش کر دی۔

(بیہقی ج۲ ص۲۲۳، کنز العمال ج۷ ص۵۴۹)

حدیث نمبر۵:

عن ابی هریرة رضی اللہ عنه قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم التسبیح للرجال والتصفیق للنساء.

حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ (اگر نماز کے دوران کوئی ایسا امر پیش آ جائے جو نماز میں حارج ہو تو) مردوں کے لیے یہ ہے کہ وہ تسبیح کہیں اور عورتیں صرف تالی بجائیں۔

(ترمذی ص۸۵ سعید کمپنی، مسلم شریف ج۱ ص۱۸۰)

حدیث نمبر۶:

قال ابو بکر بن ابی شیبة سمعت عطاءً سئل عن المرأة کیف ترفع یدیها فی الصلاة قال حذو ثدییها (وقال ایضا بعد اسطر) لا ترفع بذالك یدیها کالرجل واشار فخفض یدیه جدا او جمعها الیه جدا وقال ان للمرأة هیئة لیست للرجل.

امام بخاری کے استاد ابوبکر بن ابی شیبہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عطاء سے سنا کہ ان سے عورت کے بارے میں پوچھا گیا کہ وہ نماز میں ہاتھ کیسے اٹھائے تو انہوں نے فرمایا کہ اپنی چھاتیوں تک، اور فرمایا نماز میں اپنے ہاتھوں کو اس طرح نہ اٹھائے جس طرح مرد اٹھاتے ہیں اور انہوں نے اس بات کو جب اشارہ سے بتلایا تو اپنے ہاتھوں کو کافی پست کیا اور ان دونوں کو اچھی طرح ملایا اور فرمایا کہ نماز میں عورت کا طریقہ مردوں کی طرح نہیں

ب۔(المصنف لابی بکر ابن ابی شیبة ج۱ ص۲۳۹)

حدیث نمبر ۷:

حدثنا ابو الاحوص عن ابی اسحاق عن علی رضی الله عنه قال اذا سجدت المرأة فلتحتفز ولتضم فخذیها.

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا کہ جب عورت سجدہ کرے تو سرین کے بل بیٹھے اور اپنی رانوں کو ملالے۔(بیهقی ج۲ ص۲۲۳)

حدیث نمبر ۸:

عن ابن عباس رضی الله عنهما انه سئل عن صلاة المرأة فقال تجتمع وتحتفز.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے عورت کی نماز کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا کہ (سب اعضاء) کو ملالے اور سرین کے بل بیٹھے۔

(المصنف لابن ابی بکر بن ابی شیبة ج۱ ص۲۷۰)

مذکورہ بالا احادیث اور آثار صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعین رحمہم اللہ سے عورتوں کی نماز کا طریقہ مردوں کی نماز سے واضح طور پر مختلف ہونا ثابت ہوا اب اس بارے میں ائمہ فقہ کا مسلک ملاحظہ فرمائیں۔

(۱)...... وفی مذهب الحنفية واما النساء واتفقوا علی ان السنة لهن وضع الیدین علی الصدر لانه استرلها کما فی البنایة وفی المنیة المرأة تضعهما تحت ثدییها. (ص۱۵٦ ج۱ السعایة)

(۲)...... والمرأة تنخفض فی سجودها وتلزق بطنها بفخذیها لان ذلك استرلها (وفی موضع آخر) وان کانت امرأة جلست علی الیتیها الیسری

اخرجت رجلیها من الجانب الایمن لانه استرلها الخ (ص۱۱۱ ج۱ هدایه)

(۳)...... وفی مذهب المالکیة: ندب مجافاة ای مباعدة رجل فیه ای سجود (بطنه فخذیه) فلا یجعل بطنه علیهما ومجافاة (مرفقیه رکبتیه) ای عن رکبتیه ومجافاة ضبعیه ای مافوق المرفق الی الابط جنبیه ای عنهما مجافاة وسطا فی الجمیع وأما المرأة فتکون منضمة فی جمیع احوالها.

(الشرح الصغیر للدر دیر المالکی ج۱ ص۳۲۹)

(٤)...... وفی مذهب الشافعیة: قال النووی لیس ان یجافی مرفقیه عن جنبیه ویرفع بطنه عن فخذیه وتضم المرأة بعضها الی بعض (وقال بعد اسطر) روی البراء بن عازب رضی الله عنهما ان النبی صلی الله علیه وسلم کان اذا سجد جنح (وروی جخی) (والجنح الخاوی) وان کانت امرأة ضمت بعضها الی بعض لان ذلك استرلها. (شرح المهذب ج۳ ص٤٠٤)

(۵)...... وفی مذهب الحنابلة: وفی المغنی وان صلت امرأة بالنساء قامت معهن فی الصف وسطا قال ابن قدامة فی شرحه اذا ثبت هذا فانها اذا صلت بهن قامت فی وسطهن لانعلم فیه خلافا بین من رأی لها ان تؤمهن ولان المرأة یستحب لها التستر ولذلك لا یستحب لها التجافی الخ

(ج۲ ص۲۰۲)

مذکورہ بالا احادیث طیبہ، آثار صحابہ وتابعین اور چاروں مذاہب فقہ کے حضرات فقہاء کرام کی عبارات سے جو عورتوں کی نماز کا مسنون طریقہ ثابت ہوا وہ مردوں کے طریقہ نماز سے جدا ہے۔ عورتوں کے طریقہ نماز میں زیادہ سے زیادہ پردہ اور جسم سمیٹ کر ایک دوسرے سے ملانے کا حکم ہے اور یہ طریقہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک سے آج تک اس امت میں متفق علیہ اور عملاً متواتر ہے۔ آج تک کسی صحابی یا تابعی اور تبع تابعین یا دیگر فقہاء

امت کا کوئی ایسا فتویٰ نظر نہیں آیا جس میں عورتوں کی نماز کو مردوں کی نماز کے مطابق قرار دیا ہو نیز خود اکابر اہل حدیث حضرات اس مسئلہ میں مذکورہ بالا عبارات کے مطابق فتویٰ دیتے رہے ہیں چنانچہ مولانا عبدالجبار بن عبداللہ غزنوی (جو بانی جامعہ ابی بکر گلشن اقبال کراچی کے دادا ہیں) اپنے فتاویٰ (مکمل فتویٰ سوال جواب آخر میں ملاحظہ فرمائیں) میں وہ حدیث جو ہم نے کنز العمال اور بیہقی کے حوالہ سے نقل کی ہے اس کے بارے میں فرماتے ہیں۔

''اور اسی پر تعامل اہل سنت و مذاہب اربعہ وغیرہ چلا آیا ہے۔''

نیز اس کے بعد مختلف کتب مذاہب اربعہ سے حوالہ نقل کرنے کے بعد آخر میں نتیجتاً فرماتے ہیں کہ

غرض یہ کہ عورتوں کا انضمام (اکٹھی ہو کر) اور انخفاض (سمٹ کر اور چمٹ کر) احادیث و تعامل جمہور اہل علم اور مذاہب اربعہ وغیرہم سے ثابت ہے اور اس کا منکر کتب حدیث اور تعامل اہل علم سے بے خبر ہے واللہ اعلم حررہ عبدالجبار عفی عنہ

(فتاویٰ غزنویہ ص ۲۷، ۲۸، فتاویٰ علمائے حدیث ج ۳ ص ۱۴۹)

جہاں تک اہل حدیث حضرات کے دعویٰ کا تعلق ہے تو اس سلسلہ میں نہ تو ان کے پاس کوئی آیتِ قرآن ہے اور نہ کوئی حدیث اور نہ ہی کسی خلیفہ راشد کا فتویٰ البتہ ام درداء کا اثر استدلال میں پیش کرتے ہیں جو مندرجہ ذیل ہے:

عن مکحول ان ام الدرداء کانت تجلس فی الصلاة کجلسة الرجل.

حضرت ام درداء نماز میں مردوں کی طرح بیٹھتی تھیں۔

(المصنف لابن ابی شیبة ج۱ ص۲۲۰)

تو اس کے اثر کے بارے میں عرض یہ ہے کہ اس اثر سے استدلال کرنا کئی وجہ سے درست نہیں۔

(۱) پہلی وجہ تو یہ ہے کہ اگر چہ حافظ مزی نے ان کو صحابیہ کہا ہے لیکن دوسرے محدثین و

ناقدین نے ان کو تابعیہ شمار کیا ہے۔ لہٰذا یہ صحابیہ نہیں تابعیہ ہیں اور ایک تابعی کا عمل اگر چہ اصول کے مخالف نہ بھی ہو تب بھی اس سے استدلال نہیں کیا جا سکتا۔

وفی الفتح وعمل التابعی بمفرده ولو لم یخالف لا یحتج به

(ص۲۵۲ ج۲).

(۲) بالفرض اگر ان کو صحابیہ بھی مان لیا جائے تو یہ ان صحابیہ کی اپنی رائے ہے۔ اور نہ ہی ان صحابیہ نے کسی اور کو اس کی دعوت دی ہے اور نہ ہی انہوں نے اس فعل پر حضور اکرم ﷺ کا کوئی قول و فعل اور نہ ہی کسی خلیفہ راشد کا فتویٰ نقل کیا ہے لہٰذا عورتوں کی نماز کے سلسلہ میں امت کے عمل تواتر کے خلاف اس رائے کی پوزیشن ایسی ہی ہے جیسا کہ قرآن حکیم کی متواتر قرأت کے خلاف شاذ قرأت کی ہے اور ظاہر ہے کہ کوئی بھی مسلمان شاذ قرأت کے لیے متواتر قرآن حکیم کی تلاوت نہیں چھوڑتا اور نہ ہی کسی دوسرے مسلمان کو اس کی دعوت دیتا ہے۔

(۳) نیز اگر اس اثر کے الفاظ پر غور سے نظر ڈالی جائے تو اس سے جمہور کے قول کی تائید ہوتی ہے اس لیے کہ اس میں ام درداء کے ہیئت جلوس کو مرد کے ہیئت جلوس سے تشبیہ دی گئی ہے جس سے یہ بات بھی بخوبی واضح ہوتی ہے کہ ام درداء تو مردوں کی طرح بیٹھتی تھیں لیکن دوسری صحابیات اور خواتین کا طریقہ نماز مردوں سے مختلف تھا جس کا احادیث بالا میں ذکر ہوا۔

(۴) اگر کسی کو یہ شبہ ہو کہ اگر یہ اثر قابل استدلال نہیں تو پھر امام بخاری نے اس کو اپنی صحیح بخاری میں کیوں ذکر کیا ہے تو یہ شبہ بھی صحیح نہیں ہے اس لیے کہ امام بخاری نے اس اثر کو اس لیے ذکر نہیں کیا کہ اس سے عورتوں کی نماز کے طریقہ پر استدلال کیا جائے بلکہ صرف اس بات کی تقویت کے لیے ذکر کیا ہے کہ مردوں کے جلوس کی کیفیت نماز میں کیا ہے چنانچہ حافظ ابن حجر فتح الباری میں رقم طراز ہیں:

وعرف من رواية مكحول ان المراد بام الدرداء الصغرى التابعية لا الكبرىٰ الصحابية لانه ادرك الصغرىٰ ولم يدرك الكبرىٰ ولم يورد البخاري اثر ام الدرداء ليحتج به بل لتقوية الخ ج۲ ص۲۵۲

مکحول کی روایت سے یہ معلوم ہوا ام درداء سے مراد صغریٰ تابعیہ ہیں اور کبریٰ صحابیہ مراد نہیں اس لیے کہ مکحول نے تابعیہ کو پایا ہے صحابیہ کو نہیں اور امام بخاری نے ام درداء کا اثر تقویت کے لیے ذکر کیا ہے اس لیے نہیں کہ اس سے استدلال کیا جائے۔

نیز اگر یہ حضرات صلوا کما رأیتمونی اصلی سے استدلال کریں کہ عورتوں کی نماز مردوں کے مطابق ہے تو یہ استدلال بھی صحیح نہیں اول تو اس جملہ کا سیاق وسباق ایک خاص واقعہ ہے جس کا خلاصہ یہ کہ ایک خاص وفد حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں بیس دن قیام کے لیے آیا تھا واپسی پر آپ نے ان کو کچھ نصیحتیں فرمائیں ان میں ایک نصیحت یہ بھی تھی کہ صلوا کما رأیتمونی اصلی

بہرحال اس جملہ کو سیاق وسباق سے ہٹ کر دیکھیں تو اس میں کوئی شک نہیں کہ اس حدیث کی عمومیت میں مرد وعورت سمیت پوری امت شریک ہے اور پوری امت پر لازم ہے کہ جو طریقہ آنحضرت ﷺ کی نماز کا ہے وہی طریقہ پوری امت کا ہو لیکن یہ واضح ہو کہ اس عمومیت پر عمل اس وقت تک ہی ضروری ہے جب تک کوئی شرعی دلیل اس کے معارض نہ ہو اور اگر کوئی دلیل خصوصی کسی بعض عمل یا افراد میں اس حکم کے معارض ہو تو اس دلیل خصوص کی وجہ سے وہ بعض افراد یا وہ عمل اس امر کی تعمیم سے مستثنیٰ ہوں گے چنانچہ ضعفاء اور مریض ان احادیث سے جن میں ان کو ستر پوشی اور اختفاء کا حکم دیا گیا ہے اس حکم سے مستثنیٰ ہوں گے لہٰذا ان مستثنیات کی موجودگی میں اس جملہ سے عورت اور مرد کی نماز میں مجموعی کیفیت اور طریقہ پر مطابقت کا استدلال درست نہیں چنانچہ حافظ ابن حجر الشافعی نے اس بات کو فتح الباری میں ذکر کرتے ہوئے لکھا کہ

وهذا اذا اخذ مفردا عن ذكر سببه وسياقه اشعر بانه خطاب للامة بان يصلوا كما كان فيقول الاستدلال به على كل فعل ثبت انه فعله في الصلاة لكن هذا الخطاب انما وقع لمالك بن الحويرث واصحابه بان يوقعوا الصلاة.

على الوجه الذي رأوه صلى الله عليه وسلم يصليه نعم يشاركهم في الحكم جميع الامة بشرط ان يثبت استمراره صلى الله عليه وسلم على فعل ذلك الشئ المستدل به دائما حتى يدخل تحت الامر ويكون واجبا وبعض ذلك مقطوع باستمراره عليه واما مالم يدل دليل على وجوده تلك الصلوات التي تعلق الامر بايقاع الصلاة على صفتها فلا نحكم يتناول الامر (فتح ص۲۲۷ ج۱۳)

لہٰذا احادیث بالا اور فقہاء امت کی تصریحات کے مطابق سنت یہ ہے کہ عورت سمٹ کر سجدہ کرے اور سمٹ کر بیٹھے، ستر کا زیادہ اہتمام کرے، ہاتھ سینے پر رکھے ان سب باتوں میں عورت کی نماز مرد کی نماز سے مختلف ہے اور یہی حق ہے اور اسی پر عمل کرنا چاہیے۔ واللہ اعلم

پروفیسر ابوبکر غزنوی کے دادا اور مولانا داؤد غزنوی کے والد مولانا عبدالجبار بن مولانا عبداللہ غزنوی شاگرد مولانا سید نذیر حسین محدث دہلوی کا فتویٰ

سوال: عورتوں کو نماز میں انضمام کرنا چاہیے یا نہ، بینوا توجروا

الجواب وہو الموفق للصواب: ابوداؤد اپنے مراسیل میں اور بیہقی سنن کبریٰ میں زید بن ابی حبیب سے مرسلاً روایت کرتے ہیں:

- ان رسول الله صلى الله عليه وسلم مر على امرأتين تصليان فقال اذا سجدتما فضما بعض اللحم الى الارض وان المرأة ليست في ذلك كالرجل واخرج البيهقي مرفوعا اذا سجدت المرأة الصقت بطنها فخذها

كاست ما دكون لنا.

"رسول اللہ ﷺ عورتوں کے پاس سے گزرے جو نماز پڑھ رہی تھیں تو آپ نے فرمایا جب تم سجدہ کرو تو سمٹ کر سجدہ کرو کیوں کہ عورت اس فعل میں آدمی کی طرح پر نہیں ہے۔ اور بیہقی نے مرفوعاً بیان کیا ہے کہ جب عورت سجدہ کرے تو اپنے پیٹ کو اپنی رانوں سے ملالے اس میں زیادہ پردہ ہے۔"

اور اسی پر تعامل اہل سنت مذاہب اربعہ وغیرہ سے چلا آیا ہے۔

حافظ ابن القیم زاد المعاد میں لکھتے ہیں:

ولهذا اشرح فى حق الاناث من الستر والخفر ما لاشرع مثله للذكور فى اللباس وارخاء الذيل شبرا او اكثر و جمع نفسها فى الركوع والسجود دون التجافى.

عورتوں کے لیے (نماز میں) لباس کے ساتھ اور پلو ایک بالشت یا زیادہ چھوڑنے کے ساتھ پردہ کرنا اور اپنے بدن کو رکوع اور سجدہ میں اکٹھا کرنا اور جھکانا اس قدر شروع ہے۔ جو مردوں کے لیے اتنا نہیں۔

شرح وقایہ و ہدایہ وغیرہ کتب حنفیہ میں لکھا ہے:

والمرأة تنخفض فى السجود وتلحق بطنها بفخذيها

اور عورت سجدوں میں جھک جائے اور اپنے پیٹ کو رانوں سے ملائے۔

ابن ابی زید مالکی نے اپنے رسالہ میں جو مذہب امام مالک میں متون معتبرہ سے ہے لکھتے ہیں:

وهى راى المرة فى هيئة الصلوٰة مثله (اى مثل الرجل) غير انها التضم ولا تفرج فخذيها ولا عضديها وتكون منضمة منزوية فى جلسها وسجودها وامرها كله.

اور عورت صورت میں نماز مرد کی طرح ہے صرف اتنا فرق ہے کہ عورت سمٹ کر رہے اور اپنے بازو اور رانوں کو کشادہ نہ کرے۔ بلکہ اپنے سجدے اور بیٹھنے اور نماز کے سب کاموں میں مل کر رہے۔

امام نووی منہاج میں (جو فقہ شافعیہ میں معتبر متن ہے) لکھتے ہیں:

وتضم المرأة ومخنثى.

عورت اور مخنث (نماز) میں سمٹ کر رہیں۔

شہاب الدین احمد رملی شافعی نہایۃ المحتاج میں منہاج کی اس عبارت مذکور پر لکھتے ہیں:

فيضم كل منهما بعضه الى بعض ولو فى خلوة فيما يظهر لما فى تقربهما من التشبه من الرجال.

پس ہر ایک عورت اور مخنث (نماز میں اپنے) بعض (جسم) کو بعض سے ملا دے اگرچہ خلوت میں ہو ظاہر یہی ہے اس لیے کہ بعض جسم کو علیحدہ کرنے میں مردوں سے مشابہت ہوتی ہے۔

شرح اقناع (جو حنابلہ کی معتمد کتاب ہے) میں لکھتے ہیں:

و المرأة كالرجل فى ذلك لا انها تجمع نفسها فى الركوع والسجود وجميع احوال الصلوٰة وتجلس متربعة او تسدك رجليها عن يمينها وهو افضل لانه غالب فعل عائشة واشبه بجلسة الرجل انتهٰى.

عورت نماز میں مرد کی طرح ہے مگر عورت اپنے جسم کو رکوع اور سجدوں اور تمام کے تمام احوال میں اکٹھا کر کے رکھے اور (بیٹھتے وقت) چوکڑی مار کر بیٹھے یا اپنے دونوں پاؤں کو اپنی داہنی طرف نکال کر بیٹھے اور یہ (پچھلی صورت) بہتر ہے اس لیے کہ مائی عائشہ رضی اللہ عنہا کا اکثر یہی طریقہ تھا اور (یہ صورت) مرد کے بیٹھنے کے ساتھ بھی بہت مشابہ ہے۔ انتہٰی

اور دونوں پاؤں کو دائیں طرف نکال کر بیٹھنا تو رسول اللہ ﷺ سے قعدہ اخیرہ میں ثابت ہے جب مردوں کے واسطے اس کی ممانعت نہیں تو عورتوں کے واسطے بسبب تستر کے بالاولیٰ ممانعت نہیں۔

ابوداؤد وصفت صلوٰۃ نبویہ میں ابوحمید سے مروی ہے۔

فاذا كان فى الرابعة افضى بوركه اليسرى الى الارض واخرج من ناحية واحدة

جب رسول اللہ ﷺ چوتھی رکعت میں بیٹھتے تو اپنے بائیں طرف (سرین) مبارک زمین سے لگا دیتے اور دوسری طرف سے اپنے پاؤں مبارک نکال دیتے۔

غرض کے عورتوں کا انضمام وانخفاض نماز میں احادیث وتعامل جمہور اہل علم از مذاہب اربعہ وغیرہم سے ثابت ہے اس کا منکر کتب حدیث وتعامل اہل علم سے بے خبر ہے۔ واللہ اعلم حررہ عبدالجبار بن عبداللہ الغزنوی عفی اللہ عنهما. (فتاویٰ غزنویہ ص ۲۷، ۲۸) (فتاویٰ علمائے حدیث باب الرکوع والسجود ج ۳ ص ۱۴۸، ۱۴۹)

اعتراض نمبر ۱۲۶:

تکبیر بھی بدل دی

صاحب شمع محمدی لکھتے ہیں:

مشکوٰۃ شریف جلد اول ص ۷ میں بخاری مسلم کی حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے نماز کی تعلیم فرماتے ہوئے فرمایا کہ باوضو قبلے کی طرف متوجہ ہوکر تکبیر کہہ یعنی اللہ اکبر سے نماز شروع کر لفظ ہیں فکبر مسلم کی حدیث میں ہے كان يستفتح الصلوة بالتكبير حضور ﷺ ہمیشہ اپنی نماز کو لفظ اللہ اکبر سے شروع کرتے تھے۔ بخاری میں ہے كان اذا دخل فى الصلوٰة كبر. حضور جب نماز کو کھڑے ہوتے اللہ اکبر کہتے ایک حدیث میں

ہے تحريمها التكبير وتحليلها التسليم (ابوداؤد) نماز شروع ہوتی ہے اللہ اکبر سے اور ختم ہوتی ہے السلام عليكم ورحمة الله

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ان تمام حدیثوں کو حنفی مذہب کی فقہ نہیں مانتی۔ ہدایہ ص ۸۴ جلد اول صفة الصلوٰة میں ہے فان قال بدل التكبير الله اجل الخ یعنی اگر کسی نے اللہ اکبر کے بدلے اللہ اجل کہا یا اللہ اعظم کہا یا الرحمٰن اکبر کہا یا لا الہ الا اللہ کہا یا اور کوئی نام خدا لیا تو امام ابوحنیفہ اور امام محمد کے نزدیک جائز ہے پھر آگے چل کر لکھتے ہیں فان افتتح الصلوٰة بالفارسية الخ یعنی باوجود یہ کہ کسی کو اچھی طرح عربی آتی ہو پھر بھی اگر وہ فارسی نماز کو شروع کرے اور فارسی ہی میں قرآن کا ترجمہ پڑھے تو یہ بھی جائز ہے۔

(شمع محمدی ص ۱۴۵، ۱۴۶، ظفر المبین ج ۲ ص ۱۴۸، راہ نجات مسئلہ نمبر ۶ ص فتاویٰ عالمگیری پر ایک نظر مفتی عبیداللہ نان عفیف ص ۲۱، ۲۲، ۲۳، حقیقة الفقہ ص ۲۰۵، ۲۰۶)

جواب:

جوناگڑھی نے بالکل جھوٹ بولا ہے کہ حنفی ان حدیثوں کو نہیں مانتے۔ ہم ان دونوں حدیثوں پر عمل کرتے ہیں جن کا حوالہ جوناگڑھی نے دیا ہے۔ ہماری ہر فقہ کی کتاب میں یہ مسئلہ لکھا ہوا ہے کہ نماز تکبیر سے شروع کرے یعنی لفظ اللہ اکبر سے نماز شروع کرے اور السلام علیکم ورحمۃ اللہ پر ختم کرے۔ ملاحظہ فرمائیں علمائے احناف کے حوالہ جات۔

(۱) حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی حنفی لکھتے ہیں:

مسئلہ:

تکبیر تحریمہ کے لیے سب سے بہتر الفاظ اللہ اکبر ہیں جن پر آنحضرت ﷺ کا عمل رہا

ہے۔ (نماز مسنون ص ۳۱۲)

(۲) مفتی کفایت اللہ حنفی دہلوی لکھتے ہیں:

نماز کی نیت کر کے دونوں ہاتھوں کو کانوں تک اٹھاؤ اور اللہ اکبر کہہ کر ہاتھوں کو ناف کے نیچے باندھ لو۔ (تعلیم الاسلام حصہ اول ص ۲۶، ۲۷ تاج کمپنی)

(۳) حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی حنفی لکھتے ہیں:

مسئلہ نمبرا: نماز کی نیت کر کے اللہ اکبر کہے۔

(بہشتی زیور حصہ دوم فرض نماز پڑھنے کا طریقہ کا بیان ص ۱۱۶)

(۴) مولانا فیض احمد صاحب حنفی نے ''نماز مدلل'' ص ۶۸ پر دو حدیثیں نقل کی ہیں یستفتح الصلوٰة بالتکبیر (مسلم ج ۱ ص ۱۹۴) والی اور تَحْرِيْمُهَا التَّكْبِيْرُ (ابوداؤد، ترمذی ج ۱ ص ۳) والی پھر مسئلہ لکھا ہے۔ نمازی روبقبلہ ہو کر نماز کی نیت کر کے تکبیر تحریمہ کہے۔

قارئین کرام دیکھ لیں جو نا گڑھی کا دھوکہ اور جھوٹ وہ کہتے ہیں حنفی ان حدیثوں کو نہیں مانتے اور ہم نے ثابت کر دیا کہ حنفی ان حدیثوں کو مانتے ہیں اور اپنی کتابوں میں نقل بھی کرتے ہیں۔

(۵) مولانا مفتی جمیل احمد نذیری حنفی رسول اکرم ﷺ کا طریقہ نماز ص ۹۰ پر لکھتے ہیں:

تکبیر تحریمہ کا مطلب ہے اللہ اکبر کہہ کر نیت باندھنا۔

(۶) مولانا محمد الیاس فیصل نماز پیمبر ﷺ کے ص ۱۰۰، ۱۰۱ پر لکھتے ہیں انگوٹھے کانوں کی لو کے بالمقابل ہوں۔ اس وقت اللہ اکبر کہہ کر دونوں ہاتھ ناف کے نیچے باندھ لو۔

(۷) مفتی محمد ارشاد صاحب قاسمی سنت کے مطابق نماز پڑھیے کے ص ۴۱ پر لکھتے ہیں۔

فائدہ: خواہ کوئی بھی نماز ہو شروع کرنے کے لیے تکبیر تحریمہ اللہ اکبر کہنا شرط اور فرض

ہے۔ علامہ حلبی نے شرح منیہ میں اس پر اجماع نقل کیا ہے۔ (السعایہ شرح وقایہ ص ۱۰۶)

(۸) حضرت مولانا محمد الیاس گھمن صاحب نے نماز اہل السنۃ والجماعۃ کے صفحہ ۴۶ پر حضرت علیؓ کی روایت ابوداؤد ج ۱ ص ۹۸ سے نقل فرمائی ہے۔ اس میں ہے وتحریمها التکبیر وتحلیلها التسلیم.

اس سے معلوم ہوا کہ حنفی اس حدیث کو مانتے ہیں اور حنفیوں کا عمل بھی اسی کے مطابق ہے۔

(۹) ڈاکٹر محمود الحسن عارف نماز حبیب ﷺ ص ۸۲ میں ارکان و فرائض نماز کے تحت نمبرا پر لکھتے ہیں۔ تکبیر تحریمہ، تکبیر تحریمہ کا مطلب ہے ''ایسی تکبیر جو حلال کاموں کو بھی حرام کر دے اس سے مراد نماز شروع کرتے وقت کہی جانے والی تکبیر (اللہ اکبر) ہے۔ پھر مشکوٰۃ کے حوالہ سے حضرت علی والی روایت وتحریمها التکبیر اور ابن ماجہ وابوداؤد کے حوالہ سے حضرت عائشہ والی روایت جس کے الفاظ میں کان یستفتح الصلوٰة بالتکبیر نقل فرماتی ہیں۔

(۱۰) مولانا امداد اللہ انور مستند نماز حنفی ص ۱۱۸ پر لکھتے ہیں:

امام ہو یا مقتدی، اللہ اکبر کہہ کر ناف کے نیچے ہاتھ باندھے۔

(۱۱) مولانا محمد امان اللہ الدلائل السنیة فی اثبات الصلوٰة السنیة کے ص ۵۴ پر لکھتے ہیں رسول اللہ ﷺ کا طریقہ نماز پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت نقل کی ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ تکبیر تحریمہ سے نماز شروع فرماتے۔

(۱۲) مولانا ارشاد احمد فاروقی، احکام و آداب طہارت وضو اور نماز کے ص ۸۸ پر لکھتے ہیں۔

نمبر ۲۱، اللہ اکبر کہنا واجب ہے اور اللہ اکبر کے علاوہ سے افتتاح کرنا مکروہ ہے یہ اصح

ہے۔ (شامی ص ۴۸۰ ج ۱، ہدایہ (فتاویٰ عالمگیری) ج ۱ ص ۶۸، بحر الرائق شرح کنز الدقائق ج ۱ ص ۳۰۶)

(۱۳) مولانا حکیم محمود احمد ظفر سیالکوٹی، الکتاب المقبول فی صلاۃ الرسول ﷺ کے ص ۲۴۵ میں لکھتے ہیں۔

تکبیر تحریمہ کا مطلب ہے ''اللہ اکبر کہہ کر نیت باندھنا، قرآن حکیم میں ہے وربک فکبر اور اپنے رب کی بڑائی بیان کر۔ (مدثر:۳)

(۱۴) مولانا ابوضیاء عبداللہ ہزاروی صفۃ الصلاۃ النبی ﷺ کے ص ۱۲۶ پر لکھتے ہیں

یعنی اللہ اکبر کہہ کر نمازی نماز میں داخل ہو جاتا ہے۔ اور آخر میں السلام علیکم کہہ کر نماز سے نکل جاتا ہے۔

(۱۵) علامہ ظہیر احسن شوق نیموی حنفی آثار السنن باب افتتاح الصلاۃ بالتکبیر میں حضرت ابی حمید الساعدی کی حدیث نقل کرتے ہیں جن کے الفاظ اس طرح ہیں۔

حضرت ابوحمید الساعدی نے کہا رسول اللہ ﷺ جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو قبلہ کی طرف منہ کرتے ہاتھوں کو اٹھاتے اور فرماتے اللہ اکبر۔ یہ روایت ابن ماجہ باب افتتاح الصلوٰۃ میں موجود ہے۔

ہم نے پندرہ حوالے حنفی علماء کے پیش کر دیے جن سے خوب واضح ہو جاتا ہے کہ ہمارے نزدیک تکبیر تحریمہ اللہ اکبر سے کہنا چاہیے اور فتاویٰ شامی، فتاویٰ عالمگیری، بحر الرائق کے حوالہ یہ بھی ثابت کر دیا ہے کہ اللہ اکبر کے علاوہ اور کسی لفظ سے تکبیر کہنا مکروہ ہے۔

ہدایہ کی عبارت کی وضاحت:

جونا گڑھی نے ہدایہ کی اس عبارت سے یہ سمجھا کہ امام صاحب کے نزدیک علی الاطلاق، اللہ اکبر کی جگہ دوسرے ناموں سے نماز شروع کرنا جائز ہے۔ حالانکہ امام صاحب تو اللہ اکبر کے علاوہ کسی اور نام سے نماز شروع کرنے کو مکروہ قرار دیتے ہیں۔

حوالہ ملاحظہ فرمائیں:

مولانا ظفر احمد عثمانی حنفی لکھتے ہیں:

فَقَدْ ذَكَرَ الْقُدُوْرِیُ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحْمَةُ اللهِ عَلَیْهِ نَصًّا اِنَّهٗ كَرِهَ الْاِفْتِتَاحَ اِلَّا بِقَوْلِهٖ اَللهُ اَكْبَرُ قُلْتُ لِاَنَّهٗ یُخَالِفُ السُّنَّةَ (اعلاء السنن ج ۲ ص ۱۵۹)

امام قدوری نے امام ابوحنیفہ سے صراحت سے ذکر کیا ہے کہ وہ اللہ اکبر کے علاوہ کسی اور کلمہ سے نماز شروع کرنے کو مکروہ کہتے ہیں۔ میں کہتا ہوں مکروہ اس لیے ہے کہ سنت کے خلاف ہے۔

فتاویٰ عالمگیری جلد اول ص ۶۸ میں ہے:

وَهَلْ یُكْرَهُ الشُّرُوْعَ بِغَیْرِهٖ اِخْتَلَفَ الْمَشَائِخُ بَعْضُهُمْ قَالُوْا یُكْرَهُ وَهُوَ الْاَصَحُّ هٰكَذَا فِی الذَّخِیْرَةِ وَالْمُحِیْطِ وَالظَّهِیْرِیَّةِ

نماز بغیر تکبیر کے شروع کرنے میں مشائخ کا اختلاف ہے بعضوں نے لکھا ہے کہ مکروہ ہے اور یہی اصح ہے یہ ذخیرہ اور محیط اور ظہیریہ میں لکھا ہے۔

(فتاویٰ عالمگیری مترجم اردو ج ۱ ص ۱۰۶)

فقہ حنفی میں اللہ اکبر کے علاوہ کسی اور کلمہ سے نماز شروع کرنے کو مکروہ لکھا ہے تو لازمی بات ہے کہ ہدایہ کی عبارت میں جو (اَجْزَاہُ) ہے اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اگر کسی نے ایسا کیا تو اس کی نماز باطل نہیں ہوگی یا پھر اس کو عذر کی حالت پر محمول کریں گے۔ یا اس کو شاذ کہہ کر ترک کر دیں گے۔

باقی رہا اعتراض کا دوسرا جزء یعنی فارسی میں قراۃ کرنا تو یہ بھی حنفی مسلک میں درست نہیں۔ رہی وہ عبارت جو جونا گڑھی نے ہدایہ سے تعارض کے طور پر پیش کی ہے اس کا جواب خود ہدایہ ہی میں موجود تھا۔ جو جونا گڑھی نقل نہیں کیا۔ اس عبارت کے آگے یہ الفاظ بھی آتے ہیں۔

وَیروی رجوعه فی اصل المسألة الی قولهما وعلیه الاعتماد

اصل مسئلہ میں صاحبین کے قول کی طرف رجوع منقول ہے۔اوراسی پر اعتماد ہے۔

(هدایه باب صفة الصلوٰة ج۱ ص۸۶)

نوح ابن مریم (شاگرد امام ابوحنیفہ) سے منقول ہے کہ حضرت امام ابوحنیفہ نے آخیر وقت میں صاحبین کے قول کی طرف رجوع کیا کہ دوسری زبان میں قرأت کرے گا تو کافی نہیں ہوگا۔اوراسی پر فتویٰ ہے۔(آثار الہدایہ)

درمختار میں اسی پر فتویٰ لکھا ہوا ہے۔(ج ا کتاب الصلاۃ)

فتاویٰ عالمگیری عربی جلد اول ص ۶۹، اردو جلد اول ص ۱۰۸ میں لکھا ہے۔

اور روایت ہے کہ انہوں نے (امام ابوحنیفہ) صاحبین کے قول کی طرف رجوع کیا ہے اور اسی پر اعتماد ہے۔ یہ ہدایہ میں لکھا ہے اور اسرار میں ہے کہ یہی اختیار کیا گیا ہے اور تحقیق میں ہے عامہ مشائخین کا یہی مختار ہے اور اسی پر فتویٰ ہے یہ شرح نقایہ میں لکھا ہے جو شیخ ابوالمکارم کی تصنیف ہے۔اور یہی اصح ہے یہ مجمع البحرین میں لکھا ہے۔

درمختار، عالمگیری کے علاوہ امام صاحب کے رجوع کا ذکر اصول فقہ کی مشہور کتاب نور الانوار میں ہے اور اس کی شرح قمر الاقمار حاشیہ نور الانوار نمبر ۱۰، ص ۹ میں بھی موجود ہے۔

اسی طرح اصول فقہ کی مشہور کتاب حسامی کے شروع میں بھی یہ مسئلہ لکھا ہوا ہے دیکھئے ص ۶ اور کتاب توضیح تلویح ص ۹۷ میں بھی امام صاحب کے رجوع کا ذکر موجود ہے۔پس جس مسئلہ میں امام صاحب کا رجوع ثابت ہے اور بعد کے فقہائے احناف نے تصریح بھی کردی اور فقہاء کا فتویٰ بھی اس پر نہیں پھر حنفی مذہب پر یا امام صاحب پر طعن کرنا تعصب نہیں تو اور کیا ہے۔

ایک شبہ کا ازالہ:

غیر مقلدین جب جواب سے عاجز آجاتے ہیں تو عوام کے سامنے ایک شبہ یہ پیش

کرتے ہیں کہ ایسے مسائل پھر فقہ کی کتابوں میں کیوں لکھے ہیں۔اس کا جواب یہ ہے کہ قرآن پاک کی منسوخ آیات بھی تو قرآن میں موجود ہیں اور قرآن پاک کی تفاسیر میں بھی ہر قسم کے اقوال پائے جاتے ہیں یہی حال کتب حدیث اور ان کی شروحات کا ہے۔حدیث کی کتاب کی کوئی شرح لے لیں مثلاً بخاری کی شرح فتح الباری ابن حجر عسقلانی شافعی کی ہی دیکھ لیں۔اس میں ہر قسم کی روایات آپ کو مل جائیں گی۔یہی حال سیرت النبی ﷺ کی کتب کا ہے تاریخ کی کتابوں کا حال زیادہ ہی خراب ہوتا ہے۔مگر آج تک کسی نے یہ نہیں کیا کہ ان کتابوں کو چھوڑ دو یا ان سے فائدہ نہ اٹھاؤ۔یا ان کی مصنفین کو کچھ کہا ہو۔ہاں جو بات قرآن وسنت کے خلاف ہو اس پر عمل مت کرو۔

اور فقہ حنفی کی کتب کے لیے بھی ہم اسی اصول پر عمل کرتے ہیں جو بات زیادہ قرآن وسنت کے مطابق ہوگی اس پر عمل کریں گے۔اور جو قرآن وسنت کے صریحاً خلاف ہوگی اس کو چھوڑ دیں گے مگر غیر مقلدین کی طرح امام ابوحنیفہ یا دیگر فقہائے احناف کو برا بھلا نہیں کہیں گے۔

اعتراض نمبر ۱۲۷:

سلام کے بدلے گوز مارنا

صاحب شمع محمدی نقل کرتے ہیں:

مندرجہ بالا حدیث میں آپ نے پڑھا ہے کہ نماز کا آخری رکن جس سے انسان کی نماز فرمان رسول ﷺ کے مطابق ختم ہوتی ہے السلام علیکم الخ کہہ کر سلام پھیرنا ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب اسے بھی نہیں مانتا وہ کہتا ہے۔وَاِنْ تَعَمَّدَ الْحَدَثَ فِیْ هٰذِهٖ

الْحَالَةِ اَوْ تَكَلَّمَ اَوْ عَمِلَ عَمَلاً يُنَافِي الصَّلاةَ تَمَّتْ صَلوتَهٗ یعنی تشہد کے بعد اگر کسی نے جان بوجھ کر (مثلاً گوز مار کر) اپنا وضو توڑ دیا یا باتیں کرنی شروع کر دی، یا کوئی اور کام ایسا کیا جو نماز کے خلاف ہے تو اس کی نماز پوری ہوگئی۔ سنا آپ نے شروع کرے یہ کہہ کر اللہ بزرگ ہست ختم کرے۔ پیچھے کے راستے سے ہوا نکال کر تو بھی نماز ہوگئی۔ حالانکہ حدیث میں ہے کہ شروع صرف اللہ اکبر سے اور ختم صرف سلام پر کہو۔ بھائیو! آپ کو کیا اچھا لگتا ہے۔ حدیث شریف کا حکم یا فقہ حنفی کا؟

(شمع محمدی ص ۱۴۶ و ص ۱۲۴، ظفر المبین حصہ اول ص ۲۳۷)

جواب:

مولانا جونا گڑھی نے اس مسئلہ کو پہلے بھی ص ۱۲۴ پر نقل کیا ہے دوبارہ پھر یہاں پر نقل کر دیا ہے اور یہ مسئلہ جونا گڑھی نے ظفر المبین حصہ اول ص ۲۳۷ سے سرقہ کیا ہے۔ ہماری طرف سے اس کا جواب اسی زمانہ میں دیا گیا تھا۔ دیکھئے نصرة المجتهدين برد هفوات غير المقلدين ص ۲۴۲ مطبوعہ پیر جی کتب خانہ ۸ گوبند گڑھ گوجرانوالہ۔ اس کے مصنف مولانا حکیم وکیل احمد صاحب سکندر پوری ہیں اس کے علاوہ ہماری مرتب کردہ کتاب فقہ حنفی پر اعتراضات کے جوابات ص ۲۶۹ میں بھی دیا گیا ہے۔

ہم یہاں پر بھی مختصر عرض کریں گے مگر پہلے ہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اس مسئلہ میں حنفی مسلک کیا ہے۔ پہلے وہ بیان عرض کریں گے بعد میں اس عبارت کا جواب دیں گے۔

احناف کے ہاں نماز کے کچھ واجبات ہیں۔ جو ہماری نماز کی اردو کتب میں بھی موجود ہیں۔ ان واجبات میں سے ایک واجب لفظ سلام سے نکلنا ہے۔

(۱) مولانا صوفی عبد الحمید خان سواتی حنفی نے اپنی کتاب نماز مسنون کلاں کے ص ۳۰۳ پر سرخی قائم کی ہے واجبات نماز پر صفحہ ۳۰۳ سے لے کر صفحہ ۳۰۹ تک نماز کے تیرہ (۱۳) واجبات ذکر کیے ہیں، نمبر ۱۱ ص ۳۰۸ پر لفظ سلام سے نکلنا کی سرخی لگائی ہے۔ پھر لکھتے

ہیں: لفظ سلام کے ساتھ نماز سے نکلنا واجب ہے ہدایہ ج ۱ ص ۷۳، شرح نقایہ ج ۱ ص ۷۰، کبیری ص ۲۶۸، پھر ترمذی ص ۲۷، ابوداؤد ج ۱ ص ۹۱ کے حوالہ سے حضرت علی کی یہ حدیث نقل کی ہے۔ حضرت علی سے روایت ہے آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ نماز کی چابی طہارت ہے (طہارت ہی سے آدمی نماز میں داخل ہو سکتا ہے) اور نماز کا تحریمہ (یعنی تمام چیزوں کا اس حالت میں ممنوع ہو جانا) تکبیر ہے اور نماز سے باہر آنا جس میں تمام حلال چیزیں اس کے لیے حلال ہو جاتی ہیں وہ سلام ہے۔

حضرت صوفی صاحب کے اس حوالہ سے حنفی مسلک آپ کو معلوم ہو گیا ہوگا۔

ہماری نماز پر لکھی ہوئی کتابیں موجود ہیں تقریباً سب میں لکھا ہے کہ دونوں طرف سلام پھیرے۔

(۲) رسول اکرم ﷺ کا طریقہ نماز ص ۲۰۲، ۲۰۳ میں لکھا ہے۔

یہ دعا پڑھ کر سلام پھیرے۔ پہلے دائیں جانب منہ پھیر کر کہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ پھر بائیں جانب منہ پھیر کر کہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ دونوں طرف سلام پھیرتے ہی نماز ختم۔

اس عبارت کے بعد عامر بن سعد کی روایت مسلم ج ۱ ص ۲۱۶ سے اور عبداللہ بن مسعود کی ترمذی ج ۱ ص ۳۹، نسائی ج ۱ ص ۱۹۴ سے نقل کی ہیں۔

(۳) نماز مدلل ص ۱۳۲ میں لکھا ہے نماز کے آخر میں دائیں بائیں منہ پھیر کر سلام کہنا پھر مسلم ج ۱ ص ۲۱۶ مشکوٰۃ ص ۸۷ کے حوالہ سے حضرت سعد بن ابی وقاص کی حدیث نقل کی ہے اور حضرت عبداللہ بن مسعود کی حدیث ابوداؤد ج ۱ ص ۱۵۰، مشکوٰۃ ص ۸۸ سے نقل کی ہے۔

(۴) مولانا ابو ضیاء عبداللہ ہزاروی حنفی اپنی کتاب صفۃ صلوٰۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صفحہ ۱۸۳ پر لکھتے ہیں۔ سلام۔ جب نماز ختم ہو تو پہلے دائیں جانب السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہے اور پھر بائیں جانب کہہ کر نماز سے فارغ ہو جائے۔

پھر حضرت عامر بن سعد اور عبداللہ بن مسعود والی احادیث نقل فرماتے ہیں۔

(۵) حکیم محمود احمد ظفر الکتاب المقبول فی صلوٰۃ الرسول ص۴۲۲ پر لکھتے ہیں نماز کا اختتام: جب درود کے بعد دعا پڑھ لے تو دائیں جانب منہ پھیر کر کہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ اور پھر بائیں جانب منہ پھیر کر کہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ اس طرح دونوں طرف منہ پھیر کر سلام پڑھنے سے نماز کا اختتام ہوگا۔

پھر سیدنا علقمہ بن وائل کے حدیث ابوداؤد سے اور عبداللہ بن مسعود کی ترمذی وغیرہ سے نقل کی ہے اور ان کے علاوہ کافی دلائل ذکر کیے ہیں آخر میں لکھتے ہیں:

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بغیر سلام پھیرے کوئی شخص نماز سے الگ نہیں ہوسکتا۔

(الکتاب المقبول ص۴۲۳)

(۶) مولانا محمد امان اللہ لکھتے ہیں: نماز کا خاتمہ سلام پھیرنے کے ساتھ کرے۔

(الدلائل السنیہ ص۸۰)

(۷) ڈاکٹر محمود الحسن عارف کی نماز حبیب ﷺ میں ص۹۵ تا ۹۸ تک نماز کے واجبات کا ذکر کیا ہے۔ ص۹۸، پھر نمبر۱۲ پر لکھتے ہیں: نماز سے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہہ کر خارج ہونا پھر ص۱۰۹ پر لکھتے ہیں: اور پھر دونوں طرف سلام پھیر دیں۔

(۸) مولانا ارشاد احمد فاروقی احکام و کتب طہارت اور نماز کے ص۱۲۱ پر لکھتے ہیں: (۸۷) لفظ سلام کا کہنا واجب ہے۔ (کذا فی المتون)

(۹) مولانا مفتی محمد ارشاد القاسمی صاحب لکھتے ہیں:

اور دائیں جانب اور بائیں جانب رخ کر کے دو مرتبہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہنا، مطلب یہ ہے کہ دعا سے فارغ ہو کر پہلے دائیں جانب رخ کرتے ہوئے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہے پھر اسی طرح بائیں جانب۔ (نماز سنت کے مطابق پڑھیے ص۱۵۵)

(۱۰) مولانا محمد الیاس گھمن صاحب نماز اہل السنۃ والجماعت ص۹۵ پر لکھتے ہیں:

نماز کا اختتام سلام پر ہے پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث مسلم ج۱ ص۱۹۵ سے نقل کی ہے۔

پھر لکھتے ہیں: الفاظ سلام: سرخی کے بعد ترمذی ج۱ ص۶۵ شرح معانی الآثار ج۱ ص۱۹۰ سے حضرت عبداللہ بن مسعود کی حدیث نقل فرمائی ہے۔

(۱۱) علامہ بدر الدین عینی حنفی نے عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ج۲ ص۱۲۴ میں بیس صحابہ کرام کے نام لکھے ہیں جن سے نماز کے آخر میں دو سلاموں کی احادیث مروی ہیں۔ آپ فرماتے ہیں: پس یہ بیس (۲۰) صحابہ رضی اللہ عنہم ہیں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ سے روایت کیا ہے کہ نمازی اپنی نماز کے آخر میں دو سلام کہے۔

قارئین کرام ہم نے حنفی مسلک واضح کر دیا ہے کہ ہمارے ہاں سلام کہہ کر نماز ختم کرنا واجب ہے۔ جس حدیث کا حوالہ دیا ہے اس پر ہمارا عمل ہے یہ حدیث حضرت عائشہ سے بھی مروی ہے دیکھئے مسلم ج۱ ص۱۹۵ باب ما تجمع صفۃ الصلوٰۃ وما یفتتح بہ و یختتم بہ۔

جوناگڑھی نے دھوکہ دیا ہے کہ احناف کے مذہب میں سلام نہیں ہے۔ اور حدیث میں سلام ہے۔

اب ضرورت تو نہیں ہے کہ ہم اس عبارت کا جواب دیں کیوں کہ جو حنفی مذہب ہے وہ تو ہم نے لکھ دیا ہے۔ مگر پھر بھی قارئین کی تسلی کے لیے کچھ وضاحت کرتے ہیں۔

جوناگڑھی نے ہدایہ سے وہ مسئلہ نہیں لکھا جہاں پر سلام کا ذکر تھا۔

ہدایہ میں ہے ثُمَّ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ فَيَقُوْلُ السَّلَامُ عَلَيْكُم وَرَحْمَةُ اللهِ وَعَنْ يَسَارِهِ مِثْلَ ذٰلِكَ لِمَا رَوَى ابْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ حَتّٰى يُرٰى بَيَاضَ خَدِّهِ الْاَيْمَنِ وَعَنْ يَسَارِهِ حَتّٰى يُرٰى بَيَاضَ خَدِّهِ الْاَيْسَرِ.

پھر اپنی دائیں جانب سلام پھیرے اور السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہے اور بائیں جانب بھی ایسا ہی کرے اس حدیث کی وجہ سے جو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ

اپنی دائیں جانب سلام پھیرتے تھے حتی کہ آپ کے دائیں رخسار کی سفیدی دیکھ لی جاتی تھی اور بائیں جانب سلام پھیرتے تھے حتی کہ بائیں رخسار کی سفیدی دیکھ لی جاتی تھی۔

(احسن الہدایہ ترجمہ وشرح اردو ہدایہ ج ۲ ص ۷۳،۷۴،۷۷، باب صفة الصلاة)

قارئین کرام! آپ نے دیکھ لیا جس ہدایہ سے یہ مسئلہ جوناگڑھی نقل کر رہے ہیں اسی ہدایہ میں یہ مسئلہ بھی لکھا ہوا ہے۔ جوناگڑھی نے جان بوجھ کر یہ غلط بیانی کی ہے۔ اللہ اسے معاف فرمائے۔

جوناگڑھی نے ہدایہ کی جو عبارت نقل کی ہے وہ بھی پوری نقل نہیں کی شروع اور آخری عبارت چھوڑ دی ہے جو کہ ایک صریح خیانت ہے۔ اس مقام پر صورت مسئلہ یہ ہے کہ صاحب ہدایہ نے دو صورتیں نقل کی ہیں اور دونوں کا حکم الگ الگ لکھا ہے۔ پہلی صورت یہ ہے کہ کسی بے اختیار اور مجبور شخص کے مجبوری کے عالم میں ایسی بات سرزد ہوگئی جس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے جو اسے نماز میں نہیں کرنی چاہیے تھی پھر صاحب ہدایہ نے اس کی مثالیں دی ہیں۔ غیر مقلدان مثالوں میں سے صرف ایک مثال کا ذکر کرتے ہیں باقیوں کا نہیں پھر دوسری صورت بتائی اور اس کا حکم بھی بتایا۔ دوسری صورت یہ ہے کہ ایک شخص نے آخری قعدہ میں تشہد مکمل پڑھ لیا اب اس کو درود اور دعا پڑھ کر سلام پھیرنا تھا۔ مگر اس نے یہ نہیں کیا اور اس نے کسی وجہ سے یا بغیر وجہ کے بغیر سلام پھیرے نماز کو ختم کر دیا۔ ایسی صورت میں اس شخص کی نماز کا کیا حکم ہے۔ وہ نماز دوبارہ پڑھے گا یا نہیں اس کی یہ نماز ادا ہوگی یا اس کے ذمہ باقی ہے۔ یہ ہے صورت اصل مسئلے کی۔ صاحب ہدایہ نے اس مسئلہ کا جو حل پیش کیا ہے اس پر اعتراض ہے۔ اگر جوناگڑھی زندہ ہوتے تو ہم ان سے عرض کرتے مگر وہ تو اب دنیا نہیں رہے ہم موجودہ غیر مقلدین سے کہتے ہیں کہ وہ ایسی صورت میں مسئلہ کا کیا حل بتاتے ہیں۔ فقہاء کرام نے تو جو حدیث میں حکم تھا اس سے مسئلہ کا حل بتا دیا مگر غیر مقلد نہ فقہاء کی مانتے ہیں اور نہ حدیث کی۔ ہم کہتے ہیں کہ آپ پہلے قرآن پاک سے خاص اس مسئلے کا حل

بتائیں پھر سنت کی تین مشہور قسموں میں سے بتائیں کہ کس قسم (قولی، فعلی، تقریری) کی سنت سے ثابت ہے۔ اصل مسئلے کا خلاصہ ہم نے عرض کر دیا ہے۔ اب آپ کو ہدایہ کی عبارت سمجھنی آسان ہو جائے گی۔ ملاحظہ فرمائیں ہدایہ کی مکمل عبارت **وان سبقه الحدث بعد التشهد توضأ وسلم۔**

اور اگر حدث لاحق ہو گیا تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد تو وضو کرے گا اور سلام کرے گا۔

تشریح:

تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد خود بخود حدث ہو گیا تو تشہد کی مقدار بیٹھنا آخری فرض تھا پھر پورا ہو گیا لیکن ابھی سلام کرتا جو واجب ہے وہ باقی اس لیے اس کو دوبارہ وضو کر کے نماز پر بناء کرنا چاہیے اور سلام کرنا چاہتے۔

لِاَنَّ التَّسْلِيْمَ وَاجِبٌ فَلَابُدَّ مِنَ التَّوَضِّيْ لِيَاتِيَ بِهِ

اس لیے کہ سلام واجب ہے اس لیے وضو کرنا ضروری ہے تا کہ سلام پھیر سکے۔

تشریح:

تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد خود بخود حدث ہو گیا تو نماز ابھی منقطع نہیں ہوئی ہے۔ اس لیے اس پر بنا کر سکتا ہے اور سلام جو واجب ہے، وہ باقی ہے اس لیے وضو کر کے بنا کرے اور سلام پھیرے۔

نوٹ: یہ پہلی صورت کا حل ہے جو صاحب ہدایہ نے نقل کیا۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایسا مجبور شخص دوبارہ وضو کر کے وہاں سے دوبارہ نماز شروع کرے جہاں سے چھوڑی تھی۔ اور اپنی بقایا نماز کو مکمل کرے اور اپنے نماز کے واجبات کو پورا کرے جو اس کے ذمہ ہے یعنی سلام پھیر کر نماز ختم کرے۔

اب آگے دوسری صورت کا حل بتا رہے ہیں:

وَاِنْ تَعَمَّدَ الْحَدَثَ فِیْ هٰذِهِ الْحَالَةِ اَوْ تَكَلَّمَ اَوْ عَمِلَ عَمَلاً يُنَافِی الصَّلَاةَ
تَمَّتْ صَلَاتُهٗ

اور اگر اس حالت میں (بعد التشہد) نمازی نے جان بوجھ کر حدث کر دیا یا اس نے بات کر لی یا کوئی منافی نماز عمل کر لیا تو اس کی نماز پوری ہو جائے گی۔

نوٹ اس عبارت پر جونا گڑھی کو اعتراض ہے جو اس نے اپنی کتاب کے ص۱۲۲ پر نقل کیا ہے۔

تشریح:

اوپر والے اور اس مسئلے میں فرق یہ ہے کہ اوپر خود بخود حدث ہوا تھا۔ اس لیے پہلی نماز پر بنا کر سکتا تھا۔ اس لیے وضو کر کے بنا کرے گا اور سلام پھیرے گا۔ اور اس مسئلے میں یہ ہے کہ نمازی نے جان بوجھ کر حدث کیا ہے اس لیے اس کی اس غلط حرکت کی وجہ سے اس کی نماز ٹوٹ گئی۔ اس لیے اب وہ بناء نہیں کر سکتا اور وضو کر کے سلام نہیں پھیر سکتا اور چونکہ صرف اس کے ذمہ سلام واجب ہے اس لیے یوں کہا جائے گا کہ نقص کے ساتھ نماز پوری ہو گئی لیکن یہ شخص بالقصد ایسا کرنے پر گنہگار ہوگا کیوں کہ اس نے نماز جیسی شان والی عبادت کو اس کے مخصوص طریقہ کے خلاف ختم کیا اور اسلام جو واجب تھا اس کا بالقصد ترک کیا لہٰذا یہ نماز مکروہ تحریمی اور واجب الاعادہ ہوگی۔

ہدایہ میں تَمَّتْ صَلَاتُهٗ کا جو ذکر ہے وہ فرضیت کی تمامیت کا ذکر ہے کہ اس شخص کے ذمہ نماز کے فرضوں میں سے کوئی فرض باقی نہیں ہے۔ لیکن ترک واجب کی وجہ سے وجوب کی تمامیت باقی رہ گئی ہے۔ جس کی تکمیل بلا اعادہ نماز ممکن نہ ہوگی اور گناہ جو ہوگا وہ الگ ہے۔ (فتاویٰ شامی ج۱ ص۱۴۵) یہ ہے حنفی مسلک ہمارا یہ مسئلہ نہ قرآن کے خلاف ہے اور نہ حدیث کے اگر غیر مقلد اس کو قرآن کے خلاف کہتے ہیں تو قرآن کی کوئی ایسی آیت پیش فرمائیں۔ جس میں یہ مسئلہ ہو اگر حدیث کے خلاف کہتے ہیں تو حدیث پیش فرمائیں۔ اس

مسئلہ میں جہاں تک احادیث کا تعلق ہے وہ احناف کی تائید کرتی ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

حدیث نمبر۱:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب امام نماز پوری کر لے اور قعدہ اخیرہ میں بیٹھ جائے پھر حدث کر دے قبل اس کے کہ کلام کرے تو اس کی نماز مکمل ہوگئی اور اس شخص کی بھی نماز مکمل ہوگئی جس نے اس کے پیچھے پوری نماز پڑھی۔

ابوداؤد ج۱ ص۱۰۷ باب الامام یحدث بعدما یرفع راسه من آخر رکعة (ترمذی مترجم ج۱ ص۱۸۵، باب ماجاء فی الرجل یحدث بعد التشهد، دار قطنی مترجم ج٤ ص٥٤٥، باب من احدث قبل التسلیم فی آخر صلوته او احدث قبل تسلیم الامام فقد تمت صلوته)

اس حدیث میں امام کے حدث کر دینے (بالقصد وضو توڑ دینے) امام اور مقتدیوں کی نماز کے تمام ہونے کا حکم بیان کیا گیا ہے حالانکہ امام لفظ سلام سے سلام پھیر کر نماز سے نہیں نکلا ہو۔ معلوم ہوا کہ لفظ سلام فرض نہیں جب کہ خروج بصنعه فرض ہے۔

خروج بصنعه کا مطلب یہ ہے کہ نمازی ''قعدہ'' اخیرہ میں تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد کسی اپنے فعل کے ذریعے قصداً نماز سے نکلے۔ یہ ارادۃً اور قصداً نکلنا امام ابوحنیفہ کے نزدیک فرض ہے۔ اور سلام کے ذریعہ نکلنا یہ واجب ہے۔ اس فرق کی وجہ یہ ہے کہ متعدد احادیث میں مقدار تشہد کے بعد بغیر سلام کسی اور طریقے سے بھی نماز سے نکلنے پر نماز کی تمامیت کا حکم لگایا گیا ہے۔ جیسا کہ اوپر حدیث میں گزرا۔

تشہد کے بعد نماز کے فرائض کا پورا ہونا:

حدیث نمبر۲:

قاسم بن مخیمرہ سے روایت ہے کہ علقمہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور کہا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور کہا رسول اللہ ﷺ نے عبداللہ بن مسعود کا ہاتھ پکڑا اور ران کو

تشہد پڑھنا سکھایا بعد اس کے فرمایا جب تو یہ پڑھ چکا (یعنی تشہد) تو تیری نماز پوری ہوگئی۔ اب چاہے اٹھ کھڑا ہو اور چاہے بیٹھا رہ۔

(ابوداؤد مترجم جلد اول ص۳۷۲، باب التشہد، طحاوی ج۱ ص۱۸۹، مسند احمد ج۱ ص۴۲۲)

حدیث نمبر۳:

حضرت ابن عباس ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز میں تشہد سے فارغ ہو جاتے تھے تو ہماری طرف متوجہ ہوتے تھے اور فرماتے تھے کہ جو شخص جان بوجھ کر بے وضو ہو جائے تشہد سے فارغ ہونے کے بعد تو اس کی نماز مکمل ہوگئی۔

(امام ابو نعیم اصفہانی ملية الاولياء ج۵ ص۱۱۷)

حدیث نمبر۴:

حضرت عطاء بن ابی رباح سے بھی اس مفہوم کی روایت حلیۃ الاولیاء میں موجود ہے۔

(حلیۃ الاولیاء ج۵ ص۱۱۷)

حدیث نمبر۵:

حضرت حکم اور حماد سے روایت ہے کہ جب کوئی شخص تشہد پڑھتا ہے یا تشہد کی مقدار تک بیٹھتا ہے تو اس کی نماز مکمل ہو جاتی ہے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج۲)

اگر کسی کو اس مسئلہ کی زیادہ تفصیل دیکھنا ہو تو ملا علی قاری حنفی صاحب مرقاۃ شرح مشکوٰۃ کا رسالہ تشییع الفقهاء الحنفية اور علامہ عبدالحئی لکھنوی کا حاشیہ عمدۃ الرعایۃ شرح وقایہ کا ص۱۱۵ دیکھ لیں۔

غیر مقلدین کا مذہب:

علامہ وحید الزماں ؒ غیر مقلد کنز الحقائق ص۲۴ میں لکھتے ہیں کہ اگر ایک شخص نے

نماز پڑھائی اور سلام کے بعد اعلان کیا کہ میں نے نماز بے وضو پڑھائی ہے تو نماز ہوگئی لوٹانے کی ضرورت نہیں۔

نواب سید صدیق حسن خاں نے غیر مقلد ہونے کے باوجود اپنی کتاب کشف الالتباس میں اس اعتراض کا رد کیا ہے جو دیکھنا چاہے دیکھ سکے۔ قارئین آپ جونا گڑھی کے علم اور تعصب کا اندازہ کریں کہ ہوا نکالنے کو اسلام کے قائم مقام سمجھتے ہیں۔

اعتراض نمبر۱۲۸:

حج بدل کا مسئلہ

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے:

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم سَمِعَ رَجُلاً يَقُوْلُ لَبَّيْكَ عَنْ شُبْرُمَةَ قَالَ مَنْ شُبْرُمَةُ قَالَ اَخٌ لِّيْ اَوْ قَرِيْبٌ لِّيْ قَالَ اَحَجَجْتَ عَنْ نَّفْسِكَ قَالَ لاَ قَالَ حُجَّ عَنْ نَّفْسِكَ ثُمَّ حُجَّ عَنْ شُبْرُمَةَ یعنی حضور ﷺ نے سنا کہ ایک صحابی لبیک عن شبرمہ کہتے ہیں تو آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ یہ شبرمہ کون ہے؟ اس نے کہا میرے بھائی ہیں یا میرے اور کوئی قریبی رشتہ دار ہیں۔ میں ان کی طرف سے حج کو آیا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا تم نے اپنا بھی حج کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا نہیں کیا۔ آپ نے فرمایا اولا اپنی طرف سے اپنا حج کرو پھر حج بدل کرنا۔ رواہ الشافعی وابوداؤد وابن ماجہ (مشکوٰۃ جلد اول ص۲۲۳ کتاب المناسک) یہ حدیث صاف دلیل ہے کہ دوسرے کی طرف سے حج کرنے والے کے لیے شرط ہے کہ اس نے پہلے اپنا حج کرلیا ہو۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا ملاحظہ ہو ہدایہ کی سب سے اعلیٰ شرح فتح القدیر جس.

میں حج بدل والے کے لیے حج کیے ہوئے ہونا شرط نہیں مانا بلکہ افضل بتایا اور امام شافعی کا چونکہ مذہب اس حدیث کے مطابق ہے اس لیے اسے خوب رد کیا ہے۔(فتح القدیر باب الحج عن الغیر) درمختار باب الحج عن الغیر ص ۲۶۱ جلد ثانی میں ہے جَازَ حَجُّ الصَّرُوْرَةِ یعنی جس نے حج نہ کیا ہو وہ بھی حج بدل کر سکتا ہے۔(شمع محمدی ص ۱۴۷)

جواب:

اس مسئلہ میں روایات مختلف ہیں جس کی وجہ سے فقہاء کرام میں اختلاف واقعہ ہوا ہے۔کسی نے جواز کا قول کیا ہے اور کسی نے منع کا۔اور بعض نے دونوں قسم کی روایات میں تطبیق دینے کی کوشش کی ہے۔علمائے احناف نے بھی دونوں قسم کی روایات پر عمل کرنے کی کوشش کی ہے۔علمائے احناف کہتے ہیں کہ بہتر طریقہ تو یہی ہے کہ حج بدل ایسے شخص کو ہی کرنا چاہیے جس نے پہلے اپنا فرض حج ادا کیا ہوا ہے۔

اگر بالفرض ایسے شخص نے حج بدل کر لیا جس نے پہلے اپنا حج ادا نہیں کیا تھا اس پر ابھی حج فرض ہی نہیں ہوا تھا تو کیا ایسی صورت میں حج بدل ادا ہو گیا یا نہیں۔حنفی علماء کہتے ہیں کہ ایسے شخص سے بھی حج بدل کروانے سے حج ادا ہو جائے گا۔دوبارہ کروانے کی ضرورت نہیں۔

جونا گڑھی نے اپنے مطلب کی روایت تو نقل کر دی مگر جواز والی روایات کا ذکر نہیں کیا۔ہم پہلے جواز والی روایات نقل کرتے ہیں بعد میں جونا گڑھی کی روایت کا جواب عرض کریں گے۔

روایات جواز

حدیث نمبر ۱:

روایت ہے کہ ابی رزین عقیلی سے کہ وہ آئے نبی ﷺ کے پاس اور کہا یا رسول اللہ!

میرا باپ بہت بوڑھا ہے طاقت نہیں رکھتا حج کی اور نہ عمرہ کی اور نہ سواری کی تو فرمایا آپ نے تو حج کر اپنے باپ کی طرف اور سے عمرہ بجالا۔

(ترمذی مترجم جلد اول ص ۳۴۸، باب ماجاء فی الحج عن الشیخ الکبیر والمیت)

حدیث نمبر ۲:

روایت ہے فضل بن عباس سے کہ ایک عورت نے قبیلہ خثعم سے کہا یا رسول اللہ! البتہ میرے باپ کو پالیا ہے اللہ کے فرض حج نے اور وہ بہت بوڑھا ہے کہ اونٹ پر بیٹھ نہیں سکتا تو فرمایا آپ نے تو حج کر اس کی طرف سے۔

(مسلم، کتاب الحج، باب: الحج عن العاجز، ترمذی مترجم جلد اول ص ۳۴۸، باب: ماجاء الحج عن الشیخ الکبیر والمیت)

حدیث نمبر ۳:

روایت ہے عبداللہ بن بریدہ سے وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے کہ آئی ایک عورت نبی ﷺ کے پاس اور کہا میری ماں مر گئی ہے اور حج نہیں کیا۔کیا میں حج کروں اس کی طرف سے آپ نے فرمایا ہاں حج کر اس کی طرف سے۔(ترمذی مترجم ص ۳۴۸، ۳۴۹)

حدیث نمبر ۴:

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ قبیلہ بنی خثعم کے ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! میرے والد مسلمان ہیں اور سواری پر بیٹھنے کی طاقت نہیں رکھتے اور حج ان پر فرض ہو چکا ہے تو کیا میں ان کی طرف سے حج کر سکتا ہوں۔آپ ﷺ نے فرمایا کہ کیا تو اس کا بڑا بیٹا ہے اس نے عرض کیا ہاں آپ ﷺ نے فرمایا دیکھو اگر ان پر قرض ہوتا اور تم اسے ادا کرتے تو کیا تمہارے ادا کرنے

سے ان کی طرف سے ادا ہو جاتا اس نے کہا ہاں۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ پھر اس کی طرف سے تو حج کر۔ (نسائی تشبیه قضاء الحج بقضاء الدین)

حدیث نمبر ۵:

ابن عباس سے روایت ہے کہ قبیلہ جہنیہ کی ایک عورت نے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! میری ماں نے حج کرنے کی نذر مانی تھی لیکن حج کرنے سے قبل ہی وفات پا گئیں تو میں اس کی طرف سے حج کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں اس کی طرف سے حج کرو۔ دیکھو اگر ان پر قرض ہوتا تو کیا اس کی طرف سے قرض ادا کرتی اس نے کہا ہاں اس پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کا قرض ادائیگی کا اس سے بھی زیادہ مستحق ہے۔

(بخاری ج۱ ص۲۵۰، کتاب الحج، باب: الحج والنذور عن المیت)

حدیث نمبر ۶:

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک عورت نے حج کی نذر مانی بعد ازاں وہ فوت ہو گئی اس کا بھائی حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہ مسئلہ دریافت کیا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اگر تیری بہن پر قرض ہوتا تو کیا اسے ادا کرتا اس نے عرض کیا ہاں آپ نے فرمایا تو اللہ کا قرض ادا کرو اس کا فرض ادا کرنا زیادہ اہم ہے۔

(نسائی ج۲ ص۳۰، الحج عن المیت الذی نذر ان یحج، بخاری ص۹۹۱، مسند احمد، صحیح ابن خزیمه، مسند ابو داؤد لیاسی)

حدیث نمبر ۷:

حضرت عقبہ بن عامر فرماتے ہیں کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگی کہ میری ماں انتقال کر گئی ہے کیا میں اس کی طرف سے حج کر سکتی ہوں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا یہ بتاؤ اگر تیری ماں پر کچھ قرض ہوتا تو کیا تو ادا کرتی۔ (اور کیا پھر وہ ادا

بھی ہو جاتا یا نہیں) اس نے کہا ہاں کیوں نہیں (میں ادا بھی کرتی اور وہ ادا بھی ہو جاتا) اس پر آنحضرت ﷺ نے اس عورت کو اپنی ماں کے لیے حج کرنے کا حکم دے دیا۔

(رواہ الطبرانی بحوالہ تفسیر مظہری ج۹ ص۱۲۸)

حدیث نمبر ۸:

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض پیرا ہوا کہ میرا باپ فوت ہو گیا ہے اور فرض حج نہ کر پایا (کیا میں اس کی طرف سے حج کر سکتا ہوں) آپ ﷺ نے فرمایا یہ بتا اگر تیرے باپ پر قرض ہوتا (جو اپنی زندگی میں ادا نہ کر سکا ہوتا) تو کیا تو اس کی طرف سے ادا کرتا اس نے کہا جی ہاں آپ ﷺ نے فرمایا تو یہ بھی اس پر ایک قرض تھا تو ادا کر دے۔

(رواہ بزار، طبرانی بحوالہ تفسیر مظہری ج۹ ص۱۲۸)

حدیث نمبر ۹:

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا منیٰ پورے کا پورا قربانی کرنے کی جگہ ہے خثعم قبیلے سے تعلق رکھنے والی عورت آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی اس نے عرض کی میرے والد بوڑھے ہو چکے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر حج کے معاملے میں جو چیز فرض کی ہے وہ ان پر لازم کی گئی ہے لیکن وہ اسے ادا کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے تو کیا یہ بات جائز ہو گی کہ میں ان کی طرف سے اسے ادا کروں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہاں! **(مسند شافعی مترجم جلد۲ ص۵٤٦)**

حدیث نمبر ۱۰:

طاؤس بیان کرتے ہیں ایک عورت نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور بولی میری والدہ کا انتقال ہو گیا ہے ان کے ذمے حج لازم تھا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تم اپنی ماں

کی طرف سے حج کر۔**(مسند شافعی مترجم جلد۲ ص ۵٤٦)**

قارئین کرام ایسی روایات تو بے شمار ہیں مگر ہم نے دس نقل کر دی ہیں۔ان میں سے کسی میں یہ نہیں ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے دوسرے کی طرف سے حج کرنے والے سے یہ نہیں پوچھا کہ کیا تو نے خود حج کیا ہوا ہے یا نہیں۔آپ کا یہ نہ پوچھنا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ خواہ خود حج کیا ہو یا نہ کیا ہو دوسرے کی طرف سے حج کرنا جائز ہے نیز آپ ﷺ نے والد کی طرف سے حج کی قضاء کو دین کی قضاء کے ساتھ تشبیہ دی ہے اور تقریباً تمام علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ والد کی طرف سے قرضہ ادا کرنا جائز اور درست ہے اگرچہ بیٹا بدیون ہو۔

قارئین آپ نے دونوں قسم کی روایات دیکھ لیں۔جو جونا گڑھی نے منع کی نقل کی ہے وہ بھی اور جن سے جواز نکلتا ہے وہ بھی۔اب علمائے احناف کا فیصلہ سنیے۔

علامہ کاسانی حنفی المتوفی ۵۸۷ ہجری فرماتے ہیں:

افضل یہ ہے کہ حج بدل کرنے والا اپنی طرف سے حج کر چکا ہو کیوں کہ دوسرے کی طرف سے حج کرنے میں اپنے فرض کی ادائیگی فی الحال ترک ہو رہی ہے لہٰذا ایسے شخص کو حج کرانے کی ایک قسم کی کراہت ہے۔نیز اس لیے کہ اگر پہلے حج کر چکا ہے تو وہ مناسک حج سے زیادہ واقف ہوگا علاوہ ازیں اس صورت میں اختلاف بھی نہیں رہتا۔اس لیے یہ افضل ہے۔**(بدائع الصنائع ج۲)**

مولانا مفتی سعید احمد مفتی اعظم مظاہر العلوم سہارنپور انڈیا کا فتویٰ:

جس شخص نے اپنا حج نہیں کیا اگر وہ کسی دوسرے کی طرف سے حج کرے ہو جائے گا۔ مگر مکروہ ہے۔**(معلم الحجاج ص ۲۸۵)**

اب رہی وہ روایت جو جونا گڑھی نے نقل کی ہے۔اس کا جواب یہ ہے۔

امام ابن ہمام نے فرمایا یہ حدیث صحیح نہیں مضطرب ہے کیوں کہ اس کے راوی سعید بن

عروبہ اولاً بصرہ میں اسے حضرت ابن عباس ؓ سے موقوفاً روایت کرتے تھے پھر بعد میں کوفہ آ کر مرفوعاً نبی کریم ﷺ سے روایت کرنے لگے۔معلوم ہوا کہ ان پر یہ حدیث مشتبہ رہی۔نیز اس میں تدلیس بھی ہے لہٰذا اس سے استدلال درست نہیں۔مرقات

اس روایت کے موقوف ہونے کا ثبوت:

اس روایت کو ابی قلابہ نے بھی حضرت ابن عباس ؓ سے موقوف بیان کیا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں **اخبرنا سفیان عن ایوب عن ابی قلابة الخ**

ابو قلابہ بیان کرتے ہیں حضرت ابن عباس ؓ نے ایک شخص کو سنا جو یہ کہہ رہا تھا میں شبرمہ کی طرف سے حج کے لیے تیار ہوں حضرت ابن عباس ؓ نے فرمایا تمہارا استیناس ہو یہ شبرمہ کون ہے؟ اس شخص نے اس کے ساتھ اپنی رشتے داری کا تعلق ظاہر کیا تو حضرت ابن عباس ؓ نے فرمایا کیا تم نے اپنی طرف سے حج کر لیا ہے۔تو اس نے جواب دیا نہیں۔ حضرت ابن عباس ؓ نے فرمایا پہلے تم اپنی طرف سے حج کرو بعد میں شبرمہ کی طرف سے حج کرنا۔**(مسند امام شافعی مترجم جلد دوم ص ۵٤۲)**

اس روایت سے ثابت ہوا کہ یہ ابن عباس کا قول ہے نبی کریم ﷺ کا نہیں۔دوسری سند۔**حدثنا عبدالوھاب ثقفی، عن ایوب بن ابی تمیمة، خالد الحذاء عن ابی قلابة عن ابن عباس الخ**

اس میں بھی یہ ابن عباس کا قول ہی ثابت ہوا ہے رسول اللہ ﷺ کا نہیں۔

* روایت کے مرفوع اور موقوف ہونے کا اختلاف محدثین میں موجود ہے۔ہمارے نزدیک اس کا موقوف ہونا زیادہ راجح ہے۔غیر مقلدین کے نزدیک صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اقوال وافعال دین میں حجت نہیں ہیں۔اسی روایت کو جونا گڑھی کا اپنے استدلال میں پیش کرنا درست نہیں۔

اعتراض نمبر ۱۲۹، ۱۳۰:

زبردستی کا دھینگا مستی

(یعنی طلاق مکرہ اور زبردستی غلام آزاد کرانا)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوۃ شریف جلد دوم باب الخلع والطلاق میں ہے عن عائشۃ قالت سمعتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا طَلَاقَ وَلاَ عِتَاقَ فِیْ اِغْلَاقٍ (رواہ ابو داؤد ابن فلجیفیل معنی الاعلاق الاکراہ یعنی رسول خدا ﷺ فرماتے ہیں کہ جس شخص پر اکراہ زبردستی کی جائے اور وہ اپنی بیوی کو طلاق دے اور جس سے زبردستی لی دھینگا مستی غلام آزاد کرایا جائے تو نہ وہ طلاق واقع ہوگی نہ غلام آزاد ہوگا۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب میں ہے کہ یہ طلاق واقع ہو جائے گی اور یہ غلام بھی آزاد ہو جائے گا۔ ہدایہ جلد ۳ کتاب الاکراہ ص ۳۴۴ میں ہے وَاِنْ اُکْرِہَ عَلٰی طَلَاقِ امْرَأَتِہٖ اَوْ عِتْقِ عَبْدِہٖ فَفَعَلَ وَقَعَ مَا اُکْرِہَ عَلَیْہِ یعنی کسی پر زبردستی کی گئی اور اس نے اپنی بیوی کو طلاق دی یا اپنے گلام کو آزاد کیا تو یہ طلاق بھی ہو جائے گی اور یہ غلام بھی آزاد ہو جائے گا۔ کہو دوستو! فقہ وحدیث کے اس مقابلے میں آپ کسے حق کہیں گے؟ اور کسے ناحق؟

(شمع محمدی ص ۱۴۸، ظفر المبین حصہ دوم ص ۱۳۶)

جواب:

اس مسئلہ میں احادیث مختلف ہیں جوناگڑھی نے صرف اپنی مطلب کی حدیث نقل کی ہے اور دوسری نقل نہیں کی۔ ہم یہاں پر پہلے وہ احادیث نقل کریں گے۔ جو حنفی مسلک کی

تائید کرتی ہیں۔ بعد میں جوناگڑھی کی پیش کردہ حدیث کا جواب بھی عرض کریں گے۔

حنفی مذہب کے دلائل

حدیث نمبر ۱:

حضرت صفوان بن غزوان عطائی سے روایت ہے کہ ایک آدمی سویا ہوا تھا اس کی بیوی اٹھی اور اس نے چھری پکڑی اور اپنے خاوند کے سینے پر بیٹھ گئی اور چھری اس کے حلق پر رکھ دی اور کہنے لگی مجھے تین طلاقیں دو ورنہ میں تجھے ذبح کر دوں گی تو اس کے خاوند نے اس کو اللہ کا واسطہ دیا لیکن اس کی بیوی نے انکار کر دیا تو اس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں پھر وہ آدمی آپ ﷺ کے پاس حاضر ہوا اور آپ ﷺ کے سامنے بیان کر دیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ لا قیلولة فی الطلاق کہ طلاق میں کوئی قیلولہ نہیں ہے یعنی طلاق واقع ہوگئی ہے۔ (المحلی فی الطلاق جلد نمبر ۱۰ ص ۲۰۳، نصب الرایة ج ۳ ص ۲۲۲)

امام شمنی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث امام عقیلی نے بھی اپنی کتاب میں نقل کی ہے۔

حدیث نمبر ۲:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مکرہ کی طلاق کو جائز قرار دیتے تھے۔

(الجوهر النقی الرد علی البیهقی ج ۷ ص ۳۵۸، نصب الرایة ج ۳ ص ۲۲۲)

حدیث نمبر ۳:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

کُلُّ طَلَاقٍ جَائِزٌ اِلَّا طَلَاقَ الْمَعْتُوْہِ الْمَغْلُوْبِ عَلٰی عَقْلِہٖ

"سب طلاقیں پڑ جاتی ہیں مگر طلاق معتوہ نہیں پڑتی۔ معتوہ کا مطلب ہے جس کی عقل جاتی رہی ہو۔"

اس حدیث سے جہاں معتوہ کی طلاق کا عدم وقوع سمجھ نہیں آیا ہے وہاں یہ بات بھی واضح ہوگئی ہے کہ معتوہ کے علاوہ ہر بالغ کی طلاق واقع ہو جاتی ہے جس میں مکرہ طلاق بھی شامل ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ معتوہ بھی دیوانے سے ایسا دیوانہ مراد ہے جس کی عقل نہ رہی ہو اور اگر ایسا دیوانہ ہو جو کبھی کبھی ہوش میں آتا ہو اور وہ طلاق دیوے ہوش کی حالت میں تو ایسی طلاق واقع ہو جاتی ہے۔

حدیث نمبر ۴:

حدثنا وكيع عن الاعمش عن ابراهيم عن عابس بن ربيعة عن علي كل طلاق جائز الا طلاق المعتوه

(مصنف ابن ابی شیبة ج۵ ص۱۲ باب: ما قالوا فی الطلاق المعتوه)

''حضرت علی ؓ نے فرمایا ہر ایک طلاق پڑ جائے گی سوائے طلاق معتوہ کے۔''

حدیث نمبر ۵:

قَالَ عَلِيٌّ وَ كُلُّ طَلاَقٍ جَائِزٌ اِلاَّ طَلاَقَ الْمَعْتُوْهِ

حضرت علی ؓ نے فرمایا ہر ایک طلاق پڑ جائے گی مگر دیوانے کی (یعنی دیوانے کی طلاق نہیں پڑتی)۔ **(بخاری، کتاب الطلاق، باب: الطلاق فی الاغلاق والكره (تعليقا) ج۲ ص۷۹۳)**

حدیث نمبر ۶:

روایت ہے کہ ابی ہریرہ ؓ سے کہا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تین چیزیں ہیں کہ اس میں سچ کہنا اور خوش طبعی سے کہنا دونوں برابر ہیں۔ ایک نکاح دوسرے طلاق تیسرے رجعت (یعنی طلاق کے بعد رجوع کرنا)۔

(ترمذی ابواب الطلاق باب ما جاء فی الجد والهزل فی الطلاق)

اس حدیث میں ہازل کی طلاق ہونے کا ذکر ہے۔ ہازل اپنے اختیار سے طلاق کا حکم ہوتا ہے مگر وہ وقوع طلاق سے راضی نہیں ہوتا اس کے باوجود طلاق واقع ہو جاتی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اپنے اختیار سے طلاق کا تکلم کیا جائے تو طلاق واقع ہو جاتی ہے گو متکلم وقوع طلاق سے راضی نہ ہو اور مکرہ طلاق میں بھی یہی صورت حال ہے۔ ظاہر ہے کہ اکراہ سے اختیار تو سلب نہیں ہوتا زیادہ سے زیادہ رضا مفقود ہوتی ہے لہٰذا ہازل کی طرح یہاں بھی طلاق واقع ہونی چاہیے۔

حدیث نمبر ۷:

حضرت حذیفہ بن یمان ؓ سے مروی ہے کہ غزوہ بدر میں شرکت سے مجھے کوئی چیز مانع نہیں تھی بلکہ میں اپنے والد حسیل کے ساتھ نکلا تھا لیکن راستے میں ہمیں کفار قریش نے پکڑ لیا اور کہنے لگے کہ تم محمد ﷺ کے پاس جا رہے ہو؟ ہم نے کہا ہمارا ارادہ تو صرف مدینہ منورہ جانے کا ہے۔ انہوں نے ہم سے یہ وعدہ اور مضبوط عہد لیا کہ ہم مدینہ جا کر لڑائی میں ان کا ساتھ نہیں دیں گے۔ ہم نبی کریم ﷺ کی خدمت میں پہنچے اور ساری بات بتا دی۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تم دونوں واپس چلے جاؤ ہم ان کا وعدہ وفا کریں گے۔ اور ان کے خلاف اللہ سے مدد مانگیں گے۔

(مسند احمد مترجم ج۱۰ ص۷۹۶، مستدرك حاكم ج۳ ص۲۰۱، و ج۵ ص۳۹۶، مستدرك حاكم مترجم ج۳ ص۳۸۸، كتاب معرفة الصحابة، مسلم كتاب الجهاد والسير، باب: الوفاء بالعهد، نيل الاوطار ج۷ ص۲۳۶، طحاوی ج۲ ص۴۹)

شوکانی فرماتے ہیں جو فقہاء جبری قسم کے جواز کے قائل ہیں وہ اس بارے میں اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں۔ **(نیل الاوطار اردو جلد۴ ص۲۸۰)**

امام طحاوی فرماتے ہیں:

قالوا فلما منعهما رسول الله صلى الله عليه وسلم من حضور بدر لاستحلاف المشركين التامرين لهما على ما استحلفوهما عليه ثبت بذلك ان الحلف على الطواعية ولاكراه سواء كذالك الطلاق والعتاق.

(طحاوی ج۲ ص۴۹)

علامہ عینی حنفی فرماتے ہیں:

بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعین رحمہم اللہ کا مسلک بھی یہی ہے کہ طلاق مکرہ واقع ہو جاتی ہے مثلاً حضرت عمر، ابن عمر، عمر بن عبدالعزیز، شعبی، ابوقلابہ، سعید بن مسیب، شریح، زہری، قتادہ، سعید بن جبیر، نخعی وغیرہ۔

(عمدۃ القاری شرح بخاری ج۲۰ ص۲۵۰، نصب الرایہ ج۳ ص۲۲۲)

قارئین کرام آپ نے حنفی مذہب کے دلائل ملاحظہ فرمائے جن سے معلوم ہوتا ہے کہ مجبوری کی حالت میں طلاق واقع ہو جاتی ہے۔ ان کا ذکر جوناگڑھی نے نہیں کیا۔ اب رہی وہ روایت جو جوناگڑھی نے نقل کی ہے۔ اس کے کئی جواب ہیں۔ احناف کا طریقہ اکثر جگہ پر یہ ہوتا ہے کہ جن روایات میں بظاہر تعارض نظر آئے ان میں ایسی تطبیق دی جائے جن سے تعارض خود بخود ختم ہو جائے۔ لہٰذا یہاں پر بھی اس حدیث کا ایسا مطلب بیان کرنا چاہیے۔ جس سے تعارض ختم ہو جائے۔ وہ مطلب یہ ہے کہ اغلاق سے مراد یہاں اغلاق الفہم ہے۔ یعنی کسی شخص کا منہ جبراً اس طرح سے بند کر دیا جائے کہ وہ طلاق اور عتاق کے الفاظ کے ایسے تکلم پر قادر نہ رہے جیسا تکلم طلاق اور عتاق کے حکم واقع ہونے کے لیے ضروری ہے۔ اس اکراہ کی صورت میں طلاق کا عدم وقوع متفق علیہ ہے۔ جیسا کہ اغلاق کا معنی صرف اکراہ ہی متعین نہیں ہے۔ بلکہ اس کے معنی میں اور احتمالات بھی ہیں۔ اور معانی کے احتمال ہوتے ہوئے یہ حدیث قابل استدلال نہیں جیسا کہ اصول ہے۔ اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال

دوسرا جواب:

اس بات پر اجماع ہے کہ قتل خطاء میں دیت ہے۔ ہاں گناہ نہیں ہے یہی حال یہاں بھی ہے کہ طلاق واقع ہو جاتی ہے گو اس کا گناہ نہیں ہوتا۔

اعتراض نمبر ۱۳۱:

ریشم حلال کر دیا گیا

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

آپ جانتے ہوں گے کہ ہماری شریعت میں ریشم مردوں پر حرام ہے۔ مشہور مسئلہ مشکوٰۃ شریف جلد دوم ص۳۷۴ کتاب اللباس میں ہے۔ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ نَهَانَا رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ وَالدِّيْبَاجِ وَاَنْ تَجْلِسَ عَلَيْهِ یعنی آنحضرت ﷺ نے ہمیں ریشم پہننے سے اور ریشم پر بیٹھنے سے بھی منع فرما دیا ہے ابوداؤد اور نسائی کے حوالے سے ہی مشکوٰۃ میں ہے۔ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں لَا تَرْكَبُوا الْخَزَّ ریشم پر نہ بیٹھو۔ یہ حدیثیں صاف ہیں کہ ریشم کا پہننا بھی حرام ریشمی فرشوں پر بیٹھنا لیٹنا تکیہ لگانا بھی حرام۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا۔ ہدایہ جلد۴ کتاب الکراہیۃ ص۴۱۰ میں ہے۔ وَلَا بَأْسَ بِتَوَسُّدِهِ وَالنَّوْمِ عَلَيْهِ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ یعنی ریشمی تکیے لگانے میں اور ریشمی بستروں پر سونے میں کوئی حرج نہیں دیکھیں اب ہمارے بھائی حدیث کو ترجیح دیتے ہیں یا مذہب کو؟ (شمع محمدی ص۱۴۸، ظفر المبین حصہ دوم ص۱۶۰)

جواب:

ہمارے حنفی مذہب میں مردوں کے لیے ریشم حرام ہے۔ جوناگڑھی نے جو احادیث نقل کی ہیں احناف کا اسی پر عمل ہے۔ ہدایہ کی عبارت اگر جوناگڑھی مکمل نقل کر دیتے تو مسئلہ صاف ہو جاتا۔ امام ابوحنیفہ اور صاحبین کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے۔ حنفی مذہب میں فتویٰ صاحبین کے قول پر ہے۔

ہدایہ کی عبارت نقل کرنے میں خیانت:

جوناگڑھی نے شروع کی اور آخر کی عبارت چھوڑ دی ہے اور درمیان سے عبارت کا کچھ حصہ نقل کر دیا ہے۔ آپ پہلے ہدایہ کی مکمل عبارت کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔ صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: فصل فی اللبس یہ فصل کپڑا پہننے کے احکام کے بیان میں ہے۔

امام قدوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مردوں کے لیے ریشم پہننا حلال نہیں ہے۔ البتہ عورتوں کے لیے حلال ہے۔ اس لیے کہ آپ ﷺ نے ریشم اور دیباج کے پہننے سے منع فرمایا ہے اور یوں فرمایا کہ انہیں وہی شخص پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوتا۔

ایک دوسری حدیث کی رو سے ریشم صرف عورتوں کے لیے حلال ہے اور وہ حدیث چند صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مروی ہے جن میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی ہیں کہ آپ ﷺ باہر تشریف لائے اور آپ کے ایک ہاتھ میں ریشم اور دوسرے ہاتھ میں سونا تھا۔ آپ نے فرمایا یہ دونوں چیزیں میری امت کے مردوں پر حرام اور عورتوں کے لیے حلال ہیں۔

نیز فرماتے ہیں کہ امام صاحب کے نزدیک ریشم کا تکیہ لگانے اور اس پر سونے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

جوناگڑھی نے امام صاحب سے لے کر کوئی حرج نہیں تک عبارت لکھی ہے۔ اس عبارت کے آگے آتا ہے۔

وَقَالَا يُكْرَهُ وَفِي الْجَامِعِ الصَّغِيرِ ذِكْرُ قَوْلِ مُحَمَّدٍ وَحْدَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ قَوْلَ أَبِي يُوسُفَ وَإِنَّمَا ذَكَرَهُ الْقُدُورِيُّ وَغَيْرُهُ مِنَ الْمَشَايِخِ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ أَجْمَعِينَ.

حضرات صاحبین فرماتے ہیں کہ مکروہ ہے۔ جامع صغیر میں صرف امام محمد کا قول مذکور ہے۔ امام ابو یوسف کے قول کا تذکرہ نہیں ہے۔ ان کا قول امام قدوری اور دیگر مشائخ نے بیان کیا ہے۔

ہم نے ہدایہ کی مکمل عبارت نقل کر دی ہے جس میں واضح طور پر مردوں پر ریشم حرام ہونے کا ذکر موجود ہے۔ باقی رہا ریشم کے تکیہ اور اس پر سونے کا مسئلہ اس میں امام صاحب اور صاحبین کا اختلاف ہے۔ صاحبین تکیہ کے استعمال اور اس پر سونے کو بھی مکروہ فرما رہے ہیں اور احناف کا مذہب صاحبین والا ہے۔

ہدایہ کی مکمل عبارت ملاحظہ کرنے کے بعد مسئلہ واضح ہو گیا کہ حنفی مسلک حدیث کے خلاف نہیں ہے اب مزید وضاحت کی ضرورت تو نہیں مگر عوام کے لیے کچھ باتیں نقل کرتے ہیں۔

امام صاحب جو تکیہ کے جواز کے قائل تھے ان کے پاس بھی دلائل موجود ہیں مگر احناف کا مذہب بالکل منع کا ہے۔

(۱) مولانا محمد حنیف گنگوہی لکھتے ہیں حقائق میں ہے۔ فقہ حنفی کی کتاب تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق مراد ہے کہ ہمارے اکثر مشائخ نے قول صاحبین کو لیا ہے اس لیے کہ راشد کا اثر مذکور صحیح بھی ہو تب بھی یہ حدیث حذیفہ سے معارض ہے کہ حضور علیہ السلام نے حریر پر بیٹھنے سے منع فرمایا ہے۔ اس کی صحت اعلیٰ درجہ پر ہے تو ایسی صورت میں ارشاد نبوی کے علاوہ کسی کا قول و فعل نہیں لیا جائے گا۔

(طلوع النیرین شرح اردو ہدایہ آخرین ج۲ ص۲۸، ۲۹)

(۲) درمختار میں ہے:

يحرم لبس الحرير ولو بحائل بينه وبين بدنه على المذهب الصحيح.

صحیح مذہب میں ریشم کا مرد کے لیے پہننا حرام ہے۔ خواہ کپڑے پر ہی کیوں نہ ہو۔

(۴) علامہ شامی فرماتے ہیں:

انه مخالف لما فی المتون الموضوعة لنقل المذهب فلا یجوز العمل والفتوی به

یہ روایت متون معتبرہ کے خلاف ہے جو کہ (امام اعظم کے) مذہب کی نقل کے لیے وضع کیے گئے ہیں تو اس پر عمل اور فتویٰ جائز نہیں۔

نواب قطب الدین محدث دہلوی حنفی (مظاہر حق شرح مشکوٰۃ ج ۴ ص ۱۶۵ میں) اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

تشریح:

سونے چاندی کے برتنوں وغیرہ میں کھانے پینے اور ریشمی کپڑے پہننے کے بارے میں پہلے بیان کیا جاچکا ہے۔

فتاویٰ قاضی خان میں لکھا ہے کہ ریشمی کپڑے کا استعمال جس طرح مردوں کے لیے حرام ہے اسی طرح اس کو بچوں کو بھی پہنانا حرام ہے اور پہنانے والوں کو گناہ ہوتا ہے۔ اور حضرت امام ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ ریشمی کپڑے کو بچھونے میں استعمال کرنا اور اس پر سونا کوئی مضائقہ نہیں رکھتا اس طرح اگر تکیہ کے غلاف اور پردے ریشمی کپڑے کے ہوں تو اس میں بھی کوئی مضائقہ نہیں۔

جب کہ حضرت امام ابو یوسف اور حضرت امام محمد نے ان سب کو مکروہ کہا ہے۔ حاصل یہ ہے کہ (حدیث میں مردوں کے لیے ریشمی کپڑے پہننے اور ریشمی کپڑے پر بیٹھنے کی جو ممانعت منقول ہے اس میں پہننے کی ممانعت تو متفقہ طور پر سب کے نزدیک تحریم پر محمول ہے لیکن ریشمی کپڑے پر بیٹھنے کی) ممانعت صاحبین کے نزدیک تو تحریم ہی پر محمول ہے۔ جب

کہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ کے نزدیک تنزیہ پر محمول ہے کیوں کہ ابھی اوپر ان کے بارے میں یہ بتایا گیا کہ وہ ریشمی کپڑے کو بچھونے وغیرہ میں استعمال کرنے کے مسئلہ میں یہ کہتے ہیں کہ اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ ان چیزوں میں ریشمی کپڑے کا استعمال بہر حال احتیاط وتقویٰ کے خلاف ہے۔ کیوں کہ کسی عمل کے بارے میں یہ کہنا کہ اس کے کرنے میں ''کوئی مضائقہ نہیں ہے'' اس بات کی علامت ہوتی ہے کہ اس میں کوئی مضائقہ ہونے کے شک سے بچنے کے لیے اس عمل کو نہ کرنا ہی بہتر ہے۔ چنانچہ پرہیز گار و متقی شخص اسی کو کہتے ہیں جو اس کام کو بھی چھوڑ دے جس کے بارے میں یہ کہا گیا ہو کہ اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے اس خوف کے سبب کہ شاید اس میں کوئی مضائقہ ہو اور یہی معنی اس مشہور حدیث کے بھی ہیں: (دع ما یریبك الی ما یریبك) یعنی اس کام کو چھوڑ دو جس میں شک ہو اور اس کام کو اختیار کرو جس میں شک نہ ہو۔ بہر حال حضرت امام اعظم ابوحنیفہ کو چونکہ ایسی کوئی دلیل قطعی حاصل نہیں ہوئی جس کی بنیاد پر ریشمی کپڑے پر بیٹھنے یا سونے کو حرام قرار دیا جاسکے اور کپڑے پہننے کی ممانعت میں جو صریح نصوص (یعنی اس کی حرمت کے واضح احکام) منقول ہیں ان کے دائرہ حکم میں ریشمی کپڑے پر بیٹھنے کا مسئلہ نہیں آتا۔ کیوں کہ پہننا اور بیٹھنا دو الگ الگ چیزیں ہیں کہ پہننے کا اطلاق بیٹھنے پر نہیں ہوسکتا اس لیے انہوں نے اس حدیث میں (یعنی کپڑے پر بیٹھنے کی) ممانعت کو نہی تنزیہہ پر محمول کیا ہے۔

(۵) مولانا محمد منظور نعمانی حنفی معارف الحدیث جلد نمبر ۶ ص ۲۹۲ میں لکھتے ہیں:

مردوں کے لیے وہ کپڑا حرام و ناجائز ہے جو خالص ریشم سے بنایا گیا ہو یا اس میں ریشم غالب ہو۔

(۶) موطا امام محمد مترجم ص ۴۷۲ تا ۴۷۵ باب مَا یُکْرَہُ مِنْ لُبْسِ الْحَرِیْرِ وَالدِّیْبَاجِ امام محمد کہتے ہیں کہ مسلمان مرد کے لیے روا نہیں کہ وہ ریشم، ریشمی کپڑا یا سونا

پہنے۔ یہ تمام چیزیں چھوٹے بڑے مردوں کے لیے ناجائز ہیں۔ عورتوں کے استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ اسی طرح حربی مشرک کو بطور تحفہ دینے میں کوئی مضائقہ نہیں البتہ ہتھیار یا زرہ دینا جائز نہیں۔ یہی امام ابوحنیفہ اور ہمارے عام فقہاء کا قول ہے۔

(۷) مولانا حبیب اللہ مختار حنفی نے الختار شرح کتاب الآثار کے مختلف مقام پر مردوں کے لیے ریشم کا استعمال ناجائز لکھا ہے۔ دیکھیے ص ۶۰۸، ص ۶۰۹، ۶۱۰ وغیرہ۔

صفحہ ۶۱۱ پر لکھتے ہیں: بچوں کو سونا چاندی یا ریشم پہنانا مکروہ ہے اس لیے کہ جب مردوں کے لیے اس کا پہننا منع ہے تو اس کا پہنانا بھی منع ہے۔ جیسے شراب پینا پلانا دونوں حرام ہیں بچہ غیر مکلف ہے اسے پہنانے والے کو گناہ ہوگا۔

قارئین کرام! حوالے تو بہت ہیں مگر ہم یہاں پر ختم کرتے ہیں۔ امید ہے آپ کو مسئلہ سمجھ آ گیا ہوگا۔ اب یہ بات رہ جاتی ہے کہ امام ابوحنیفہ نے تکیہ استعمال کرنے اور بیٹھنے کے متعلق جو یہ کہا ہے کہ اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اس کی تفصیل قاضی خان کے حوالہ سے مظاہر حق میں گزر چکی ہے کہ امام صاحب کے نزدیک بھی ان دونوں چیزوں کا استعمال بہتر نہیں ہے۔ آپ صرف ان کے استعمال کو قطعی حرام نہیں کہتے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ احادیث اس مسئلہ میں مختلف ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں بعض احادیث۔

مردوں کے لیے سرخ کپڑا پہننے کا حکم

حدیث:

مشکوٰۃ شریف میں حدیث موجود ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک دن ایک شخص دو سرخ کپڑے پہنے ہوئے گزرا اور نبی کریم ﷺ کو سلام کیا آپ ﷺ نے اس کے سلام کا جواب نہیں دیا۔ یہ حدیث صراحت کے ساتھ اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ مرد کو سرخ کپڑا پہننا جائز نہیں۔ اب آپ اس کے معارض یہ حدیث ملاحظہ فرمائیں۔

حدیث:

حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہا کے غلام کا نام عبداللہ تھا، وہ عطاء کے لڑکے کے ماموں تھے وہ کہتے ہیں کہ حضرت اسماء نے مجھے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس بھیجا، اور یہ کہا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ تین چیزوں کو حرام کہتے ہیں۔ کپڑوں کے نقش ونگار کو، سرخ گدوں کو اور ماہِ رجب کے تمام روزے رکھنے کو۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا آپ نے جو رجب کے متعلق ذکر کیا ہے تو جو شخص دائمی روزے رکھتا ہو (وہ رجب کے روزوں کو حرام کیسے کہہ سکتا ہے) باقی رہا کپڑوں کے نقش ونگار کا مسئلہ تو بات یہ ہے کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ سنا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ریشم کو صرف وہ شخص پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے اور مجھے یہ خدشہ تھا کہ نقش ونگار بھی شاید ریشم سے بنائے جاتے ہیں۔ رہا سرخ گدا تو عبداللہ بن عمر کا گدا بھی سرخ رنگ کا ہے۔ راوی کہتے ہیں میں یہ جوابات لے کر حضرت اسماء کے پاس گیا اور ان کو وہ جوابات بتلائے۔ حضرت اسماء نے کہا یہ رسول اللہ ﷺ کا جبہ ہے انہوں نے ایک طیالسی کسروانی جبہ نکالا جس کی آستینوں اور گریبان پر ریشم کے نقش ونگار بنے ہوئے تھے۔ حضرت اسماء نے کہا یہ جبہ حضرت عائشہ کی وفات تک ان کے پاس تھا اور جب ان کی وفات ہوئی تو پھر میں نے اس پر قبضہ کر لیا۔ نبی ﷺ اس جبہ کو پہنتے تھے۔ ہم اس جبہ کو دھو کر اس کا پانی بیماروں کو پلاتے ہیں اور اس جبہ سے ان کے لیے شفا طلب کرتے ہیں۔

(مسلم شریف، کتاب اللباس والزینة، باب: تحریم استعمال)

اس حدیث سے کئی باتیں ثابت ہوتی ہیں۔

(۱) حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کے پاس رسول اللہ ﷺ کا ایک کسروانی جبہ تھا جس کی آستینوں اور گریبان پر ریشم کے بیل بوٹے بنے ہوئے تھے اس حدیث سے فقہاء نے یہ استدلال کیا ہے کہ کپڑے پر چار انگل ریشم کا کام بنوانا جائز ہے۔[1]

(۲) سرخ رنگ کے گدے کا استعمال جائز ہے۔ ہمارا استدلال اصل میں اس بات سے ہے کہ پہلے جو حدیث نقل کی اس میں سرخ رنگ کے کپڑے مردوں کو پہننا درست نہیں تھے۔ مگر اس مسلم کی حدیث سے سرخ رنگ کے گدے کا استعمال کرنا جائز ثابت ہو رہا ہے۔ اسی طرح ریشم کے کپڑے حرام اور تکیہ کا استعمال مباح ہو سکتا ہے۔

(۳) اس حدیث سے بزرگوں کے تبرکات کے ثبوت بھی ہو رہا ہے۔ اور ان سے بیماروں کو شفاء بھی ہوتی ہے یہ شرک نہیں ہے۔

(۴) اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ کسی کپڑے پر اگر تھوڑی مقدار میں ریشم لگا ہو تو جائز ہے۔ شریعت میں صرف خالص ریشم کا کپڑا ابنا ہوا پہننا حرام ہے۔ ہاں اگر کسی کپڑا پر ریشم لگا ہوا ور ہو بھی تھوڑی مقدار میں تو وہ کپڑا استعمال کرنا جائز ہے۔ کیوں کہ وہ بالتبع ہوا۔

حدیث:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عبدالرحمن بن عوف اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہما کو ایک سفر میں ریشم پہننے کی اجازت دی کیوں کہ ان کو خارش یا کوئی اور تکلیف لاحق ہو گئی تھی۔ **(مسلم، کتاب اللباس والزینۃ)**

حدیث:

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ عبدالرحمن بن عوف اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہما نے نبی کریم ﷺ سے جوؤں کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے ان کو جنگ کے دنوں میں ریشم پہننے کی اجازت دے دی۔ **(مسلم، کتاب اللباس والزینۃ)**

حدیث:

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو ریشم کی ایک قباء ہدیہ میں دی گئی آپ نے اس کو پہن کر نماز پڑھی پھر کراہت کے ساتھ اس کو زور سے کھینچ کر اتارا

پھر فرمایا کہ یہ متقیوں کے لیے مناسب نہیں ہے۔ **(مسلم، کتاب اللباس والزینۃ)**

حدیث:

ابوعثمان بیان کرتے ہیں کہ جس وقت ہم آذربائیجان میں تھے حضرت عمر نے ہمیں لکھا اے عتبہ بن فرقد تمہارے پاس جو مال ہے۔ اس میں تمہاری کوشش کا دخل ہے نہ تمہارے باپ کی کوشش کا دخل ہے نہ تمہاری ماں کی کوشش کا دخل ہے۔ سو مسلمانوں کو ان کے گھروں پر ان چیزوں سے پیٹ بھر کر کھلاؤ جن سے تم اپنے گھر پر پیٹ بھر کر کھاتے ہو اور تم عیش و عشرت، مشرکین کے لباس اور ریشم پہننے سے بچتے رہنا۔ کیوں کہ رسول اللہ ﷺ نے ریشم پہننے سے منع فرمایا ہے۔ مگر ریشم کی اتنی مقدار جائز ہے یہ فرما کر رسول اللہ ﷺ نے اپنی دو انگلیاں درمیانی انگلی اور انگشت شہادت ملا کر بلند فرمائیں۔ زہیر نے بھی اپنی دو انگلیاں بلند کیں۔ (مسلم)

حدیث:

ابوعثمان کہتے ہیں ہم عتبہ بن فرقد کے ساتھ تھے کہ ہمارے پاس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ مکتوب آیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ریشم کو صرف وہی شخص پہنے گا جس کو آخرت میں کوئی حصہ نہیں ملے گا۔ البتہ ریشم کی اتنی مقدار جائز ہے۔ ابوعثمان نے اپنے انگوٹھے کے ساتھ ملی ہوئی دو انگلیوں کے ساتھ اشارہ کیا پھر جب میں نے طیالسہ کی چادر کو دیکھا تو ان انگلیوں کو طیالسی کی چادر میں دیکھا۔ (مسلم)

حدیث:

ابوعثمان نہدی کہتے ہیں کہ ہمارے پاس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مکتوب آیا در آں حالیکہ اس وقت ہم آذربائیجان میں عتبہ بن فرقد کے پاس تھے یا شام میں تھے۔ اس میں یہ لکھا تھا کہ رسول اللہ ﷺ نے ریشم پہننے سے منع کیا ہے۔ لیکن دو انگلیوں کی مقدار کا استثناء کیا ہے، ابو

عثمان نے کہا ہم نے اس سے نقش ونگار سمجھے۔(مسلم کتاب اللباس و الزینۃ)

حدیث:

حضرت سوید بن غفلہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے جابیہ میں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: نبی ﷺ نے ریشم پہننے سے منع فرمایا ہے البتہ دو یا تین یا چار انگلیوں کا استثناء فرمایا ہے۔(مسلم کتاب اللباس و الزینۃ)

ان چاروں روایات میں نقش ونگار کے لیے چار انگلیوں تک ریشم لگانے کی مرد کو اجازت مل گئی ہے۔اور آپ ﷺ کے جبہ کو بھی لگا ہوا تھا۔حرام اور ناجائز ہونے کے باوجود چار انگلیوں کی مقدار کپڑے پر لگا کر کپڑا استعمال کرنے کی اجازت شریعت میں موجود ہے۔

امام صاحب کے خیال میں یہ چار انگلیوں کی اجازت بھی بالتبع ہوئی ہے۔ویسے نہیں۔ آپ کے نزدیک کسی نہ کسی صورت میں ریشم بالتبع کا استعمال کرنے کا جواز ان روایات سے ثابت ہوتا ہے۔اور تکیہ اور گدا بھی بالتبع ہی میں شامل ہے کیوں کہ انسان ریشم کو براہ راست پہن نہیں رہا۔جب کہ اس کی تجارت جائز ہے۔ایک دوسرے کو تحفہ اور ہدیہ دینا جائز ہے۔ مشرک کو دینا جائز ہے۔بیماری میں بطور علاج اس کا استعمال کرنے کی اجازت ہے۔جیسا کہ احادیث میں موجود ہے۔اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ خنزیر یا شراب کی طرح حرام نہیں ہے۔ان دلائل کی وجہ سے امام صاحب نے یہ کہہ دیا کہ اگر کوئی استعمال کرے تو کوئی مضائقہ نہیں۔یہاں یہ یاد رہے کہ عام حالات میں امام صاحب ریشم استعمال کرنے کا حکم نہیں دے رہے۔صرف ان دو چیزوں میں تھوڑی نرمی کی ہے۔اور ہماری سمجھ میں تو یہ بات آتی ہے کہ نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تابعین عظام کے متعلق بعض روایات میں جو آتا ہے کہ انہوں نے کسی نہ کسی شکل میں ریشم کا استعمال فرمایا ہے۔روایات کی پوزیشن کیسی بھی ہو۔امام ابوحنیفہ نے بطور احتیاط ان شخصیات کو بچانے کی کوشش کی ہے۔باقی آپ کے فرمان کی صحیح توجیہہ قاضی خان نے فرمادی ہے۔جس سے تمام اشکالات ختم ہوجاتے ہیں۔

اگر پھر بھی کسی کی تسلی نہیں ہوتی اس کی مرضی ہم تو ایسے مقام پر یہ کہیں گے کہ آپ مجتہد ہیں اگر واقعتاً آپ سے کہیں غلطی ہو بھی گئی تو پھر بھی آپ کو ایک اجر تو ملتا ہی ہے۔اسی لیے علمائے احناف نے بطور احتیاط فتوی امام محمد اور امام ابو یوسف کے قول پر ہی دیا ہے۔باقی یہ سوچنے کی بات ہے کہ امام صاحب نے بھی صرف تکیہ اور گدے کے استعمال کے متعلق کہہ دیا کہ کوئی مضائقہ نہیں اور کسی چیز کے متعلق کیوں نہیں کہا۔جب ہم ہدایہ کی شروحات کو دیکھتے ہیں تو ان میں ایسی احادیث موجود ہیں جن سے ان دو چیزوں کا کچھ نہ کچھ جواز نکلتا ہے۔

اعتراض نمبر۱۳۲:

سجدہ سہو کا وقت بدل دیا

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوٰۃ شریف جلد اول ص۹۳ باب السہو میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے صحابہ کو ایک مرتبہ ظہر کی نماز پڑھائی۔پہلی دو رکعتوں کے بعد بھول سے التحیات میں نہ بیٹھ کر سیدھے کھڑے ہوگئے لوگ بھی آپ کے ساتھ کھڑے ہوگئے۔جب چاروں رکعتیں پوری ہوگئیں تو لوگ منتظر تھے کہ اب آپ سلام پھیریں گے کہ كَبَّرَ وَهُوَ جَالِسٌ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ قَبْلَ اَنْ يُّسَلِّمَ ثُمَّ سَلَّمَ (متفق علیہ) آپ نے بیٹھے ہی بیٹھے اللہ اکبر کہا اور سلام پھیرنے سے پہلے دو سجدے سہو کے کر کے پھر سلام پھیرا۔اس سے ایک صفحہ پہلے یہ حدیث بھی ہے کہ حضور ﷺ فرماتے ہیں جب تم میں سے کسی کو اپنی نماز کی رکعتوں کے تین یا چار ہونے میں شک ہوجائے تو جس طرف زیادہ اطمینان ہو اس گنتی کو لے کر شک کو چھوڑ دے پھر سلام پھیرنے سے پہلے دو سجدے سہو کے کرلے۔یہ حدیثیں صاف ہیں کہ سجدہ سہو سلام پھیرنے کے پہلے کرے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا۔ ہدایہ جلد اول ص۱۳۶، باب سجود السہو میں ہے
يَسْجُدُ لِلسَّهْوِ فِي الزِّيَادَةِ وَالنُّقْصَانِ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ السَّلَامِ ثُمَّ يَتَشَهَّدُ ثُمَّ يُسَلِّمُ یعنی سجدہ سہو سلام کے بعد کرے الخ کہو حنفی بھائیو! اب عمل حدیث پر ہوگا یا فقہ پر؟
(شمع محمدی ص۱۴۹، فتح المبین علی رد مذاہب المقلدین ص۱۳۷)

جواب:

اس مسئلہ میں روایات مختلف ہیں ہم پہلے وہ روایات نقل کرتے ہیں جن سے حنفی مذہب کا ماخوذ ہے بعد میں جوناگڑھی کی نقل کردہ روایت کا جواب بھی عرض کریں گے۔

حنفی مسلک کے دلائل

حدیث نمبر۱:

عن ابن مسعود مرفوعًا واذا شك احدكم فی صلوٰته فليتحر الصواب فليتم عليه ثم يسلم ثم يسجد سجدتين. (بخاری ج۱ ص۵۸)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا تم سے کسی کو جب اپنی نماز میں شک ہو جائے تو اسے چاہیے کہ صحیح کے لیے سوچ بچار کرے اور اس پر اپنی نماز پوری کرے پھر سلام پھیر کر دو سجدے کرے۔

حدیث نمبر۲:

عن عبدالله بن جعفر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من شك فی صلوٰته فليسجد سجدتين بعد ما يسلم.

(مسند احمد ج۱ ص۲۰۵، نسائی ج۱ ص۱۴۰، ابوداؤد ج۱ ص۱۴۸)

حضرت عبداللہ بن جعفر سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جسے اپنی نماز میں شک ہو جائے تو اسے چاہیے کہ سلام پھیرنے کے بعد دو سجدے کرے۔

حدیث نمبر۳:

عن ثوبان عن النبی صلى الله عليه وسلم قال لكل سهو سجدتان بعد ما يسلم. (ابوداؤد ج۱ ص۱۴۹)

حضرت ثوبانؓ نبی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا ہر سہو کے لیے دو سجدے ہیں سلام پھیرنے کے بعد۔

حدیث نمبر۴:

عن ابی هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم سلم ثم سجد سجدتی السهو وهو جالس ثم سلم. (نسائی ج۱ ص۱۴۹)

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سلام پھیرا، پھر بیٹھے، بیٹھے دو سجدہ سہو کیے پھر سلام پھیرا۔

حدیث نمبر۵:

عن عمران بن حصين ان النبی صلى الله عليه وسلم صلى ثلاثا ثم سلم فقال الخرباق انك صليت ثلاثا فصلى بهم الركعة الباقية ثم سلم ثم سجد سجدتی السهو ثم سلم. (نسائی ج۱ ص۱۴۹)

حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے (ایک مرتبہ بھولے سے) تین رکعتیں پڑھا کر سلام پھیر دیا، حضرت خرباقؓ نے عرض کیا کہ آپ نے تین رکعتیں پڑھائی ہیں۔ چنانچہ آپ نے انہیں باقی (چوتھی) رکعت پڑھا کر سلام پھیرا پھر دو سجدہ سہو کیے پھر سلام پھیرا۔

حدیث نمبر۶:

عن عمران بن الحصین ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلّی بهم فسهٰی فسجد سجدتین ثم تشهد ثم سلم.

(ابوداؤد ج۱ ص۱۴۹، ترمذی ج۱ ص۹۰)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ (ایک مرتبہ) نبی علیہ السلام نے صحابہ کرام کو نماز پڑھائی تو آپ کو سہو ہوگیا، آپ نے دوسجدۂ سہو کیے پھر التحیات پڑھی پھر سلام پھیرا۔

حدیث نمبر۷:

عن زیاد بن علاقة قال صلی بنا المغیرة بن شعبة فنهض فی الرکعتین قلنا سبحان اللہ قال سبحان اللہ ومضٰی فلما اتم صلوٰته وَسَلَّمَ سَجَدَ سجدتی السهو فلما انصرف قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصنع کما صنعت.

(ابوداؤد ج۱ ص۱۴۸، ترمذی ج۱ ص۸۳، مسند احمد ج۴ ص۲۴۷)

حضرت زیاد بن علاقہ فرماتے ہیں کہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں نماز پڑھائی تو (بھولے سے) دوسری رکعت پڑھ کر کھڑے ہوگئے ہم نے سبحان اللہ کہا تو آپ نے اپنی نماز پوری کرلی اور سلام پھیرا تو دوسجدہ سہو کیے پھر نماز سے فارغ ہوکر فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے ہی کرتے دیکھا جیسا کہ میں نے کیا۔

حدیث نمبر۸:

عن علقمة ان ابن مسعود سجد سجدتی السهو بعد السلام وذکر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم فعل ذلك. (ابن ماجة ص۸۶)

حضرت علقمہ رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے دوسجدۂ سہو کیے سلام پھیرنے کے بعد اور ذکر کیا کہ نبی علیہ السلام نے بھی ایسا ہی کیا تھا۔

حدیث نمبر۹:

عن ابی عبیدة قال قال عبداللہ بن مسعود اذا قام احدکم فی قعود او قعد فی قیام او سلم فی الرکعتین فلیتم ثم یسلم ثم یسجد سجدتین یتشهد فیها ویسلم. (المدونة الکبریٰ ج۱ ص۱۳۶)

حضرت ابوعبیدہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم میں سے کوئی جب قعدہ کی جگہ قیام کرلے یا قیام کی جگہ قعدہ کرلے یا دورکعتوں میں سلام پھیر لے تو اسے چاہیے کہ نماز پوری کرکے سلام پھیرے پھر دوسجدۂ سہو کرکے التحیات پڑھے اور سلام پھیرے۔

حدیث نمبر۱۰:

عن عبداللہ بن عباس قال سجدتا السهو بعد السلام.

(طحاوی ج۱ ص۲۹۹)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ سجدۂ سہو سلام پھیرنے کے بعد ہیں۔

حدیث نمبر۱۱:

عن عطاء بن ابی رباح قال صلیت خلف ابن الزبیر فسلم فی الرکعتین فسبح القوم فقام فاتم الصلوٰة فلما سلم سجد سجدتین بعد السلام قال عطاء فانطلقت الی ابن عباس فذکرت له ما فعل ابن الزبیر فقال احسن واصاب. (طحاوی ج۱ ص۲۹۹)

حضرت عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما

کے پیچھے نماز پڑھی انہوں نے (بھولے سے) دو رکعتوں ہی میں سلام پھیر دیا، لوگوں نے سبحان اللہ کہا تو آپ کھڑے ہو گئے اور نماز پوری کی پھر آپ نے سلام پھیر کر دو سجدۂ سہو کیے، سلام کے بعد حضرت عطاء ؒ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عباس ؓ کے پاس گیا اور ان سے ذکر کیا کہ حضرت عبداللہ بن زبیر ؓ نے ایسے کیا ہے، آپ نے فرمایا انہوں نے اچھا کیا اور درست کیا۔

حدیث نمبر ۱۲:

عن ابی عبدالرحمن بن حنظلة بن الراهب ان عمر بن الخطاب صلّٰی صلٰوته المغرب فلم يقرأ فی الرکعة الاولٰی شيئًا فلما کانت الثانية قرأ فيها بفاتحة الکتاب وسورة مرتين فلما سلم سجد سجدتی السهو.
(طحاوی ج۱ ص۲۹۸)

حضرت ابو عبدالرحمٰن بن حنظلہ بن راہب سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب ؓ نے (ایک مرتبہ) مغرب کی نماز پڑھائی تو پہلی رکعت میں بالکل قرأت نہیں کی دوسری رکعت میں آپ نے سورہ فاتحہ اور دوسری سورت دو مرتبہ پڑھیں پھر آپ نے سلام پھیر کر دو سجدہ سہو کیے۔

حدیث نمبر ۱۳:

عن عمران بن حصين قال فی سجدتی السهو يسلم ثم يسجد ثم يسلم. (طحاوی ج۱ ص۲۹۹)

حضرت عمران بن حصین ؓ فرماتے ہیں کہ سجدہ سہو میں پہلے سلام پھیرے پھر سجدہ سہو کرے پھر سلام پھیرے۔

حدیث نمبر ۱۴:

عن انس انه قال فی الرجل يهم فی صلٰوته لا يدری أزاد أم نقص قال

يسجد سجدتين بعد ما يسلم. (طحاوی ج۱ ص۲۹۹)

حضرت انس ؓ نے ایسے شخص کے بارے میں جسے نماز میں وہم ہوتا ہے اور پتہ نہیں چلتا کہ زیادتی کی ہے یا کمی کی ہے۔ فرمایا کہ وہ سلام پھیرنے کے بعد دو سجدہ سہو کرے۔

حدیث نمبر ۱۵:

عن قيس بن ابی حازم قال صلی بنا سعد بن مالك فقام فی الرکعتين الاولیين فقالوا سبحان الله فقال سبحان الله فمضٰی فلما سلم سجد سجدتی السهو. (طحاوی ج۱ ص۲۹۸)

حضرت قیس بن حازم ؒ فرماتے ہیں کہ ہمیں سعد بن مالک ؓ نے نماز پڑھائی تو آپ (بھولے سے) پہلی دو رکعتوں ہی میں کھڑے ہو گئے لوگوں نے سبحان اللہ کہا تو آپ نے بھی سبحان اللہ کہا اور کھڑے ہی رہے پھر (نماز پوری کر کے) سلام پھیرا اور دو سجدہ سہو کیے۔

قارئین کرام! آپ نے حنفی مذہب کے دلائل ملاحظہ فرمائے جن سے ثابت ہوتا ہے کہ حنفی مذہب حدیث کے عین مطابق ہے۔ رہی وہ روایت جو مولانا جوناگڑھی نے نقل کی ہے۔ اس کا جواب یہ ہے۔

جواب:

یہ روایت منسوخ ہے۔ نواب قطب الدین محدث دہلوی فرماتے ہیں: حضرت عمر فاروق ؓ کے بارے میں بھی ثابت ہوا ہے کہ وہ سلام پھیرنے کے بعد ہی سجدہ سہو کیا کرتے تھے لہٰذا حضرت عمر کا عمل اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ حدیث منسوخ ہے۔

(مظاهر حق شرح مشکٰوة جلد اول ص۶۷۵)

اعتراض نمبر۱۳۳:

نماز نبی کو باطل کر دیا

(یعنی اگر کسی نے پانچ رکعتیں پڑھ لیں تو ساری نماز باطل ہو جائے گی)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوٰۃ ص۹۲ جلد اول باب السہو میں ہے عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلَّی الظُّهْرَ خَمْسًا فَقِیْلَ لَهٗ اَزِیْدَ فِی الصَّلٰوۃِ فَقَالَ وَمَا ذَاکَ قَالُوْا صَلَّیْتَ خَمْسًا فَسَجَدَ سَجْدَتَیْنِ. بخاری مسلم کی یہ حدیث ہے اس میں ہے کہ حضور ﷺ نے ایک مرتبہ سہو سے ظہر کی نماز پانچ رکعت پڑھا دی جب لوگوں سے معلوم ہوا تو آپ نے دو سجدے سہو کے کر لیے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب اس کے برخلاف فتویٰ دیتا ہے کہ وَاِنْ قَیَّدَ الْخَامِسَةَ بِسَجْدَةٍ بَطَلَ فَرْضُهٗ عِنْدَنَا یعنی اگر کسی نے بھولے سے پانچویں رکعت مع سجدہ ادا کر لی تو اس کی وہ ساری فرض نماز باطل ہو گئی۔ کہو بھائیو! فقہ سچی اور رسول اللہ کی نماز باطل؟ یا فقہ باطل اور رسول اللہ ﷺ کی نماز صحیح؟ مسئلہ شریعت کا یہ کہ ایسے وقت صرف دو سجدے سہو کے کر لینے حدیث کے مطابق کافی ہیں؟ یا یہ کہ فقہ کے مطابق ساری نماز نئے سرے سے پڑھے؟ جواب دیتے وقت فقہ و حدیث کا فرق سامنے رہے۔ گور و محشر سوالِ قہار و جبار بھی سامنے رہے۔ (شمع محمدی ص۱۵۰، فتح المبین علی رد مذاهب المقلدین ص۵۴، ۱۳۵)

جواب:

اس بات پر اجماع ہے کہ نماز میں آخری قعدہ میں بیٹھنا فرض ہے۔ اور اس پر بھی

اتفاق ہے کہ فرض کے چھوٹ جانے سے نماز نہیں ہوتی، اس لیے امام ابوحنیفہ کا مسلک یہ ہے کہ چوتھی رکعت میں قعدہ کے لیے بیٹھے بغیر پانچویں رکعت میں کھڑے ہو جانے سے فرض نماز ادا نہیں ہو گی کیوں کہ آخری قعدہ جو کہ فرض ہے فوت ہو گیا ہے، بلکہ اس صورت میں یہ نماز نفل ہو جائے گی۔ جب یہ دونوں قاعدے مسلم ہیں تو فقہی نقطہ نظر سے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مسلک پر کوئی اعتراض نہیں کیا جا سکتا۔

جب تک کہ یہ ثابت نہ ہو جائے کہ روایات میں مذکور واقعہ میں حضور اکرم ﷺ چوتھی رکعت میں قعدہ کے لیے نہیں بیٹھے تھے۔ جب روایات اس بارے میں خاموش ہیں اور بیٹھنے یا نہ بیٹھنے سے کسی کی بھی تصریح نہیں کرتیں۔ تو ایک محتمل امر کی بنا پر امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے فقہ و درایت کے لحاظ سے مضبوط مسلک پر اعتراض کرنے کا کوئی جواز نہیں بنتا۔

اعتراض نمبر۱۳۴:

سجدہ سہو کا مسئلہ

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوٰۃ جلد اول ص۹۲ باب السہو میں ہے عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِیْ صَلٰوتِهٖ فَلَمْ یَدْرِ كَمْ صَلّٰی ثَلٰثًا اَوْ اَرْبَعًا فَلْیَطْرِحِ الشَّكَّ وَلْیَبْنِ عَلٰی مَا اسْتَیْقَنَ ثُمَّ یَسْجُدُ سَجْدَتَیْنِ قَبْلَ اَنْ یُسَلِّمَ الخ (رواہ مسلم) یعنی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ جب تم میں سے کسی کو اپنی نماز کی رکعتوں کی گنتی میں شک پیدا ہو جائے کہ نہ معلوم تین پڑھیں یا چار تو چاہیے کہ شک چھوڑ دے اور یقین پر بنا کرے پھر سلام سے پہلے دو سجدے کر لے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا وہ اس کے بالکل برعکس کہتا ہے وَمَنْ شَكَّ فِي صَلٰوتِهٖ فَلَمْ يَدْرِ ثَلٰثًا صَلّٰى اَمْ اَرْبَعًا وَذٰلِكَ اَوَّلُ مَا عَرَضَ لَهٗ اسْتَاْنَفَ (ھدایہ ص ۱۴۰ جلد اول باب سجود السھو) یعنی جسے اول اول دفعہ اپنی نماز کی رکعتوں کی گنتی میں شک پیدا ہو جائے کہ نہ معلوم تین پڑھیں یا چار تو اسے چاہیے کہ نئے سرے سے دوسری نماز پڑھے۔ کہو میرے بھائیو! رسول اللہ ﷺ کی بات شریعت یا جو آپ کے خلاف کہے اس کی بات شریعت؟ وہ تو کر گئے جو کر گئے اب تم بتاؤ کیا کرو گے؟ (شمع محمدی ص ۱۵۰)

جواب:

مولانا جونا گڑھی نے احناف کا مسلک بھی پورا نقل نہیں کیا ہدایہ کی جو عبارت نقل کی ہے اس میں بھی خیانت کی ہے۔ اللہ ان کو معاف فرمائے۔

اس مسئلہ میں امام ابوحنیفہ کا صحیح مسلک ملاحظہ فرمائیں:

نواب قطب الدین محدث دہلوی حنفی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

اس مسئلہ میں امام اعظم ابوحنیفہ کا مسلک کا ماحصل یہ ہے کہ اگر کسی شخص کو نماز میں شک ہو جائے کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں تو اگر اس شخص کی عادت شک کرنے کی نہ ہو تو اس کو چاہیے کہ پھر نئے سرے سے نماز پڑھے اور اگر اس کو شک ہونے کی عادت ہو تو اپنے غالب گمان پر عمل کرلے جتنی رکعتیں اس کو غالب گمان سے یاد پڑیں تو اسی قدر رکعتیں سمجھے کہ پڑھ چکا ہے اور اگر غالب گمان کسی طرف نہ ہو تو کمتر عدد کو اختیار کرے مثلاً کسی کو ظہر کی نماز میں شک ہوا کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار اور غالب گمان کسی طرف نہ ہو تو اس کو چاہیے کہ تین رکعتیں شمار کرے، ایک رکعت اور پڑھ کر نماز پوری کرلے پھر سجدہ سہو کرلے۔

اتنی بات سمجھ لیجیے کہ غالب گمان پر عمل کرنے کی وجہ یہ ہے کہ شریعت میں غالب گمان کو اختیار کرنے کی اصل موجود ہے۔ جیسا کہ اگر کوئی شخص کسی ایسی جگہ نماز پڑھنا چاہے جہاں اسے قبلہ کی سمت معلوم نہ ہو سکے تو اس کے لیے حکم ہے کہ وہ جس سمت کے بارے میں

غالب گمان رکھے کہ ادھر قبلہ ہے اسی طرف منہ کر کے نماز پڑھ لے اس کی نماز ہو جائے گی۔

غالب گمان کو اختیار کرنے کے سلسلہ میں احادیث بھی مروی ہیں۔ چنانچہ صحیحین میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی ایک روایت ہے جس کے الفاظ یہ ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کسی کو نماز میں شک واقع ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ صحیح رائے قائم کرے (یعنی کسی ایک پہلو پر غالب گمان کر کے) نماز پوری کرلے اس حدیث کو شمنی نے بھی شرح نقایہ میں نقل کیا ہے۔ نیز جامع الاصول میں بھی نسائی سے ایک حدیث تحری (غالب گمان) پر عمل کرنے کے صحیح ہونے کے بارے میں منقول ہے۔

امام محمد رحمہ اللہ نے اپنی کتاب موطا میں تحری کی افادیت کے سلسلہ میں یہ کہتے ہوئے کہ تحری کے سلسلہ میں بہت آثار وارد ہیں بڑی اچھی بات یہ کہی ہے کہ اگر ایسا نہ کیا جائے یعنی تحری کو قابل قبول نہ قرار دیا جائے تو شک اور سہو سے نجات ملنی بڑی مشکل ہو جائے گی اور شک وشبہ کی صورت میں اعادہ بڑی پریشانیوں کا باعث بن جائے گا۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ نے اس موقع پر مسئلہ مذکور کا تجزیہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس موقع پر حاصل کلام یہ ہے کہ اس مسئلہ کے سلسلہ میں تین احادیث منقول ہیں۔ پہلی حدیث کا مطلب یہ ہے کہ نماز میں جب بھی کسی کو شک واقع ہو جائے تو وہ نماز کو از سر نو پڑھے۔ دوسری حدیث کا ماحصل یہ ہے کہ جب کسی کو نماز میں شک واقع ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ صحیح بات کو حاصل کرنے کے لیے تحری کرے یعنی غالب گمان پر عمل کرے۔ تیسری حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ جب نماز میں شک واقع ہو تو یقین پر عمل کرنا چاہیے یعنی جس پہلو پر یقین ہو اسی پر عمل کیا جائے۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے ان تینوں حدیثوں کو اپنے مسلک میں جمع کر دیا ہے اس طرح کہ انہوں نے پہلی حدیث کو تو پہلی مرتبہ شک واقع ہونے کی صورت پر محمول کیا ہے۔ دوسری حدیث کو کسی ایک پہلو غالب گمان ہونے کی صورت پر محمول کیا ہے اور تیسری حدیث کو کسی بھی پہلو پر غالب گمان نہ ہونے کی

صورت پر محمول کیا ہے۔

حضرت شیخ عبدالحق فرماتے ہیں کہ یہ حضرت امام اعظم کے مسلک کی کمال جامعیت اور انتہائی محقق ہونے کی دلیل ہے۔ (مظاہر حق شرح مشکوٰۃ جلد اول ص ۶۷۱، ۶۷۲)

قارئین کرام! ہم نے مسئلہ کو واضح کرنے کے لیے مظاہر حق سے کافی لمبی عبارت نقل کر دی ہے۔ اب زیادہ ضرورت نہیں کہ ہم کچھ مزید عرض کریں مگر ہمیں واسطہ ایسے لوگوں سے پڑا ہے جو ضدی قسم کے ہیں۔ اس لیے ہم ایسی تینوں قسم کی روایات کا بحوالہ ذکر بھی کر دیتے ہیں۔ جن کا ذکر شیخ عبدالحق نے فرمایا ہے۔ اور وہ تینوں قسم کی روایات ہدایہ میں بھی موجود ہیں۔

پہلی قسم کی حدیث:

اگر کسی شخص کو پہلی بار اپنی نماز میں شک ہوا ہو تو ایسا شخص نماز از سرنو پڑھے۔ ہدایہ کی جو عبارت نقل کی ہے اس کے آگے صاحب ہدایہ نے حدیث سے اس مسئلہ کی دلیل بھی نقل کی تھی جو مولانا نے نقل نہیں کی اگر نقل کر دیتے تو اعتراض خود ہی ختم ہو جاتا۔ ہم یہاں پر ہدایہ کی پوری عبارت نقل کرتے ہیں۔ جس سے مولانا جونا گڑھی کی خیانت کا علم بھی ہو جائے گا۔ اور حدیث کا پتہ بھی چل جائے گا۔ ہدایہ کی مکمل عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

وَمَنْ شَكَّ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَلَمْ يَدْرِ ثَلٰثًا صَلّٰى؟ اَمْ اَرْبَعًا وَذٰلِكَ اَوَّلُ مَا عَرَضَ لَهٗ اسْتَاْنَفَ لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلَاتِهٖ اَنَّهٗ كَمْ صَلّٰى فَلْيَسْتَقْبِلِ الصَّلَاةَ.

اور جس شخص کو اپنی نماز میں شک ہو گیا چنانچہ اسے یہ نہیں معلوم کہ اس نے تین رکعات پڑھی یا چار اور یہ شک اسے پہلی مرتبہ عارض ہوا ہے تو وہ شخص از سرنو نماز پڑھے۔ اس لیے کہ آپ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ جب تم میں سے کسی شخص کو اس کی نماز میں شک ہو جائے کہ اس نے کتنی رکعات پڑھی ہیں تو وہ از سرنو نماز پڑھے۔ (ھدایہ باب سجود السھو)

یہ حدیث حضرت عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے۔ علامہ زیلعی حنفی نے نصب الرایہ میں حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی نے درایہ میں اور ہدایہ کی دیگر شروحات میں اس کی تفصیل دیکھی جا سکتی ہے۔ علامہ انور شاہ کشمیری نے العرف الشذی شرح ترمذی ج ۲ ص ۳۴۰ میں بھی نقل کیا ہے۔

اس حدیث کے علاوہ بھی متعدد روایات سے یہ مفہوم نکلتا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں

حدیث:

ابن ابی شیبہ نے مصنف میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی اس قسم کی روایت نقل کی ہے ملاحظہ فرمائیں۔

عن ابن عمر فی الذی لا یدری ثلاثا صلی او ر اربعا قال یعید حتی یحفظ.

(مصنف ابن ابی شیبة ص۲۸ ج۲، باب من قال اذا شك فلم يدر كم صلی اعاد)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں جو شخص یہ نہ جانے کہ تین پڑھیں یا چار وہ اعادہ کرے یہاں تک کہ ٹھیک یاد ہو۔

حدیث:

عن ابن سیرین عن ابن عمر قال اما انا فاذا لم ادر کم صلیت فانی اعید.

(مصنف ابن ابی شیبة ص۲۷، ۲۸ ج۲ باب: من قال اذا شك فلم يدر كم صلی اعاد)

ابن سیرین کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ جب میں شک کرتا ہوں کہ میں نے کتنی رکعتیں پڑھی تو اعادہ کر لیتا ہوں۔

ابن ابی شیبہ نے سعید بن جبیر، ابن الحنفیہ اور قاضی شریح سے بھی یہی روایت کیا ہے۔

(دیکھئے مصنف ابن ابی شیبہ ج ۲ باب: من قال اذا شک فلم یدر کم صلی ا۔)

علامہ کاسانی نے بدائع الصنائع میں نقل کیا ہے کہ حضرت ابن عباس، اور عبداللہ بن
عمرو بن العاص سے بھی یہی مروی ہے۔ امام شعبی اور امام طاؤس سے بھی یہ ہی منقول ہے۔

ان دلائل سے اتنی بات تو ثابت ہوگئی کہ امام صاحب کے حوالہ سے صاحب ہدایہ نے
جو بات ذکر کی اس کی کچھ نہ کچھ اصل روایات میں موجود ہے۔ اور امام صاحب کو بھی زندگی
میں صرف پہلی بار شک ہوا ہو اس کے متعلق یہ کہتے ہیں کہ ہر شک والے کا یہ حکم نہیں ہے۔
دوسری بات احناف کے ہاں اس طرح کرنا یعنی از سر نو نماز پڑھنا کوئی ضروری نہیں نہ فرض
ہے نہ واجب نہ سنت صرف جواز کی حد تک ہے اور وہ بھی اس مسئلہ میں وارد ان احادیث
وآثار مذکورہ کی وجہ سے۔

امام ترمذی نے بھی یہ بات نقل کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں: اور کہا بعض علماء نے جب
شک کرے نماز میں تو پھر دوبارہ پڑھے۔ (ترمذی باب: فیمن یشک فی الزیادة
والنقصان) امام شوکانی نے بھی نیل الاوطار میں یہ مسئلہ لکھا ہے۔

دوسری قسم کی حدیث:

صاحب ہدایہ اس عبارت کے آگے لکھتے ہیں (ترجمہ ملاحظہ فرمائیں)
اور اگر مصلی کو زیادہ شک پیش آتا ہو تو وہ اپنی اکبر رائے کے مطابق بنا کرے اس لیے
کہ آپ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے جس شخص کو اس کی نماز میں شک ہو جائے وہ درستگی کی تحری
کرے۔ (یعنی غالب گمان کرے پھر جس طرف اس کا غالب گمان ہو اس پر عمل کرے)

یہ اس مسئلے کا دوسرا جزء ہوا اور صاحب ہدایہ نے اس کی دلیل بھی ساتھ نقل کر دی ہے۔
وہ مکمل حدیث اس طرح ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے نماز پڑھائی ابراہیم نے
کہا مجھے پتا نہیں اس نماز میں آپ ﷺ نے کچھ زیادتی کی یا کمی کی۔ پس جب آپ نے
سلام پھیرا تو آپ سے کہا گیا یا رسول اللہ کیا نماز میں کوئی نیا حکم نازل ہوا ہے آپ نے پوچھا

اس کا کیا مطلب ہے۔ صحابہ نے کہا آپ نے اس طرح اور اس طرح نماز پڑھی ہے آپ
نے اپنے پیر موڑے اور قبلہ کی طرف منہ کیا اور دو سجدے کیے پھر سلام پھیرا۔ پھر ہماری
طرف منہ کر کے فرمایا اگر نماز میں کوئی نیا حکم نازل ہوتا تو میں تمہیں اس کی خبر دیتا لیکن میں
صرف تمہاری مثل بشر ہوں میں اس طرح بھولتا ہوں جس طرح تم بھولتے ہو پس جب میں
بھول جاؤں تو تم مجھے یاد دلایا کرو اور جب تم میں سے کسی کو نماز میں شک ہو جائے تو اسے
غور کر کے صحیح بات معلوم کرنی چاہیے (وَاِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِي الصَّلٰوةِ فَلْيَتَحَرَّى
الصَّوَابَ) پھر اپنی نماز پوری کرنی چاہیے پھر سلام پھیر کر دو سجدے کرنے چاہییں۔
(بخاری کتاب الصلوٰة، باب: التوجه نحو القبلة حيث كان حديث
نمبر ۴۰۱)

بخاری میں اس باب کے علاوہ بھی چار اور مقامات پر یہ حدیث امام بخاری نے نقل کی
ہے۔ یہ حدیث مسلم، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، مصنف ابن ابی شیبہ، سنن الکبری بیہقی، المنتقی،
ابن جارود، صحیح ابن خزیمہ، دار قطنی، مسند احمد، جامع المسانید ابن جوزی وغیرہ میں موجود
ہے۔ اس حدیث سے احناف کا مذہب تحری کرنا ثابت ہوتا ہے۔

اس حدیث کے علاوہ بھی تحری کرنے کی احادیث مروی ہیں۔ بعض کا ذکر مظاہر حق کی
عبارت میں گزر چکا ہے۔ علامہ عینی نے لکھا ہے کہ امام قدوری فرماتے ہیں کہ ہمارے
اصحاب یعنی امام ابوحنیفہ اور ان کے شاگردوں کا قول ہے کہ شک کرنے والا تحری کرے اور
اس میں کوئی تفصیل نہیں فرمائی اور یہی اصول کی روایت ہے۔ (عینی شرح ہدایہ)

تیسری قسم کی حدیث:

اس مسئلہ کا تیسرا جزء یہ ہے کہ جس پر یقین ہو اس پر عمل کرے یہ اس وقت ہو سکتا ہے
جب اس کی تحری کسی بات پر نہ جمے یعنی غلبہ ظن حاصل نہ ہو تو کیا کرے اس کے متعلق
صاحب ہدایہ آگے فرماتے ہیں:

اوراگراس کی کوئی رائے نہ ہوتو یقین پر بناء کرے اس لیے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ
جسے اپنی نماز میں شک ہوگیا اور وہ یہ نہیں جانتا کہ اس نے تین رکعات پڑھی ہے یا چار تو وہ
شخص اقل پر بنا کرے۔

یہ حدیث ترمذی کتاب الصلاۃ باب فیمن شک فی الزیادۃ والنقصان میں حضرت
عبدالرحمٰن بن عوف سے اس طرح مروی ہے۔

پہلی حدیث:

روایت ہے عبدالرحمٰن بن عوف سے کہا سنا میں نے نبی ﷺ سے فرماتے تھے جب
بھول جاوے کوئی شخص نماز میں اور نہ جانے کہ دو پڑھیں یا ایک یعنی رکعتیں تو ایک قرار دے
اور اگر نہ جانے کہ دو پڑھیں یا تین تو دو قرار دے اور اگر نہ جانے کہ تین پڑھیں یا چار تو تین
قرار دے اور جو باقی ہو سو پڑھ کر آخر میں دو سجدے کرے قبل سلام کے۔

دوسری حدیث:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں
سے کسی شخص کو نماز میں شک ہو جائے اور پتہ نہ چلے کہ اس نے تین رکعت پڑھی ہے یا چار تو
شک کو ساقط کر دے اور جتنی رکعات کا یقین ہو اس کے مطابق نماز پڑھے اور سلام سے پہلے
دو سجدے کر لے اور اگر اس نے (واقع میں) پانچ رکعات پڑھی ہیں تو ان دو سجدوں کے
ساتھ چھ رکعات ہو جائیں گی اور اگر چار رکعات پڑھی ہیں تو یہ دو سجدے شیطان کی ذلت کا
سبب ہو جائیں گے۔(مسلم باب السهو فی الصلوۃ والسجود)

ہم نے تینوں قسم کی احادیث نقل کر دی ہیں اس لیے کہ کسی کے خیال میں آئے کہ شیخ
عبدالحق نے یہ کہا ہے مگر نقل نہیں کیں۔ ویسے ہمیں تو اول قسم کی ضرورت تھی کیوں کہ مولانا
جونا گڑھی کو صرف اسی پر اعتراض تھا۔ رہی وہ روایت جو جونا گڑھی نے نقل کی ہے ہم اس

کے مخالف نہیں ہم اس کا وہ مفہوم لیتے ہیں جو شیخ عبدالحق محدث دہلوی حنفی نے بیان کیا
ہے۔

اعتراض نمبر ۱۳۵:

فطرے کا مسئلہ

(یعنی فطرے کے لیے صاحب نصاب ہونا شرط ہے)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوۃ شریف جلد اول ص ۱۶۱ باب صدقۃ الفطر میں ہے وَاَمَّا فَقِیْرُکُمْ فَیُرَدُّ عَلَیْہِ
اَکْثَرَ مِمَّآ اَعْطَاہُ رواہ ابوداؤد یعنی صدقۃ الفطر مسکین فقیر بھی ادا کریں اللہ تعالیٰ انہیں
اوروں سے اس سے بھی زیادہ دلوادے گا۔ معلوم ہوا کہ فطرہ ادا کرنے کے لیے مالداری
شرط نہیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا ان کی فقہ کی کتاب ہدایہ ص ۱۸۸ جلد اول باب صدقۃ
الفطر میں ہے اِذَا کَانَ مَالِکًا لِمِقْدَارِ النِّصَابِ یعنی فطرہ اس وقت واجب ہوگا جب زکوۃ
کے واجب ہونے کے برابر کا وہ مالک ہو۔ کہو حنفی بھائیو! پیغمبر کی مانو گے یا فقہ کی؟
(شمع محمدی ص ۱۵۱، ظفر المبین حصہ دوم ص ۸۶)

جواب:

عید فطر کے دن جو صدقہ دیا جاتا ہے اس کو صدقۃ الفطر اور زکوۃ الفطر کہتے ہیں۔ چونکہ
پورے رمضان روزے رکھ کر وہ افطار کا دن ہوتا ہے اس لیے اس کو صدقۃ الفطر کہتے ہیں۔
نیز قرآن کریم میں صدقۃ الفطر پر زکوۃ کا اطلاق کیا گیا ہے مثلاً قرآن میں آتا ہے۔ قَـدْ

اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ترجمہ بے شک اس نے فلاح پائی جو پاک ہو گیا اور جس نے اپنے رب کا نام یاد رکھا اور نماز پڑھتا رہا۔ (پ۳۰، سورۃ الاعلیٰ:۱۴، ۱۵)

ان دو آیتوں میں بہت سے مفسرین کے قول کے مطابق صلوٰۃ سے مراد صلوٰۃ عید ہے اور تزکی سے مراد صدقۃ الفطر کی ادائیگی ہے۔ (دیکھئے تفسیر روح المعانی ج۱۵ ص۱۲۶ جزء عم سورۃ الاعلیٰ آیت نمبر۱۴، ۱۵ کی تفسیر میں حضرت علی کی روایت میں ہے ''تزکی'' ای تصدق صدقہ ذکر اسم ربہ کبر یوم العید فصلی صلاۃ العید وعن جماعۃ من السلف ما یقتضی ظاہرہ)

احادیث میں جابجا صدقۃ الفطر کو زکوٰۃ الفطر کے الفاظ سے تعبیر کیا گیا ہے۔

۱...... چنانچہ حضرت ابوسعید خدری ؓ کی روایت ترمذی ابواب الزکوۃ باب ماجاء فی صدقۃ الفطر میں موجود ہے۔ اس میں آتا ہے عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ کُنَّا نُخْرِجُ زَکٰوۃَ الْفِطْرِ

۲...... ترمذی کے اسی باب میں حضرت عبداللہ بن عمر ؓ کی روایت بھی موجود ہے اس میں بھی فَرَضَ زَکٰوۃَ الْفِطْرِ مِنْ رَمَضَانَ کے الفاظ موجود ہیں۔

۳...... حضرت عبداللہ بن عمر ؓ ہی کی ایک روایت ترمذی باب ماجاء فی تقدیمہا قبل الصلوۃ میں آتی ہے اس میں یہ الفاظ ہیں یَاْمُرُ بِاِخْرَاجِ الزَّکٰوۃِ قَبْلَ الْغُدُوِّ لِلصَّلٰوۃِ.

۴...... سنن الکبریٰ بیہقی باب جماع ابواب زکوٰۃ الفطر ج۴ ص۲۶۸ میں ایک روایت جس کے الفاظ اس طرح ہیں۔

عن کثیر بن عبداللہ المزنی عن ابیہ عن جدہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سئل عن قولہ (قد افلح من تزکی وذکر اسم ربہ فصلی آیت نمبر۱۴، ۱۵ پارہ نمبر۳۰ سورۃ الاعلیٰ) قال ھی زکٰوۃ الفطر.

ان دلائل سے واضح ہوتا ہے کہ صدقۃ الفطر کو زکوٰۃ الفطر کہنا اور سمجھنا قرآن وسنت اور صحابہ کرام ؓ سے ثابت ہے لہٰذا جب صدقۃ الفطر کو زکوٰۃ قرار دیا گیا تو اس کا نصاب بھی وہی ہوگا جو زکوٰۃ کا ہے۔ فقہ حنفی میں صدقۃ الفطر واجب ہونے کے لیے تین شرطیں ہیں:

(۱) آدمی آزاد ہو (۲) مسلمان ہو (۳) مقدار نصاب کا مالک ہو۔ شرط نمبر۳ پر مولانا جوناگڑھی کو اعتراض ہے کہ یہ جو ہدایہ میں لکھا ہے غلط ہے فطرانہ دینے کے لیے غنی کا ہونا ضروری نہیں، مسکین فقیر بھی ادا کریں گے۔

حنفی مسلک کے دلائل

حدیث نمبر۱:

حضرت ابن عباس ؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاذ بن جبل کو جب یمن کی طرف بھیجا تو ان سے فرمایا: تم عنقریب اہل کتاب کی قوم کی طرف جاؤ گے سو جب تم ان کے پاس جاؤ تو پہلے ان کو یہ دعوت دینا کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے اور یہ کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں پس اگر وہ اس دعوت میں تمہاری اطاعت کرلیں تو پھر ان کو یہ خبر دینا کہ اللہ نے ان پر ہر دن اور رات میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں پس اگر وہ اس میں تمہاری اطاعت کرلیں تو پھر ان کو یہ خبر دینا کہ اللہ نے ان پر زکوٰۃ فرض کی ہے۔ (تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِیَائِہِمْ فَتُرَدُّ عَلٰی فُقَرَائِہِمْ) جو ان کے مالدار لوگوں سے لی جائے گی اور ان کے فقراء کی طرف لوٹا دی جائے گی۔ پس اگر وہ اس میں تمہاری اطاعت کرلیں تو تم ان کے اموال میں سے عمدہ چیزوں سے اجتناب کرنا اور مظلوم کی دعا سے ڈرنا کیوں کہ مظلوم کی دعا اور اللہ کے درمیان کوئی حجاب نہیں ہوتا۔

(بخاری، کتاب الزکوٰۃ، باب: اخذ الصدقۃ من الاغنیاء وترد فی الفقراء حیث ماکانوا ص۲۰۳ ج۱)

حدیث سے معلوم ہوا کہ زکوٰۃ صدقہ مال داروں سے لیا جائے گا۔ اور مال دار اس کو کہتے ہیں کہ حاجت اصلیہ سے مقدار نصاب مال زیادہ ہو۔

حدیث نمبر۲:

وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا صَدَقَةَ اِلَّا عَنْ ظَهْرِ غِنًى.

آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ عمدہ صدقہ وہی ہے جس کے بعد آدمی مال دار ہی رہے۔ (یعنی فقیر نہ ہو جائے)

(بخاری کتاب الوصایا، باب: تاویل قول اللہ تعالیٰ من بعد وصیة توصون بها او دین. تعلیقًا)

امام بخاری نے کتاب الزکوۃ میں ایک مستقل باب بھی اس نام سے باندھا ہے۔

باب لا صدقة الا عن ظهر غنى

باب صدقہ وہی بہتر ہے جس کے بعد آدمی کے مال دار رہنے میں بظاہر کوئی فرق نہ آئے۔

اس باب میں آگے امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

اور جو خیرات کر کے خود محتاج و فقیر ہو جائے یا اس کے گھر والے یا خود مقروض ہے تو قرض اتارنا خیرات دینے سے بہتر ہے۔

حدیث نمبر۳:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا بہترین خیرات وہی ہے جس کے دینے کے بعد بھی آدمی مال دار رہے اور پہلے انہیں خیرات دے جو تیری نگہبانی میں ہیں۔ (بخاری، کتاب الزکوٰۃ، باب: لا صدقة الا عن ظهر غنى)

حدیث نمبر۴:

حکیم بن حزام کی روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اوپر والا (دینے والا) ہاتھ

نیچے والے (لینے والے) ہاتھ سے بہتر ہے۔ اور پہلے اپنے اہل و عیال، اعزہ و اقرباء کو خیرات دے اور بہترین خیرات وہی ہے جسے دے کر بھی آدمی مال دار رہے اور جو کوئی سوال کرنے سے بچنے کی کوشش کرے گا اللہ تعالیٰ اسے بچائے گا۔ جو غناء کی دعا کرے گا اللہ تعالیٰ اسے غنی رکھے گا۔

(بخاری کتاب الزکوٰة باب: لا صدقة الا عن ظهر غنى)

حدیث نمبر۵:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا اصل صدقہ تو دل کے غناء کے ساتھ ہوتا ہے اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہوتا ہے اور تم صدقہ و خیرات میں ان لوگوں سے ابتدا کرو جو تمہاری ذمہ داری میں آتے ہیں۔ (مسند احمد ۷۱۵۵)

ہم نے حنفی مسلک کے دلائل نقل کر دیئے جن سے ثابت ہوتا ہے کہ غنی پر یعنی صاحب نصاب پر صدقۃ الفطر واجب ہے مسکین و فقیر پر نہیں۔ رہی وہ روایت جو مولانا جوناگڑھی نے نقل کی ہے اس کے کئی جواب ہیں۔

جواب نمبر۱:

یہ حدیث قابل حجت نہیں کیوں کہ اس کی سند میں نعمان بن راشد موجود ہے جو سخت قسم کا ضعیف ہے۔ اس کے متعلق امام بخاری نے فرمایا کہ یہ وہمی ہے امام احمد نے فرمایا کہ یہ مضطرب الحدیث ہے۔ امام نسائی اس کو ضعیف اور کثیر الغلط کہتے ہیں۔ (تھذیب)

جواب نمبر۲:

جوناگڑھی نے حدیث کے الفاظ صرف مِمَّا اَعْطَاهُ تک نقل کیے ہیں جب کہ ابوداؤد میں اس کے آگے یہ الفاظ بھی موجود تھے زَادَ سُلَيْمَانُ فِيْ حَدِيْثِهٖ غَنِيٍّ اَوْ فَقِيْرٍ سلیمان نے اپنی روایت میں غنی اور فقیر زائد کیا۔ یعنی اصل حدیث جو تھی وہ انثی تک تھی اس حدیث

کے راوی سلیمان بن داؤد نے یہ الفاظ اپنی طرف سے بڑھا دیے ہیں۔

جواب نمبر۳:

قرآن حکیم سے پتہ چلتا ہے کہ زکوٰۃ صدقات جن لوگوں کو دینی چاہیے ان میں فقرا اور مسکین شامل ہیں جیسا کہ اس آیت میں ہے۔

اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاکِیْنِ (التوبہ:۶۰)

صدقے صرف فقیروں کے لیے ہیں اور مسکینوں کے لیے۔

اس آیت سے ایک اصول سمجھ آتا ہے کہ زکوٰۃ لینے والوں میں فقیر اور مسکین شامل ہیں دینے والوں میں نہیں۔

جواب نمبر۴:

عقلی طور پر بھی یہ بات عجیب سی لگتی ہے کہ فقیر فطرہ دے بھی اور دوسروں کا فطرہ لے بھی۔

اعتراض نمبر ۱۳۶:

غیر مسلمان کو مسلمان کی جگہ کر دیا

(یعنی کافر غلام کی طرف سے فطرہ ادا کرنا)

صاحب شمع محمدی نقل کرتے ہیں:

اسی فطرے کی حدیثوں میں صاف یہ لفظ ہیں مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ اور عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ وغیرہ ملاحظہ ہو مشکوٰۃ ص ۱۶۰ جلد اول باب صدقۃ الفطر اس سے ظاہر ہے کہ فطرہ مسلمان کی طرف سے ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا وہ نہایت آزادی سے اس قید کو مہمل قرار دیتے ہوئے حکم دیتا ہے کہ وَيُؤَدِّي الْمُسْلِمُ الْفِطْرَ عَنْ عَبْدِهِ الْكَافِرِ کسی مسلمان کا کوئی کافر غلام ہو تو اس کی طرف سے بھی اسے فطرہ ادا کرنا ضروری ہے۔

(شمع محمدی ص ۱۵۲، ظفر المبین حصہ دوم ص ۸۷)

جواب:

جوناگڑھی نے جن دو حدیثوں کا حوالہ دیا ہے ان میں سے من المسلمین کے الفاظ حضرت عبداللہ بن عمر کی روایت کے ہیں۔ جو مشکوٰۃ باب صدقۃ الفطر الفصل الاول کی پہلی حدیث ہے۔ مگر اس میں یہ خاص بات کہیں نہیں کہ مسلمان آقا اپنے کافر غلام کی طرف سے صدقۃ الفطر نہ دے۔

دوسری روایت حضرت عمرو بن شعیب سے مروی ہے۔ اسی باب کی فصل الثالث کی پہلی حدیث ہے جس میں آتا ہے۔ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ اس روایت میں بھی یہ خاص مسئلہ نہیں ہے کہ آزاد آقا اپنے کافر غلام کی طرف سے صدقۃ الفطر ادا نہ کرے۔ جس سے ثابت ہوا کہ فقہ حنفی کا یہ مسئلہ حدیث کے خلاف نہیں ہے۔ حنفی مسلک میں اس مسئلے کی بنیاد کیا ہے وہ ملاحظہ فرمائیں۔

حنفی مسلک کے دلائل

(۱)......امام بخاری نے ج ۱ ص ۲۰۵ کتاب الزکوٰۃ میں ایک باب قائم کیا ہے۔

باب: صَدَقَةُ الْفِطْرِ عَلَى الْحُرِّ وَالْمَمْلُوْكِ

باب: آزاد اور غلام پر صدقہ فطر واجب ہونا

اب سوال یہ پیدا ہوا کہ غلام اور باندیاں تو کسی چیز کے مالک نہیں ہوتے ان پر صدقہ فطر کیسے واجب کیا گیا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ان کا مالک ان کی طرف سے صدقہ فطر ادا

کرے گا۔

(۲)..... مسلم شریف ج ۱ ص ۳۱۶ کتاب الزکوٰۃ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث مروی ہے جس کے الفاظ اس طرح ہیں۔

قال لیس فِی العَبْدِ صَدَقَةٌ اِلَّا صَدَقَةُ الْفِطْرِ

نبی کریم ﷺ نے فرمایا غلام پر زکوٰۃ (ادا کرنا واجب) نہیں ہے۔ مگر صدقہ فطر (ادا کرنا واجب) ہے۔ اس حدیث میں بھی مسلمان کی قید موجود نہیں۔

(۳)..... جعفر بن محمد (یعنی امام جعفر صادق بن امام محمد باقر) اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے چھوٹے اور بڑے اور آزاد اور غلام غرض ہر اس شخص سے جو تمہاری عیال داری میں ہوں صدقہ فطر ادا کرنے کا حکم کیا ہے۔

(تلخیص الحبیر، مسند امام شافعی مترجم جلد ۲ ص ۴۰۷)

احناف کے نزدیک ہر قسم کی مملوک کی طرف سے خواہ وہ مسلمان ہو یا کافر صدقہ فطر ادا کرنا مالک کے ذمے ضروری ہے جس پر وہ روایات دال ہیں جن میں من المسلمین کا لفظ نہیں۔

(۴)..... حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا صدقہ فطر ہر چھوٹے اور بڑے مذکر اور مونث یہودی اور عیسائی (غلام) آزاد اور غلام کی طرف سے ادا کیا جائے گا جو گندم کا نصف صاع ہوگا یا کھجور کا ایک صاع ہوگا یا جو کا ایک صاع ہوگا۔

(سنن دار قطنی مترجم جلد ۵ ص ۳۵۴ کتاب زکوۃ الفطر)

اگر چہ اس حدیث کے ایک راوی سلام طویل پر کچھ جرح بھی موجود ہے۔ مگر اس سے یہ ثابت ہو گیا کہ کافر غلام کی طرف سے صدقہ فطر ادا کرنا چاہیے۔

(۵)..... مصنف ابن ابی شیبہ ج ۲ ص ۴۹۹ میں ایک حدیث ہے جس میں آتا ہے۔

ما قالوا فی العبد النصرانی یعطی عنه اس حدیث کا خلاصہ یہ ہے کہ یہودی ہو یا نصرانی ہو اس مملوک کا صدقۃ الفطر واجب ہے۔

(۶)..... حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صدقہ فطر کو فرض کیا ایک صاع جو سے یا ایک صاع کھجور سے چھوٹے اور بڑے پر اور آزاد اور غلام پر۔

(بخاری کتاب الزکوٰۃ، باب: صدقة الفطر علی الصغیر والکبیر ج ۱ ص ۲۰۵)

اس حدیث میں والمملوک مطلق ہے یعنی کافر اور مسلمان دونوں قسم کے غلاموں پر صدقۃ الفطر واجب ہے۔

رہی وہ روایت جو جونا گڑھی نے نقل کی ہے اس کے جواب کی کوئی خاص ضرورت نہیں رہی۔ جونا گڑھی کا استدلال مسلمین کے لفظ سے ہے۔ مگر ایسی بہت سی روایات بھی مروی ہیں جن میں مسلمین وغیرہ کے الفاظ نہیں ہیں۔ جب احناف کے پاس دلائل موجود ہیں تو پھر یہ کہنا کہ احناف کا مذہب حدیث کے خلاف ہے غلط ہے۔

(تفصیل کے لیے دیکھئے: درس ترمذی ج ۲ ص ۵۰۴ تا ۵۰۶)

اعتراض نمبر ۱۳۷ تا ۱۴۳:

فطرے کے مسائل میں قلابازیاں

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

حدیث میں موجود ہے کہ فطرہ غلام پر بھی ہے لفظ ہیں عَلَی الْعَبْدِ وَالْحُرِّ بخاری مسلم کی حدیث ہے مشکوٰۃ کے باب صدقۃ الفطر ص ۱۶۰ پر موجود ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا ہدایہ میں ہے ولا یُخْرِجُ عَنْ مَکَاتِبِہٖ ...... وَلاَ الْمُکَاتَبُ عَنْ نَفْسِہٖ ...... وَلَا یَخْرُجُ عَنْ مَمَالِیْکِہٖ لِلتِّجَارَۃِ ...... وَالْعَبْدُ بَیْنَ شَرِیْکَیْنِ ...... وَکَذَا الْعَبْدُ بَیْنَ اثْنَیْنِ

بلکہ ہدایہ کے اسی ص۱۸۹ باب صدقۃ الفطر میں تو یہاں تک ہے کہ وَلا یُؤَدِّیْ عَنْ زَوْجَتِہٖ یعنی جس غلام نے تحریراً آزادی لکھوائی ہے اس کی طرف سے فطرہ نہ ادا کرے۔ خود ایسا غلام بھی اپنا فطرہ آپ بھی نہ دے۔ تجارت کے طور پر جو غلام ہوں ان پر بھی فطرہ نہیں۔ شریکوں کے درمیان جو غلام ہو اس کا فطرہ بھی نہ دیں۔ دو شخصوں کے درمیان جو غلام ہوں ان کا صدقہ فطر بھی نہ ادا کیا جائے۔

برادران! دونوں چیزیں آپ کے سامنے کر دینا اتنا کام تو میرا تھا۔ آگے کسے ماننا کسے نہ ماننا یہ آپ خود فیصلہ کرلیں۔ آپ دیکھتے ہیں کہ مسلمان ہونے کی قید حدیث میں تھی تو فقہ نے اسے اڑادی، غلام جب مسلمان ہو تو عام طور پر اس کی طرف سے فطرے کی ادائیگی کا حکم تھا تو فقہ نے اس کی کئی کئی صورتیں مختلف بنا کے ان کو فطرے کے حکم سے الگ کر دیا۔ بلکہ یہ بھی تحریر فرما دیا کہ بیوی کی طرف سے بھی اس کے میاں کے ذمے فطرے کا ادا کرنا نہیں ہے۔ بلکہ یہ بھی لکھ دیا ہے وَلاَ عَنْ اَوْلاَدِہِ الْکِبَارِ وَاِنْ کَانُوْا فِیْ عِیَالِہٖ یعنی بڑی اولاد گو اسی کی عیال داری اور پرورش میں ہو ان کی طرف سے بھی اس پر فطرے کا ادا کرنا ضروری نہیں۔ اب آپ سمجھ لیجیے۔ حدیث مانیے یا فقہ؟ آپ کو اختیار ہے۔

(شمع محمدی ص۱۵۲، ظفر المبین حصہ دوم ص۸۲، ۲۸۶)

جواب:

ان سات مسائل مسئلہ نمبر ۱۳۷ تا ۱۴۳ میں بھی جونا گڑھی نے وہی طریقہ اختیار کیا ہے جو ان کی پرانی عادت ہے۔ اپنی دلیل چاہے جیسی بھی ہو وہ ذکر کر دینی اور حنفی مذہب کے دلائل کا ذکر نہ کرنا۔ یہاں پر بھی انہوں نے یہ ہی کیا ہے۔ ہم یہاں پر ان تمام مسائل کے

دلائل نقل کرتے ہیں۔ جن سے ثابت ہوگا کہ حنفی مذہب قرآن وسنت اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تعلیمات کے مطابق ہے خلاف نہیں۔

مسئلہ نمبر ۱۳۷ (مکاتب غلام کے فطرے کا مسئلہ) (یعنی ایسا غلام جس نے تحریری آزادی لکھوائی ہے اس کی طرف سے آقا فطرہ نہ ادا کرے)

اس سے پہلے مسئلہ نمبر ۱۳۶ میں گزرا کہ آقا اپنے غلام کا فطرہ دے گا۔ چاہے وہ غلام مسلمان ہو اور چاہے وہ کافر ہو۔ مولانا جونا گڑھی کہتے ہیں کہ مسلمان کا تو دینا چاہیے کافر کا نہیں دینا چاہیے۔ اس سے اتنا تو ثابت ہوتا ہے کہ فقہ حنفی میں آقا کے اوپر اپنے غلام کا فطرانہ دینا ضروری ہے۔ اب یہاں پر مسئلہ کا فرق آ گیا ہے غلام کی قسم بدل گئی ہے۔ اور اصول میں یہ مسئلہ طے شدہ ہے کہ علت بدلی مسئلہ بدلہ۔ اس لیے فقہ حنفی ہر موقعہ پر قرآن وسنت کے حکم کو سامنے رکھتی ہے اپنی مرضی نہیں کرتی۔

حنفی مسلک کے دلائل

صاحب ہدایہ نے اس عبارت کے آگے اس مسئلہ کی دلیل بھی ذکر فرمائی تھی۔ وہ یہ ہے کہ **لعدم الولایۃ** اس لیے کہ اس پر آقا کی ولایت نہیں ہے۔ جب مولیٰ مکاتب غلام کی کفالت ہی نہیں کرتا۔ اس لیے آقا پر مکاتب کا صدقۃ الفطر ادا کرنا واجب نہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا یہی نظریہ ہے ملاحظہ فرمائیں:

(۱) عن ابن عمر انه كان يودى زكوة الفطر عن كل مملوك له فى ارضه وغير ارضه وعن كل انسان يعوله من صغير او كبير وعن رقيق امرأته وكان له مكاتب بالمدينة مكان لا يودى عنه.

(سنن الکبریٰ بیهقی باب: من قال لا يودى عن مكاتبه ج٤ ص٢٧٢)

(۲) امام بخاری کے استاد امام ابن ابی شیبہ نے اپنی حدیث کی مشہور کتاب مصنف ابن ابی شیبہ ج۲ ص۴۰۰ باب ما قالوا فی المکاتب یعطی عنه میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے

نقل کیا ہے۔

کان لابن عمر مکاتبان فلا یعطی عنهما الزکوة یوم الفطر

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے مکاتب غلام تھے' حضرت عبداللہ بن عمرؓ ان کی طرف سے صدقہ فطر ادا نہیں کرتے تھے۔ اس اثر سے معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ مکاتب کا صدقۃ الفطر خود ادا نہیں کرتے تھے کیوں کہ وہ ان کی مؤنت میں نہیں تھا۔

مسئلہ نمبر ۱۳۸:

مکاتب غلام خود بھی اپنی جانب سے صدقہ فطر نہ نکالے

صاحب ہدایہ نے اس مسئلہ کی دلیل یہ نقل کی تھی کہ وہ خود فقیر ہے۔ لہٰذا جب وہ فقیر ہوا تو فقیر پر صدقہ فطر واجب نہیں اس لیے وہ خود بھی نہیں دے گا۔ وجہ اس کی یہ بنتی ہے کہ مکاتب پر ابھی مال کتابت کا قرض ہے اس لیے اس کے پاس مال نصاب بھی ہو تو وہ ایک اعتبار سے فقیر ہے۔ اس لیے خود مکاتب بھی صدقۃ الفطر نہ نکالے۔ اس کی دلیل حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کا ایک فرمان ہے۔

ان عمر بن عبدالعزیز قال: لیس فی مال المکاتب زکوة

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے فرمایا: مکاتب پر زکوۃ نہیں ہے۔

(مصنف ابن ابی شیبة ج۲۰ ص۳۸۷ باب: فی المکاتب من قال لیس علیه زکوة)

اس اثر میں ہے کہ مکاتب کے مال میں زکوۃ نہیں ہے اور صدقہ الفطر بھی زکوۃ کا ایک حصہ ہے اس لیے صدقۃ الفطر بھی نہیں ہوگا۔

مسئلہ نمبر ۱۳۹:

تجارت کے طور پر جو غلام ہوں ان پر بھی فطرہ نہیں

ہمارے ہاں فطرہ نہ نکالنے کی وجہ یہ ہے کہ تجارت کے مال میں مالک پر زکوۃ بنتی

ہے۔ اور یہ غلام جو اس کے پاس ہیں یہ اس نے تجارت کی غرض سے رکھے ہوئے ہیں یہ بھی اس کا مال ہی ہیں۔ اس لیے تجارت کے غلام کی قیمت میں زکوۃ ہے اس لیے اس کے لیے صدقہ الفطر دینے کی ضرورت نہیں ورنہ دو مرتبہ اس کی زکوۃ نکالی جائے گی۔

حدیث میں دو مرتبہ زکوۃ نکالنے سے منع فرمایا گیا ہے۔ جیسا کہ مصنف ابن ابی شیبہ میں روایت موجود ہے۔ جس کے الفاظ اس طرح ہیں۔ **عن امه فاطمه ان النبی صلی الله علیه وسلم قال لاثناء فی الصدقة**

(مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص۴۳۱ باب: من قال لا توخذ الصدقة فی السنة الا مرة واحدة)

اس حدیث میں ہے کہ سال میں دو مرتبہ صدقہ نہ لیا جائے۔

حضرت عطاء، سفیان ثوری اور ابراہیم نخعی بھی اسی کے قائل ہیں۔

مسئلہ نمبر ۱۴۰:

شریکوں کے درمیان جو غلام ہو اس کا فطرہ بھی نہ دیں

صاحب ہدایہ اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں دو آقاؤں میں سے ہر ایک میں ولایت اور مونث میں ناقص ہونے کی وجہ سے۔

یعنی جب دونوں شریکوں میں سے کوئی بھی پورا مالک نہیں ہے اور نہ پوری پوری کفالت کر رہے ہوں اور نہ پورا ولی ہے بلکہ دونوں کی ولایت اور مؤنت آدھی آدھی ہے۔ اس لیے کسی شریک پر صدقۃ الفطر واجب نہیں ہوگا۔ جیسا کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا:

عن ابی هریرة قال لیس فی المملوك زكوة الا مملوك تملكه

(مصنف ابن ابی شیبة ج۲ ص۴۲۳ باب: فی المملوك یكون بین الرجلین علیه صدقة الفطر)

اس اثر میں الا مملوک تملکہ کا مطلب یہی ہے کہ تم مملوک کے مکمل مالک ہو تو زکوٰۃ (یعنی صدقۃ الفطر) واجب ہے۔ اور مکمل مالک نہیں ہو بلکہ شرکت میں مملوک ہے تو صدقۃ الفطر واجب نہیں ہے۔

مسئلہ نمبر ۱۴۱:

دو شخصوں کے درمیان چند غلام ہوں تو ان کا صدقۃ الفطر بھی نہ ادا کیا جائے

اس کی وجہ یہ ہے کہ تقسیم کرنے سے پہلے امام ابو حنیفہ کے نزدیک زید کا ایک غلام اور بکر کا ایک غلام نہیں ہے۔ بلکہ زید کا آدھا آدھا دونوں غلاموں میں ہے اور بکر بھی آدھا آدھا دونوں غلاموں میں ہے تو دونوں غلاموں کی ولایت اور مؤنت ناقص ہے اس لیے دونوں میں سے کسی پر بھی صدقہ واجب نہیں ہوگا۔ یہ مسئلہ پہلے گزر چکا ہے۔ کہ پورا پورا ولایت اور مؤنت ہو تب صدقہ واجب ہوتا ہے۔

اگر غیر مقلدین کے پاس خاص اس مسئلے کی کوئی دلیل قرآن اور سنت رسول میں ہو تو ہمیں آگاہ فرمائیں۔ جونا گڑھی نے تو خاص اس مسئلہ کی دلیل ذکر نہیں کی۔

مسئلہ نمبر ۱۴۲:

بیوی کی طرف سے بھی اس کے میاں کے ذمہ فطرے کا ادا کرنا نہیں ہے

صاحب ہدایہ اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اس پر ولایت اور کفالت کے ناقص ہونے کی وجہ سے اس لیے حقوق مکان کے علاوہ میں اس پر ولایت نہیں اور شوہر ثابت شدہ امور کے علاوہ میں اس کی مؤنت برداشت نہیں کرتا، جیسے دوا کرنا۔

احناف ابن سیرین، سفیان ثوری، ابن [illegible]، ظاہریہ اور ایک روایت میں امام مالک کے نزدیک عورت کا صدقہ فطر خود اسی پر واجب ہے۔ [illegible] دلیل یہ ہے کہ وجوب صدقہ کا

سبب ولایت تامہ اور مؤنت تامہ دونوں مل کر ہیں اور یہ دونوں باتیں اولاد صغار اور ممالیک میں تو موجود ہیں لیکن زوجہ میں موجود نہیں۔

مولانا ثمیر الدین قاسمی ہدایہ کی اس عبارت کی شرح میں لکھتے ہیں:

تشریح:

بیوی کا صدقۃ الفطر شوہر پر ادا کرنا واجب نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بیوی پر پورے طور پر ولایت نہیں ہے۔ چنانچہ نکاح کے معاملات ہیں صرف اسی معاملے میں شوہر کا بیوی پر ولایت ہے اور سرپرستی ہے۔ باقی معاملے میں وہ آزاد ہے۔ کیوں کہ وہ خود عاقلہ، بالغہ ہے اس لیے ولایت ناقص ہوئی اور کفالت اس طرح ناقص ہے کہ نان، نفقہ اور سکنی وغیرہ جو شریعت سے دینا ثابت ہیں شوہر اسی کا ذمہ دار ہے ان کے علاوہ کا وہ ذمہ دار نہیں۔ چنانچہ بیوی بیمار ہو جائے تو دوا کرانا شوہر کے ذمہ نہیں ہے۔ (یعنی فرض واجب نہیں ہے)

اس سے معلوم ہوا کہ کفالت بھی ناقص ہے اس لیے شوہر پر بیوی کا صدقۃ الفطر واجب نہیں ہے کیوں کہ دار قطنی کتاب زکوۃ الفطر کی حدیث میں تمونون کا مطلب یہ ہے کہ جن کی مکمل کفالت اور ولایت ہو ان کا صدقہ ادا کرنا واجب ہے۔ یوں ادا کرے تو جائز ہے ادا ہو جائے گا۔

بیوی کا نان ونفقہ اگرچہ شوہر کے ذمہ ہوتا ہے لیکن یہ شوہر کے گھر میں اقتباس کی وجہ سے اس پر نفقہ لازم ہے۔ کفالت کی وجہ سے نہیں ہے۔ اسی لیے بیوی کی ملکیت الگ شمار کی جاتی ہے اور شوہر کی ملکیت الگ شمار کی جاتی ہے اس لیے شوہر پر بیوی کا صدقۃ الفطر لازم نہیں ہے۔ **(اثمار الهدایه ج۲ ص ۵۶۲)**

مسئلہ نمبر ۱۴۳:

بڑی اولاد گو اسی کی عیال داری اور پرورش میں ہوں ان کی طرف سے بھی اس پر فطرے کا ادا کرنا ضروری نہیں

صاحب ہدایہ نے اس کی وجہ یہ بتائی ہے کہ اس پر ولایت نہ ہونے کی وجہ سے مولانا ثمر

الدین قاسمی اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

تشریح:

اس طرح بڑے لڑکے کی ملکیت باپ سے الگ ہو جاتی ہے اور وہ خود ذمہ دار ہو جاتا ہے۔ باپ کی اس پر ولایت اور سرپرستی نہیں رہتی۔ چاہے کسی محتاجگی کی وجہ سے لڑکے کا نفقہ باپ پر لازم ہو اس لیے بڑے لڑکے کا صدقۃ الفطر باپ پر لازم نہیں۔ (اثمار الهدایه)

یہ دونوں مسئلے عورت 'و' اولاد اور بڑے بیٹے والا (یہاں پر بڑے بیٹے سے مراد ایسا بڑا بیٹا مراد ہے جو بالغ ہو چکا ہو) ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

ولوادی عنهم او عن زوجته بغیر امرهم اجزاهم استحسانا لثبوت الاذن عادة

اور اگر اولاد کی جانب سے یا بیوی کی جانب سے بغیر ان کے حکم کے صدقہ ادا کر دیا تو استحساناً ادا ہو جائے گا۔ عادۃً اجازت کے ثابت ہونے کی وجہ سے۔

ہدایہ کی یہ عبارت جوناگڑھی نے نقل نہیں کی جس سے سارا مسئلہ ہی صاف ہو جاتا ہے۔

اس کی تشریح میں مولانا ثمیر الدین قاسمی لکھتے ہیں:

اگرچہ بیوی اور بڑی اولاد پر ولایت نہیں ہے تاہم ان کے حکم کے بغیر صدقہ ادا کر دیا تو ادا ہو جائے گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ گھر میں عام طور پر بیوی نہیں سمجھتی ہے کہ شوہر صدقہ ادا کریں گے اور ان کی جانب سے عادۃً اجازت نہیں ہے۔ اسی طرح بالغ لڑکا یا لڑکی کے ساتھ رہتے ہوں تو یہی سمجھتے ہیں کہ والد صاحب ہی ادا کر دیں گے اس لیے عادۃً اجازت کی وجہ سے صدقہ کی نیت بھی ہو گئی اور ان کی جانب سے ادا بھی ہو جائے گا۔

قارئین کرام! ہم نے فطرانے سے متعلق تقریباً سات مسائل کے جوابات دیئے ہیں ۱۳۷ تا ۱۴۳ تک۔ الحمد للہ ایک مسئلہ بھی ایسا ثابت نہیں ہوا جو قرآن وسنت کے خلاف ہو۔ ہمارا یہ اعلان ہے کہ فقہ حنفی کا کوئی بھی مسئلہ جو احناف کے نزدیک مفتیٰ بہ بھی ہو اور معمول بہ

بھی ہو وہ قرآن وسنت کے خلاف نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح فطرانے کے تمام مسائل بھی قرآن وسنت کے مطابق ہیں۔

اعتراض نمبر ۱۴۴:

صبح کی نماز کا وقت چھوڑ دیا

(یعنی فجر کی نماز روشنی میں پڑھنا)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوٰۃ شریف باب المواقیت میں بحوالہ صحیح مسلم بروایت حضرت عبداللہ بن عمرو مروی ہے کہ حضور ﷺ فرماتے ہیں وَقْتُ صَلٰوةِ الصُّبْحِ مِنْ طُلُوْعِ الْفَجْرِ مَا لَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ یعنی فجر کی نماز کا وقت صبح صادق کے طلوع ہونے سے آفتاب کے طلوع ہونے تک ہے۔ اس کے بعد کی حدیث میں ہے کہ نماز کے وقتوں کو جو سائل پوچھنے آیا تھا۔ اس کے سامنے حضور نے پہلے دن صبح کی نماز صبح صادق کے طلوع ہوتے ہی پڑھے لفظ ہیں فَاَقَامَ الْفَجْرَ حِيْنَ طَلَعَ الْفَجْرُ اور آخری وقت بتانے کے لیے آپ نے دوسرے دن صبح کی نماز اسفار کر کے پڑھی لفظ ہیں وَصَلَّى الْفَجْرَ فَاَسْفَرَبِهَا اس کے بعد کی حدیث میں جبریل کی امامت صبح کا وقت ان لفظوں سے بیان ہوا ہے وَصَلَّى الْفَجْرَ حِيْنَ حَرُمَ الطَّعَامُ وَالشَّرَابُ عَلَى الصَّائِمِ مجھے حضرت جبرئیل نے صبح کی نماز اپنی امامت سے اس وقت پڑھائی جب روزے دار پر کھانا پینا حرام ہو گیا۔ یہ اول وقت تھا اور آخری وقت بتانے کے لیے مجھے اسفار کر کے نماز پڑھائی۔ الفاظ ہیں وَصَلّٰى بِيَ الْفَجْرَ فَاَسْفَرَ ص ۶۰ پر بخاری مسلم کے حوالے سے روایت ہے اس میں ہے وَالصُّبْحَ بِغَلَسٍ یعنی حضور ﷺ صبح کی نماز غلس میں پڑھتے تھے یعنی اس وقت جب کہ اندھیرا موجود ہوتا تھا۔ اسی صفحہ کے آخر میں حدیث ہے کہ کھانا پینا صبح صادق کے دیکھتے ہی بند کر دیتے تھے پھر نماز

فرض شروع کرتے تھے اس کے درمیان صرف اتنا فاصلہ ہوتا تھا کہ کوئی پچاس آیتیں پڑھ لے اور حدیث میں ہے حضور فرماتے ہیں سب سے افضل عمل نماز کو اول وقت پڑھنا ہے۔
(ترمذی وغیرہ)

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن ان تمام صحیح اور صریح حدیثوں کے برخلاف ان کی پرواہ نہ کر کے حنفی مذہب کہتا ہے وَيُسْتَحَبُّ الْإِسْفَارُ بِالْفَجْرِ یعنی فجر کی نماز اسفار کر کے پڑھنا مستحب ہے۔ اسفار کرنا صبح کی نماز کا آخری وقت ہے جیسے اوپر کی حدیثوں میں ہے اور غلس میں پڑھنا فعل رسول ﷺ ہے لیکن فقہاء حنفیہ کا کتب فقہ کا فرمان اس کے بالکل برعکس ہے وہ کہتے ہیں کہ غلس میں نہ پڑھے۔ لیکن اسفار میں پڑھے یہی مستحب ہے۔ اب ہمارے حنفی بھائی بتلائیں کہ صبح کی نماز کو اول وقت غلس میں سنت کے مطابق ادا کرنا وہ پسند کریں گے۔ یا آخری وقت اسفار میں قول فقہاء پر عمل کر کے پڑھنا پسند فرمائیں گے۔
(شمع محمدی ص ۱۵۳، ظفر المبین حصہ دوم ص ۶۹)

جواب:

جوناگڑھی نے احناف کے دلائل کا ذکر نہیں کیا ہم پہلے احناف کے دلائل ذکر کریں گے بعد میں جوناگڑھی کی نقل کردہ روایت کا جواب دیں گے۔ ان شاء اللہ

دلائل احناف:

فجر کی نماز خوب روشنی میں پڑھنا افضل ہے

۱...... عن عبد الله بن مسعود قال ما رأيت النبی صلی الله علیه وسلم صلی صلاة لغیر میقاتها الا صلوتین جمع بین المغرب والعشاء (بجمع)

وصلی الفجر قبل میقاتها. (بخاری ص ۲۲۸)

حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ میں نے نبی علیہ السلام کو کبھی نہیں دیکھا کہ آپ نے نماز بھی بے وقت پڑھی ہو سوائے دو نمازوں یعنی مغرب اور عشاء کے کہ ان کو آپ نے (مزدلفہ میں) اکٹھا پڑھا اور فجر کو وقت سے پہلے۔

۲...... عن رافع بن خدیج قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول اسفروا بالفجر فانه اعظم للاجر. (ترمذی ج۱ ص ۴۰)

حضرت رافع بن خدیج فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ فجر کو خوب روشنی میں پڑھو کیوں کہ اس میں بہت بڑا ثواب ہے۔

۳...... عن محمود بن لبید عن رجال من قومه من الانصار ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ما اسفرتم بالصبح فانه اعظم للاجر.
(نسائی ج۱ ص ۶۵)

حضرت محمود بن لبید نے اپنی قوم کے کئی انصاریوں سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جتنا روشن کرو گے تم فجر کو اتنا ہی زیادہ ثواب ہوگا۔

۴...... ثنا المعتمر سمعت بیانا ابا سعید قال سمعت انسا یقول کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی الصبح حین یفسح البصر رواه الامام ابو محمد القاسم ثابت السرقسطی فی کتاب غریب الحدیث وقال یقال فسح البصر وانفسح اذا رأی الشیء من بعد یعنی به اسفار الصبح.
(نصب الرایة ج۱ ص ۲۳۹)

حضرت معتمر نے بیان کیا کہ میں نے بیان یعنی ابوسعید کو سنا انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ صبح کی نماز اس وقت پڑھتے تھے جس وقت کہ آنکھ دور سے کسی چیز کو دیکھ لیتی تھی۔ یہ حدیث امام ابو محمد قاسم ثابت سرقسطی

نے کتاب ''غریب الحدیث'' میں روایت کی ہے اور فرمایا ہے کہ فَسَحَ الْبَصَرُوْا الْفَسَحَ اس وقت کہا جاتا ہے جب کہ آنکھ دور سے کسی چیز کو دیکھے اور مراد اس سے حدیث میں صبح کا اجالا ہے۔

۵..... عن رافع بن خدیج یقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لبلال رضی الله عنه نور بصلٰوة الصبح حتی یبصر القوم مواقع نبلهم من الاسفار.

(رواه ابن ابی حاتم وابن عدی والطیالسی واسحاق وابن ابی شیبة والطبرانی واسناده حسن. آثار السنن ص۵۸)

حضرت رافع بن خدیجؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت بلالؓ سے فرمایا کہ صبح کی نماز کو روشنی میں پڑھو یہاں تک کہ لوگ روشنی کی وجہ سے اپنے تیراندازی کے نشانے کو دیکھنے لگیں۔

۶..... عن عبدالرحمن بن یزید قال کان عبدالله بن مسعود یسفر بصلٰوة الغداة. (معجم طبرانی کبیر ج۱ ص۲۵۸)

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود فجر کی نماز خوب اجالا کر کے پڑھتے تھے۔

۷..... عن علی بن ربیعة قال سمعت علیا رضی الله عنه یقول لموذنه اسفر اسفر یعنی بصلاة الصبح.

(مصنّف عبدالرزاق ج۱ ص۵۲۹، مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۲۱، طحاوی ج۱ ص۱۲۳)

حضرت علی بن ربیعہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علیؓ کو سنا آپ اپنے مؤذن سے کہہ رہے تھے کہ خوب اجالا کر خوب اجالا کر، مراد یہ تھی کہ صبح کی نماز اجالے میں پڑھو۔

۸..... عن جبیر بن نفیر قال صلی بنا معاویة الصبح بغلس فقال ابو الدرداء اسفروا بهذه الصلٰوة فانه افقه لکم انما تریدون ان تخلوا بحوائجکم. (طحاوی ج۱ ص۱۲۶)

حضرت جبیر بن نفیر فرماتے ہیں کہ ہمیں حضرت معاویہؓ نے فجر کی نماز اندھیرے میں پڑھائی۔ حضرت ابودرداءؓ نے فرمایا اس نماز کو خوب اجالے میں پڑھو۔ کیوں کہ تمہارے لیے زیادہ سمجھداری کی بات ہے تم چاہتے ہو کہ اپنے کام کاج کے لیے فارغ ہو جاؤ۔

۹..... عن مجاهد قال کنت اقود مولای قیس بن السائب فیقول ادرکت الشمس فاذا قلت نعم صلی الظهر ویقول هکذا کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یفعل وکان النبی صلی الله علیه وسلم یصلی العصر والشمس بیضاء وکان النبی صلی الله علیه وسلم یصلی المغرب والصائم یتماری ان یفطر وکان النبی صلی الله علیه وسلم یصلی الفجر حتی یتغشی النور السماء. (رواه الطبرانی فی الکبیر، مجمع الزوائد ج۱ ص۳۰۵)

حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے آقا قیس بن سائب کا ہاتھ پکڑ کر لے جاتا تھا۔ آپ فرماتے سورج ڈھل گیا۔ میں کہتا ہاں تو آپ ظہر کی نماز پڑھتے اور فرماتے کہ ایسے ہی رسول اللہ ﷺ کیا کرتے تھے اور نبی علیہ السلام عصر کی نماز ادا فرماتے تھے اس حال میں کہ سورج بالکل سفید ہوتا اور نبی علیہ السلام مغرب کی نماز ادا فرماتے تھے اس حال میں کہ روزہ دار روزہ افطار کرنے کے متعلق شک میں ہوتا (کہ ابھی افطار کرے یا نہ کرے) اور نبی علیہ السلام فجر کی نماز ادا فرماتے تھے یہاں تک کہ روشنی آسمان پر چھا جاتی۔

۱۰..... عن ابراهیم قال ما اجمع اصحاب محمد علی شئ ما اجمعوا علی التنویر بالفجر.

(مصنف ابن ابی شیبة ج۱ ص۳۲۲، طحاوی ج۱ ص۱۲۶)

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام کا کسی چیز پر اتنا اتفاق رائے نہیں ہے جتنا اتفاق نماز فجر کے روشنی میں پڑھنے پر ہے۔

ان احادیث کے پیش نظر احناف یہ کہتے ہیں کہ اسفار میں فجر کی نماز پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔احناف کا مسلک احادیث کے مطابق ہے نہ کہ مخالف۔

اعتراض نمبر ۱۴۵:

امام کے نوافل اور مقتدی کے فرض

جونا گڑھی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن جابرٍ قَالَ كَانَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَأْتِيْ قَوْمَهٗ فَيُصَلِّيْ بِهِمْ (متفق علیه مشکوة جلد اول ص۱۰۳، باب من صلی صلوة مرتین) یعنی حضرت معاذ رضی اللہ عنہ آنحضرت ﷺ کے پیچھے نماز عشاء ادا کر کے پھر جا کر اپنی قوم کے لوگوں کی امامت کراتے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا وہ کہتا ہے وَلَا يُصَلِّي الْمُفْتَرِضُ خَلْفَ الْمُتَنَفِّلِ یعنی فرض نماز اس شخص کے پیچھے نہیں ہوتی جو نفل پڑھ رہا ہے پس حدیث میں تو ہے کہ حضرت معاذ حضور کے ساتھ اپنے فرض ادا کر کے پھر اپنی قوم کی امامت کراتے لیکن حنفی مذہب کہتا ہے ایسے شخص کے پیچھے نماز نہ پڑھنی چاہیے۔اب دیکھیں ہمارے زمانے کے حنفی حضرات اس حدیث کو مانتے ہیں یا اس مذہب کو؟

(شمع محمدی ص۱۵۵، ظفر المبین حصہ دوم جدید ص۵۲، فتح المبین علی رد مذاهب المقلدین ص۵۴، اختلاف امت کا المیہ ص۶۳، سبیل الرسول ص۲۵۶، احادیث نبویہ اور فقہ حنفیہ ص۱۵)

جواب:

جونا گڑھی نے جو حدیث نقل کی ہے اس میں کسی نماز کا ذکر نہ تھا مگر جونا گڑھی نے ترجمہ میں عشاء کا لفظ اپنے پاس سے بڑھا دیا ہے۔دوسری بات یہ ہے کہ حضرت معاذ کس نیت سے پڑھتے تھے اس کا کوئی ذکر نہیں کیوں کہ نیت تو ایک باطنی امر ہے اس پر کوئی دوسرا مطلع نہیں ہوسکتا۔ جب تک نیت کرنے والا خود نہ بتائے۔ ہوسکتا ہے کہ حضرت معاذ آنحضرت ﷺ کے ساتھ نفل کی نیت سے نماز پڑھتے ہوں تا کہ وہ آنحضرت ﷺ سے نماز کا طریقہ سیکھ سکیں اور آپ کے پیچھے نماز پڑھ کر برکت حاصل کرسکیں اور پھر اپنی قوم کے پاس جا کر فرض نماز پڑھاتے ہوں جب اس بات کا بھی احتمال ہے تو جونا گڑھی کا استدلال درست نہ ہوگا۔

اور یہ بات بھی معلوم ہے کہ ایک صحابی رسول کے فعل کو ایسے معنی پر محمول کرنا جو متفق علیہ ہے زیادہ بہتر ہوگا ایک ایسے معنی پر محمول کرنے سے جو مختلف فیہ ہے (چنانچہ نفل نماز کی نیت کے ساتھ اس امام کے پیچھے نماز پڑھنی جو فرض نماز پڑھ رہا ہو بالاتفاق سب کے نزدیک جائز ہے لیکن نفل نماز پڑھنے والے کے پیچھے فرض والے کی نماز میں ائمہ کرام کا اختلاف ہے۔احناف مالکیہ حنابلہ اس کے قائل نہیں۔

اگر غیر مقلدین اس بات پر ہی بضد ہوں کہ وہ فرض نماز ہی پڑھ کر جاتے تھے تو اس کا جواب یہ ہے کہ جب آنحضرت ﷺ کو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے اس عمل کا علم ہوا آپ ﷺ نے منع فرمادیا۔

جیسا کہ مسند احمد کی روایت میں آتا ہے۔

عن مَعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ سُلَيْمٍ رَجُلٍ مِنْ بَنِيْ سَلِمَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ لَا تَكُنْ فَتَّانًا إِمَّا أَنْ تُصَلِّيَ مَعِيَ وَإِمَّا أَنْ تُخَفِّفَ عَلَى قَوْمِكَ (مسند احمد ج۵ ص۷۴)

آنحضرت ﷺ نے حضرت معاذ سے فرمایا اے معاذ بن جبل یا تو تم میرے ساتھ نماز پڑھو اور یا پھر اپنی قوم کے ساتھ ہلکی نماز پڑھو۔

اس کا معنی یہی ہے کہ یا تو تم فرض نماز میرے ساتھ پڑھو اور اپنی قوم کے لوگوں کے ساتھ فرض نہ پڑھو، اور یا میرے ساتھ فرض نہ پڑھو تا کہ وہ تمہارا انتظار نہ کریں۔

چنانچہ امام عبدالسلام ابن تیمیہ جو اکابر حنابلہ میں سے ہیں (صاحب منتقی) کہتے ہیں۔

وَقَدِ احْتَجَّ بِهٖ بَعْضُ مَنْ مَنَعَ اِقْتِدَاءَ الْمُفْتَرِضِ بِالْمُتَنَفِّلِ قَالَ لِاَنَّهٗ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّهٗ مَتٰى صَلّٰى مَعَهٗ اِمْتَنَعَتْ اِمَامَتُهٗ وَبِالْاِجْمَاعِ لَا تَمْتَنِعُ صَلَاةُ النَّفْلِ مَعَهٗ فَعُلِمَ اَنَّهٗ اَرَادَ بِهٰذَا الْقَوْلِ صَلَاةَ الْفَرْضِ وَاَنَّ الَّذِیْ كَانَ يُصَلِّیْ مَعَهٗ كَانَ يَنْوِيْهِ نَفْلاً (منتقی مترجم ج۱ ص۵۷۸)

جو نفل پڑھنے والے کے پیچھے فرض پڑھنے والے کی نماز کو درست نہیں قرار دیتے، اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں اس حدیث میں دلالت ہے اس بات پر کہ فرض پڑھنے والے کی اقتداء نفل پڑھنے والے کے پیچھے نہیں ہوتی کیوں کہ جب انہوں نے آنحضرت ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی تو پھر ان کی امامت ممنوع ہوگی حصر والی تقسیم کا یہی مقتضی ہے۔

اور یہ بات بالاجماع ثابت ہے، اگر وہ آپ کے پیچھے نفل کی نیت سے نماز پڑھیں تو پھر ان کی امامت ممنوع نہ ہوگی۔

تو اس سے معلوم ہوا کہ معاذ رضی اللہ عنہ آنحضرت ﷺ کی طرف سے مامور تھے کہ وہ اپنی قوم کو امامت کرائیں۔ تو ظاہر ہے وہ فرض نماز یقیناً اپنی قوم کے ہمراہ جماعت کے ساتھ ہی ادا کرتے تھے۔ (شرح نقایہ ج۱ ص۸۸)

اس حدیث میں یہ نہیں آیا کہ حضرت معاذ نے یہ کام حضور اکرم ﷺ کی اجازت سے کیا ہو اور حضور اکرم نے آپ کو اجازت دی ہو کر فرض میرے پیچھے پڑھ لیا کرو۔ اور نفل کی

نیت سے اپنے مقتدیوں کو پڑھا دیا کرو زیادہ سے زیادہ یہ حضرت معاذ کا عمل تھا مگر جب حضور اکرم قوم کو اطلاع ملی تو آپ نے حضرت معاذ کو منع فرمادیا۔

اعتراض نمبر ۱۴۶:

آدھا سجدہ

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوٰۃ شریف جلد اول ص ۷۶ باب صفۃ الصلوٰۃ میں حضرت ابوحمید والی حدیث میں ہے کہ یعنی سجدے میں رسول اکرم ﷺ نے اپنی ناک اور پیشانی دونوں زمین پر ٹکائی۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب کہتا ہے فَاِنْ امصر علی احدهما جاز عند ابی حنیفة.

یعنی اگر کوئی شخص صرف پیشانی ٹکائے ناک زمین سے نہ لگائے یا صرف ناک ٹکائے، پیشانی نہ لگائے تو بھی جائز ہے اب فرمایئے کیا ارادے ہیں؟ نماز محمدی ہوگی یا نماز حنفی؟ (شمع محمدی ص ۱۵۵، ظفر المبین حصہ دوم ص ۵۵)

جواب:

جونا گڑھی نے احناف کا مسلک صحیح نقل نہیں کیا۔ ہمارا صحیح مسلک ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) مولانا مفتی محمد تقی عثانی لکھتے ہیں:

اس بات پر اتفاق ہے کہ سجدہ سات اعضاء پر ہوتا ہے، یدین، رکبتین، قدمین اور وجہ پھر وجہ میں تفصیل ہے اس پر تو اتفاق ہے کہ پیشانی اور ناک دونوں کا ٹیکنا مسنون ہے۔ (درس ترمذی جلد دوم ص ۵۱)

(۲) مولانا محمد سرفراز خان صفدر لکھتے ہیں:

صحیح بات یہی ہے کہ انف وجبہۃ دونوں پر سجدہ ضروری ہے

(خزائن السنن ج ۲ ص ۱۱۳)

(۳) مولانا صوفی عبدالحمید خان سواتی لکھتے ہیں:

۱..... مسائل سجدہ۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک جبہہ (پیشانی) اور ناک دونوں پر سجدہ کرنا فرض ہے۔ (نماز مسنون کلاں ص ۳۶۷)

۲..... مسئلہ بلا عذر صرف ناک پر سجدہ کرنے سے نماز ادا نہ ہوگی اور پیشانی پر اکتفاء مکروہ تحریمی ہے۔ (نماز مسنون ص ۳۶۷)

جب احناف کا یہ مسلک ہے تو پھر اعتراض کرنا بے کار ہے۔

اعتراض نمبر ۱۴۷:

سود کا جواز

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوٰۃ شریف جلد اول ص ۲۴۴ کتاب البیوع باب الربو میں ہے عن عُبَادَةَ ابْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ وَالتَّمَرُ بِالتَّمَرِ وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مَثَلاً بِمَثَلٍ سَوَاءً بِسَوَاءٍ يَدًا بِيَدٍ الخ رواہ مسلم یعنی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ سونا سونے کے بدلے چاندی چاندی کے بدلے گیہوں گیہوں کے بدلے جو جو کے بدلے کھجور کھجور کے بدلے نمک نمک کے بدلے مقدار میں بالکل برابر اور نقد ہونا چاہیے (ادھار اور کمی بیشی سود ہے) یہ حدیث صاف ہے کہ کھجور کو کھجور کے بدلے برابر ہونا چاہیے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی مذہب یہ نہیں مانتا ہدایہ جلد ۳ کتاب البیوع باب الربوٰ میں ہے وَیَجُوْزُ...... التَّمْرَةُ بِالتَّمْرَتَیْنِ یعنی ایک کھجور کے بدلے دو کھجوریں لینی جائز ہیں کہیے حنفی دوستو! اب آپ فقہ مان کر اس تجارت کو جائز قرار دیں گے یا حدیث مان کر اس سودی تجارت کو حرام قرار دیں گے؟ (شمع محمدی ص ۱۵۶)

جواب:

حنفی مذہب میں سود قطعی حرام ہے۔ علمائے احناف کی تمام تفاسیر، کتب احادیث کی شروحات، کتب فقہ حنفی اور تقریباً تمام فتاوجات اور اس کے علاوہ علمائے احناف نے حرمت سود پر مستقل کتابیں بھی لکھی ہیں۔ اگر کوئی شخص صرف مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی کی کتاب مسئلہ سود پڑھ لے تو اس کی تسلی ہو جائے گی۔ اس کتاب میں ایسی تمام آیات جن کا تعلق مسئلہ سود سے ہے کا ترجمہ و تفسیر کو بیان کیا گیا ہے پھر حرمت سود پر مکمل چالیس احادیث ترجمہ و تشریح کے ساتھ لکھی ہیں۔ پھر ان کے بیٹے مفتی محمد تقی عثمانی نے تجارتی سود پر بہترین کتاب تالیف فرمائیں۔ مفتی تقی عثمانی نے حرمت سود پر ایک فیصلہ بھی لکھا ہے۔ اس کے علاوہ آپ کی کئی کتابیں مارکیٹ میں موجود ہیں جن میں سود کو حرام کہا گیا ہے۔ علمائے احناف سود کو قطعی حرام کہتے ہیں ملاحظہ فرمائیں علمائے احناف کے اقوال:

۱...... علامہ شبیر احمد عثمانی سورہ بقرہ کی آیت نمبر ۲۷۵ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

بیع اور ربوٰ میں بڑا فرق ہے کہ بیع کو حق تعالیٰ نے حلال کیا ہے اور سود کو حرام۔

(تفسیر عثمانی ص ۵۹)

۲...... علامہ شبیر احمد عثمانی سورہ آل عمران آیت نمبر ۱۳۰ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اول تو سود مطلقاً حرام و قبیح اور یہ صورت تو بہت ہی زیادہ شنیع و قبیح ہے۔

(تفسیر عثمانی ص ۸۶)

۳...... ہدایہ شریف میں بھی سود کو حرام لکھا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں:

قَالَ الرِّبَا مُحَرَّمٌ فِيْ كُلِّ مَكِيْلٍ اَوْ مَوْزُوْنٍ اِذَا بِيْعَ بِجِنْسِهِ مُتَفَاضِلاً فَالْعِلَّةُ عِنْدَنَا الْكَيْلُ مَعَ الْجِنْسِ اَوِ الْوَزْنُ مَعَ الْجِنْسِ قَالَ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ وَيُقَالُ الْقَدْرُ مَعَ الْجِنْسِ وَهُوَ اَشْمَلُ وَالْاَصْلُ فِيْهِ الْحَدِيْثُ الْمَشْهُوْرُ وَهُوَ قَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَدَّ الْاَشْيَاءَ السِّتَّةَ الْحِنْطَةُ وَالشَّعِيْرُ وَالتَّمَرُ وَالْمِلْحُ وَالذَّهَبُ وَالْفِضَّةُ

ترجمہ: فرماتے ہیں کہ ہر اس چیز میں ربو (سود) حرام ہے جو مکیلی یا وزنی ہے بشرطیکہ اسے اس کی ہم جنس کے عوض زیادتی کے ساتھ بیچا جائے چنانچہ ہمارے یہاں ربو (سود) کی علت کیل مع الجنس یا وزن مع الجنس ہے۔ (صاحب ہدایہ فرماتے ہیں) کہ قدر مع الجنس کو بھی علت قرار دیا جاتا ہے اور یہ زیادہ شامل ہے۔

اور اس سلسلے میں اصل وہ حدیث مشہور ہے جس میں آپ ﷺ نے الحنطة بالحنطة الخ کا مضمون بیان فرمایا ہے اور آپ ﷺ نے چھ چیزیں شمار فرمائیں ہیں ① گیہوں ② جو ③ کھجور ④ نمک ⑤ سونا ⑥ چاندی۔

اور حدیث دو طرح سے مروی ہے ایک رفع کے ساتھ یعنی مثلٌ اور ایک نصب کے ساتھ یعنی مثلاً۔ اول کے معنی یہ ہیں کہ کھجور کی بیع برابر ہے اور ثانی کے معنی یہ ہیں کہ کھجور کو کھجور کے عوض برابر سرابر بیچو اور حکم باجماع مجتہدین علت کے ساتھ ہے لیکن ہمارے نزدیک علت وہ ہے جو ہم نے بیان کی۔

ہدایہ کی اس عبارت سے سود کا حرام ہونا ثابت ہوتا ہے اور جن چھ چیزوں کا ذکر جونا گڑھی نے کیا ہے ان ہی کا صاحب ہدایہ نے بھی کیا ہے۔

۴...... مفتی عبدالحلیم قاسمی حنفی نے ہدایہ کا ترجمہ وشرح احسن الہدایہ کے نام سے کیا ہے وہ ہدایہ کی اس عبارت کی شرح میں لکھتے ہیں۔

علت ربوٰ کے سلسلے میں معتمد اور بنیاد وہ حدیث شریف ہے جس میں آپ ﷺ نے چھ

چیزوں کو شمار فرما کر انہیں برابر برابر اور ہاتھ در ہاتھ بیچنے کو جائز قرار دیا ہے اور کمی اور زیادتی کو آپ نے ربوٰ سے تعبیر کیا ہے لہٰذا ان چھ چیزوں کی علت جہاں بھی موجود ہوگی وہاں کمی بیشی ربو ہوگی اور حرام وناجائز ہوگی۔

کتاب میں تو حدیث پاک کا ایک ٹکڑا موجود ہے لیکن کتب حدیث میں تقریباً ۱۶ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے اس مضمون کی حدیث وارد ہوئی ہے۔ چنانچہ ترمذی وغیرہ میں حضرت عبادہ بن صامت کی روایت ہے۔

قَالَ قَالَ النبی صلی الله علیه وسلم الذهب بالذهب مثلا بمثل والفضة بالفضة مثلا بمثل والتمر بالتمر مثلا بمثل والبر بالبر مثلا بمثل والملح بالملح مثلا بمثل والشعیر بالشعیر مثلا بمثل فمن زاد او استزاد فقد اربٰی وبیعوا البر بالشعیر کیف شئتم یدا بید. (احسن الهدایة جلد ۸ ص۳۰۴)

۵......مظاہر حق شرح مشکوٰۃ جو حنفیوں کی مشہور اردو شرح ہے اس میں بڑی تفصیل سے سود کی حرمت بیان کی گئی ہے۔ جو حدیث تعارض کے طور پر جونا گڑھی نے نقل کی ہے اس کی شرح میں سود کی حرمت پر بحث موجود ہے۔ (دیکھئے جلد نمبر ۳ ص ۶۸ تا ۷۰)

ان حوالہ جات سے واضح ہوتا ہے کہ حنفی اس حدیث کو مانتے ہیں جونا گڑھی کا یہ کہنا کہ حنفی مذہب اس حدیث کے خلاف ہے بالکل جھوٹ ہے۔

اب اس عبارت کا جواب ملاحظہ فرمائیں جو جونا گڑھی نے پیش کی ہے۔ ہدایہ کی مکمل عبارت اس طرح ہے۔

اور جائز ہے ایک انڈے کی بیع دو انڈوں کے عوض اور ایک کھجور کی بیع دو کھجوروں کے عوض اور ایک اخروٹ کی بیع دو اخروٹ کے عوض کیوں کہ معیار مفقود ہے تو ربو متحقق نہ ہوگا۔

اس کی شرح میں مولانا محمد حنیف گنگوہی لکھتے ہیں:

ایک انڈے کی بیع دو انڈوں کے عوض جائز ہے اور کیوں کہ معیار شرعی مفقود ہے یعنی

اشیاء مذکورہ نہ کیلی ہے نہ وزنی لہٰذا ربو متحقق نہ ہوگا۔

کیلی کا مطلب ہے ناپنے والی اشیاء اور وزنی کا مطلب ہے تولنے والی اشیاء۔
شریعت میں ناپنے والا پیمانہ یعنی برتن سب سے کم درجے کا جو ہوتا ہے وہ مد ہوتا ہے مد سے کم کوئی پیمانہ نہیں۔ جب آپ کسی سے ناپ کا معاملہ کریں گے تو کم از کم ایک مد کے کیل کا اعتبار کریں گے۔ اگر اس کا اعتبار نہ کیا جائے تو حدیث میں مدا بمد کی جو صراحت ہے وہ بے فائدہ ہو جاتی ہے جب ان کیلی اشیاء میں جنس کے ساتھ کم از کم ایک مد کیل کا اعتبار ہے تو جو اشیاء اس معیار سے کم ہے یعنی ایک مد سے کم ہے یا جو جنس ہونے کے باوجود کیلی یا وزنی نہیں تو ان میں سود کی علت نہیں پائی جاتی اس لیے ان میں سود کا حکم نہیں پایا جاتا۔ اس بات کو صاحب ہدایہ نے یہاں بیان کیا ہے۔

جونا گڑھی کو یا تو ہمارے مسلک کی واقعی خبر نہیں یا پھر انہوں نے جان بوجھ کر ایسا کیا ہے میرے خیال میں تو جان بوجھ کر وہ ایسا کرتے ہیں۔

حنفی مذہب میں فتویٰ امام محمد کے قول پر ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

معلی نے امام محمد سے بھی یہ ہی روایت کیا ہے کہ ان کے نزدیک بیع تمر بالتمرین مکروہ ہے نیز امام محمد کا قول ہے کہ جو شی کثیر میں حرام ہے وہ اس کے قلیل میں بھی حرام ہے شیخ کمال الدین نے فتح القدیر میں امام محمد کے قول کی تصحیح نقل کی ہے۔

(طلوع النیرین شرح ھدایہ آخرین ج۱ ص ۲۲۶)

مولانا ظفر احمد عثمانی حنفی لکھتے ہیں:

ہاں اس میں کوئی شک نہیں کہ ایک لپ (گندم وغیرہ) دو لپ کے بدلہ میں اور ایک کھجور کی دو کھجوروں کے بدلہ میں بیع سے بچنا بہتر ہے۔ اس لیے نہیں کہ امام ابوحنیفہ کا نظریہ دلیل کے لحاظ سے کمزور ہے۔ بلکہ خلاف سے نکلنے کے لیے ہے۔

(اعلاء السنن جلد ۱۴ ص ۲۶۴ بحوالہ انکشاف حقیقت ص ۳۳۵) (تفصیل کے لیے دیکھیے الشرح ثمیری علی المختصر للقدوری ج ۲ ص ۷۲ تا ۸۳ باب الربوٰ)

اعتراض نمبر ۱۴۸:

بوٹی کے بدلے بکرا

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوٰۃ شریف جلد اول ص ۲۳۵ کتاب البیوع باب الربوٰ میں ہے عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ مُرْسَلاً أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ اللَّحْمِ بِالْحَيَوَانِ الخ رواہ فی شرح السنۃ یعنی رسول اللہ ﷺ نے گوشت کو جانوروں کے بدلے بیچنا حرام فرمایا ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی اسے نہیں مانتے چنانچہ ہدایہ جلد سوم ص ۶۵ کتاب البیوع باب الربوٰ میں ہے يَجُوزُ بَيْعُ اللَّحْمِ بِالْحَيَوَانِ یعنی گوشت کو جانور کے بدلے بیچنا جائز ہے۔ اب دیکھیں ہمارے زمانے کے احناف اس حرام بیع کو فقہ سے حلال کرتے ہیں؟ یا حدیث کے مطابق حرام ہی کہتے ہیں؟ اس نے تو اس مثل کو اصل کر دکھایا کہ بوٹی دے کر بکرا لے لو۔

(شمع محمدی ص ۱۵۶، ظفر المبین ج ۲ ص ۱۴۵)

جواب:

جونا گڑھی نے جو حدیث نقل کی ہے اس کی شرح میں نواب قطب الدین محدث دہلوی حنفی لکھتے ہیں:

حضرت امام ابوحنیفہ کے ہاں یہ معاملہ جائز ہے ان کی دلیل یہ ہے کہ اس معاملہ میں ایک موزوں چیز (یعنی گوشت کہ اس کا لین دین وزن کے ذریعہ ہوتا ہے) کا تبادلہ ایک غیر موزون چیز (یعنی جانور کا اس کا لین دین وزن کے ذریعہ نہیں ہوتا) کے ساتھ کیا جاتا ہے جس میں دونوں طرف کی چیزوں کا برابر سرابر ہونا ضروری نہیں ہے اور ظاہر ہے کہ لین دین اور خرید و فروخت کی یہ صورت جائز ہے ہاں اس صورت میں چونکہ لین دین کا دست بدست

ہونا ضروری ہے اس لیے حدیث میں مذکور بالا ممانعت کا تعلق دراصل گوشت اور جانور کے باہم لین دین کی اس صورت سے ہے جب کہ لین دین دست بدست نہ ہو بلکہ ایک طرف تو نقد ہو اور دوسری طرف وعدہ یعنی ادھار ہو۔ (مظاہر حق جدید ج ۳

قاری عبدالحلیم قاسمی بستوی احسن الہدایہ ترجمہ وشرح ہدایہ میں اس مسئلہ کی تشریح میں لکھتے ہیں:

حضرات شیخین کی دلیل یہ ہے کہ تحقیق ربوٰ کے لیے دو علتوں کا پایا جانا ضروری ہے اور یہاں دونوں معدوم ہیں اس لیے کہ گوشت موزون ہے اور حیوان غیر موزون وعددی) ہے کیوں کہ حیوان کو عرفِ عام میں نہ تو وزن کیا جاتا ہے اور نہ ہی وزن سے اس کی مقدار معلوم ہوسکتی ہے کیوں کہ کبھی تو وہ خود کو ہلکا کر لیتا ہے اور کبھی سانس وغیرہ بھر کے خود کو بہت بھاری بنالیتا ہے۔ لہٰذا ان میں اتحاد وقدر نہیں پایا گیا۔ اور صاحب کفایہ کی وضاحت کے مطابق یہاں اتحاد جنس بھی نہیں ہے۔ اس لیے کہ حیوان متحرک اور حساس ہوتا ہے جب کہ گوشت حرکت وحس سے عاری ہوتا ہے۔ تو جب حیوان اور گوشت میں ربوٰ کی دونوں علتیں معدوم ہیں تو انہیں ایک کو دوسرے کے عوض فروخت کرنا درست اور جائز ہوگا خواہ برابری کے ساتھ ہو یا کمی اور بیشی کے ساتھ ہو۔ (احسن الہدایہ جلد ۲ ص ۳۳۹)

اعتراض نمبر ۱۴۹:

سودی بیع

(یعنی تر کھجوروں کو خشک کھجوروں کے بدلے بیچنا)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے:

مشکوٰۃ شریف جلد اول ص ۲۴۵ کتاب البیوع باب الربوٰ میں ہے عَنْ سَعْدِ بْنِ وَقَّاصٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ شِرٰی التَّمْرِ بِالرُّطَبِ فَقَالَ اَیَنْقُصُ الرُّطَبُ اِذَا یَبِسَ فَقَالَ نَعَمْ فَنَھَاہُ عَنْ ذٰلِكَ. رواہ مالك

والترمذی وابوداؤد والنسائی وابن ماجه) یعنی رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ کیا خشک کھجوروں کو تر کھجوروں کے بدلے بیچ سکتے ہیں؟ آپ نے پوچھا کہ کیا تر کھجوریں خشک ہونے کے بعد وزن میں کم ہوجاتی ہیں؟ جواب ملا جی ہاں۔ تو آپ نے اس سے منع فرمادیا۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن حنفی اسے بھی نہیں مانتے ہدایہ جلد ۳ کتاب البیوع باب الربوٰ ص ۲۷ میں ہے یَجُوْزُ بَیْعُ الرُّطَبِ بِالتَّمْرِ مَثَلاً بِمَثَلٍ یعنی تر کھجوروں سے خشک کھجوروں کی بیع جائز ہے۔ کہو حنفیو! حدیث مانو گے یا فقہ ممنوع تجارت کروگے یا مشروع؟

(شمع محمدی ص ۱۵۷، فتح المبین علی رد مذاہب المقلدین ص ۵۷، ۱۳۲)

جواب:

امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ خشک کھجوروں اور تر کھجوروں کی بیع آپس میں جائز ہے۔ بشرطیکہ دونوں طرف سے کھجوریں بالکل برابر ہوں اور سودا نقد ہو کسی طرف سے بھی ادائیگی نقد ہو ادھار نہ ہو۔ ان کا استدلال یہ ہے کہ اس معاملے میں دو ہی باتیں کہنا ممکن ہے یا تو خشک کھجور اور تر کھجور کی جنس الگ الگ ہے یا پھر ایک ہی جنس ہے اگر دونوں ایک ہی جنس ہوں تو حدیث میں بصراحت مذکور ہے کہ کھجور کے بدلے کھجور کو برابری اور نقد سودا ہونے کی شرط پر بیچنا جائز ہے۔ (صحیح مسلم ج ۲ ص ۲۵)

گویا جو بھی صورت اختیار کی جائے خشک کھجور اور تر کھجور کی آپس میں بیع کو ممنوع نہیں قرار دیا جاسکتا۔ تاہم چونکہ یہ بالکل واضح ہے کہ خشک کھجور کی جنس ایک ہی ہے اس لیے امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ ان کی آپس میں بیع ان دو شرطوں کے مطابق ہی درست ہوگی جو احادیث میں صراحتاً مذکور ہیں یعنی یہ کہ کھجوریں دونوں طرف سے برابر ہوں اور سودا نقد ہو۔

رہی وہ روایت جو جونا گڑھی نے نقل کی ہے اس کے کئی جواب ہیں۔

۱...... حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی خود اسی روایت کے بعض طرق میں صراحت ہے کہ حضور

اکرم ﷺ نے یہ نہی ادھار بیچنے سے کی تھی۔ چنانچہ سنن الکبریٰ بیہقی ج ۵ ص ۲۹۴ اور طحاوی ج ۲ ص ۱۶۱ میں حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ کی جو روایت آتی ہے اس میں حضرت سعد فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے خشک کھجوروں کے بدلے میں تر کھجوروں کو "ادھار کر کے" بیچنے سے منع فرمایا۔ اور اس صورت میں جیسا کہ اوپر مذکور ہوا۔ امام ابوحنیفہ بھی اس بیع کو ناجائز قرار دیتے ہیں۔

حضرت سعد کی روایت کے علاوہ بھی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایات میں بھی نہی وارد ہے۔ ان روایات میں جو نہی مذکور ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ در حقیقت بیع مزابنہ کے بارے میں وارد ہوتی ہے۔ (مزابنہ کا مطلب ہے درختوں پر لگی کھجوروں کا اندازہ کر کے انہیں کٹی ہوئی معلوم المقدار کھجوروں کے بدلے بیچنا) اس کی دلیل یہ ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت مسلم میں مکمل آئی ہے اور اس میں صراحت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے مزابنہ سے منع فرمایا اور مزابنہ یہ ہے کہ درخت پر لگی کھجوروں کو کٹی ہوئی کھجوروں کے ساتھ ناپ کر اور میوے کو (درخت پر لگے) انگوروں کے ساتھ ناپ کر بیچا جائے۔ (مسلم ج ۲ ص ۹)

مزابنہ سے نہی کی علت یہ ہے کہ اس میں کمی بیشی کا احتمال قوی موجود ہے جب کہ زیر بحث مسئلہ میں کھجوروں کی مقدار دونوں طرف سے مساوی ہے اس لیے مزابنہ کا حکم اس پر جاری نہیں ہو سکتا۔ (امام ابوحنیفہ اور عمل بالحدیث ص ۱۸۱ تا ۱۸۳)

اعتراض نمبر ۱۵۰، ۱۵۱:

کھیت اور باغ کی شرکت

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوٰۃ شریف جلد اول ص ۲۵۷ کتاب البیوع باب المساقاۃ والمزارعۃ میں ہے عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَفَعَ اِلَى يَهُوْدِ خَيْبَرَ نَخْلَ خَيْبَرَ وَاَرْضَهَا عَلٰى اَنْ يَعْتَمِلُوْهَا مِنْ اَمْوَالِهِمْ وَلِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَطْرُ ثَمَرِهَا رواہ مسلم یعنی رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے رہنے والے یہودیوں کو خیبر کی زمین دی اور یہ ٹھہرا کر کہ وہ اپنا مال لگا کر خود ہی کام کاج کریں اور جو پیداوار کھجور کے باغ کی ہو اس میں آدھا ان کا اور آدھا آپ کا اسی طرح وہاں کی کھیت کی زمین بھی اسی بٹوارے پر انہیں دی۔ یہ حدیث صحیح ہے صریح ہے کہ مزارعہ اور مساقاۃ یعنی اس طرح کی شرکت کی کھیتی اور اس طرح کے شرکت کے باغ شرعاً جائز ہیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن ہدایہ میں ہے قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ الْمُزَارَعَةُ بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ بَاطِلَةٌ یعنی اس طرح کھیت کرنا ناجائز ہے۔ باطل ہے ہدایہ جلد ۴ ص ۴۰۸ کتاب المزارعہ اور ص ۴۱۵ کتاب المساقاۃ میں ہے قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ الْمُسَاقَاةُ بِجُزْءٍ مِنَ الثَّمَرِ بَاطِلَةٌ یعنی اس طرح کھجوروں کے باغات کی بٹواری بھی ناجائز اور باطل ہے۔

(شمع محمدی ص ۱۵۸، ظفر المبین حصہ اول ص ۲۱۶)

جواب:

اس معاملے میں جمہور صحابہ وتابعین کا مسلک یہ ہے کہ مزارعت (یعنی بٹائی پر معاملہ کرنا) جائز ہے چنانچہ امام ابوحنیفہ کے تلامذہ میں سے ابو یوسف اور امام محمد کا بھی یہی مسلک ہے اور فقہ حنفی میں فتویٰ صاحبین کے قول پر ہے۔ (طلوع النیرین ج ۵ ص ۱۷۲)

لیکن یہ بات واضح رہنی چاہیے کہ امام ابوحنیفہ کی اس رائے کی بنیاد معاذ اللہ حدیث کے مقابلے میں اپنی رائے اور قیاس پر نہیں ہے جیسا کہ جونا گڑھی نے لکھا ہے بلکہ ان کا استدلال بھی اس معاملہ میں احادیث ہی سے ماخوذ ہے۔

پہلی حدیث:

صحیح مسلم میں حضرت جابر بن عبداللہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس

شخص کے پاس کچھ زمین ہو تو اسے چاہیے کہ اس میں کوئی چیز خود کاشت کرے۔ اگر وہ خود یہ نہ کر سکتا ہو تو اپنے کسی مسلمان بھائی کو دے دے (کہ وہ اس سے فائدہ اٹھائے) لیکن اس کو کرایہ پر نہ دے (یعنی زمین دینے کے عوض اس سے اس کا کرایہ نہ لے۔

(مسلم ج ۲ ص ۱۱)

دوسری حدیث:

حضرت رافع بن خدیج سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں اپنے کھیتوں کو اگنے والی فصل کے تیسرے یا چوتھے حصے یا کسی معین مقدار کے عوض میں کرائے پر دیتے۔ تو ایک دن میرے چچاؤں میں سے ایک آیا اور اس نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اس سے منع کر دیا ہے جس میں ہمارا فائدہ تھا لیکن اللہ اور رسول کے حکم کی فرماں برداری ہمارے لیے زیادہ فائدہ مند ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اپنی زمینیں فصل کے تیسرے یا چوتھے حصے یا کسی معین مقدار کے عوض میں کرائے پر دینے سے منع فرمادیا ہے اور حکم دیا ہے کہ یا زمین کا مالک خود کاشت کرے یا کسی دوسرے کو کاشت کے لیے دے دے۔ لیکن زمین کا کرایہ لینے کو آپ ﷺ نے ناپسند فرمایا ہے۔ (مسلم ج ۲ ص ۱۱)

تیسری حدیث:

حضرت عبداللہ بن عمر کہتے ہیں کہ ہم لوگ مخابرت کیا کرتے تھے اور اس میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھتے تھے یہاں تک کہ جب حضرت رافع ابن خدیج نے یہ بتایا کہ رسول کریم ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے تو ہم نے اس وجہ سے اسے ترک کر دیا۔

(مشکوٰۃ باب المساقاۃ والمزارعۃ فصل اول، جوناگڑھی نے جو حدیث نقل کی ہے اس کے بعد کی یہ حدیث ہے)

نواب قطب الدین محدث دہلوی حنفی اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

مخابرت اس مزارعت کو کہتے ہیں جس کا ذکر اوپر کی حدیث میں ہوا حضرت امام اعظم

ابوحنیفہ کے نزدیک چونکہ مزارعت ممنوع ہے اس لیے یہ حدیث ان کی دلیل ہے۔

(مظاہر حق ج ۳ ص ۱۶۹)

مزارعت سے مخالفت کی احادیث اس کے علاوہ دیگر صحابہ کرام سے بھی مروی ہیں (دیکھیے کتب حدیث) اور انہی سے استدلال کرتے ہوئے امام ابوحنیفہ نے اس کے عدم جواز کا فتویٰ دیا ہے۔

اور جو روایت جوناگڑھی نے نقل کی ہے۔ اس کا مطلب امام ابوحنیفہ کے نزدیک کیا ہے وہ ہم نواب قطب الدین کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں۔

نواب صاحب لکھتے ہیں:

حضرت امام اعظم یہ فرماتے ہیں کہ خیبر کی زمین اور درختوں کو وہاں کے یہودیوں کو دینا مساقات و مزارعت سے کوئی تعلق نہیں رکھتا کیوں کہ خیبر کی زمین اور وہاں کے درخت آنحضرت ﷺ کی ملکیت میں نہیں تھے کہ آپ بطور مساقات و مزارعت وہاں کے یہودیوں کو دیتے بلکہ وہ زمین بھی یہودیوں ہی کی ملکیت تھی اور وہاں کے درختوں کے مالک بھی یہودی ہی تھے۔ آپ نے ان کی املاک کو انہیں کے حوالہ کیا اور اس کی پیداوار کا نصف بطور خراج اپنے لیے مقرر فرمایا۔ چنانچہ خراج کی دو قسمیں ہیں۔ ① خراج موظف ② خراج مقاسمت۔ خراج موظف کی صورت یہ ہوتی ہے کہ اسلامی مملک کی طرف سے جن لوگوں پر خراج عائد کیا جاتا ہے ان سے سربراہ مملکت ہر سال کچھ مال لینا مقرر کر لیتا ہے۔ جیسا کہ اہل نجران سے ہر سال بارہ سو ۱۲۰۰ حلے یعنی جوڑے لیے جاتے تھے۔

خراج مقاسمت کی صورت یہ ہوتی ہے کہ جن لوگوں پر خراج عائد کیا جاتا ہے ان کی زمین کی پیداوار ان لوگوں اور اسلامی حکومت کی درمیان کسی مقررہ مقدار میں تقسیم ہوتی ہے جیسا کہ اہل خیبر کے ساتھ ہوا کہ ان کی زمین اور درختوں کی نصف پیداوار آنحضرت ﷺ لے لیتے تھے۔ (مظاہر حق ج ۳ ص ۱۶۹)

بہر حال یہ بات حدیث کے فہم و تدبر سے تعلق رکھتی ہے۔ جس سے خطا اور صواب

دونوں کا امکان ہر شخص کے حق میں پایا جاتا ہے۔ اس کی بنا پر فقہ اور حدیث کے ایک جلیل القدر امام کے بارے میں جس نے اپنے اس مسلک کی بار بار وضاحت کی ہو کہ حدیث کے مقابلہ میں کسی شخص کی رائے اور قیاس کا کوئی اعتبار نہیں یہ کہنا کہ اس نے حدیث کے خلاف محض قیاس کی بنا پر رائے قائم کی ہے۔ محض ایک بے بنیاد الزام ہے۔

(ماخوذ امام حنیفہ اور عمل بالحدیث)

یہ اعتراض اصل میں ظفر المبین کا تھا اس کا جواب فتح المبین ص ۲۵۴ تا ۲۵۶ میں دیا گیا تھا۔

اعتراض نمبر ۱۵۲:

دو اذانوں کو ایک کر دیا

(یعنی مزدلفہ میں ایک اذان اور ایک اقامت)

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوٰۃ شریف جلد اول ص ۲۲۵ میں آنحضرت ﷺ کے حجۃ الوداع کے قصہ میں مروی ہے کہ جب حضور مزدلفہ میں پہنچے تو فَصَلّٰی بِهَا الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِاَذَانٍ وَّاحِدٍ وَّاِقَامَتَيْنِ یعنی وہاں آپ نے مغرب عشاء کی نماز جمع کر کے پڑھی اذان ایک ہی ہوئی اور اقامت یعنی تکبیریں دو ہوئیں۔ ملاحظہ بخاری مسلم۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اس سنت کو نہیں مانتا وہ کہتا ہے وَيُصَلِّي الْاِمَامُ بِالنَّاسِ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِاَذَانٍ وَّاِقَامَةٍ وَّاحِدَةٍ یعنی مزدلفہ میں امام مغرب عشاء کی نماز ایک اذان اور ایک اقامت سے پڑھائے۔ (شمع محمدی ص ۱۵۹، ظفر المبین حصہ دوم ص ۱۲۶)

جواب:

اس مسئلہ میں احادیث مختلف ہیں کسی میں آتا ہے کہ ہر نماز کے لیے اذان بھی دی

جائے گی اور اقامت بھی کہی جائے گی اور کسی میں آتا ہے ایک اذان اور دو تکبیروں سے دونوں نمازیں پڑھیں گے اور کسی روایت میں آتا ہے کہ ایک اذان ایک ہی تکبیر سے دونوں نمازیں پڑھیں گے۔ جوناگڑھی نے دو تکبیروں والی روایت نقل کر دی اور ایک تکبیر والی کا ذکر نہیں کیا۔ حنفی مذہب کا عمل ایک تکبیر والی احادیث کے مطابق ہے۔

حنفی مذہب کے دلائل

حدیث نمبر ۱:

روایت ہے عبداللہ بن مالک سے کہ البتہ ابن عمر نے نماز پڑھی مزدلفہ میں اور ملا کر پڑھیں دو نمازیں ایک تکبیر سے اور فرمایا دیکھا میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسا ہی کرتے ہوئے اس مکان میں۔

(ترمذی مترجم جلد اول ص ۳۳۵، ترجمہ علامہ بدیع الزمان غیر مقلد ابواب الحج باب: ما جاء فی الجمع بین المغرب والعشاء)

حدیث نمبر ۲:

حضرت ابن عمر ؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نماز جمع کر کے پڑھی۔ آپ نے مغرب کی تین رکعات اور عشاء کی دو رکعات ایک اقامت کے ساتھ پڑھیں۔

(مسلم کتاب الحج، باب: الافاضۃ من عرفات الی المزدلفۃ)

حدیث نمبر ۳:

حضرت سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت ابن عمر ؓ کے ساتھ گئے حتی کہ مزدلفہ پہنچے وہاں انہوں نے ہمیں مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک اقامت کے ساتھ پڑھائیں پھر واپس لوٹے اور کہا رسول اللہ ﷺ نے اس جگہ اسی طرح ہمیں نماز پڑھائی تھی۔

(مسلم کتاب الحج، باب: الافاضۃ من عرفات الی المزدلفۃ، ابوداؤد کتاب المناسک، باب: الصلوٰۃ البجمع)

حدیث نمبر۴:

عبداللہ بن مالک سے روایت ہے کہ میں نے مغرب کی تین رکعتیں اور عشاء کی دو رکعتیں عبداللہ بن عمر کے ساتھ پڑھیں تو مالک بن الحارث نے ان سے کہا یہ کس طرح کی نماز ہے۔ انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ان دونوں نمازوں کو اسی جگہ پڑھا تھا ایک تکبیر سے۔ (ابو داؤد، کتاب المناسك باب: الصلوٰة بجمع)

حدیث نمبر۵:

سعید بن جبیر وعبداللہ بن مالک سے روایت ہے کہ ہم نے عبداللہ بن عمر کے ساتھ مزدلفہ میں نماز مغرب اور عشاء پڑھی ایک تکبیر سے۔

(سنن ابو داؤد کتاب المناسك باب الصلوٰة بجمع)

حدیث نمبر۶:

حضرت جابر بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ ملا کر پڑھیں اور ان کے درمیان کسی قسم کی نماز نہیں پڑھی۔ (مصنف ابن ابی شیبة، بحواله نصب الرایه ج۳ ص۶۸)

حدیث نمبر۷:

حضرت ابو ایوب انصاری سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے مغرب کی تین رکعات اور عشاء کی دو رکعات ایک اقامت کے ساتھ ملا کر پڑھیں۔

(نصب الرایه ج۳ ص۶۹)

ان تمام احادیث سے معلوم ہوا کہ مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کو عشاء کے وقت میں ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ پڑھے۔ اور مغرب اور عشاء کے درمیان کسی قسم کی نفل نماز نہ پڑھی جائے۔ حضور اکرم ﷺ کا یہی عمل ہے اور احناف کا یہ یہی مختار مسلک ہے۔ باقی رہی وہ حدیث جو جونا گڑھی نے نقل کی ہے۔ وہ اس صورت پر محمول ہے کہ اگر مغرب اور عشاء کے درمیان کسی قسم کا وقفہ کر دیا جائے مثلاً کھانا کھانے کا یا اونٹ وغیرہ

بٹھانے کا تو پھر عشاء کی نماز کے لیے دوبارہ اقامت کہی جائے تا کہ جو لوگ ادھر ادھر ہو چکے ہیں وہ نماز کے لیے حاضر ہو جائیں۔ صاحب ہدایہ نے ایک عقلی دلیل بھی نقل کی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ عشاء اپنے وقت پر پڑھی جا رہی ہے۔ اس لیے الگ سے اقامت کہنے کی ضرورت نہیں ہے کیوں کہ لوگ تو عشاء کے لیے پہلے سے منتظر ہی ہیں۔ اس کے برخلاف عرفہ میں عصر کی نماز اپنے وقت سے پہلے پڑھی جا رہی ہے اس لیے لوگوں کو مزید بتلانے کے لیے کہ عصر کی نماز ابھی ہی ہو رہی ہے۔ عصر کے لیے الگ سے اقامت کہی جائے گی۔

اعتراض نمبر۱۵۳:

مسکینوں پر تنگی

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

مشکوٰۃ جلد اول ص۲۴۶ کتاب البیوع باب المنہی عنہا الخ میں ہے عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْخَصَ فِیْ بَیْعِ الْعَرَایَا بِخَرْصِهَا مِنَ الثَّمَرِ فِیْ مَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ اَوْ فِیْ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ شَكَّ دَاؤد بن الحسین متفق علیه یعنی جو لوگ غربا کو چند درخت خرما کا پھل ہبہ کر دیں تو اگر وہ اندازاً پانچ وسق ۱۹من سے کم ہوں تو ان کے لیے جائز ہے کہ ان کے انداز اور انکل سے تیار کھجوریں لے لیں۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب اسے نہیں مانتا ان کی ہدایہ کے ص۳۶ جلد۳ کتاب البیوع میں اسے منع لکھا ہے بلکہ امام شافعی جو اسے مانتے ہیں ان کی تردید کی ہے اب حنفیوں کو اختیار ہے خواہ اصلی پیغمبر کی لیں خواہ بعد والے کی؟

(شمع محمدی ص۱۶۰، فتح المبین علی رد مذاہب المقلدین ص۱۳۶)

جواب:

جوناگڑھی نے یہاں پر ہدایہ کی مکمل عبارت نقل نہیں کی جس سے مسئلہ خود ہی صاف ہو جاتا تھا۔ ہدایہ میں اصل مسئلہ بیع مزابنہ اور بیع عرایا کا چل رہا ہے کہ یہ جائز ہے یا نہیں۔

یہاں پر اصل مسئلہ یہ ہے کہ درخت پر لگی ہوئی کھجوروں کو خشک کھجوروں کے ساتھ اندازہ کر کے بیچنا درست یا نہیں۔

احناف کہتے ہیں کہ درست نہیں کیوں کہ یہ بیع مزابنہ ہے اور شریعت میں بیع مزابنہ منع ہے۔ کیوں کہ حدیث میں آتا ہے حضرت جابر کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بیع مخابزہ، محاقلہ اور مزابنہ سے منع فرمایا۔ محاقلہ یہ ہے کہ کوئی شخص اپنا کھیت سو فرق گندم کے عوض بیچے اور مزابنہ یہ ہے کہ درخت میں لگی کھجوروں کو سو فرق کے عوض بیچنا اور مخابرہ زمین کو کرایہ پر دینا ہے تہائی یا چوتھائی پر۔ (مشکوٰۃ باب المنہی عنہا من البیوع)

اس حدیث کے علاوہ بھی اور بہت سی احادیث میں بیع مزابنہ سے آپ نے منع فرمایا ہے۔ اس لیے امام ابوحنیفہ بھی منع فرماتے ہیں۔

قارئین آپ کے علم میں اب مسئلے کی صحیح صورت آگئی ہوگی اس اجازت کا نام بیع عرایا ہے۔

عرایا کا مطلب:

عرایا عریہ کی جمع ہے کسی شخص کو کھجور کے درخت کے پھلوں کا عطیہ دیا جائے نہ کہ اس کے درخت کا تو اس کو عریہ کہتے ہیں عرب میں جب خشک سال ہوتا ہے تو جن کے پاس کھجوروں کے درخت ہوتے تو وہ خوشی سے ان لوگوں کو عاریۃ کھجوریں دیتے جن کے پاس کھجوریں نہیں ہوتی تھیں۔

اس تعریف سے معلوم ہوا کہ اصل درختوں کا مالک نہیں بنایا گیا صرف درختوں پر جو کھجوریں ہیں وہ ان غریب لوگوں کو کھانے کے لیے کہا تھا کہ یہ دو یا تین درختوں کی کھجوریں

کھا سکتے ہیں۔ جن لوگوں کو یہ عاریۃ کھجوریں دیں۔ ان لوگوں کو اصحاب عرایا کہتے ہیں۔

ایک شخص نے اصحاب عرایا کو اجازت دے دی مگر بعد میں وہ شخص کسی وجہ سے تازہ کھجوریں خود رکھنا چاہتا ہے اور اسے خشک کھجوریں دینا چاہتا ہے تو اس کی آپ ﷺ نے صرف پانچ وسق سے کم میں اجازت دی ہے۔ مسئلے کی اس شکل کو غیر مقلد بیع کہتے ہیں۔ جب کہ احناف اس کو بیع نہیں کہتے۔ اگر اس کو بیع کہا جائے تو یہ مزابنہ کی صورت بنتی ہے جو منع ہے۔ البتہ اس کو ہبہ کہنا درست ہے اور ایسی شکل میں فقہائے احناف بیع العرایا کے جواز کے قائل ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ عریہ درحقیقت عطیہ ہے اور اس پر بیع کا اطلاق صورۃ کیا جاتا ہے۔ (عمدۃ القاری ج ۱۱ ص ۴۳۲)

اس اعتراض کے جواب میں امام ابوحنیفہ اور عمل بالحدیث میں لکھا ہے۔ البتہ اس معاملے میں خود حضور اکرم ﷺ نے ایک صورت یعنی عرایا کو مستثنیٰ قرار دیا ہے جس کا ذکر اوپر اعتراض کے ضمن میں منقول حدیث میں ہے۔ عرایا کا معنی ہے۔ ہبہ کئے ہوئے درخت اس کی صورت یہ ہے کہ کوئی آدمی اپنے باغ کے کچھ درخت کسی محتاج کو ہبہ کر دے۔ پھر بعد میں وہ کسی وجہ سے اسے درخت پر لگے ہوئے پھل دینے کے بجائے کٹے ہوئے پھل دینا چاہے تو اسے اجازت ہے کہ وہ درخت پر لگے ہوئے پھل کی مقدار کا اندازہ کر کے اس کے مطابق کٹے ہوئے پھل اس آدمی کو دے دے۔ اس صورت میں اگرچہ بظاہر مزابنہ کی صورت پائی جاتی ہے لیکن اس کو اس لیے جائز قرار دیا گیا ہے کہ درحقیقت اس میں وہ علت نہیں پائی جاتی جس کی وجہ سے مزابنہ کو ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ مزابنہ میں ممانعت کی علت یہ ہے کہ اس میں اندازے کے ساتھ ایک جنس کی اشیاء کا باہمی تبادلہ کیا جاتا ہے۔ اور اس میں کمی بیشی کا احتمال پایا جاتا ہے۔ جو کہ شریعت میں ممنوع ہے۔ جب کہ عرایا میں سرے سے تبادلہ ہی نہیں پایا جاتا یعنی یہاں صورت یہ نہیں ہے کہ موہوب لہ (جس آدمی کو ہبہ کیا گیا ہے) سے درخت پر لگے ہوئے پھل لے کر ان کے بدلے میں اسے کٹے ہوئے پھل دیے جا رہے ہیں بلکہ صورت یہ ہے کہ ہبہ کرنے والے نے ایک چیز ہبہ کرنے کے بعد موہوب

قبضے میں جانے سے پہلے ہی واپس لے لی اور اس کی جگہ دوسری چیز ہبہ کردی۔ چونکہ پہلی چیز موہوب لہ کے قبضے میں نہیں گئی اس لیے اس پر اس کی ملکیت ثابت نہ ہو سکی اس طرح ہبہ کرنے والے نے جب پہلی چیز واپس لی تو وہ اس کی اپنی ہی مملوکہ چیز تھی نہ کہ موہوب لہ کی۔ پس جب اس نے اپنی ہی چیز ایک چیز کی جگہ دوسری چیز دی ہے تو تبادلہ نہیں پایا گیا۔ اس لیے کمی بیشی بھی ناجائز نہ رہی۔ (امام ابوحنیفہ اور عمل بالحدیث ص ۲۰۰)

ہمارے نزدیک یہ شکل جس کو جونا گڑھی نے بیع عرایا کا نام دیا ہے جائز ہے۔ جونا گڑھی نے جو حدیث نقل کی ہے اس کی شرح میں نواب قطب الدین محدث دہلوی حنفی لکھتے ہیں۔ پانچ وسق سے کم کی قید اس لیے ہے کہ اس اجازت کا تعلق احتیاج اور مزارعت سے ہے اور احتیاج و مزارعت پانچ وسق سے کم ہی ہوتی ہے۔ چنانچہ عرایا کے پھلوں کی مذکورہ بیع و تبادلہ پانچ وسق سے کم میں سب ہی علماء کے نزدیک جائز ہے۔

(مظاہر حق ج ۳ ص ۹۵)

اس بات میں علماء کے اختلافی اقوال ہیں کہ اجازت کا تعلق صرف محتاجوں ہی سے ہے یا اغنیاء بھی اس اجازت کے دائرہ میں آتے ہیں چنانچہ زیادہ صحیح قول یہی ہے کہ یہ اجازت دونوں کے لیے ہے۔ (مظاہر حق ص ۹۵ جلد سوم)

اعتراض نمبر ۱۵۴، ۱۵۵:

شراب وسور کی تجارت

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

دنیا جانتی ہے مسلمان بچے بچے کو علم ہے کہ اسلام نے شراب اور شراب کی تجارت حرام کردی ہے۔ مشکوۃ شریف جلد اول کتاب البیوع ص ۲۴۲ باب الکسب الخ میں ہے عَنْ جَابِرٍ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَامَ الْفَتْحِ وَهُوَ بِمَكَّةَ اِنَّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ حَرَّمَ بَيْعَ الْخَمْرِ وَالْمَيْتَةِ وَالْخِنْزِيْرِ وَالْاَصْنَامِ الخ متفق علیه یعنی

رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ والے سال اپنے خطبے میں فرمایا کہ اللہ اور اس کے رسول نے شراب کی مردار کی سور کی اور بتوں کی خرید وفروخت حرام فرمادی ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لیکن حنفی مذہب کو اس حکم کے ٹالنے پر اصرار ہے وہ ذرا گھما کر پیچ دے کر اسے حلال کر لیتا ہے یعنی ہدایہ ج ۳ کتاب البیوع ص ۴۱ باب البیع الفاسد میں ہے وَاِذَا اَمَرَ الْمُسْلِمُ نَصْرَانِيًا بِبَيْعِ خَمْرٍ اَوْ بِشِرَائِهَا فَفَعَلَ ذَالِكَ جَازَ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ یعنی اگر کسی مسلمان نے کسی نصرانی کو شراب بیچ ڈالنے یا خرید لینے کا حکم دے دیا تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک یہ جائز ہے جو حکم شراب کا ہے وہی حکم خنزیر کا بھی ہے۔ چنانچہ اس سے آگے ہے وَعَلٰى هٰذَا الْخِلَافِ الْخِنْزِيْرُ یعنی اسی طرح خنزیر کی خرید وفروخت مسلمان نصرانی وکیل کے ذریعے کرسکتا ہے۔ کہو حنفی دوستو کیا ارادے ہیں؟ اس جواب کے ماتحت شراب کے ٹھیکے اور سور کی تجارت بواسطہ عیسائی وکیل شروع ہو جائے گی۔ یا زیر فرمان رسول اکرم ﷺ یہ دونوں تجارتیں حرمت کی حالت میں ہی رہ جائیں گی۔ اللہ ہمیں اپنے نبی کا تابعدار بنائے۔
(شمع محمدی ص ۱۶۰، ظفر المبین حصہ دوم ص ۱۸۸)

جواب:

حنفی مذہب اس حدیث کے مطابق ہے جو جونا گڑھی نے نقل کی ہے۔ چنانچہ مشکوۃ کی شرح میں لکھا ہے۔

تلی نشہ آور چیز خواہ شراب، انگوری ہو یا کھجور وغیرہ کی یا تاڑی یا کوئی اور چیز مطلقاً حرام ہے۔ نشہ دے یا نہ دے اس پر فتویٰ ہے۔ ان سب کی تجارت بھی حرام ہے۔ خشک نشہ آور چیزیں جیسے بھنگ افیون وغیرہ کا استعمال نشہ کے لیے حرام ہے۔ اور دواؤں میں جب کہ یہ نشہ نہ دیں تو حلال، لہٰذا ان کی بیع حلال ہے کہ ان نے انتفاع بھی حلال ہے۔ مردار وہ مرا ہوا

جانور ہے جو بغیر ذبح کھایا نہیں جاتا لہٰذا امری مچھلی کی تجارت درست ہے، بتوں کی تجارت خواہ فوٹو کی شکل میں ہوں یا مجسم حرام ہے جیسے ہنومان، بھوانی، رام چندر وغیرہ کے مجسمے یا فوٹو کی تجارت حرام ہے۔

آگے مزید لکھتے ہیں:

مردار کی چربی کا استعمال حرام ہے احناف کے ہاں مردار کی چربی صابن، چراغ یا چمڑوں میں استعمال کرنا حرام ہے۔ نیز لکھتے ہیں: نجس تیل کا چراغ مسجد میں جلانا منع ہے۔

(خلاصہ لمعات التنقیح شرح مشکوٰۃ المصابیح واشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ. یہ دونوں کتابیں شیخ عبدالحق محدث حنفی دہلوی کی ہیں)

نواب قطب الدین حنفی لکھتے ہیں:

عطاء نے لکھا ہے کہ شراب وغیرہ کے مذکورہ بالا حکم میں باجا بھی داخل ہے کہ اس کی خرید وفروخت بھی جائز نہیں ہے۔ (مظاہر حق ج ۳ ص ۳۹)

جونا گڑھی نے ہدایہ کی عبارت پوری نقل نہیں کی کیوں کہ پتہ چل جاتا تھا کہ صاحبین منع کرتے ہیں اور فقہ حنفی میں فتویٰ بھی صاحبین کے قول پر ہی ہے۔ اور امام صاحب کی اجازت بھی سخت تر کراہت یعنی مکروہ تحریمی کے ساتھ گویا ان کے نزدیک بھی ناجائز ہی ہوا۔ ہدایہ کی مکمل عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

امام محمد نے ذکر فرمایا کہ اگر مسلمان نے کسی نصرانی کو شراب بیچنے یا شراب خریدنے کا وکیل کیا اور وکیل نے یہ کام کیا تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک جائز ہے اور صاحبین نے فرمایا کہ مسلمان پر نہیں جائز ہے اور سور کی خرید وفروخت کی وکالت میں بھی ایسا ہی اختلاف ہے اور صاحبین کی دلیل یہ ہے کہ موکل خود یہ کام نہیں کرسکتا ہے تو بجائے اپنے دوسرے کو وکیل نہیں کرسکتا ہے اور اس لیے کہ جو حکم وکیل کے واسطے ثابت ہوتا ہے وہ موکل کی طرف منتقل ہوتا ہے تو ایسا ہوا کہ گویا موکل نے خود یہ کام کیا تو جائز نہ ہوگا اور ابوحنیفہ کی دلیل یہ ہے کہ وکیل

اپنی لیاقت وولایت سے خود عقد کرنے والا ہے اور موکل کی طرف ملکیت کا منتقل ہونا ایک امر حکمی ہے تو اسلام لانے سے یہ ممتنع نہ ہوگا جیسے مسلمان نے شراب یا سور کو میراث پایا پس اگر شراب ہو تو اس کو سرکہ کرلے اور اگر سور ہو تو اس کو ذبح کردے۔

(عین الہدایہ جلد سوم ص ۱۰۱ مکتبہ رحمانیہ لاہور)

قارئین کرام! آپ نے ہدایہ کی پوری عبارت کا ترجمہ ملاحظہ فرمالیا اس میں واضح طور پر موجود ہے کہ امام ابو یوسف اور امام محمد کے نزدیک ایسا کرنا درست نہیں ہے اور حنفی مذہب میں فتویٰ صاحبین کے قول پر ہے تو امام ابوحنیفہ کے ہاں بھی ایسا کرنے کا حکم نہیں ہے امام صاحب نے تو مسئلہ کا حل بتایا ہے کہ اگر کسی مسلمان نے ایسا کام کرلیا تو وہ اب کیا کرے۔ اس کے متعلق امام صاحب نے وہ بات فرمائی جو جونا گڑھی نے نقل کی مگر آگے کی عبارت چھوڑ دی۔ (غایۃ الاوطار اردو ترجمہ درمختار جلد ۳ ص ۹۵ ناشر ایچ ایم سعید کمپنی کراچی میں ہے)

یا جیسے امر کیا مسلم نے یعنی وکیل کیا مسلم نے ذمی کو شراب یا سور بیچنے یا خرید کرنے کے واسطے یا محرم نے غیر محرم سے کہا اپنے شکار کے بیچنے کے واسطے یعنی یہ توکیل اور بیع اور شرا امام کے نزدیک صحیح ہے نہایت کراہت کے ساتھ (عندالامام مع اشد کراہت) جیسے ضمانت سابقہ صحیح ہے اس واسطے کہ عاقد یعنی ذمی وکیل پہلی صورت میں اور غیر محرم وکیل دوسری صورت میں تصرف کرتا ہے بیع اور شراء میں اپنی اہلیت سے نہ موکل کی اہلیت سے اور انتقال ملک کا موکل کی طرف امر حکمی ہے۔

اس عبارت کے آگے لکھا ہے۔

اور صاحبین نے کہا کہ بیع مذکور صحیح نہیں یعنی باطل ہے اور یہی قول ظاہر تر ہے۔ کذا فی الشرنبلالیہ عن البرہان۔

آگے مترجم کا تبصرہ ملاحظہ فرمائیں:

جب امام کے نزدیک جواز بیع اشد کراہت کے ساتھ ہوا تو مسلم کو واجب ہے کہ در صورت خرید شراب کو سرکہ بنادے یا اس کو زمین پر بہادے اور سور کو چھوڑ دے اور در صورت

بیع اس کے ثمن کو تصدق کرے (یعنی اس کی رقم کو صدقہ کردے) کذا فی الطحاوی عن الحموی

(غایۃ الاوطار ج۳ ص۹۵)

ان عبارات سے معلوم ہوا کہ حنفی مذہب کیا ہے جوناگڑھی نے حنفی مذہب صحیح نقل نہیں کیا ہے۔

اعتراض نمبر ۱۵۶:

وقف کا مسئلہ

صاحب شمع محمدی نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

بخاری مسلم میں حدیث ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی زمین بنام ثمغ صدقہ کرنی چاہی تو حضور نے ان سے فرمایا تَصَدَّقْ بِاَصْلِهَا لاَ تُبَاعُ وَلاَ تُوْهَبُ وَلاَ تُوْرَثُ کہ اسے وقف کردو اصل تو نہ بک سکے نہ بخشی جاسکے نہ وہ کسی کے ورثے میں آئے ہاں اس کی پیداوار سب راہ اللہ مستحقین میں جائے۔ اس حدیث سے ظاہر ہے کہ جہاں کسی نے اپنی کوئی چیز وقف کی کہ وہ اللہ کی ملکیت ہو جائے گی۔ اب اس شخص کی ملکیت اس پر نہ رہے گی اور یہ کہ وقف کرنا شرعی امر ہے اور بہت بڑے ثواب کا کام ہے۔

اعتراض:

پھر حنفی مذہب پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

لیکن ہدایہ جلد دوم ص ۶۱۶ کتاب الوقف میں ہے قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ لاَ يَزُوْلُ مِلْكُ الْوَاقِفِ عَنِ الْوَقْفِ اِلاَّ اَنْ يَحْكُمَ بِهِ الْحَاكِمُ الخ یعنی وقف کرنے والے کے وقف کرنے سے اس کی ملکیت زائل نہیں ہوتی جب تک کہ حاکم کا حکم نہ ہو جائے اس کے معنی صاف یہ ہیں کہ وقف کرنا ہی امام صاحب کے نزدیک جائز نہیں چنانچہ مبسوط کے الفاظ یہی ہیں کہ لاَ يَجُوْزُ الْوَقْفُ اَصْلاً عِنْدَهُ یعنی امام صاحب کے نزدیک سرے سے وقف کرنا ہی جائز نہیں۔ کہو حنفی بھائیو! یہاں تو ناممکن ہے کہ تمہارے علماء امام صاحب کی تقلید کریں کیوں کہ اس صورت میں ہزار ہا کا وقف ہاتھوں سے نکل جائے گا اس لیے سب نے

مل کر یہاں امام صاحب کی تقلید چھوڑ رکھی ہے۔ (شمع محمدی ص ۱۶۱)

جواب:

اس مسئلے میں امام ابوحنیفہ کے مسلک میں کچھ تفصیل ہے۔ امام صاحب فرماتے ہیں کہ کسی چیز کو وقف کرنے کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ اصل چیز ہی کو وقف کردے۔ مثلاً کوئی جگہ مسجد یا مدرسہ یا ہسپتال وغیرہ کے لیے وقف کردے اس صورت میں ایک دفعہ وقف کردینے کے بعد یہ چیز وقف کرنے والے کی ملکیت سے نقل کی جاتی ہے اور وقف لازم ہو جاتا ہے اب یہ شخص اس وقف شدہ چیز کو واپس نہیں لے سکتا۔

دوسری صورت یہ ہے کہ آدمی اصل چیز کو وقف نہ کرے بلکہ اس سے حاصل ہونے والی آمدنی مثلاً کسی باغ کا پھل یا کسی دکان کا کرایہ کسی کام کے لیے وقف کردے اور اصل چیز اپنے قبضے ہی میں رکھے۔

اس صورت میں آدمی کو یہ وقف واپس کرنے کا اختیار ہے اور اگر وہ مرجائے تو اس کے ورثاء اس چیز کو واپس لے کر آپس میں تقسیم کرسکتے ہیں۔ اس دوسری صورت میں وقف صرف اس شکل میں لازم ہوگا جب حکومت اسے لازم قرار دے یا وقف کرنے والا بطور وصیت یہ کہے کہ میرے مرنے کے بعد یہ چیز وقف ہوگی یا وقف تو اپنی زندگی ہی میں کردے لیکن اس وقف کو ہمیشہ کے لیے لازم قرار دے۔

امام ابوحنیفہ کی دلیل یہ ہے کہ وقف کی دوسری صورت میں جس میں اصل چیز کے بجائے اس سے حاصل ہونے والی آمدنی وقف کی جاتی ہے۔ اصل چیز واقف کی ملکیت میں رہتی ہے۔ اس لیے اس کے انتظام والنصرام کا حق واقف کو ہوتا ہے اور اس کی آمدنی کو مختلف مدوں میں خرچ کرنے کی صوابدید اس کے پاس ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ کسی چیز سے متعلق جتنے مالکانہ حقوق ہوسکتے ہیں وہ سب اس شخص کو حاصل رہتے ہیں۔ پس جب یہ چیز اس کی اپنی ملکیت میں ہے۔ اس کی آمدنی کو وہ بطور صدقہ خرچ کر رہا ہے تو بالکل بدیہی بات ہے

کہ اس کے وقف کو واپس لینے اور اسے بیچنے یا دیگر تصرفات کرنے کا حق بھی اس کو حاصل ہوگا۔ اسی طرح اگر واقف (وقف کرنے والا) مرجائے اور اس نے وقف شدہ چیز کو دائمی طور پر موقوف قرار نہ دیا ہو تو ظاہر ہے، اس کی ملک میں ہونے کی وجہ سے یہ چیز اس کے ورثاء کا حق ہوگی اور انہیں اختیار ہوگا کہ وہ اسے وقف کی صورت سے نکال کر آپس میں تقسیم کرلیں۔

امام صاحب کا یہ مسلک بالکل فقہی اور اصولی ہے اور احادیث میں اس کے خلاف کوئی دلیل پیش نہیں کی جاسکتی۔ جونا گڑھی نے حضرت عمرؓ کے وقف کی جو روایت نقل کی ہے اس سے امام صاحب کے خلاف تو کیا استدلال ہوتا الٹا ان کے موقف کی تائید ہی ہوتی ہے۔

چنانچہ بخاری کی روایت میں یہ صراحت موجود ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے حضرت عمرؓ سے کہا کہ:

یہ زمین اس طرح صدقہ کرو کہ اس کو نہ بیچا جاسکے نہ ہبہ کی جاسکے اور نہ وراثت میں تقسیم کی جاسکے۔ لیکن اس کا پھل خرچ کیا جائے۔ (فتح الباری شرح بخاری ج۵ص۳۹۲)

جونا گڑھی کی نقل کردہ روایت میں صاف موجود ہے کہ انہوں نے وقف کرتے ہوئے یہ قید لگائی تھی کہ

اصل زمین نہ بیچی جاسکے گی نہ کسی کو ہبہ کی جاسکے گی اور نہ وراثت میں تقسیم ہوگی۔

یہ صراحت امام ابوحنیفہ کے مسلک کے بالکل مطابق ہے۔ کیوں کہ اگر واقف وقف شدہ چیز کے بارے میں خود ایسی صراحت کردے یا حاکم وقت اس کو ابدی قرار دے دے تو پھر امام صاحب کے نزدیک بھی اس کو بیچا یا وراثت میں تقسیم نہیں کیا جاسکتا اس لیے امام صاحب کا مسلک حضرت عمر کے وقف کی روایت کے خلاف نہیں بلکہ اس کے عین مطابق ہے۔ (بحوالہ امام ابوحنیفہ اور عمل بالحدیث ترمیم واضافے کے ساتھ ص۷۵تا۷۷)

تمت بالخیر

آج مورخہ ۲۱ ستمبر ۲۰۱۳ بمطابق ذی قعدہ ۱۴۳۴ھ بروز ہفتہ رات کے ساڑھے نو بجے یہ کتاب اختتام کو پہنچی۔

فہرست کتب

نمبر	نام کتاب	قیمت
1	امام ابوحنیفہ پر اعتراضات کے جوابات	
2	فقہ حنفی پر اعتراضات کے جوابات	
3	حقائق الفقہ بجواب حقیقت الفقہ	
4	آفتاب محمدی بجواب شمع محمدی (۲ جلدیں)	
5	اہل سنت کی تصنیفی خدمات کی ایک جھلک	
6	فتاویٰ عالمگیری پر اعتراضات کے جوابات	
7	ہم اہل سنت والجماعت کیوں ہیں	
8	دلائل احناف (مجموعہ احادیث) دو حصے	
9	بہشتی زیور پر اعتراضات کے جوابات	
10	تکبیرات العیدین مع قربانی کے تین دن	
11	ننگے سر نماز	
12	جرابوں پر مسح	
13	مسائل اربعہ (مرد و عورت کی نماز میں فرق)	
14	بیس تراویح کا ثبوت	
15	فرض نماز کے بعد دعا کا ثبوت	
16	رسائل پیر جی	
17	مجموعہ وظائف (پنج سورہ شریف)	
18	فیضان مصطفیٰ (مجموعہ درود شریف)	
19	خاص خاص سورتیں اور ان کے فضائل	
20	فضائل سادات مع تذکرہ اولیاء سادات	
21	مسائل قربانی قرآن وسنت کی روشنی میں	
22	ہدایہ پر اعتراضات کا علمی جائزہ	